ترجمہ: محمد یحییٰ خان

طالبان کی قید میں

یوآنے رڈلے سے مریم تک

9/11 کے بعد بھیس بدل کر افغانستان پہنچنے والی برطانوی خاتون صحافی

کے انکشافات انگیز اور ایمان افروز مشاہدات وتاثرات

باب 1

2001ء کی 11 ستمبر کو منگل کا دن تھا۔ یہ میرے لئے ایک خوشگوار دن ہونا چاہیے تھا۔ میں نے سنڈے ایکسپریس کے نیوز روم میں اس دن کا آغاز، اگر چہ چھ ہفتوں کے اخراجات کے فارم پر کرنے سے کیا تھا، پھر بھی مجھے امید تھی کہ مجھے ستانے کے لئے کافی وقت مل جائے گا۔ اتوار کے اخبارات کے صحافیوں کے لئے منگل عام طور پر میل جول کا دن ہوتا ہے۔ وہ اپنے نئے اور پرانے رابطہ کاروں (Contacts) سے ''آئیوی'' یا ''کاگلیوز'' میں لنچ پر ملاقات کرتے ہیں، اس کے بعد کسی لوکل بار میں مزید ارشراب کی چسکیاں لیتے ہیں پھر ''سوہو'' کے کسی پب یا کلب میں جا بیٹھتے ہیں۔

تاہم بد قسمتی سے مجھے اس منگل کو اخراجات کے کافی پیچیدہ فارم پر کرنا پڑ گئے جو ایک منت خواں طے کرنے سے کم نہ تھا۔ اس کام کے لئے اکاؤنٹنٹ جیسا ذہن اور ہاتھی کی سی یا دداشت درکار ہوتی ہے۔ اچھے وقتوں میں اخراجات کے بارے میں کوئی سوال نہیں کیا جاتا تھا اور نہ ہی پانچ گھنٹے لنچ کی نذر ہو جانے کی کوئی پرواہ کی جاتی تھی، اب اکاؤنٹنٹس قومی اخبارات کے اندر بھی آ گھسے ہیں، ان کی وجہ سے بہت کچھ تبدیل ہو چکا ہے۔ یہ بڑے افسوس کی بات ہے کیونکہ سٹوری کا ذریعہ بننے والوں کے ساتھ گپ شپ پر صرف ہونے والا وقت اور پیسہ اکارت نہیں جاتا، اس سے بڑی بڑی سٹوریز کا سراغ مل جاتا ہے۔

سب سے بڑی بات یہ ہوئی کہ میں نے اپنے ایک اچھے ''رابطہ کار'' سے جیل میں ملاقات کا وعدہ کر رکھا تھا، وہ قانونی نظام کی نارسائی کی وجہ سے قید کاٹ رہا تھا۔ اسے دروغ حلفی کے الزام میں غلط طور پر سزا ملی تھی۔ وہ حقیقتاً بے قصور تھا۔

رپورٹروں کی عام روش کے برعکس، میں سرخیاں پہلے طے کر کے رپورٹنگ نہیں کرتی۔ میں نے یہاں اپنے ہفتے کے آغاز میں دو کام ترجیحی طور پر کرنے کا تہیہ کر رکھا تھا۔ خلاف عادت میں کچھ ٹپٹاتی ہوئی اس منشیوں والے کام کو نمٹانے کی کوشش کر رہی تھی، اور سوچ رہی تھی کہ آج کھانے کی فرصت کہاں؟ اگر مارا مار کر کے پنیر اور سینڈوچ وغیرہ نصیب ہو سکے تب بھی خود کو بڑی خوش قسمت سمجھوں گی۔

میں نے چونکہ اپنی توجہ کی منتشر ہونے سے بچائے رکھنے کا تہیہ کیا ہوا تھا، اس لئے میں سر جھکائے، دفتر کی ''چہل پہل اور چھیڑ خانیوں سے انجان بنی رہی۔ دوسرے ساتھی اپنا اپنا کام نمٹا کر ایک ایک کر کے رخصت ہو گئے اور میں دفتر میں عملاً تنہا رہ گئی۔

ہمارا نیوز آپریشن، اس بڑے نیوز روم کا صرف ایک حصہ ہے جہاں ڈیلی ایکسپریس کے جرنلسٹ، فوٹو گرافر، عملہ، نیوز ڈیسک، سب ایڈیٹرز، گرافک آرٹسٹ اور دیگر کارکن مل جل کر کام کرتے ہیں۔ ہمارا دفتر ''بلیک فرایئر برج'' پر واقع ہے جسے پیار سے ''گرے لیبانکا'' کہا جاتا ہے۔

یہ دن خاص طور پر قابل ذکر تو نہیں تھا، اس کا نصف حصہ بھی نہیں گزر پایا تھا کہ مجھے محسوس ہوا کہ لوگ نیوز روم کے چاروں طرف رکھے ہوئے ٹی وی سیٹوں کے سامنے ٹکڑیوں کی صورت میں جمع ہو رہے ہیں۔ میں تھوڑی سی اس طرف مڑی تو یہ دیکھ کر مجھے شدید دھچکا لگا کہ سکرین پر ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا نارتھ ٹاور دکھائی دے رہا تھا جسے آگ لگی ہوئی تھی۔

یہ تقریباً دو بجے کا وقت تھا میں نے فوراً اپنی بڑی بہن ''ویو'' کو فون کیا، وہ نیوکیسل میں اپنی فلاور شاپ میں تھی، میں نے اسے فوراً ٹی وی لگانے کے لئے کہا تاکہ اسے پتہ چل سکے کہ اس وقت امریکہ میں کیا ہو رہا ہے۔ ہم تین ہفتے قبل نیو یارک میں تھیں جہاں اس نے ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے اوپر جانے کے لئے قطار میں لگنے سے انکار کر دیا کیونکہ اسے اسکے گرائونڈ فلور میں پھولوں کی دکانیں دیکھنے کا زیادہ شوق تھا۔

میں نے اسے فون پر بتایا کہ ممکن ہے کہ ٹاور سے ٹکرانے والے طیارے کے پائلٹ کو دل کا دورہ پڑ گیا ہو، یا کوئی اور عارضہ لاحق ہو گیا ہو جس کی وجہ سے اس کا طیارے پر کنٹرول نہ رہا ہو۔ مجھے اس وقت یہ خیال نہ آ سکا کہ اس کی کوئی اور وجہ بھی ہو سکتی ہے۔ بعد ازاں میں نے خود پر لعنت بھیجی کہ میں نے رصدگاہ (Observation) جانے پر اصرار کیوں نہیں کیا تھا۔

''ویو'' اور میں دونوں بگ ایپل' (نیو یارک سٹی کا بگڑا ہوا نام) کی محبت میں گرفتار ہو گئی تھیں چنانچہ ہم وال سٹریٹ میں ریجنٹ ہوٹل میں جا ٹھہریں۔ کیونکہ ہم نے جو کچھ کمایا تھا اس سے آسائش خریدنا ہمارا پیدائشی حق تھا۔ یہ فائیو سٹار لگژری مین ہٹن سٹائل کا ہوٹل تھا۔ ''ڈبلیو، ٹی، سی'' (ورلڈ ٹریڈ سنٹر) یہاں سے سو گز سے بھی کم فاصلے پر تھا۔ یہ فنانشل سیکٹر میں واحد فائیو سٹار ریٹ کا ہوٹل تھا۔ یہ عمارت دراصل سٹاک ایکسچینج تھی جب سے یہ تعمیر ہوئی ہے، اس میں بار بار تبدیلیاں آتی رہی ہیں۔ اب یہ ایک ہوٹل بن چکی ہے، اسکا یہ دعویٰ بجا ہے کہ اسکے باتھ ٹب پورے نیو یارک میں وسیع ترین ہیں۔ افسوس کہ مجھے اپنے ہمراہ ٹھہرانے کے لئے بڑی بہن ہی میسر آ سکی تھی۔

بہن اور میں نیو یارک میں اپنی آٹھ سالہ بیٹی ڈیزی سے اس کے سمر کیمپ میں ملاقات کرنے کے بعد ٹھہری ہوئی تھیں۔ وہ کیمپ یہاں سے تقریباً دو گھنٹے کے سفر کے فاصلے پر ہو رہا تھا۔ وہ یہاں کل چھ ہفتوں کے لئے آئی تھی۔ اس کیمپ میں اس کی خوب خاطر و مدارات ہو رہی تھی اور ایسا دھیان رکھا جا رہا تھا کہ اسے ''بور'' ہونے کے لئے وقت ہی نہیں ملتا تھا۔ اگر میں انگلینڈ میں گرمی کی چھٹیوں میں اس کا دل بہلانے کے لئے کسی خادمہ (au pair) کو رکھ لیتی وہ بھی اس کو اتنی تفریح مہیا نہ کر سکتی، جتنی یہ کیمپ اسے فراہم کر رہا ہے (خدایا! میں اپنی 38 سال کی عمر میں اس 8 سالہ ڈیزی کے معاملہ میں اپنے رویے کا جواز کیوں ڈھونڈتی رہتی ہوں؟ یہ ایک من موہنی اور متوازن بچی ہے، ہم ایک دوسری سے بہت پیار کرتی ہیں۔ میرے بس میں ہوتا تو میں اس کے پاس زیادہ وقت گزارتی۔ لیکن ''سنگل مم'' کے طور پر تلخ حقائق سے نمٹنا اور ورکنگ جرنلسٹ کی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونا، زندگی کو مشکل تر بنا دیتا ہے۔ دوسری عورتوں کے کٹیلے فقرے بھی ہوش اڑا کر رکھ دیتے ہیں۔

میری نیو یارک سے متعلقہ یادداشتیں، میرے سامنے پڑے ہوئے ڈی وی پر آنے والے مناظر سے بالکل برعکس تھیں۔ ''ویو'' میری ننگ کمنٹری سن کر سکتے میں آ گئی۔ پھر اس نے اچانک میرا فون بند کر کے اپنے شوہر بل براؤن کو فون کر دیا اور اسے واقعات بتانے لگی۔

کیونکہ وہ جانتی تھی کہ اس کے کچھ ساتھی ورلڈ ٹریڈ سنٹر میں کام کرتے ہیں۔

میں ''ڈرامے'' کو مسلسل دیکھے جا رہی تھی، ان لمحات تک، میں اس بات سے بالکل بے خبر تھی کہ امریکن ایئر لائنز کی فلائیٹ 11 جو بوسٹن کی لوگن ائیر پورٹ سے لاس اینجلس جاتی ہے۔ اسے نیو یارک کے وقت کے مطابق صبح 8:48 پر ''دانستہ'' نارتھ ٹاور کی طرف روانہ کر دیا گیا تھا۔

تقریباً دس منٹ بعد میں پھر بہن سے فون پر بات کرنے لگی۔ چند لمحے قبل میں نے ایک اور بوئنگ 767 کو جو یانا یٹڈ ائیر لائنز کی فلائیٹ 175 تھا، ''ساؤتھ'' ٹاور کے ساتھ ٹکراتے ہوئے دیکھا تھا، اور پھولی ہوئی سانس کے ساتھ اسے بتا رہی تھی کہ اس نے اچانک فون رکھ دیا اور شوہر کو آوازیں دینے لگی۔

میں نے مایوس ہو کر اِدھر اُدھر دیکھا، میں جس کسی سے بات کرنا چاہتی تھی وہ لنچ بریک پر تھا۔ مجھے نیو یارک سے رابطہ قائم کرنا تھا یہ نا قابل یقین درجے کا خوف و ہراس تھا کیونکہ یہ (جے۔ ایف۔ کے) جان ایف کینڈی کے قتل کے واقعہ کے بعد ہولناک ترین سٹوری تھی۔

نیو یارک سٹی نے فوری ردعمل کا اظہار کیا۔ تمام پل اور سرنگیں بند کر دی گئی تھیں۔ سہ پہر 2:25 پر صدر جارج ڈبلیو بش کہہ رہے تھے۔ ''ورلڈ ٹریڈ سنٹر پر حملہ، ہمارے ملک پر دہشت گردوں کا حملہ ہے۔''

باب نمبر2

نیویارک سٹاک ایکسچینج اور جملہ ہوائی اڈے بند کردئے گئے۔ کہا جا رہا تھا کہ کسی نے امریکہ سے جنگ شروع کر دی ہے اور اس کا "پرل ہاربر" پر حملے سے موازنہ کیا جانے لگا۔

ادھر میں نے ٹی وی، اپنے ڈیسک پر رکھے ہوئے ٹیلی فون اور اپنے موبائل کے درمیان دوڑ لگا رکھی تھی۔ میں اپنے نیوز ایڈیٹر جم مرے اور ایڈیٹر ناؤسنڈ سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کر رہی تھی۔ کیونکہ میرا خیال تھا کہ مجھے نیویارک جانا ہی پڑے گا۔

دو بج کر پینتالیس منٹ پر امریکن ایئر لائنز کی فلائیٹ 77، بوئنگ 757 جو ڈلس ایئر پورٹ کی طرف سے آئی تھی، پینٹا گون سے جا ٹکرائی۔ اس سے عمارت کے پانچ پہلوؤں میں سے ایک پہلو (Side) منہدم ہو گیا۔ چند منٹوں کے بعد وائیٹ ہاؤس خالی کرا لیا گیا، ہم سب کا خیال تھا کہ بس اب اس پر حملہ ہوا ہی چاہتا ہے۔ لوگ ہیجانی انداز میں باتیں کر رہے تھے کہ کم از کم ایک طیارہ لا پتہ ہے ہوسکتا ہے کہ وہ ادھر ہی جا رہا ہو۔

لعنت ہو مجھ پر، میں نے اپنے آپ کو کوستے ہوئے کہا، میں اب تک نیوز ایڈیٹر سے رابطہ نہیں کر پائی۔ اسسٹنٹ ایڈیٹر جوناتھن کیلورٹ نے مجھے خاموش رہنے کو کہا۔ لیکن میں کیسے پر سکون رہ سکتی تھی۔ یہ منگل کا دن تھا، مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ صدی کی سب سے بڑی خبر کی تہیں اتنی تیزی سے ہماری آنکھوں کے سامنے کھل رہی تھیں، ہم کیسے چپ رہ سکتے تھے؟

ہم ٹی وی پر ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے وہ خوفناک مناظر دیکھ رہے تھے کہ آفس ورکرز اوپر کی منزلوں سے خود کو نیچے گرا رہے ہیں، ہمارے منہ حیرت اور خوف سے کھلے کے کھلے رہ گئے میرے خدا! اندر کیسی دوزخ برپا ہے کہ ان کو جان بچانے کے لئے اتنی اونچی کھڑکیوں میں سے باہر کود جانا بہتر راستہ دکھائی دے رہا ہے۔ بس میں اور کچھ نہیں دیکھنا چاہتی تھی لیکن قہرمانی حالات مجھے مارے باندھے یہ دیکھنے پر مجبور کر رہی تھی۔ یہ بدحواسی کے مظاہر تھے کہ لوگ جان بچانے کے لئے اتنا غیر منطقی طریقہ اختیار کر رہے تھے، جو ہمارے تصور سے ہی باہر تھا۔

جم مرے اپنی روایتی گرمجوشی اور خوش طبعی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیوز روم میں داخل ہوا، چند منٹوں کے بعد مارٹن ناؤسنڈ آ پہنچا۔ جب میں نے انہیں یہ واقعہ بتایا تو وہ کچھ پریشان ہوئے، مارٹن نے کہا کہ وہ مجھے نیویارک بھیجنا چاہتا ہے۔ جبکہ جم کا خیال تھا کہ مجھے مشرق وسطیٰ جانا چاہیے، کیونکہ وہ سمجھتا تھا کہ امریکہ میں ہونے والی اس سفاکی کے کچھ "روابط" وہاں ضرور موجود ہوں گے۔

میرا ذاتی خیال یہ تھا کہ مجھے دمشق یا لبنان جانا چاہیے جہاں میرے چند "پسندیدہ اور دلچسپ" رابطہ کار رہتے ہیں ممکن ہے کہ مجھے ان سے کچھ پتے کی باتیں معلوم ہو جائیں یا اپنی سٹوری کے لئے کوئی سمت مل جائے۔ مجھے معاً احمد جبریل یاد آیا جو کسی وقت عوامی محاذ برائے آزادی فلسطین کی جنرل کمان کا لیڈر ہوا کرتا تھا (یہ وہی گروپ تھا جس پر شبہ کیا گیا تھا کہ اس کا "لاکربی" پر سے گزرتے ہوئے امریکی طیارہ پین ایم 103 کو مار گرانے میں ہاتھ تھا) میں 1992ء میں دمشق میں اس کے بنکر میں موجود تھی، جبکہ میں سات ماہ کی حاملہ تھی اور مشرق وسطیٰ کی سیاست کے تاریک گوشوں میں نمایاں ہونے لگی تھی۔ میری حیثیت اس بنا پر بھی بڑھ گئی کہ میں پی ایل او کے کرنل زاورا کے ساتھ گھومتی پھرتی تھی جو 1972ء تا 1976ء جنوبی لبنان میں الفتح میں ایک ممتاز حیثیت کا مالک رہ چکا تھا، اور بعد میں وہ یاسر عرافات کی انٹیلی جنس کا سربراہ بن گیا۔ وہ میرے پیٹ میں بچے کا باپ تھا جس کی وجہ سے وہ نیو کیسل (شمالی انگلینڈ) میں آ کر میری ہی فلیٹ میں رہنے لگا۔ اسے یاسر عرفات نے میرے ساتھ تعلقات جاری رکھنے پر برطرف کر دیا تھا خیر وہ ایک دوسری کہانی ہے۔ بہر حال وہ اب بھی میرے بہترین دوستوں میں سے ہے۔

ہاں تو میں اپنے دفتر کی بات کر رہی تھی، ایڈیٹر مارٹن ناؤسنڈ اور جم نے تمام امکانات کا جائزہ لینے کے بعد جلدی جلدی مجھے نیویارک بھیجنے کا فیصلہ کر دیا، جونہی میں تیز تیز قدم اُٹھاتے ہوئے نیوز روم سے نکلنے لگی تو ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا ساؤتھ ٹاور گر کر ملبے کا ڈھیر بن چکا اور اس میں سے نکلنے والی راکھ کے مرغولے چاروں طرف پھیل رہے تھے۔ نووارک (نیوجرسی) کی طرف سے آنے والی یونائیٹڈ ایئر لائنز فلائیٹ 93 (بوئنگ 757) جو کہ سان فرانسسکو جا رہی تھی پٹسبرگ سے تقریباً اسی میل دور سمرسیٹ کاؤنٹی کے عین شمال میں گر کر تباہ ہو گئی۔

میں تقریباً دوڑتی ہوئی گھر گئی کچھ کپڑے وغیرہ اُٹھائے اور سیدھی ہیتھرو ائیر پورٹ کی طرف روانہ ہو گئی۔ جب ایئر پورٹ پہنچی تو بحر اوقیانوس کے پار سے آنے والی تمام پروازوں کو کینیڈا کی طرف بھیج دیا گیا تھا اور ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا نارتھ ٹاور بھی منہدم ہو چکا تھا۔

میں برٹش ایئر ویز کے ڈیسک کے سامنے قطار میں لگ گئی۔ ہر طرف ایک افراتفری کا عالم تھا۔ کوئی ایک گھنٹے کے بعد پتہ چلا کہ کم از کم ایک دن کے لئے بحر اوقیانوس کے اوپر سے کوئی پرواز نہیں گزرے گی۔ البتہ برازیل جانے

والی ایک پرواز تھی۔ میں نے خیال کیا ''چلو اسی پر چلی جاتی ہوں'' میں بہ آواز بلند سوچنے لگی اور ساتھ ہی میں وہاں سے امریکہ پہنچنے کے وقت کا حساب کتاب کر رہی تھی۔ مجھے بتایا گیا کہ میکسیکو اور کینیڈا کی طرف سے ملنے والی سرحدیں بھی بند کر دیں گئی ہیں۔تاہم میں نے پیدائشی طور پر رجائیت پسند ہونے کی وجہ سے نیویارک کے لئے جمعرات 13 /ستمبر کا ٹکٹ خرید لیا کیونکہ مجھے امید تھی کہ اس وقت تک فضائی راستہ کھل چکا ہوگا۔

میں کسی قدر مایوسی کے عالم میں اپنی بھری ہوئی ہولڈال سمیت دفتر کی طرف روانہ ہوگئی۔لیکن اس بات پر دل میں خوش تھی کہ میں نیویارک کیلئے جمعرات کی صبح کا ٹکٹ تو کم از کم لے لیا ہے۔ادھر نیویارک کے میئر روڈلف گلیانی نے کینال سٹریٹ کے مین ہٹن ساؤتھ کو خالی کرنے کا آرڈر دیدیا تھا اور میں اس سوچ میں پڑ گئی کہ کیا وہ لوگ جنہیں میں نے چند ہفتے قبل 55 وال سٹریٹ ہوٹل میں دوست بنایا تھا، خیریت سے ہوں گے۔میں ان سے رابطہ قائم نہیں کر سکتی تھی کیونکہ سب مواصلاتی سلسلے بند دکھائی دے رہے تھے۔

پھر میں نے لیک ڈسٹرکٹ میں ڈیزی کو اس کے بورڈنگ سکول میں فون کیا، تا کہ معلوم کروں کہ کیا اسے نیویارک کے تباہ کن واقعات کے بارے میں کچھ پتہ چلا ہے۔اسے اگرچہ یہ معلوم ہو چکا تھا، اس کے لہجے سے اندازہ ہوا کہ ان واقعات کی سنگین نوعیت اس کے مزاج پر پوری طرح اثر انداز نہیں ہوئی۔اس نقطے پر آکر مجھے مشکل کام بھی کرنا پڑا کہ میں نے اسے بتادیا کہ میں نیویارک کا ٹکٹ لے چکی ہوں۔میں نے اس کے لئے امکانی طور پر پریشان کن اطلاع کو معتدل بنانے کی کوشش کرتے ہوئے اس سے وعدہ کیا کہ میں واپسی پر اس کے لئے ایک خوبصورت تحفہ لاؤں گی۔بچوں میں عموماً پائے جانے والے مادہ پرستانہ رجحان کی وجہ سے وہ اس نے فوراً خوش ہو گئی۔ڈیزی اور میں اکثر اکٹھی سفر کرتی ہیں، میں اسے ہمرانہ لے جاؤں تو وہ سخت ناراض ہوتی ہے، ہم اپنے سفر کو ہمیشہ ایک چھوٹی سی مہم کہتی ہیں۔اس نے مجھے یاد دلایا کہ میں اس کی ہاف ٹرم پر بروقت پہنچوں کیونکہ میں نے ہم دونوں کے ایمسٹرڈم جانے کے لئے ٹکٹ خریدے ہوئے تھے۔پھر اس نے ٹیلی فون نیچے رکھ دیا، اگر میں پہلے فون منقطع کر دوں تو وہ بہت برا مناتی ہے اور اس بات پر پریشان ہوتی رہتی ہے کہ کیا میں اب تک اس نے ''آن لائن'' گفتگو کر رہی ہوں، میں بھی بچپن میں ایسا ہی کرتی تھی۔

جب میں دفتر پہنچی، تو پہلے میں سڑک کے پار سٹیمفورڈ وائن بار میں گئی اور ''لینز'' کی ''سپیشلز'' میں سے ایک جام مانگا۔لینز اس بار کی منیجر ہے اور حیرت انگیز ''پمز'' بناتی ہے۔میں نے اب تک جتنی شراب پی ہے ان میں سے اس کا ذائقہ مجھے سب سے اچھا لگا ہے۔ہم اسے ''سٹیمز'' کہتے ہیں۔یہاں کا ماحول بھی اچھا ہے اور بار کے پیچھے کھڑی لڑکیاں بھی بڑی نفس لکھ ہیں۔لیکن آج رات کی فضا سوگوار تھی۔اگر میں اسے ناگوار کہوں تو بجا ہوگا۔میرا خیال ہے کہ ہر جگہ لوگ ایک صدمے سے دوچار دکھائی دے رہے تھے۔وہاں سے میں نے ''سوہو'' (Soho) کے لئے ٹیکسی لے لی تا کہ ''گیری کلب'' پہنچ جاؤں۔

لندن کے رتجگے

میں عام طور پر براستہ ''گیری'' گھر جاتی ہوں، درحقیقت میں ''ہمیشہ'' گیری کلب کی طرف سے ہوتی ہوئی گھر پہنچتی ہوں! ہوسکتا ہے کہ میں ٹیکسی والے سے کہوں کہ وہ ڈین سٹریٹ اور آکسفورڈ سٹریٹ کے اوپر کی طرف سے لے جائے تا کہ رات کی رنگینیوں سے بچتی ہوئی جاؤں۔لیکن آپ مجھے بتائیں کہ صبح تین بجے تک گھومنے پھرنے والوں کو ''پینے'' کی اشد طلب ہو رہی ہو تو وہ گیری کلب نہ جائیں تو کہاں جائیں۔وہاں داخل ہو کر دھما چوکڑی بھی مچائی جاسکتی ہے۔جیب خالی ہو تو بھی پرچی کام دے جاتی ہے۔

مجھے اس کی ممبرشپ تقریباً آٹھ سال پہلے جیب خالی ہونے کی وجہ سے ہی ملی تھی۔ہوا یوں کہ میں ان دنوں کارڈف میں ''ویلز آن سنڈے'' میں بطور ڈپٹی ایڈیٹر کام کر رہی تھی۔میں کسی فنکشن کے سلسلے میں لندن میں تھی اور ایک پرانے رفیق کار کیوین کیبل سے اچانک ملاقات ہوگئی جو ایک تفتیشی صحافی ہے۔ہم پارلیمنٹ کے ایوان بالا (ہاؤس آف لارڈز) میں کچھ وقت گزارنے کے بعد تین ارکان ایوان (Peers of the Realm) سمیت گیری کلب میں چلے آئے۔ہم جی بھر کر سرور و مستی میں کھوئے رہے، مزید ڈرنگ کی خواہش پیدا ہوئی تو اور منگوا لئے لیکن ہماری جیبیں تقریباً خالی ہو چکی تھیں۔اس پر میرے ذہین و طباع میزبان نے کہا کہ تم بھی ممبر بن سکتی ہو، بشرطیکہ میں فارم پر دستخط کے لئے ایک تائید کنندہ تلاش کر سکوں تو پھر میری ''پرچی'' بھی چلنے لگے گی۔مجھے یاد آیا کہ میں نے یہی کچھ کیا تھا۔اس کے بعد سے یہ میری لئے اپنے گھر کی طرح ہے یعنی میرے گھر کا گھر بنا ہوا ہے۔

اگرچہ 11 دسمبر کی رات کو یہاں قدم رکھتے ہی ایک گہرے سناٹے کا احساس ہوا، بار میں صرف ایک جوڑا بیٹھا ہوا تھا، وہ بھی مغموم و پریشان۔ہم نے دن کے واقعات کے بارے میں باتیں شروع کر دیں۔لڑکی نے بتایا کہ یہ اس کے بوائے فرینڈ کا برتھ ڈے ہے ''اور وہ بھی ایسا کہ جسے یہ کبھی نہیں بھلا سکے گا''۔میں نے اس کا فقرہ مکمل کرتے

ہوئے کہا۔ہم امریکہ پر کیے گئے اس حملے کے پیچھے محرکات پر غور کرتے رہے اور یہ سوچتے رہے کہ کیا اس کی جڑیں مشرق وسطیٰ میں ہیں؟ ہم اس پر بھی بحث کرتے رہے کہ کیا یہ مغرب کے خلاف ''دہشت گردی کی جنگ'' کا حرف آغاز ہے، اور اس کا لندن میں کیا ردعمل ہوگا جہاں ہم برسوں سے دہشت گردوں کی سرگرمیاں برداشت کرتے آرہے ہیں۔

جب میں نے گھر پہنچ کر اپنے پورٹیبل ٹی وی کا سوئچ آن کیا، تو اس میں کچھ عرصہ سے چلی آنے والی خرابی کا احساس ہوا۔وہ تھوڑی دیر کے لئے تھرتھراہٹ اور جھلملاہٹ کے بعد ایکشن میں آگیا اور دن بھر کے واقعات سنائے جانے لگے۔ پتہ چلا کہ چند گھنٹے پہلے ورلڈ ٹریڈ سنٹر سیون، جو کہ 47 منزلہ ٹاور ہے، طیارے کی ٹکر سے پہنچنے والے نقصان کی وجہ سے منہدم ہو چکا ہے، اور امدادی کام کرنے والے 200 فائر مین اور 78 پولیس مین لاپتہ ہیں۔ صدر بش نے بارکسڈیل ایئر فورس بیس لوزیانا سے اعلان کیا کہ ''حفاظتی انتظامات کیے جا رہے ہیں کوئی غلطی مت کیجئے امریکہ ایسی بزدلانہ حرکتیں کرنے والوں کو ڈھونڈ نکالے گا اور انہیں سخت سزا دے گا۔''اس تقریر کے الفاظ سے دلیری، قوت اور جوش وخروش کا اظہار ہو رہا تھا۔مگر پھر کیا ہوا کہ:

اس سے ایک شرمناک حرکت سرزد ہوگئی کہ لوزیانا میں اتنی زوردار تقریر کرنے کے بعد وہ وہاں سے کھسک کر نبراسکا کی آفٹ ایئر فورس بیس جا پہنچا۔ جو امریکی سٹرٹیجک کمانڈ کا اڈہ ہے جبکہ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ وہ نیویارک کو اپنی پہلی ''پورٹ آف کال''(مستقل بندرگاہ) بناتا، پھر واشنگٹن جاتا اور اس کے بعد پٹسبرگ جاتا۔اگرچہ میرا اپنے سیاستدانوں اور شاہوں پر بھی یہی تبصرہ ہے کہ وہ آفت آنے پر اپنے قریب ترین بنی ہوئی خندق تک بھی نہیں جا سکیں گے۔

اگلے روز میں شراب کا نشہ اترنے کی اعضا شکنی کا درد لئے ہوئے بیدار ہوئی اور اپنے پسندیدہ ''گریزی سیون کیفے میں جا بیٹھی تاکہ سور کی پشت کے گوشت سے بھرے ہوئے سینڈوچ سے ناشتہ کروں، میرے سامنے اخبارات کا ڈھیر پڑا تھا، جن کا صفحہ اول ڈرامائی اور روح فرسا خبروں سے بھرا ہوا تھا، ان سب کو میں فوراً پڑھ گئی۔

میں دفتر پہنچی تو واقعات کے پس منظر کی سٹوریز پر کام کرتے کرتے صبح کے دو بج گئے۔ہم نے بہت ضخیم اخبار مرتب کیا، جو پورے عملے کی محنت و جاں فشانی کا زبردست مظاہرہ اور ''All hands on deck'' کا کامل ترین نمونہ تھا۔میں نے اپنے متعدد ایسے دوستوں، ساتھیوں اور رابطوں کو کالیں کیں جن کے نیویارک میں روابط تھے یا ہو سکتے تھے، اور پھر مشرق وسطیٰ میں اپنے رابطوں سے بات کی جن میں کچھ موڈی کردار تھے اور کچھ ناپسندیدہ قسم کے تفتیشی صحافی بنے پھرتے تھے۔مجھے ''ہاروے نکولس'' میں اپنا فیشیل'' بھی منسوخ کرانا پڑا اور کرس بوفے کو ایسا کرنے سے کبھی نہیں روک سکی۔وہ سنڈے ٹیلی گراف کا ایک اسسٹنٹ ایڈیٹر تھا اور سنڈے مرر کا سابق نیوز ایڈیٹر بھی ہوا کرتا تھا۔اس کا ایک رپورٹر اور میرے نیوکیسل کے دنوں کا ایک ذاتی دوست کرس ہیسٹنگز مجھے فیشل کرانے پر مجبور کرتا رہا، میں نے خلوص دل سے اس سے وعدہ تو کر لیا کہ اچھا جاؤں گی، لیکن جب وقت کے لئے گھڑی دیکھی تو رات کے گیارہ بج چکے تھے اور مجھے ابھی بہت سا کام نمٹانا تھا۔

باب نمبر3

خاوند، بوائے فرینڈ اور جاب

میں تو دوست بھی نہیں رکھ سکتی، خاوندوں اور بوائے فرینڈز کی تو ویسے کوئی پرواہ نہیں کرتی۔ میں نے خود پر طنز کرتے ہوئے سوچا۔ میری جاب ہی ایسی ہے کہ سارا کچھ اس کی نذر کرنا پڑتا ہے۔ میں زندگی کی طرف سے ڈالی گئی آزمائشوں سے نمٹنے سے کبھی نہیں تھکتی اور ہمیشہ اس پرانی کہاوت پر یقین رکھتی ہوں کہ سچائی افسانے سے کہیں زیادہ انوکھی ہوتی ہے۔

حقیقی بات یہ ہے کہ ''میری زندگی'' بعض اوقات افسانے سے بھی زیادہ انوکھی ہو جاتی ہے۔ جب میں لوگوں سے کہتی ہوں کہ میری اس سے پہلے تین بار شادیاں ہو چکی ہیں تو وہ ورطہ حیرت میں ڈوب جاتے ہیں، انہیں بات بڑی دیر کے بعد سمجھ آتی ہے تاہم ڈیزی کا باپ میرے ان شوہروں میں سے نہیں ہے۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتا کہ حرام کاری کرتے رہنا یا متعدد آشناؤں سے دوستی جاری رکھنا، یکے بعد دیگرے متعدد شوہر نہ رکھنے سے کیوں بہتر ہے؟ میرا خیال ہے کہ میں زندگی کے لئے بے پناہ پیاس رکھتی ہوں، اس کا پتہ میرے تعلقات کی وسعت اور گیری کلب گزارے ہوئے وقت سے چلتا ہے۔ میری دوست میری انرجی پر حیرت کا اظہار کرتے ہیں، تاہم میں تین چار گھنٹے تو لیتی ہوں اور کسی کے ساتھ چپکی نہیں رہتی، اس لئے کلب جانے میں حقیقی خوشی محسوس کرتی ہوں۔

مجھے یاد ہے کہ میں ایک صاحب سے یہ سن کر کتنی خوفزدہ ہوئی تھی کہ ہم ہمیشہ کی نیند میں کھو جانے سے پہلے اوسطاً 27 برس سوتے ہیں۔ اوہ میرے خدا ہم پورے ستائیس برس خوابِ غفلت میں رہتے ہیں۔ یہ بہت ہی خوفناک ہے۔ سوچئے تو سہی کہ آپ اتنے عرصے میں کتنا کچھ کھو دیتے ہیں۔

میں اس بیش قیمت خلاصہ معلومات میں اس بات کا اضافہ کروں گی کہ زیادہ تر لوگ اسی طرح سوتے سوتے موت کے آغوش میں لڑھک جاتے ہیں۔ لو وہ لیٹا نہیں تھا۔ مرا تھا، ہمیشہ کے لئے چلا گیا ہے۔ اس طرح نیند اختتام زندگی بن جاتی ہے۔ چنانچہ جتنا مجھ سے ہو سکے نیند سے گریز کرتی ہوں۔

میں جمعرات کو صبح تین بجے گھر پہنچی۔ ہولڈال کو دوبارہ پیک کیا، اور پیڈنگٹن سٹیشن کے لئے روانہ ہوئی جہاں سے مجھے بذریعہ ''ہیتھرو ایکسپریس'' اپنی نیویارک کی فلائیٹ پکڑنی تھی۔ سوچا کہ چلو دوران پرواز کچھ نہ کچھ نیند کر لوں گی۔ جب میں پہنچی تو سٹیشن کے ایک سپروائزر نے بتایا کہ سروس بند ہو گئی ہے، صبح کے پانچ بجے سے پہلے شروع نہیں ہو گی۔ غضب کی سردی کے عالم میں، بنچ پر بیٹھنے کی کوشش کر رہی تھی کہ اس نے ازراہ کرم مجھے پرائیویٹ کمرے میں چلنے کے لئے کہہ دیا، جہاں میں ایک کونے میں بیٹھنے کے بعد چند لمحوں میں ڈھیر ہو گئی۔ اوہ رڈلے بس اتنی ہی ہمت تھی!

تھوڑی دیر بعد اس نے مجھے جگا دیا اور میں ہیتھرو ایکسپریس کے لئے چل پڑی، اور سردی سے بری طرح ٹھٹھر رہی تھی۔ میری پیڈ ڈلیدر جیکٹ میری حفاظت سے قاصر تھی۔ ہیتھرو پہنچی تو انکشاف ہوا کہ میری فلائیٹ ایک مرتبہ پھر منسوخ ہو چکی ہے چنانچہ میں کشاں کشاں دفتر پہنچی جہاں سور کے گوشت اور پائے سے تیار شدہ سینڈوچ کھائے جا رہے تھے اور میں لشکر یہ شریک دعوت ہو گئی۔

ادھر امریکہ بدستور درد سے تڑپ رہا تھا، برطانیہ سے کوئی صحافی باہر نہ نکل سکا کیونکہ امریکی ایئر سپیس ابھی تک بند تھی۔ میں نے دفتر سے مزید سٹوریز اکٹھی کیں اور نیوز ایڈیٹر جم کو بتایا کہ مجھے صبح کی فلائیٹ ضرور مل جائے گی کیونکہ میں نے گیارہ ستمبر کو ٹکٹ خرید لیا تھا، مجھے ترجیحا سیٹ ملے گی۔

اسی لمحے میری سکرین پر ''منی پولیس'' سے میری کزن مائیکے کی ''ای میل'' اُبھری، وہ اس بات پر جھنجھلا رہا تھا اور اسے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کوئی طاقت امریکہ پر کیوں حملہ آور ہو گئی ہے، میں اسے اس کی کئی وجوہ بتا سکتی تھی لیکن اس وقت ایسا کرنا مناسب نہ تھا۔ میرا جی چاہتا تھا کہ میں اسے اپنے ساتھ زور سے بھینچ کر کہوں، فکر نہ کرو، جلدی ٹھیک ہو جاؤ گے۔ لیکن سچ تو یہ ہے کہ حالات، دوبارہ بالکل اُسی طرح کے نہیں ہو سکیں گے۔

امریکیوں اور انگریزوں میں فرق

میں امریکہ سے محبت کرتی ہوں اور بہت سے امریکیوں کو بھی محبت کی نگاہ سے دیکھتی ہوں، مجھے وہ جگہیں بہت اچھی لگتی ہیں جہاں فاسٹ فوڈ کے لئے لائنیں نہیں لگانا پڑتیں اور جہاں سروس بلا توقف مل جاتی ہے۔ جو کہ زیادہ تر لندن میں خارج از امکان ہے تاہم میرے خیال میں اہل امریکہ صدمے سے جلد بحال ہونے کی وہ صلاحیت نہیں رکھتے جو اہل برطانیہ میں پائی جاتی ہے اور انہیں یہ معلوم کر کے یقیناً حیرت ہو گی کہ ان کے ملک سے باہر کے لوگوں میں سے ہر ایک ان سے نفرت کرتا ہے یا کرنے لگے گا۔ ان کے برعکس، برطانیہ کے لوگوں کی کھال صدیوں کے تجربات کے باعث موٹی ہو چکی ہے۔ آپ ایک ہاتھ میں بائبل تھام کر اور دوسرے ہاتھ سے تلوار لہرا

کر باہر کی دنیا کے سامنے زیادہ دیر ڈٹ نہیں سکتے۔ ہم تین سال سے دہشت گردی کی فضا میں رہ رہے ہیں جس کی وجہ سے ہمارے اندر "نظر انداز کرنے" (devil-may-care) کا رویہ پیدا ہو چکا ہے۔ میرا خیال ہے کہ ایک اوسط درجے کا امریکی اس صدمے سے باہر نہیں آ سکے گا۔

میں اور میر اکزن دن بھر ایک دوسرے کو "ای میل" کرتے رہے، اور میں اس غم کو شدت سے محسوس کرتی رہی۔ 11 /ستمبر تک اس کے ذہن پر ماہ اکتوبر میں ہونے والی اپنی شادی کا دن سوار تھا۔

اس شام، میں تقریباً آٹھ بجے سٹی ایڈیٹر رچرڈ فلپس اور اپنے عزیز ترین دوست مارکس واٹس کے ساتھ دفتر سے نکلی، وہ اب "بزنس اینڈ سٹی نیوز" ٹیمز میں ریگولر کام کر رہا ہے۔ باہر اس وقت سخت بارش ہو رہی تھی۔ چنانچہ ہم نے وہاں ایک منتظر ٹیکسی ڈرائیور پر دھونس جمانے کا فیصلہ کیا اور اس سے کہا کہ ہم نے تمہاری کیب کمپنی کو فون کیا تھا، وہ پوری طرح ہماری بات کا قائل نہ ہوا تاہم اس نے ہم تینوں کو سوار ہونے کی اجازت دیدی۔ ہم جلدی سے نکل سکتے تھے کہ عین اسی وقت، مارٹن ٹاؤنسنڈ لڈگیٹ ہاؤس کی سیڑھیوں سے دوڑتے ہوئے اترے اور پھلانگتے ہوئے اپنی ٹیکسی میں سوار ہو گئے۔

ہم پر اس وقت منکشف ہوا کہ ہم رنگے ہاتھوں پکڑ لئے گئے ہیں۔ انہوں نے ہم تینوں کو ڈاکو قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں ہم جیسے آوارہ مزاجوں کو بھرتی کر کے ایسی ہی حرکت کی توقع کرنی چاہیے تھی۔ ہم کھسیانے ہو کر ہنسنے لگے تاہم انہوں نے ہمیں راستے میں اتار دینے کی پیشکش کر کے بٹھا لیا۔ ہم نے بھیگی بلی کی طرح خاموشی سے سفر کیا اور بالآخر فلیٹ سٹریٹ میں اُتر کر پیزا اور سستی سی شراب کے لئے چل پڑے۔

رچرڈ نے کہا، بری طرح پھنس گئے تھے تاہم بچ نکلے ہیں، اور میں نے جواب دیا، میں جب بھی ایسی حرکت کرتی ہوں، عین موقع پر پکڑی جاتی ہوں۔ ہم نے ایسے جملوں سے اپنی گھبراہٹ دور کر لی، اور ایک خوفناک دن کا انجام بخیر ہوا۔

اس کے بعد مرد لوگوں نے اپنے اپنے گھر کی راہ لی اور میں گیری کلب کی طرف چل پڑی جہاں کی فضا بے حد آزادانہ ہے، آپ جتنی چاہیں شرمناک حرکت کر ڈالیں، کوئی آپ کی طرف دیکھے گا بھی نہیں۔

اگلی صبح، جمعہ کو میں پھر ہیتھرو میں تھی جہاں میری ملاقات امریکن مڈویسٹ کی ایک مضبوط ڈیل ڈول کی خاتون کے غیر معمولی خاندان سے ہوئی جس پر مجھے اپنی ماں جائس اور دو بہنیں ویو اور بل یاد آ گئیں۔

انہوں نے 11 /ستمبر کو ہیتھرو ایئر پورٹ چھوڑنے سے انکار کر دیا تھا۔ ٹرانس اٹلانٹک (بحر اوقیانوس پار کی) فلائیٹس کے معطل ہو جانے کا اعلان ہو چکا تھا مگر وہ باہر جانے والے اولین مسافروں میں شامل ہونے کا تہیہ کئے ہوئے تھیں۔ انہوں نے وقت گزاری کے لئے اپنے معمولات خود وضع کر لیے اور ایئر پورٹ سٹاف انہیں وقفے وقفے سے پیسٹریاں اور کافی فراہم کرتا رہا۔

میں انہیں ناشتے کے لئے لے گئی اور ان سے پوچھا کہ کیا انہیں برطانیہ اچھا لگا ہے، اور انہوں نے یہاں کیا کیا دیکھا ہے؟ ان کے ذہن پیچھے اپنے گھر میں پھنسے ہوئے تھے، اور انہیں بار بار خیال آ رہا تھا کہ کس کس پر کیا کیا بیتی ہوگی؟ ان کی فلائیٹ دراصل ٹیک آف کر گئی تھی لیکن جب 11 /ستمبر کے واقعات کی فل سکیل تفصیلات موصول ہونے لگیں تو طیارے کو ہیتھرو واپس لانا پڑ گیا۔ لیکن جب تک طیارہ ایئر پورٹ ٹرمینل پر اُتر نہ گیا، انہیں اس کے خوفناک "یوٹرن" کی وجہ معلوم نہ ہو سکی تھی۔

میں جب نیویارک کے متبادل تخت کے لئے قطار میں لگی تو یہ سن کر میں بے چینی محسوس کرنے لگی کہ اولین ترجیح ان امریکنوں کو مل رہی ہے جو گھروں کو واپس جانا چاہتے ہیں، اور وہ کافی تعداد میں تھے۔

نیویارک سے آنے والی ان بے چاری روحوں کو یہ فکر کھائے جا رہی تھی کہ وہ جن رشتہ داروں کو چھوڑ کر آئے ہیں، ان میں سے کوئی اب تک زندہ ہے یا نہیں؟

میری ماں نے مجھ سے میرے موبائل پر گفتگو کرتے ہوئے پوچھا کہ میں کہاں ہوں اور کیا مجھے نیا ٹکٹ مل گیا ہے؟ ماں میرے کاموں میں ہمیشہ دلچسپی لیتی رہی ہے اور حسب ضرورت، میری عملی حوصلہ افزائی کرتی رہی ہے۔ ہر کسی کی طرح وہ بھی نیویارک میں رونما ہونے والے واقعات کے بارے میں پوچھ رہی تھی، اس نے یہ سوال بھی کیا کہ میں وہاں کہاں قیام کروں گی اور اپنے فرائض کیسے ادا کروں گی؟

میں نے اسے یقین دلایا کہ میں بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں، اور یہ بھی بتایا کہ اگر میں وہاں ہوئی، مجھے مس ڈیزی کا "ویک اینڈ" بہت یاد آئے گا جو 28 /ستمبر کو شروع ہو رہا ہے۔ ماں نے مجھے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ مجھے ہرگز پریشانی نہیں ہونا چاہیے، وہ اور میرا والد اسے لیک ڈسٹرکٹ جا کر خود لائیں گے۔

2001ء کے واقعات کے ضمن میں جب میں دوبئی ائیر پورٹ پر پہنچی تو میں اسلام آباد کے حوالہ سے سوچنے لگی میں نے اسے اپنے لئے ایک موقع اور ایک چیلنج کے طور پر لیا۔ ٹھیک ہے کہ میں نیویارک جانا اور اس کے لوگوں سے ملنا چاہتی تھی، کہ دیکھو وہ اب کس حال میں ہیں، میں انہیں درد و کرب میں پاتی تو لامحالہ میری تمام خوشگوار یادیں مٹ کر رہ جاتیں۔

میں نے ایک ٹھنڈی آہ بھر کر خود سے کہا، جم ٹھیک ہی کہتا تھا کہ مجھے اس وقت اسلام آباد میں ہی ہونا چاہیے تھا، یہ وہ جگہ ہے جہاں اس خوفناک سٹوری کا دوسرا باب شروع ہو رہا ہے، جو ہمیشہ کے لئے تاریخ کی کتابوں میں رقم ہو جائے گا۔

عین اسی وقت میرا موبائل بجنے لگا، یہ میری ماں جائس تھی اس کی حیرت کا تصور کیجئے، اس نے مجھ سے پوچھا، کیا نیویارک میں پہنچ گئی ہو؟ میں نے اسے بتایا کہ میں کہاں جا رہی ہوں۔ اس نے پوچھا میں غلط سمت میں کیوں جا رہی ہوں؟ میں نے پُر جوش انداز میں جواب دیا، تاکہ اسے پریشان ہونے سے بچا سکوں، میں نے اسے بتایا کہ میں اسلام آباد کی طرف جا رہی ہوں، شاید میں یہ بھی کہہ بیٹھتی کہ شیطان کے ساتھ ڈانس کرنے چلی ہوں۔ مگر وہ تو آتش زیر پا تھی، پروگرام میں اتنی بڑی تبدیلی کو کیسے برداشت کرتی۔

اندازہ ہے کہ 43 سال کی ہو گئی ہوں (اب تو ساری دنیا جانتی ہے) لیکن وہ مجھے اب بھی فیملی کی بے بی اور اپنی ننھی بچی سمجھتی ہے، میں نے اس کا غصہ کم کرنے کی کوشش کی لیکن اس کی موٹر تیزی سے گھوم رہی تھی اور اس کی زبان شعلہ بار تھی۔ اگر چہ وہ 73 برس کی ہے لیکن چیخنے چلانے لگتی ہے تو بڑی خوفناک چیز دکھائی دیتی ہے۔ میں جب بھی گلے گلے مصیبت میں پھنسی ہوں تو وہ کسی نہ کسی مرد کو اس کا ذمہ دار سمجھتی ہے، اب وہ جم مرے (میرے ایڈیٹر) پر گولہ باری کر رہی تھی اور اسے فون کر کے اپنے دل کا سارا غبار نکال دینا چاہتی تھی، اس کا خیال تھا کہ اس نے مجھے کسی روسی دلال کے ہاتھ فروخت کر دیا ہو، اور کہا کہ میں دوبارہ تمہیں کبھی ملوں گی ہی نہیں۔

پھر بولی، اگلے طیارے سے سیدھی واپس لندن پہنچو اور میرے باپ نے درمیان میں اس کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ مجھے کوئی معقول جاب کرنی چاہیے اور یہ کہ میں فوراً گھر پہنچوں۔ اگر میں اپنے کام کی نوعیت کے حوالے سے ماں کی تشویش کو اچھی طرح سمجھتی ہوں۔ مجھے ڈر لگنے لگا کہ میں اپنے نئے باس کی وجہ سے گلی محلے میں بدنام ہو کر اندھیری گلی میں جا پھنسنے والی ہوں۔

میں نے اس سے لتجا کی کہ وہ کوئی ایسی بات نہ کرے اور خدشہ ظاہر کیا کہ اگر اس نے آفس میں ایسا فون کر دیا تو میں تمسخر کا بدترین نشانہ بن جاؤں گی۔

میرے لباس پر ماں کا اعتراض

مجھے یاد آیا کہ پچھلی دفعہ جب وہ دونوں میرے پاس "ویک اینڈ" کے لئے آکر ٹھہرے تھے تو انہوں نے مجھے کوئی "معقول کام" کرنے کی التجا کی تھی، اس وقت میں "دی نیوز آف دی ورلڈ" کے لئے کام کر رہی تھی، اور صبح کے دو بجے گھر لوٹی تھی، میں "ہارو" میں S&M پارٹی میں شرکت کر کے آئی اور اس وقت میں نے انتہائی تنگ کپڑے، نفشر نیٹ زیر جامہ اور پی وی سی سکرٹ پہنی ہوئی تھی اس کے ساتھ ڈاگ کالر اور کچھ ہتھکڑیاں لگائی ہوئی تھیں جو نوکدار بیلٹ کے ساتھ آویزاں تھیں۔

میں نے آہستگی سے چلتے ہوئے کچن ڈور کھولا، تاکہ ماں پر یہ ظاہر ہو کہ میں ہاٹ چوکلیٹ ڈرنک بنا رہی تھی۔ وہ مجھے دیکھ کر کچھ بڑبڑائی اور کہا کہ میں اس بے ہودگی کو چھوڑ کر کوئی آبرو مندانہ کام ڈھونڈوں۔ میں نے اسے واضح اور واشگاف لفاظ میں کہا، اگر آپ یہ سمجھتی ہیں کہ میں کوئی گشتی طوائف بن گئی ہوں تو جان لیجئے کہ میں "دی نیوز آف دی ورلڈ" کے زیر سایہ کام کر رہی ہوں۔ اس نے میری طرف غور سے دیکھا اور کہا ہاں مجھے سب پتہ ہے، اسی لئے تو کہتی ہوں کوئی ڈھنگ کا کام کرو۔

میں جانتی ہوں کہ میری کچھ ذمہ داریاں ہیں، ڈیزی میری خصوصی ذمہ داری ہے، جسے پالنا پوسنا اور تربیت دینا بہت اہم کام ہے، مجھے اپنی جاب سے بھی محبت ہے، میں نہیں چاہتی کہ میری ایک محبت دوسری محبت کے تقاضوں کی راہ میں رکاوٹ بن جائے۔ معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں کو میری جاب کے بارے میں سمجھ نہیں ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ایک صحافی کے لئے اپنے پیشے کے دائرہ سے باہر کے لوگوں سے، ان کی توقع کے مطابق تعلق رکھنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔

میرا پہلا شوہر "کِم" (Kim) تھا، اسے میں اس وقت سے جانتی تھی جب میں چودہ سال کی تھی۔ وہ صحافت کو ایک گندہ پیشہ سمجھتا تھا اور اس سے شرم محسوس کرتا تھا۔ اس کی خوشی صرف ایسے کام میں تھی کہ میں کسی آفس میں صبح 9 بجے سے 5 بجے شام تک رہتی۔ جب ہماری شادی ہوئی تو میں نے فلیٹ سٹریٹ میں ڈیلی میل کی ملازمت مسترد کر کے اس کی بجائے "ناردرن ایکو" میں ایک عہدہ سنبھال لیا۔ "کِم کی ناک" "نائن برج" کے گرد لپٹی ہوئی تھی، وہ اس کے

باب نمبر4

نیویارک کی بجائے اسلام آباد

انتظار کی گھڑیاں ختم ہونے میں ہی نہ آرہی تھیں لیکن جب دو منٹ کا فاصلہ رہ گیا تو میرے موبائل کی بیل بج گئی۔ یہ میرا باس جم تھا۔ میں نے اسے بتایا کہ بس چند منٹ رہ گئے ہیں، جونہی ٹکٹ ملے گا، میں اسے کال بیک کروں گی۔ لیکن اس نے مجھے جو جواب دیا وہ سن کر میں سناٹے میں آ گئی۔ اس نے کہا نیویارک کو بھولجاؤ اور اس کے بجائے سیدھی اسلام آباد پہنچو۔ مجھے ایسا لگا جیسے میں اپنی قوت گویائی سے محروم ہوگئی ہوں۔ میں نے خود کو یہ کہتے ہوئے محسوس کیا کہ میرے تمام ملبوسات ڈاؤن ٹاؤن نیویارک کے لئے پیک ہوئے تھے، گھٹیا ایشیا کے کسی نکلے قسم کے بازار کے لئے نہیں خریدے گئے تھے۔

جم کے اس فیصلے کا کیا محرک تھا، میں اس سے بے خبر تھی ہم چند ہفتوں ہی سے ایک دوسرے کو جاننے لگے تھے، اور ہم ٹھیک ٹھاک چل رہے تھے، وہ ایک تازہ ہوا کا جھونکا تھا، اسے لیڈی رپورٹرز سے ڈیلنگ میں کوئی "مسئلہ" درپیش نہیں تھا جیسا کہ بعض نیوز ایڈیٹروں کو ہوا کرتا ہے۔

لیکن اب میں اس کے فیصلے پر اعتراض شروع کر رہی تھی، اس نے میری تامل کو فوراً محسوس کرلیا اور کہا کہ سٹوری اب افغانستان اور پاکستان سے شروع ہونے والی ہے، یہ اب وہ جگہ ہے جہاں ہمیں موجود ہونا چاہیے۔ میں پھر بھی دلی طور پر تامل نہ ہوسکی اور بڑبڑاتے ہوئے کہا، "اچھا جاتی ہوں اسلام آباد کا ٹکٹ لینے"۔ برٹش ایئرویز نے اس روز کے لئے پاکستان کے دارالحکومت کے لئے اپنی تمام پروازیں منسوخ کردی تھیں لیکن کسی نے مجھ سے کہا کہ میں اگلے ٹرمینل جا کر ایمیریٹس ایئر لائنیز کے لئے کوشش کروں۔

میں اسی طرح منہ بسورتی ہوئی ایمیریٹس ڈیسک پر پہنچی اور اسلام آباد کا ٹکٹ مانگا۔ انہوں نے مجھے لندن تا لاہور براستہ دوبئی ٹکٹ کی پیشکش کرتے ہوئے کہا کہ میرے لئے لاہور سے اسلام آباد کی انٹرنل فلائیٹ کی بکنگ کرانا، بہتر رہے گا۔ میں بے دلی سے اُدھر گئی، طبیعت ابھی تک بوجھل تھی۔ ایمیریٹس کے طیارے میں جا بیٹھی، مگر میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتی کہ طیارہ حیرت انگیز طور پر پُرتعیش اور آرامدہ تھا۔ میں قدرے مطمئن ہوکر "ان فلائیٹ بریجٹ جونز" مووی دیکھنے لگی۔ میری اپنی ترجیح تو دوران سفر کتاب بنی ہوتی ہے تاہم یہ بہت دلکش فلم تھی، میں اس میں کھو گئی۔

کچھ دیر بعد کمپیوٹر سکرین پر (جو میرے سامنے تھی اسے ہیڈ ریسٹ میں لگا دیا گیا تھا) میں نے شطرنج کی متعدد گیمیں کھیلیں، اور جب میں نے آخر میں کمپیوٹر کو شکست دیدی تو ہم دوبئی میں اترنے کے لئے تیار ہو رہے تھے۔

میں دوبئی سے بہت محبت کرتی ہوں، اس کے ساتھ میری کئی یادیں وابستہ ہیں۔ خلیج کی جنگ کے زمانے میں نیو کیسل میں "سنڈے سن" کیلئے کام کر رہی تھی، ایک فوٹوگرافر مائیکل سکاٹ اور میں "آر اے ایف ہرکولیس" ٹرانسپورٹر طیاروں کو بند مٹھی کے انگوٹھے کا اشارہ دیکر لفٹ لے لیتے تھے اور مشرق وسطٰی میں گھومنے کا مزہ لیا کرتے تھے۔

منصوبہ بالکل ٹھیک کام کر رہا تھا، اس طرح ہم متعدد بار رائل فلیٹ آگزیلری جہازوں پر بھی جو آبنائے ہرمز میں گشت پر مامور تھے، سیر کرتے پھرتے تھے۔ یہ معمول بہت دلچسپ و مسرت انگیز تھا حتیٰ کہ وہ دن آ گیا کہ ہماری گھر کی آخری پرواز منسوخ ہوگئی اور ہم دوبئی میں پھنس کر رہ گئے۔

میرے پاس اپنے شوہر نمبر 2 کا امریکن ایکسپریس کارڈ اب بھی موجود تھا، چنانچہ میں نے اسے خوب جی بھر کر استعمال کیا۔ اور ایک اعلیٰ درجے کے ٹھنڈے ہوٹل میں ہفتہ بھر قیام کیا حتیٰ کہ ہمیں آر اے ایف کی پرواز پر ایک اور مفت کی لفٹ مل گئی۔

میں نے اپنے دفتر میں اخراجات کا بل پیش کیا جو اندازاً 2000 پاؤنڈ زبنتا تھا، اس سے میرے ایڈیٹر جان میک گرک کو دل کا دورہ پڑتے پڑتے رہ گیا، اس نے غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا "ہٹو واہیات عورت، میرے پاس گل چھروں کے لئے رقم نہیں اور نہ ہی بجٹ میں کوئی گنجائش ہے۔" میں نے اسے کہا "یہ ادائیگی تو آپ کو کرنا ہی پڑے گی، میں نے اپنے سابق شوہر کا ایکسپریس کارڈ استعمال کیا ہے، اگر آپ اسے یہ بتانا چاہتے ہیں کہ میرے خلیج کے ٹرپ کے بل اس کے ذمہ ہیں تو پھر یونہی سہی۔"

چند دن بعد وہ اور اس کا، اس دور کا ڈپٹی ایڈیٹر کرس رشٹن ایڈیٹوریل بجٹ کی جانچ پڑتال کر رہے تھے، تو انہیں بجٹ میں کئی ہزار ڈالر فالتو نظر آ گئے جن میں سے میرے بل کی بہ آسانی ادائیگی ہوگئی، اس کے عوض سکاٹ (مائیکل سکاٹ) اور میں نے میلوں لمبی پکچر سٹوریز سپلائی کیں جو جنگ خلیج کا پورا عرصہ کام دیتی رہیں۔

میگ گرک، اسکے بعد "ڈیلی ریکارڈ" میں چلا گیا، بعد ازاں اس نے "سکاٹ لینڈ آن سنڈے" میں کام کیا اور اب وہ ایڈنبرا میں "سکاٹ میڈیا" کے ایڈیٹوریل ڈائریکٹر کے طور پر کام کر رہا ہے۔

"نیچے کی طرف" جا ہی نہیں سکتا تھا۔

ایک سال سے بھی کم عرصہ گزرا تھا کہ ہماری شادی خطرے میں پڑ گئی اور بالآخر ٹوٹ گئی، اس طرح آٹھ سال کے تعلقات ختم ہو گئے۔دو سال بعد 1983ء میں، میں نے جم میلفوش سے شادی کر لی، وہ رینجبل کرائم سکواڈ میں پولیس سارجنٹ تھا، وہ بڑا اجرا تمند اور ولولہ خیز مرد تھا اور عمر میں مجھ سے 20 سال بڑا تھا، وہ اپنے پیشے میں اچھی طرح دھنسا ہوا تھا اور میں اپنے پیشے میں بتدریج اُبھر رہی تھی۔پھر میں "نیوکیسل جرنل" میں چلی گئی اور کچھ عرصہ بعد "سنڈے سن" سے منسلک ہو گئی۔جہاں میں نے ایک اتوار کے اخبار کے لئے رپورٹنگ کا پہلی بار ذائقہ چکھا۔

فلیٹ سٹریٹ نے مجھے ایک بار پھر اشارہ دیا لیکن اگر "ٹم" ٹائن برج کے ساتھ "ویلڈ" پایا گیا تو جم میلفوش بھی اسی کی کمر سے بندھا ہوا تھا، اور وہ لندن منتقلی کے سوال پر غور ہی نہیں کر سکتا تھا۔

باب نمبر5

مردوں کا شاونزم

میں میلکلوش سے ٹوٹ کر محبت کرتی تھی، چنانچہ میں گفتگو کے دوران کبھی اسے جتا ہی نہ سکی کہ وہ عورتوں سے خود کو برتر سمجھنے والا مرد (شاونزم زدہ) ہے، میں اگلے چند سال علاقائی پریس کے گرد ''ڈوپن بالنگ'' کرتی رہی اور ہر ''جنبش'' کے ساتھ پروموشن پاتی رہی، جس سے مجھے اپنے حلقے میں عزت وتوقیر ملتی رہی۔ 1990ء تک جم اور میں ایک دوسرے سے بہت دور ہٹ چکے تھے اور پھر میں نے ایک ناقابل معافی اقدام کر دیا، وہ یہ کہ میں ''ٹیری ٹوریل آرمی'' میں شامل ہوگئی۔ 1992ء میں میری ڈیوڈ سے ملاقات ہوئی جو کہ ڈیزی کا باپ ہے، ہم 1996ء تک ایک دوسرے کے ساتھ رہے۔ اس کے بعد میں نے ایک اسرائیلی روحانی موش سے شادی کر لی جو دو سال تک رہ سکی۔ یہ جدائی ڈیوڈ والی جدائی سے مختلف تھی، یہ دوستانہ علیحدگی نہیں بلکہ بدتر انداز میں ہوئی، اس کے بعد سے ہمارا کوئی رابطہ نہیں ہوا۔

دوبئی ائیر پورٹ کے عین وسط میں امی سے ہونے والی گفتگو نے مجھے ذہنی طور پر تھکا دیا۔ طبیعت سخت مکدر تھی چنانچہ میں فون بند کرنے کے بعد میں گھومتی گھامتی سی فوڈ کے کاؤنٹر پر جا پہنچی اور مچھلی کے اچار، جھینگا، چیچڑے کیک مع سفید انگوروں کی عمدہ شراب ''شارڈونے'' کا آرڈر دیا۔ یہ میرا امی سے دو دو ہاتھ کرنے کا ایک طریقہ رہا ہے، کیونکہ وہ ''فضول خرچیوں'' پر بہت ناراض ہوتی ہے، میں نے خوب ڈٹ کر کھایا اور ٹھنڈی شراب کا ایک ایک قطرہ مزے لے لے کر حلق سے اتارا۔ کیونکہ میں سمجھتی تھی کہ بس یہ ایک ہی بار ہے، پاکستان پہنچی تو ایسا نہیں کر سکوں گی۔

میں گرم اور مصالحہ دار غذا پسند نہیں کرتی اور سبزی و پھل بھی نہیں کھاتی چنانچہ میں یقینی طور پر نہیں کہہ سکتی تھی کہ اگلے چند ہفتے میں کھا سکوں گی یا نہیں۔ پھر سگریٹ یاد آ گئے، ہاں مجھے سگریٹ ضرور لے لینے چاہئیں۔

شراب کے آخری قطرے پینے کے بعد میں مسکرائی اور سوچا، میں جائس سے لڑائی جیت چکی ہوں لیکن اس کا مطلب لازماً جنگ ہی جیتنا نہیں۔ میں نے خدا سے دعا کی کہ کہیں ماں نیوز ایڈیٹر کو فون نہ کر دے۔ کیا آپ تصور کر سکتے ہیں کہ ایسا کرنے سے کتنی رسوائی ہوگی؟ سونے کی یہ ڈلی کسی 'پرائیویٹ آئی' یا کسی بڑے سائز کے اخبار کے زہریلے ڈائری نویس کے ہاتھ لگنے میں کتنی دیر لگائے گی؟

میں اپنی امی ابو سے محبت کرتی ہوں لیکن میں چاہتی ہوں کہ وہ میرے بارے میں پریشان ہونا چھوڑ دیں، اور یہ بھی سوچ رہی تھی کہ کیا میں ڈیزی کے جوان ہوتے ہوتے، اپنی ماں کی طرح ہی بجاؤں گی؟ اس میں مجھے شک ہے، یعنی ایسا ہونا یقینی نہیں۔ ڈیزی ان بچوں میں سے نہیں جن کی زندگی اتفاقات سے عبارت ہوتی ہے، وہ ایک ایسا بچہ ہے جسے دوہرا استحکام حاصل ہے۔ وہ اپنی زندگی میں جو کچھ بھی کرے گی، میں تصور بھی نہیں کر سکتی کہ اس میں کوئی خطرہ مول لینے والی بات ہوگی۔ میں یہ نہیں کہتی کہ یہ لازماً کوئی بری بات ہے، موزوں لوگوں کو موزوں کام ہی ملتے ہیں۔

مجھے وہ دن یاد ہے جب ہم کینیا گئے اور ایک سفاری میں سیر کر رہے تھے۔ ایک جگہ ہم نے ایک بہت بڑے سائز کا کچھوا دیکھا جسے کیلے کھلائے جا رہے تھے۔ اس کے مالک نے ڈیزی سے پوچھا کیا وہ اس پر سواری کرنا چاہتی ہے؟ اس نے زور سے سر ہلا کر انکار کیا، میں نے اس کا حوصلہ بڑھانے کے لئے حسب معمول اس کے کان کے قریب منہ لے جا کر کہا.... ''موقع ہے آگے بڑھو'' لیکن وہ اپنی جگہ سے ذرا بھی نہ ہلی۔ اتنے میں اس شخص نے اسے اٹھا کر کچھوے تک پہنچا دیا اور یہ اس کی پشت پر جم کر بیٹھ گئی۔ سیکنڈوں میں اس کے چہرے سے خوف کے آثار غائب ہو گئے اس نے ہنسنا شروع کر دیا اور اپنی تصاویر بنانے کی فرمائش کرنے لگی۔ کئی تصویریں بنائی گئیں اور یہ بے حد خوش رہی۔ بعد میں، میں نے اس سے پوچھا کہ اس نے پہلے سوار ہونے سے کیوں انکار کیا تھا؟ اس نے بتایا کہ وہ یہ سمجھتی تھی کہ کچھوا اسے لے کر بھاگ جائے گا۔ ہم دونوں اس پر بہت ہنسیں۔ میں نے اسے اپنے چند معتقدات میں سے ایک اسے پھر یاد دلایا۔ ''موقعے سے ضرور فائدہ اٹھاؤ کیونکہ بعض اوقات ہمیں دوبارہ ہاں کہنے کا موقع کبھی نہیں ملتا۔''

جونہی فلائیٹ نے دوبئی سے ٹیک آف کیا، وقت کے فرق نے ٹھوکریں مارنا شروع کر دیں اور میں اونگھتی رہی تاوقتیکہ ہم لاہور پہنچ گئے۔ جہاں میں اندرون ملک پرواز کے لئے انتظار کرنے لگی۔ اتنے میں دو آدمی دکھائی دیئے جو یقیناً ٹیلی ویژن جرنلسٹس لگ رہے تھے۔ مجھے اس کا اندازہ ان کے طرز عمل اور ان کے مووی کیمروں سے ہوا۔ چند خوشگوار جملوں کے تبادلے کے بعد انہوں نے بتایا کہ وہ چیک ٹیلی ویژن سے تعلق رکھتے ہیں اور افغانستان جانا چاہتے ہیں، کوشش کر رہے ہیں کہ پشاور کے راستے سے داخل ہو جائیں۔ خیر میں نے انہیں الوداعی کلمات کہے پھر ہم سب اسلام آباد کی فلائیٹ میں بیٹھ گئے۔

اسلام آباد پہنچی تو مجھے ایک ٹیکسٹ میسج موصول ہوا جس میں کہا گیا تھا کہ ایکسپریس نیوز پیپرز نے میری بکنگ

"بیسٹ ویسٹرن ہوٹل" میں کرادی ہے اور ساتھ کرائے کی کاروں کی ایک فرم کا ریفرنس بھی دے دیا۔ "کرائے کی کار"؟ اس پر میں حیران ہوئی، میں دنیا کی بدترین کار ڈرائیوروں میں سے ہوں اور دوسری ویمن ڈرائیورز کو بھی اچھے نام سے نہیں پکارتی۔ میں نے تہیہ کرلیا کہ جب تک یہاں رہوں گی گاڑی نہیں چلاؤں گی۔

ٹیکسی بلوائی اور "بیسٹ ویسٹرن" کی طرف روانہ ہوگئی۔ میں نے لندن سے روانگی سے قبل جو دوڑ بھاگ کی اور پھر ہیتھرو ائیر پورٹ پر جو انتظار کیا وہ کسی صورت 36 گھنٹے سے کم نہ تھا، اس لئے میں اس وقت غسل کی سخت ضرورت محسوس کررہی تھی۔ مجھ سے یقیناً شتربان کے جانگیئے کی سی بدبو آرہی ہوگی، اس لئے میری طبیعت بہت بیزار تھی۔

ہوٹل کے استقبالیہ کا آدمی ششدر رہ گیا، اس نے بتایا کہ میری ریزرویشن کینسل کردی گئی ہے کیونکہ میرے آنے کی توقع نہیں کی جارہی تھی۔

یہ غالباً ایک بے حد پرانا حربہ ہے۔کوئی رپورٹر اچانک کہیں آٹپکا ہوگا، اس نے جب ہوٹل کو پوری طرح بک پایا تو اس نے میری ("یو آنے رڈلے" کی) کینسلیشن کال کرادی اور کمرہ ہتھیا لیا، کیا واہیات حرکت کی اس نے۔

ایسی ناگہانی مصیبتوں کے پیمانے یا گہرائی کو تو جانے دیجیے۔بعض نوسرباز اپنے صحافی ساتھیوں کو بھی زک پہنچائے بغیر نہیں چھوڑتے۔ یہ سب اپنی گھٹیا درجے کی ذہنیت اور "نمبر 1" کہلانے کی سستی خواہش کے مظاہرے ہیں۔

مجھے یاد ہے کہ جب دسمبر 1988ء میں "لاکربی" کا سانحہ ہوا تھا، ہوٹل روم بکنگ اور بیڈ اینڈ بریک فاسٹ ریزرویشن کے لئے کیسی کیسی چھچھوری حرکتیں اور دھکم پیل کے شرمناک مناظر دیکھنے میں آئے تھے۔

ایک حرکت جو خاص طور پر قابل ذکر ہے یہ تھی کہ "ڈیلی سٹار" کا ایک رپورٹر جس نے ایک بریک فاسٹ ٹیلی ویژن پریزنٹر سے کمرے کا قبضہ لیا تھا، اسے یہ دیکھ کر شدید صدمہ ہوا کہ اس کا سوٹ کیس کھول کر دوبارہ پیک کیا گیا ہے اور راہداری میں پڑا ہوا ہے۔ ہوٹل والا بھی سخت پریشان تھا کیونکہ اسے ایک کال ملی، جس میں کہا گیا تھا کہ ٹی وی پریزنٹر کو "ڈیلی سٹار" کے آدمی کے آنے سے فوراً پہلے چیک آؤٹ ہو جانا چاہیے تھا۔

چنانچہ میں بھی کسی حرامزادے کی ایسی ہی کمینی حرکت کا نشانہ بنی تھی۔ میں اس وقت سخت تھکی ہوئی تھی، قبل اس کے کہ میں ہنگامہ کھڑا کرسکتی، ایک اور ٹیکسی ڈرائیور آگیا اور مجھے میریٹ ہوٹل بھیج دیا گیا وہ بھی پوری طرح بک ہوچکا تھا، ایسا لگتا تھا کہ دنیا بھر کے اخباروں، ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے نمائندوں نے اسلام آباد پر ہلّہ بول دیا ہے۔

میریٹ کے ریسپشنسٹ نے ظاہر تو بڑے افسوس کے ساتھ معزرت کی یا وہ اپنی اس خوبصورت لابی کے ایریا سے مجھے فوراً باہر نکال دینا چاہتا تھا، شاید میں اس وقت ان لوگوں کی طرح لگتی تھی جو عام طور پر گٹر میں پائے جاتے ہیں، چنانچہ اس نے چند ایک کالیں کیں اور مجھے کراؤن پلازا بھیج دیا۔

باب نمبر 6

صحافتی مہم جوئی

میرے لئے غالباً اس سے بہتر حالات میسر آنا ممکن نہ تھے یہ ہوٹل دنیا بھر کے صحافیوں سے بھرا ہوا تھا اور برطانیہ سے ایک بھی نہ آیا تھا۔ میں کبھی کبھی سوچتی ہوں کہ میں کچھ تفرد پسند (Isolationist) ہوں، غول میں شریک وہ کر شکار کرنا مجھے کبھی نہیں بھایا۔ میں ان میں سے کسی کو بھی نہیں جانتی تھی، مجھے اپنے کام سے غرض تھی جو میں کسی کی مداخلت کے بغیر کرنا چاہتی تھی۔ مجھے ان فرسودہ خیال ساتھیوں کی بے ڈھب گفتگوؤں سے بیزاری سی محسوس ہوتی ہے جو یہ پوچھے بغیر رہ ہی نہیں سکتے کہ آپ کیا کرنا چاہتی ہیں؟ کیا پوچھیں گی اور اس سے آپ کا کیا مقصد ہے؟ میں اپنے ''نیوز آف دی ورلڈ'' سے وابستگی کے دنوں کی بات کرتی ہوں، کہ کوئی رپورٹر اپنے ساتھ بیٹھے ہوئے رپورٹر سے کسی بھی صورت میں یہ نہیں پوچھتا تھا کہ وہ کیا کر رہا ہے، اور نہ کوئی ایسے سوال کی توقع کرتا تھا۔ یہ کام کی راز داری اور پیشے کے محفوظ ہونے کا معاملہ سمجھا جاتا تھا۔ یہ دنیا کے انتہائی پیشہ ورانہ امور میں سے ہے جس کے لئے میں نے انتہائی احتیاط کے ساتھ کام کیا ہے۔ اگر چہ اس کی شہرت مبالغہ آرائیوں اور رائی کا پہاڑ بنا دینے کی ہے لیکن اس میں زیادہ صداقت نہیں ہے۔

میں اپنے وہاں کے تجربے کی بنا پر کہہ سکتی ہوں کہ اخبارات کبھی من گھڑت اور کردار کشی پر مبنی سٹوری بناتے ہوئے 20 فیصد تفصیلات اپنے پاس روک لیتے ہیں، اگر نشانہ بننے والا شخص احتجاج کرے یا قانونی چارہ جوئی کر ڈالے تو باقیماندہ 20 فیصد باتوں کو اگلے ہفتے کی اشاعت میں عام طور پر ترک کر دیا جاتا ہے۔

وہاں سے میں سنڈے ٹائمز میں گئی اور ڈیوڈ لیپارڈ کے ساتھ کام کیا۔ وہ کئی ماہ تک ''Insight'' (اصل حقائق) کی ٹیم کا سربراہ رہا پھر اسے کنٹریکٹ کی پیشکش کر کے مین نیوز روم میں تعینات کر دیا گیا۔ لیپارڈ کے ساتھ کام کرنا میرے لئے باعث فخر و مسرت تھا تاہم جب اپنے رابطوں یا ذریعہ اطلاع کو تحفظ دینے کا معاملہ سامنے آتا ہے تو وہ ایک سچ مچ کی خفیہ گلہری بن جاتا ہے اور ذمہ داری کے تعین کا مسئلہ آئے تو ہاتھ جھاڑ کر کھڑا ہوا جاتا ہے۔ بہر حال میں اس کی اہلیت اور طریق کار کی بے حد معترف ہوں۔ میں نے اس کے ماتحت ''انسائیٹ'' کے لئے کچھ عرصہ تفتیشی رپورٹنگ کر کے بہت کچھ سیکھا ہے، میں تصور کر سکتی ہوں کہ وہ میرے موجودہ حالات میں بھی میرا مددگار رہے گا۔

اچھا تو اب اسلام آباد کے کراؤن پلازا میں آمد کی بات کرتی ہوں، مجھے خوشی ہوئی کہ وہاں میں اکیلی ہی تھی۔ میں نے ٹیلی فون پر نیوز ڈیسک ملایا، جم مرے کو کافی خوشگوار پایا۔ اندازہ ہوا کہ میری ماں نے خود پر قابو رکھا ہے اور اسے کال کر کے مجھے فوراً واپسی کی پرواز سے منگوانے اور مجھے کشیدہ کاری کے کالم انچارج بنانے کا مطالبہ نہیں کیا تھا۔

میں نے اسے بتایا کہ میں پسینہ پسینہ ہو رہی ہوں، جسم بدبودار ہو چکا ہے اور نہانے کی اشد ضرورت محسوس کرتی ہوں۔ وہ ایک خوش مزاج اور صاحب فراست آدمی ہے، اس نے مجھے کہا کہ تمہارے پاس وقت تو کافی ہے، تین بجے سہ پہر سے پہلے پہلے ایک دو صفحے کا میٹریل تقریباً ایک ہزار الفاظ بھیج دو۔ اس میں ابھی تین گھنٹے کا وقت ہے، وہاں ''کچھ اور'' پیش آیا ہو تو وہ بھی سنانا۔ ساتھ ہی اس نے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔

میں نے اپنی ہولڈ آل کھولی تو دیکھا کہ کسی خبیث نے زپ اور لائننگ کے درمیان کی سلائی کو کاٹ دیا ہے، جب میں نے سب کچھ باہر نکال کر دیکھا تو تین آئیٹم غائب تھے، میرے والد کے جرابوں کے دو جوڑے اس میں موجود نہ تھے (اب ڈھونڈنے سے نہ ملیں تو سمجھ جائے گا کہ ''رڈلے ویمن'' نے اس کی جرابوں والی دراز پر چھاپہ مارا ہے) ٹوتھ پیسٹ کی آدھی ٹیوب بھی خالی ہو چکی تھی، اس نے تو میرا جی متلاتا ہے۔

تاہم میرے منہ میں سے کتے کی سانس کی طرح کی بدبو آنا تو دوسری بات ہے، میں نے فرحت بخش غسل کیا اور یہ سوچتے ہوئے باتھ روم سے برآمد ہوئی کہ میں کس عذاب میں پھنسنے جا رہی ہوں۔ وقت ٹک ٹک کرتا ہوا دوڑا جا رہا تھا۔ سنڈے ایکسپریس تو قع رکھتا تھا کہ میں ایک ہزار الفاظ پر مشتمل سٹوری فائل کروں جس کے لئے میرے پاس دو گھنٹے سے بھی کم مہلت رہ گئی تھی۔

واہ، میں ایک اجنبی ملک میں پھر رہی ہوں، اور تین ہوٹلوں کے ریسپشنسٹوں کے سوا کسی کو جانتی ہی نہیں ہوں۔ ان سے بھی میری کوئی بے تکلفی نہیں ہے۔ اسلام آباد شہر کے اندر گھومنے کے لئے میرے پاس موزوں لباس تک نہیں۔ میرے بال بھی بد وضعی کے شاکی ہیں۔ مجھے وہاں سے روانگی سے پہلے ان کا کچھ کرا لینا چاہیے تھا، لیکن اس وقت میرے پاس وقت ہی کہاں تھا؟ میں اب کیوں آہیں بھر رہی ہوں۔ کیا یہاں کے ہیئر ڈریسرز پیر کے روز، جو میری واحد ہفتہ وار چھٹی کا دن ہے، کام نہیں کرتے؟ یہ زندگی کے عظیم رازوں میں سے ایک راز ہے .... شاید یہی وجہ ہے کہ مردوں کے صرف ''نبل'' ہوتے ہیں۔ سب بے وقوفی کی باتیں میرے ذہن میں کلبلانے لگیں۔ لیکن

میں نے انہیں روک لیا اور اس کام میں مصروف ہو گئی جس کے لئے ایڈیٹر نے مجھے پابند کیا ہے۔

جلوزئی کیمپ کا ایک منظر

سب سے پہلے مجھے ایک انگلش سمجھنے اور بولنے والے ڈرائیور کی ضرورت تھی۔ میں نے کراؤن پلازا کے ریسپشنسٹ کے پاس گئی اور اسے اپنی ضرورت بتائی۔ اس نے فوراً ایک ڈرائیور بلوالیا اور ہم چل پڑے۔ مجھے جلد ہی پتہ چل گیا کہ یہ تو صرف "ok" کہہ سکتا ہے اور وہ یہ سمجھتا تھا کہ وہ اسی طرح مجھے سارا سفر کرادے گا۔ کیا خوب، واہ ری قسمت ہم پانچ منٹ بعد واپس ہوٹل پہنچ گئے، میں نے پھر بڑی شائستگی سے درخواست کی کہ مجھے انگریزی بول سکنے والا ڈرائیور چاہئے۔ میں پاکستانی لوگوں کو پسند کرتی ہوں کیونکہ وہ پوری طرح مددگار بننے کی کوشش کرتے ہیں، یہ کبھی نہیں کہتے کہ نہیں نہیں، یہ کام نہیں ہوسکتا، جیسے بھی ہو وہ اسے کر کے ہی چھوڑتے ہیں۔

تاہم کراؤن پلازا کے آدمی نے اب کی بار ایسا کر دکھایا، چند منٹوں کے بعد اس نے مجھے "پاشا" سے ملوادیا۔ جو آدھے گھنٹے کے اندر، میرا بہترین دوست بن گیا۔ خوب روانی سے انگلش بولتا تھا اور دنیا بھر میں یہ کام کرتا رہا تھا۔ بے حد خوش اطوار اور ملنسار آدمی تھا، میں جو کچھ چاہتی اسے بتا دیتی وہ کر ڈالتا وہ انتہاء سادہ، نفیس طبع اور حیرت انگیز شخصیت کا مالک تھا۔ اس کی بڑی بڑی براؤن آنکھیں تھیں جن میں سے خوش مزاجی جھلک رہی تھی۔ اس کا چہرہ گول تھا جسے سلیقے سے ترشی ہوئی داڑھی نے مزید خوبصورت بنا دیا تھا۔ اس کے سیاہ کالے بال پیچھے کی جانب سرکنا شروع کر چکے تھے۔ لگتا تھا کہ عمر 40 برس تک ہوگی۔ جب وہ ہنستا تو سفید دانت موتیوں کی لڑی جیسے لگتے۔ سامنے کے دانتوں میں درز تھی۔ اگرچہ زیادہ لمبا نہیں تھا اوسط درجے کی باسکٹ بال گیم کھیل سکتا تھا لیکن کچھ عرصہ گھٹنے کی چوٹ کی وجہ سے بستر پر رہا تھا۔ چند دن بعد میں اسے لڑکھڑا کر چلتے ہوئے دیکھ کر صاف سمجھ جاتی تھی کہ اسے اب بھی درد محسوس ہوتا ہے لیکن وہ اس کی شکایت زبان پر نہ لاتا تھا۔

مجھے جو ہدایات ملی تھیں، ان میں یہ بات بھی شامل تھی کہ میں چند مقامی ریستورانوں کے مالکان اور منیجروں وغیرہ سے بھی تبادلہ خیال کروں اور پوچھوں کہ سرحد پر معلق سیاسی بحرانوں کے بارے میں ان کی کیا رائے ہے اور یہ پاکستان کو کس انداز میں متاثر کریں گے؟ عام لوگوں کے خدشات بھی نوٹ کرتی رہوں۔

چنانچہ پہلے ہم ایک چھوٹے ریستوران میں پہنچے جہاں میرا تعارف ایک منیجر سے کرایا گیا۔ ہم اس کے پاس بیٹھے، چائے پی اور گپ شپ لڑائی جو ایک گھنٹہ جاری رہی۔ مجھے جتنا کچھ مطلوب تھا، اس عرصے میں کافی حد تک حاصل ہو گیا۔ میں ہوٹل واپس آئی اور مقررہ وقت، یعنی ڈیڈ لائن کے مطابق بذریعہ فون سٹوری لکھوادی۔ یہ صحافت کا انتہائی اہم حصہ نہیں تھا لیکن اہم اس لحاظ سے تھا کہ یہ سٹوری میری "بائیلائن" سمیت شائع ہونے والی تھی۔ "یو آنے رڈلے اِن اسلام آباد" اخبارات میں باہمی رقابت زوروں پر رہتی ہے، چنانچہ ہمیں یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ "میل آن سنڈے" کا نمائندہ ابھی تک دوبئی ائیر پورٹ پر پھنسا ہوا ہے، کیونکہ اس کا طیارہ تاخیر سے پہنچا تھا، جس کی وجہ سے وہ اپنی سٹوری فائل نہ کرسکا۔ صاف ظاہر ہے کہ "ڈیلی ایکسپریس" کے اندر ہی سے کسی نے "میل آن سنڈے" کو ٹپ دی ہوگی کہ ہم اسلام آباد جا رہے ہیں، چنانچہ انہوں نے بھی اپنے رپورٹر کو ہمارے پیچھے دوڑا دیا تھا۔

مطلب یہ ہوگا کہ کئی مسلمان، عیسائی اور یہودی لقمہ اجل بن جائیں گے۔''
یہ ایک انتہائی لرزہ خیز بیان تھا جو کسی ہیجان کے بغیر خاموشی سے دے دیا گیا، اس سے میری رونگٹے کھڑے ہو گئے۔
ہم آگے چل پڑے راستے میں، میں نے پاشا سے پوچھا کہ مولانا جس جنگ کا خدشہ ظاہر کر رہے تھے اس کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ اس نے کہا کہ واقعی ڈر کی بات ہے مجھے تو اپنی بیوی اور دو چھوٹے بچوں کی فکر ہے، سوچتا ہوں کہ کیا انہیں گاؤں نہ بھیج دوں۔ پاکستان کے دیگر 8 کروڑ معتدل مزاج مسلمانوں کی طرح وہ بھی جنگ چھڑنے سے خائف تھا اور اس نتائج کے بارے میں اس کا خوف بالکل بجا تھا۔
ہماری یہ گفتگو پرویز مشرف کے اپنی قوم سے اس ہیجان خیز خطاب سے پہلے کی تھی جس میں انہوں نے بتایا تھا کہ وہ دہشت گردی کے خلاف امریکہ کی جنگ میں شامل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے عوام سے بات کو سمجھنے اور ان کی حمایت کرنے کے لئے کہا تھا، وہ ایک شدید قسم کی کشش و پیچ میں پڑ گئے تھے لیکن ٹی وی پر ایک باوقار سیاستدان کے طور پر آئے تھے۔
اُدھر سے طالبان نے پاکستان کو خبردار کیا تھا کہ اگر اس نے مغرب سے تعاون کیا تو سخت نقصان سے دوچار ہوگا، اور چند دن بعد ہمیں بتایا گیا کہ چار سکڈ مزائل لانچر درۂ خیبر میں طورخم بارڈر پر نصب کر دیئے گئے تھے اور ان کا رُخ ہماری سمت میں تھا۔
میں نے اپنے ایک بہت اچھے دوست پال بیور کو فون کیا اور اپنی تشویش کا اظہار کیا، وہ ملٹری ایڈوائزر بھی ہے۔ اس نے کہا کہ اس کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ یہ سکڈ اسلام تک نہیں پہنچیں گے تاہم مجھے راولپنڈی اور پشاور سے دور رہنا چاہیے۔ میں نے اس سے لندن کے حالات پوچھے کیوں کہ وہ مجھے بہت یاد آ رہا تھا۔
میں نے پاشا کو بتایا کہ میں افغانستان کے اندر داخل ہونا چاہتی ہوں اس مقصد کے لئے میں نے پیر کے روز سفارت خانے جانے کا فیصلہ کر لیا۔ ڈیلی ایکسپریس کے نیوز ایڈیٹر ڈیوڈلی (David Leigh) اس فیصلے پر بہت ہنسا کہ میں افغانستان کے ویزے تک کے لئے کوشش کر رہی ہوں اور کہا کہ غیر ملکی صحافیوں کو تو وہاں سے ٹھڈے مار کر نکالا جا رہا ہے۔
تمہیں وہاں جانے سے کیا ملے گا، اسے چھوڑو مہاجرین کے کیمپوں میں جاؤ۔ دیکھو وہاں سے کیا کیا خبریں نکلتی ہیں۔
میں بیزاری محسوس کرنے لگی۔ دو مرد آقاؤں (Bosses) سے بار بار ہدایات لینا موڈ کو خوشگوار نہیں رہنے دیتا، میں پاشا کی طرف دیکھتے ہوئے بڑبڑائی، میں ''ڈیلی'' اور ''سنڈے'' دونوں کے لئے کام کر رہی تھی۔ وہ ''میڈم'' کی جھنجھناہٹ سے محظوظ ہوا اور خوب ہنسا، وہ مجھے ''میڈم'' کہتا تھا۔
پھر بھی میں انہیں ایک نعمت ہی سمجھتی تھی۔ ''یہ جو جم مرے ہے، واقعی بہت اچھا نیوز ایڈیٹر ہے۔'' میں نے پاشا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا، ''یہ بڑا پرسکون اور اپنے اوسان بحال جانتا ہے کہ سٹوری کو کیسے قابل فروخت بنایا جا سکتا ہے۔ اخبار کے دفتر میں جہاں ایڈیٹر اور اس کے لفٹین (نائبین) مشاورت کر رہے ہوتے ہیں کہ اگلے شمارے میں جمنے کیا کیا دینا ہے، وہ اپنے چھوٹے چھوٹے جملوں سے ارکان عملہ کے حوصلے بڑھا رہا ہوتا ہے اور خبر کے ہر پہلو پر ان کی رائے مانگتا ہے اور پھر اپنے فیصلے بھی سناتا رہتا ہے۔''
اس کا پیشرو اس سے بہت مختلف ہوا کرتا تھا۔ ہماری آپس میں خاصی دوستی تھی یا میں اسے ایسا سمجھنے لگی تھی، وہ پروموٹ ہو گیا۔ اس کے بعد اس کے رویے میں تبدیلی آ گئی میرے لئے اس کے ساتھ ڈیل کرنا مشکل ہو گیا۔ جب اسے ہٹا دیا گیا تو مجھ سے بڑھ کر کسی کو خوشی نہیں ہوئی تھی کیونکہ اس کے جانے کے بعد دوبارہ فرنٹ پیج پر آ گئی۔ واہ کیسی نجات ملی!
ان پیشہ ورانہ باتوں سے پاشا کی سمع خراشی کرتے کرتے ہم مہاجر کیمپوں میں آ پہنچے۔ بعض مناظر بڑے روح فرسا تھے۔ تلخ حقائق منہ پھاڑے سامنے کھڑے تھے، اور میں فوراً اپنے دفتر کی سیاست کو بھول گئی۔ ہمارے پاس ایک افغان فوٹوگرافر تھا جس سے ہماری پشاور میں اچانک ملاقات ہوگئی تھی، اور جیسا کہ پاکستان میں عموماً ہوتا رہتا ہے، ایک سادہ سی کارروائی ہوتی ہے تو اس کے پیچھے ایک پورا کارواں آتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ جلدی ہی ان کا ایک رفیق کار محمد ریاض ہمارے پاس آ پہنچا جو ڈان گروپ آف نیوز پیپرز سے منسلک ہے۔ محمد ریاض، جسے یہاں ہم صرف ''محمد'' کہیں گے 1999ء میں انگلینڈ میں ہوتا تھا اور کچھ عرصہ فرنگٹن روڈ لندن میں ''گارڈین'' اور ''آبزرور'' کے دفاتر میں کام کرتا رہا ہے۔ یہ بڑا دل آویز شخصیت کا مالک ہے اور اس کا ریفیوجی کیمپوں کے حکام میں کافی اثر و رسوخ ہے۔ اس سے مجھے اور میرے کام کو بہت فائدہ پہنچا جس پر میں اس کی بہت شکرگزار رہوں۔
ہم کیمپ کے اندر پھر رہے تھے اور میں اپنے آپ کو ''پائیڈ پائپر'' (ایک افسانوی بنسری سے نواز، جوبالآخر سب سے

باب نمبر7

جامعہ حقانیہ کا دورہ

مجھے بتایا گیا کہ ''میل آن سنڈے'' کا رپورٹر، میرا دوست، ایان گلاگر'' ہے، مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی کہ چلو اس کے ساتھ بہت اچھی گزرے گی۔میرا خیال تھا کہ یہ بھی ہوسکتا ہے۔وہ کسی اور ہوٹل میں چلا جائے، شکر ہے کہ جب بالآخر وہ پاکستان پہنچ ہی گیا تو پشاور جا پہنچا اور پرل کانٹی نینٹل میں ٹھہر گیا۔

اتوار کو وہ اور میں دونوں ایک ''اسلامی یونیورسٹی'' کو دیکھنے گئے۔جس کے بارے میں پاشا نے بتایا کہ اپنی نوعیت کا اہم ترین دینی مدرسہ ہے اور اسے پوری مسلم دنیا میں زبردست شہرت حاصل ہے، میں نے جب پاشا سے ''اسلامی ادارہ'' دیکھنے کی خواہش کا ذکر کیا تھا تو اس نے مجھے سر پر دوپٹہ لینے کا مشورہ دیا تھا چنانچہ ہم راولپنڈی چلے گئے اور ایک دکان سے سیاہ پشمینہ سٹائل شال خریدلی میں نے پاشا کو واضح طور پر کہہ دیا تھا کہ وہ ''کلچرل'' مسئلوں میں میری صحیح صحیح رہنمائی کرے، اور اسے یہ بھی کہا کہ اگر درست رہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے میری کوئی حرکت یا بات غلط ہوئی تو اس کی ذمہ داری تم پر ہوگی۔اس لئے پوری دیانتداری بلکہ سخت دیانتداری سے میری رہنمائی کرنا، کیونکہ میں پہلے تمہارے ملک میں کبھی نہیں آئی۔

چنانچہ میں نے ایک لمبا سیاہ ڈریس، اپنا لیدر اور اونچی ایڑی والے سینڈل پہن لئے۔یہ لباس بہت آرام دہ تھا۔

جب ہم صوبہ سرحد کے شہر نوشہرہ میں اس ''یونیورسٹی'' (جامعہ اسلامیہ حقانیہ اکوڑہ خٹک) کے قریب پہنچے تو ایک غیر نمایاں قسم کی چونے سے سفید شدہ عمارت دکھائی دی جس کے اوپر ایک جانب سادہ سا گنبد بنا ہوا ہے۔اسے دیکھ کر مجھے یہ بمشکل ہی یقین آسکا کہ یہ مسلم دنیا کے نمایاں ترین دینی اداروں میں سے ایک ہے۔تاہم مجھے پتہ چلا کہ ہر سال ہزاروں باریش نوجوان یہاں سے فارغ التحصیل ہوتے ہیں اور ان میں سے 90 فیصد اپنے ہیرو اسامہ بن لادن اور طالبان کو دیکھنے کے لئے افغانستان پہنچتے ہیں۔بن لادن کے پاس اس انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی کی اعزازی ڈگری بھی ہے، اس یونیورسٹی کو''جامعہ حقانیہ'' کہا جاتا ہے۔یہ سیاسی طور پر بھی بہت اہمیت اختیار کرگئی ہے۔

مجھے یقین ہے کہ امریکن اسے ''سکول برائے دہشت گردی'' کہیں گے لیکن جہاں تک اساتذہ کا تعلق ہے یہ ''مرکز علوم العالیہ'' (Center of academic excellence) ہے اور ہارورڈ، آکسفورڈ یا کیمبرج کے بالکل مساوی سطح کا علمی ادارہ ہے۔یہاں کا آٹھ سالہ کورس اسلامی علوم کے ہر پہلو کا احاطہ کرتا ہے، دنیا بھر کے مسلم نوجوان اس کی طرف مقناطیس کی مانند کھنچے ہوئے آتے ہیں، اس کے سربراہ مولانا (پروفیسر) سمیع الحق ہیں جو دفاع افغانستان و پاکستان کونسل کے چیئرمین بھی ہیں، انہیں نہایت احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

جب ہم اندر داخل ہوئے تو پتہ چلا کہ وہ لاہور میں ہیں اور پاکستان اور افغانستان کے چند بڑے بڑے علما کے ایک اجلاس کی صدارت کررہے ہیں، بعد ازاں اس رات انہوں نے صدر پاکستان، پرویز مشرف سے ملاقات کرنا تھی اور انہیں موجود سیاسی فضا کے بارے میں مشورہ دینا تھا۔

مجھے ایک چھوٹے سے کمرے میں لے جایا گیا، جہاں دو نوجوان چٹائیوں پر سو رہے تھے۔مجھے بیٹھنے اور انتظار کے لئے کہا گیا۔تھوڑی دیر میں مولانا کے صاحبزادے حامد الحق حقانی آپہنچے اور ہم چار زانو ہو کر بیٹھ گئے اور باتیں شروع کردیں۔

اسامہ بن لادن پر الزام تراشی

حامد بھی ایک مولانا ہیں جنہوں نے مجھے بتایا کہ اس ادارے کے سنیئر اساتذہ کئی بار اسامہ بن لادن سے ملاقات کرچکے ہیں۔حامد نے کہا کہ ملاقاتیں کرنے والے علما کا تاثر یہ ہے کہ بن لادن ایک کامل درجے کا مومن ہے۔نہایت متقی اور پرہیز گار آدمی ہے جس نے مغرب کی طرف پیٹھ موڑلی ہے۔میں یقین سے نہیں کہہ سکتی کہ جارج بش یا ٹونی بلیر اس سے اتفاق کریں گے لیکن میں اس پرعزم نوجوان کی باتیں بڑی توجہ سے سنتی رہی۔انہوں نے کہا کہ امریکہ کی طرف سے کارروائیوں کی دھمکیوں کی وجہ سے سخت پریشان ہیں اور اس الزام کو قطعی طور پر غلط اور بے بنیاد قرار دیا کہ یہ دارالعلوم متعصب اور دہشت گرد تیار کرنے کے لئے چلایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہاں کے طالب علم، نظم وضبط کے خوگر ہیں دینی تعلیم کے سوا کسی چیز سے دلچسپی نہیں رکھتے، یہاں کوئی ہتھیار نہیں ہیں، حتیٰ کہ چاقو تک نہیں ہیں۔انہوں نے امریکہ کے اس الزام کی سختی سے تردید کی کہ 11 / ستمبر کے حملوں کے پیچھے اسامہ بن لادن کا ذہن یا ہاتھ کارفرما تھے۔انہوں نے اس واقعہ کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے اس سے اتنی ہی نفرت کا اظہار کیا جتنی کہ مغرب کے لوگ کرتے ہیں۔میں نے پاکستان میں جتنے لوگوں سے اس معاملے پر گفتگو کی وہ ان وحشتناک واقعات کو نرم سے نرم الفاظ میں بھی ایک سانحہ کہہ رہے تھے۔

حامد نے کہا، ''اسامہ جب روسیوں کے خلاف لڑرہا تھا، تو امریکہ کے لئے ایک ہیرو تھا، اب وہ اسے دشمن کے طور پر پیش کررہا ہے۔اگر لفظوں کی یہ جنگ اسی طرح جاری رہی تو یہ ایک تیسری عالمگیر جنگ بن جائے گی۔اس کا

انتقام لیتا ہے) کی طرح محسوس کرنے لگی۔ میرے ساتھ کیمپ کے حکام، پاشا، غفار بیگ اور "محمد" (ریاض) تھے
جو مجھ سے چند قدم ہٹ کر پیچھے پیچھے آ رہے تھے ان کے عقب میں درجنوں کی تعداد میں متجسس بچے چلے آ رہے
تھے اور ہم تک پہنچنے کی کوشش کر رہے تھے۔ لیکن جب میں ٹھہر جاتی وہ بھی ٹھہر جاتے اور چلنے لگی تو وہ بھی چلنا شروع کر
دیتے۔ آخر میں میں معاً پیچھے مڑی اور حکام سے کہا کہ وہ میرا تعاقب چھوڑ دیں۔ میں نے بات اس لئے کہی کہ ان
کی وجہ سے وہ لوگ جن سے میں کوئی بات کہوں گی یا کچھ پوچھنا چاہوں گی، وہ خوفزدہ ہو جائیں گے۔ لیکن
انہوں نے میری درخواست قبول کرنے سے انکار دیا۔

پھٹے پرانے کپڑوں میں ملبوس یہ ننھی افغان بچی، اکیلی اور ناخوش بیٹھی ہوئی تھی، اس کی کوئی تعلیم نہ ہوسکی، نہ اس کے پاس کھلونے تھے اور نہ اس کی آنکھوں میں اُمید کی کوئی جھلک تھی۔ اس کی واحد تفریح یہ کیتلی تھی جس میں کھولتے پانی کے چھینٹے کسی وقت بھی اُڑ کر اس کی خالص زردی مائل جلد پر آبلے ڈال سکتے تھے۔ اسے کوئی پتہ نہیں تھا کہ اس کیلئے اگلے وقت کا کھانا کہاں سے آئے گا، اور وہ اس دوزخ نما کیمپ میں مایوسیوں میں گھری بیٹھی تھی۔

زندگی کی ناانصافیوں کا کوئی شمار ہی نہیں۔ اس بے چاری سے کونسی غلطی سرزد ہوئی تھی کہ یہ اس قسم کے حالات کی سزاوار ٹھہری؟ ان باتوں سے کسی وقت تو انسان اپنے ایمان کو مشکوک سمجھنے لگتا ہے، خواہ آپ کا مذہب کوئی بھی ہو۔ اس منموہنی، بچی کی یہ کیفیت پتہ نہیں کب تک مجھے پریشان رکھے گی۔

عجیب اتفاق ہے کہ آپ خواہ کتنے ہی اپنے پیشے سے مطلب رکھنے والے ہوں کبھی نہ کبھی ایسی ضرب آلگتی ہے کہ آپ کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتی ہے، اور آپ کو اپنے بچے کی یاد دلا کر آپ کے سامنے ایک سوال کھڑا کر دیتی ہے۔ جب بھی اس پیاری سی بچی کا خیال آتا ہے تو میں گلوگرفتہ ہوجاتی ہوں۔

جب ہم کیمپ کے مختلف حصوں میں گھومنے لگے تو ہم غفار بیگ کے ذریعے ہر کسی سے کچھ نہ کچھ پوچھتے رہے وہ افغانستان کی بولی، پشتو میں گفتگو کرتا تھا، پھر پاکستان کی زبان اُردو میں پاشا کو بتاتا۔ جو مجھے انگلش میں مطلب سمجھا دیتا۔ اس طرح ہم ایک بڑی ٹیم بن گئے، پشتو، اُردو اور انگلش تینوں زبانیں چل رہی تھیں۔ جس سے ''بین الاقوامی تعلقات'' کا قیام عمل میں آگیا۔

بی بی سی کے عملے پر پتھراؤ

اس روز ہمیں سویرے سویرے پتہ چلا کہ بعض افغان مہاجرین نے بی بی سی کے عملے پر پتھراؤ کیا ہے کیونکہ انہیں خدشہ ہے کہ برطانیہ ان کے ملک پر فضائی حملے کرنے والا ہے، دوسرے مغربی جرنلسٹ بھی اس پتھراؤ کی زد میں آئے۔ میرا خیال ہے مہاجرین کے اندر یہ احساس پیدا ہونے لگا تھا کہ ان کی چڑیا گھر کے جانوروں کی طرح نمائش لگا دی گئی ہے، جو کوئی بھی باہر سے آتا ہے، اسے خیمہ بستیاں دکھائی جاتی ہیں۔ مہاجرین نے میڈیا کی ''مداخلت'' پر اپنے ردعمل کا اظہار کیا، میں ان کے احتجاج کو ناجائز نہیں سمجھتی۔

میں نے یہ بات نوٹ کی کہ امدادی ایجنسیاں، اب وہاں نہیں تھیں۔ ان کے دفاتر خالی پڑے تھے۔ بعد میں مجھے بتایا گیا کہ انہیں پاکستانی حکام نے کیمپوں سے چلے جانے کو کہا تھا کیونکہ انہیں یقین نہیں تھا کہ افغانستان پر امریکی اور برطانوی بمباری کی صورت میں افغان مہاجرین کا ردعمل کیسا ہوگا۔ یہ شبہ بھی تھا کہ ممکن ہے مہارجرین نے کیمپوں کے اردگرد اسلحے کی بھاری مقدار چھپا رکھی ہو اور اس صورت میں وہ دوبارہ لڑنا شروع کر دیں۔

افغان پیدائشی طور پر لڑاکا ہوتے ہیں، ان میں سے زیادہ تر تیرہ چودہ سال کی عمر کو پہنچتے ہی خودکار ہتھیار یا کلاشنکوف خرید لیتے ہیں۔ لڑائی بھڑائی ان کی قومی تفریح ہوتی ہے اور صدیوں سے ایسا ہی چلا آرہا ہے، کبھی آپس میں لڑتے ہیں اور کبھی مداخلت کاروں کے خلاف صف آرا ہوجاتے ہیں۔ لیکن مجھ پر یہ انکشاف بعد میں ہونے والا تھا کہ ان کی عورتوں کا خمیر، ان کے مردوں کی مٹی سے بھی زیادہ سخت جگہ سے اُٹھایا گیا ہے۔

پاکستان کے ریفیوجی کیمپوں میں لاکھوں افغان رہتے ہیں اور پشاور کوئی پہلوؤں سے توسیع شدہ افغانستان پر بمباری کا سلسلہ شروع کردیا تو ان کی اس مہم کو ملک کے اس حصے سے کوئی حمایت حاصل نہیں ہوگی۔

یہ حقیقت تو بالکل واضح ہے کہ افغان درشت اور بے قابو (Ungovernable) قسم کے لوگ ہیں، غالباً ان کا مزاج کسی حد تک صوبہ سرحد کے لوگوں سے ملتا ہے جن کے بارے میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ وہ اپنے ملکی قوانین کو خاطر میں نہیں لاتے اور خطے میں سیاسی ایجنٹوں سے بھی بادل نخواستہ رابطے استوار کر لیتے ہیں۔

''ایکسپریس'' کے فارن ایڈیٹر گیبرائیل میلانڈ نے مجھے فون کیا اور کہا کہ میں اخبار کے ٹائیٹل کے لئے کوئی زبردست جذباتی قسم کی خبر بھیجوں، میں اس کیلئے بھی کام کر رہی تھی۔ لیکن جب میری خبر اخبار میں پہنچی۔ کسی نے اس کا ذہن تبدیل کردیا تھا، تو اس کی بجائے ایک سیدھی سی سٹوری چھاپ دی گئی، جسے دیکھ کر میری طبیعت بے حد مکدّر ہوئی۔

اگلے روز پاشا اور میں افغان سفارت خانے گئے، جہاں میں نے ویزا کے لئے درخواست دی۔ میں ویزا آفس میں جانے کے لئے مین عمارت کے عقبی حصے کی طرف گئی تو مجھے صحن کے ایریا میں سے ہوکر گزرنا تھا جہاں چند مرد مجھے دیکھ کر حیران ہو رہے تھے میرے سر پر سکارف تھی اور پورا بدن ماسوائے پاؤں کے ڈھانپا ہوا تھا اور میں نے آرامدہ لیدر کے سینڈول پہن رکھے تھے۔ ان میں سے صرف پنجے دکھائی دیتے تھے ناخنوں پر میں نے قرمزی رنگ لگایا تھا۔

میری طرف سے لباس کا یہ اہتمام، ان کی تہذیب کے احترام کے طور پر کیا گیا تھا لیکن ویزا آفس کا آدمی اس سے متاثر نہ ہوا، اس نے میری درخواست کاغذوں کے ایک ڈھیر پر ڈال دی جہاں 50 اور درخواستیں بھی پڑی تھیں۔

باب نمبر 8

میں نے محمد سے کہا کہ میں تو ایسے حالات میں کام نہیں کر سکتی۔ میں ایسے مہاجرین سے گفتگو کرنا چاہتی تھی جو پچھلے چند دنوں میں یہاں پہنچے ہیں۔ دس سال پہلے یا اس سے بھی پہلے آئے ہوؤں سے مجھے کچھ بھی نہیں پوچھنا۔ اس نے میری بات پاشا اور غفار کو پہنچائی چنانچہ ہم یہاں سے چھوڑ کر ایک اور کیمپ کی طرف روانہ ہو گئے، اور اس میں داخل ہونے کے لئے ہمیں اجازت لینا تھی۔ میں نے پاشا سے کہا کہ اگر ہم نے اجازت طلب کی تو انہیں ''نہ'' کہنے کا موقع مل جائے گا۔ لیکن اگر ہم سیدھے اندر جا پہنچے تو ان کے لئے ''ہاں'' کہنا نسبتاً آسان ہو گا۔ اس نے میری منطق سے اتفاق کیا لیکن خدشہ ظاہر کیا کہ میں کسی مصیبت میں پھنس جاؤں گی۔

محمد ہماری پارٹی سے الگ ہو کر کچھ سفری کا غذات لانے چلا گیا، اور اس نے پورے وثوق سے کہا کہ اسے افغانستان میں انٹری ویزا ملنے کی قوی امید ہے، مجھے اس پر بہت رشک آیا۔

بہر کیف ہم جلوزئی کیمپ میں داخل ہو گئے۔ یہ پاکستان میں سب سے بڑا ریفیوجی کیمپ تھا۔ اس میں بہت دلگداز مناظر تھے۔ ان میں سے بعض افغان انتہائی غلیظ حالت میں دکھائی دے رہے تھے، یہ لوگ بیس سال سے بھی پہلے یعنی اس وقت آئے تھے جب افغانستان پہلی بار جنگ میں پھنسا تھا۔

یہ گھروندے کیچڑ اور اینٹوں سے بنائے گئے تھے اور ان میں موسم گرما میں آنے والے تازہ ترین لوگ تھے جو عارضی کینوس کے خیموں میں رہ رہے تھے۔ مرد ادھر اُدھر بکھرے ہوئے بیٹھے گپ بازی کر رہے تھے اور بچے کھیل کود میں لگے ہوئے تھے۔ عورت کوئی بھی دکھائی نہیں دے رہی تھی جو کہ مردوں کے زیر تسلط قائم معاشرے میں کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے۔

اگر انہیں باہر آنا پڑ ہی جائے تو ان میں سے زیادہ تر اس حال میں باہر نکلتی ہیں کہ وہ بڑے سے نیلے کپڑے میں مکمل طور پر لپٹی ہوتی ہیں جسے برقع کہا جاتا ہے، اس قدیم وضع کے غلاف کو دیکھتے ہی اس کے اندر گرمی اور حبس ہونے کا گمان پیدا ہونے لگتا ہے۔ میں نے سوچا کہ میں مر بھی جاؤں تب بھی ایسی چیز نہ پہنوں۔ اگرچہ مغربی عورت بھی اب تک مردانہ تعصب کا شکار چلی آ رہی ہے لیکن ان کے مقابلے میں کہیں زیادہ بہتر حالات میں ہے۔

عورتوں کے ٹائلٹ کا مسئلہ

مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ شام کے ڈھلنے سے پہلے کوئی عورت باہر نہیں نکلتی شام ہی کو انہیں حاجت ضروریہ یا نہانے دھونے کے لئے پبلک ٹائیلٹس کے لئے جانا ہوتا ہے، اگر دن کے وقت نکل آئیں تو انہیں ''بے شرم'' سمجھا جاتا ہے۔

اس سے میری طبیعت بے حد مکدر رہوئی۔ ایسا کیوں ہے کہ عورتوں سے اپنے ضروری حوائج کو بھی کنٹرول کرنے کی توقع بنا دھ لی جاتی ہے؟ وہ ایسا نہ کر سکیں تو انہیں احساسِ شرم و حیا سے عاری سمجھا جاتا ہے۔ دوسری طرف مرد ہیں خواہ وہ شرق کے ہوں یا مغرب کے، انہیں حق حاصل ہے کہ وہ جس وقت اور جہاں چاہیں پیشاب کر سکتے ہیں۔ کیا آپ مردوں کو یہ کہنے کی جرات کر سکتے ہیں کہ وہ شام کا اندھیرا چھا جانے تک ٹائلٹ استعمال نہیں کر سکتے؟ کیا آپ اس نامعقول حرکت کا تصور کر سکتے ہیں؟ میں تو اس کے کھلے عام مظاہرے دیکھتی ہوں۔

میں اس مسئلے کو اُٹھانے کیلئے کوئی لطیف پیرایہ اختیار کرنے پر غور کر رہی تھی، تا کہ بات بھی کہہ دوں اور کسی کی دل آزاری بھی نہ ہو۔ اتنے میں سامنے کا ایک منظر دیکھ کر مجھے اپنی سانس رُکتی ہوئی محسوس ہوئی۔ ایک بچی چولہے کے پاس بیٹھی کیتلی میں سے اُبلتے ہوئے پانی میں تیلی سی چھڑی بار بار ہلا رہی تھی۔ وہ اپنے کولھوں کے بل اس طرح بیٹھی تھی کہ اس کا زردی مائل سانولا بے داغ چہرہ اس کے میلے کچیلے گھٹنوں پر ٹکا ہوا تھا، اس کی بڑی بڑی اور گول گول بھوری آنکھیں چہرے پر بہت نمایاں تھیں۔ اس کی خمیدہ زلفوں کی بکھری ہوئی لٹیں اس کے اداس خدوخال کو مزید نمایاں کر رہی ہیں اور وہ آگ اور اُبلتی ہوئی کیتلی کے خطرناک حد تک قریب بیٹھی تھی۔

یہ تو کسی بھی سانحہ کے لئے ایک دعوت تھی، لیکن میری سانس اس کی وجہ سے نہیں رُک رہی تھی، یہ بچی تو میری ڈیزی ہو سکتی تھی، دونوں تقریباً ایک جیسی تھیں۔ میری آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے اور گلا بھنچ گیا۔

میری بچی اس وقت ایک صاف ستھری اور استری شدہ یونیفارم پہنے اپنی دوستوں کے ساتھ اس سکول میں ہو گی جو بیٹرکس پاٹر کے مضافات میں لیک ڈسٹرکٹ کی خوبصورت پہاڑیوں میں بنا ہوا ہے اور وہاں سے جھیل (لے وِنڈر میئر) کا حسین منظر دکھائی دیتا رہتا ہے۔ وہ ہر رات دوستوں کے ساتھ کھیل کود کے بعد گرم پانی سے غسل کر کے اجتماعی خواب گاہ میں جاتی ہے اور سونے سے پہلے ان کے ساتھ ایک دوسرے پر تکیے پھینکنے کی لڑائی کا شوق بھی پورا کر لیتی ہے۔

ہر صبح اُٹھنے کے بعد گرم گرم ناشتہ کرتے ہوئے بھی دوسرے بچوں کے ساتھ اس کا ہنسی مذاق اور چھیڑ چھاڑ جاری رہتی ہے۔ ڈیزی آدھی فلسطینی ہے اور دوسرے فلسطینی بچوں کی بہ نسبت اسے مراعات بھی زیادہ حاصل ہیں۔

مجھے کچھ سمجھ نہ آیا کہ اس نے ایسا کرنے کے بعد منہ سے کیا کہا ہے لیکن مجھ پر تاثر یہ پڑا کہ میرا ویزا 9 بجے صبح تک تیار ہو جائے گا۔

پاشا نے کہا، اگر مجھے ویزا مل گیا تو وہ مجھے، سرحد پار، افغانستان کے اندر لے جائے گا۔ "میڈم میں آپ کو اکیلے تھوڑا ہی جانے دوں گا، آپ کو تو حفاظت کی ضرورت ہے میں آپ کی حفاظت کروں گا۔"

اس دن کے لئے ہمارا پروگرام ہندوکش کے بلند و بالا پہاڑوں کے سائے میں دکھائی دینے والے ایک چھوٹے سے گاؤں میں جانے کا تھا جہاں بہت سی گنیں اور گولہ بارود تیار کیے جاتے ہیں، جہاں متعدد غیر قانونی گودام اور چھوٹی چھوٹی فیکٹریاں ہیں، جن میں آٹھ آٹھ سال کے بچے اپنی ہنرمندی کا مظاہرہ کر رہے ہوتے ہیں۔ یہ سٹوری سن کر میرا وہاں جانے کا شوق بہت بڑھ گیا تھا۔

میری طبیعت سخت خراب ہوئی، میں حیران تھی کہ پہلے وہ یہ بتائے کہ وہ اس ہینڈ گن کے ساتھ کیا کر رہی تھی؟ لیکن اس روز میں نے ایک بہت قیمتی سبق سیکھا: اور وہ یہ کہ کبھی کھلے سامان اور بیگوں کے ساتھ ائیر پورٹس پر نہیں جانا چاہیے۔

پاشا نے مجھے ٹہوکا لگا کر آگے بڑھنے کا اشارہ کیا اور میں نے اپنے بیروت میں اُلجھے ہوئے خیالات کو جھٹکا دے کر پیچھے دھکیلا اور پاکستانی گن شاپ کی طرف متوجہ ہوئی۔ یہاں چلتے چلتے اس نے مجھے بتایا کہ اس اسلحہ سازی کے لئے درکار دھاتیں ملک کے جنوب میں ٹوٹے پھوٹے بحری جہازوں کے ملبے سے حاصل کی جاتی ہیں۔ گاؤں میں پہنچنے کے بعد ڈھال کر ان سے بھدّی شکل کی گنیں بنائی جاتی ہیں اور پھر یہ مرد اور لڑکے پرانی خراد مشینوں کی مدد سے انہیں دیدہ زیب ہتھیار میں تبدیل کر لیتے ہیں۔

میں نے پوچھا کہ کیا میں چند تصویریں بنا سکتی ہوں، اس پر مالک نے چھوٹے بچوں کو جھڑک کر دور ہٹا دیا اور اپنے آدمیوں سمیت تن کر کھڑا ہو گیا۔ جب میں نے اس سے یہ کہنے کی کوشش کی کہ کیا میں ان لڑکوں کی بھی تصویر لے سکتی ہوں، اس کا موڈ تبدیل ہو گیا اور پاشا نے مجھے کہا کہ چھوڑو جتنی جلدی ہو سکے، ہمیں یہاں سے چلے جانا چاہیے۔

اس نے بتایا ''ان کا خیال ہے کہ آپ ان مسیحی امدادی ورکروں میں سے ہیں جو چھوٹے بچوں کو کام پر لگانے کے مخالف ہیں۔'' یہ کتنی حیرت کی بات تھی کہ وہ ایک صحافی کو تو اپنے آس پاس دیکھنا چاہتے ہیں لیکن امدادی کارکنوں کو نہیں دیکھنا چاہتے تھے۔ ہم روانہ ہونے لگے تو ایک اور آدمی نے میری آستین کھینچی اور کہا کہ میں اس سڑک کے پار چل کر اس کی شاپ دیکھوں۔ جب ہم پار اس کی شاپ میں پہنچے تو اس نے اپنی گابھن بکری کو کھینچ کر راستے سے ہٹایا تاکہ میں اندر داخل ہو سکوں۔ اندر دیوار پر کلاشنکوفیں، نیم خودکار اور دیگر قسم کی گنیں قطار در قطار آویزاں تھیں۔ سب نقلی اسلحہ تھا مگر قتل کر سکتا تھا پھر اس نے مجھے ایک گھناؤنا سا سگریٹ لائٹر کے سائز کا ہتھیار دکھایا، یہ بھی ایک بدنما گن تھی جو ایک گولی چلا سکتی تھی۔

اس شخص نے مجھے پاشا کے ذریعے بتایا کہ یہ محض ایک ''کھلونا'' ہے اس سے گولی چل سکتی ہے مگر اس وقت تک باعث ہلاکت نہیں بن سکتی جب تک ''قاتل'' کسی کے بالکل قریب پہنچ کر گولی نہ چلا دے۔ عین اسی لمحے فضا نیم خودکار گن کی اچانک فائرنگ سے مرتعش ہو گئی اور میں بدحواس ہو کر اُچھل پڑی، پاشا نے فلک شگاف قہقہہ لگایا اور دکاندار نے میری طرف اس طرح دیکھا جیسے میں مریخ سے آنے والی کوئی عجیب و غریب چیز ہوں۔

دونوں مردوں نے آپس میں کوئی بات کی اور پھر ہنسنا شروع کر دیا۔ باہر ایک بار پھر ریپڈ فائر ہوا اور اس کا شور پہلے سے بھی زیادہ تھا۔ میں نے پوچھا یہ کیا آفت ٹوٹ پڑی ہے۔ پتہ چلا کہ اس ضلع میں یہ قبائلی جاگیرداروں کے مابین آئے روز ہونے والے دنگا فساد کا حصہ ہے۔ یہاں ڈکیتیاں اور لوٹ مار، زندگی کا عام چلن ہے۔

مختلف قبیلوں کے مابین لڑائیاں صدیوں سے چلی آ رہی ہیں، جو کسی بھی معمولی بات پر شروع ہوتی ہیں، انتقام در انتقام کا سلسلہ نسلاً بعد نسلٍ جاری رہتا ہے۔ پاشا نے سیانوں کے سے انداز میں کہا کہ یہاں ایک کہاوت ہے کہ اگر تمہارا ہاتھ تمہارا چچا زاد بن جائے تو اسے کاٹ ڈالو۔ میں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ لیکن میں اس کے معنوں سے اب بھی لاعلم ہوں۔ جب باہر ''خاندانی دشمنوں'' کی آوازیں تھم گئیں تو ہم باہر نکلنے کے لئے دروازے کی طرف بڑھنے لگے تو میری نظر المونیم کے چمکدار ورقوں میں لپٹی ہوئی کسی چیز پر پڑی۔ میں نے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پاشا کو متوجہ کیا تو وہ جواب دیئے بغیر مجھے وہاں سے جلدی جلدی باہر لے آیا۔ ان ''سلور پیپرز'' میں ہیروئن تھی۔ اور کھلے عام فروخت کیلئے پڑی تھی۔ میں اس پر برافروختہ ہوئی تا ہم پاشا مجھے تقریباً دھکیلتا ہوا کار کی طرف لے گیا، جب گاڑی روانہ ہوئی تو اس نے کہا ''میڈم بعض اوقات آپ خطرناک باتوں میں ٹانگ اڑا دیتی ہیں، میں ڈرتا ہوں کہ آپ کہیں مصیبت میں نہ پھنس جائیں۔''

میں نے اسے کہا، فکر نہیں خدا میرے ساتھ ہے۔ ایک دوسرا محاورہ بھی ہے شیطان اپنی دیکھ بھال آپ کر لیتا ہے۔ اس پر وہ ہنسا اور بولا اگر میں ہیروئن کی تجارت پر کچھ لکھنا چاہوں تو وہ اس کا کچھ نہ کچھ انتظام کر سکتا ہے۔ اس پیشکش پر میں بے حد خوش ہوئی کیونکہ یہ بہت اہم بات ہے افغانستان اور صوبہ سرحد کے بعض حصے دنیا میں سب سے زیادہ ہیروئن پیدا کر رہے ہیں۔ طالبان اگرچہ اس کی پوری شد و مد سے تردید کر رہے ہیں، ان کی جنگی مشینری موجود ہے جو میرے خیال میں ہیروئن کی تجارت کے منافع سے چل رہی ہے۔ ان کے لیڈروں نے غالباً اس حقیقت سے اتفاق کر لیا ہے کہ یہ گھناؤنی چیز باہر سمگل ہو رہی ہے جہاں یہ اہل مغرب کی رگوں میں ہی زہر گھولے گی چلو تمہاری بات منظور، ہم اسے اپنا اگلا پروجیکٹ بنائیں گے۔

اس رات کراؤن پلازا میں آ کر میں نے خبر کی ایک کاپی جم کو بھیجی اور فوٹو ایک قریب واقع کیمرہ شاپ سے ڈیویلپ کرائے، ریزلٹ بہت اچھے آئے چنانچہ ہم انہیں لے کر ایک انٹرنیٹ کیفے میں گئے اور انہیں سکین کرا کر لندن بھیج

باب نمبر9

درّہ آدم خیل میں اسلحہ سازی

بالآخر ہم درّہ آدم خیل پہنچ گئے جس کے بارے میں، میں صرف یہ کہہ سکتی ہوں کہ یہ ادھورا اور غیر اہم سا قصبہ ہے، یہ کسی حد تک امریکہ کی ابتدائی تاریخ کے زمانے کے دیہات کی مانند ہے جنہیں وائلڈ ویسٹ موویز میں جنگلی بکریوں والے علاقوں کے طور پر دکھایا جاتا ہے، پاشا اور میں ایک گلی کی طرف جانکلے، جس میں ایک ایک کمرے پر مشتمل کھلے لاک اپ جیسے گیراج تھے، مرد اور چھوٹے چھوٹے لڑکے 80 سال پرانی خراد مشینوں پر کئی کئی قسم کے ہتھیار بنا رہے تھے۔ پشا نے ان سے مختصر سی بات کی اور انہیں میرے بارے میں بتایا کہ میں کون ہوں اور کیا چاہتی ہوں؟ اس پر انہوں نے ہنسنا شروع کر دیا، ایک شخص جو غالباً گیراجوں کا مالک تھا تپاک سے ملا، اس نے میرا خیر مقدم کیا اور پاشا کے ذریعے میرے سوالوں کا جواب دینے لگا۔

آپ خواہ کیسی بھی گن مانگیں یہ فوراً تیار کر دیتے ہیں، اس وقت یہاں چینی پستول بنائے جا رہے تھے، حتیٰ کہ یہ اسلحہ ساز کمپنی ''نرنکو'' کا ٹریڈ مارک بھی بنا دیتے ہیں۔ یہ کتنی دیدہ دلیری ہے! انہوں نے مجھے تیں ڈالر میں ایک پستول دینے کی پیشکش کر دی لیکن میں نے لینے سے انکار کر دیا۔ اس سے انکا مالک بہت مایوس ہوا امریکی ڈالر یہاں کی دوسری غیر سرکاری کرنسی ہے بلیک مارکیٹ کا دھندہ بھی خوب زوروں پر ہے۔

پاشا نے مجھے کھینچ کر ایک طرف کر دیا اور کہا میں نے اچھا فیصلہ کیا ہے، کیونکہ یہ گنیں قابلِ اعتبار نہیں ہوتیں، 50 / 60 راؤنڈ چلانے کے بعد کسی کام کی نہیں رہتیں۔ میں اپنے فیصلے کی داد ملنے پر بہت خوش ہوئی۔ بھلا میں کیوں گن خریدتی اور کس ضرورت کے تحت گولیاں چلاتی۔ یہ تو میرے بس میں ہی نہیں تھا۔ ہاں البتہ میں اب تصور میں ہیتھرو ائیر پورٹ پر کسٹمز کے عملہ کے تاثرات سے عاری چہروں کو دیکھ رہی ہوں، انہوں نے پوچھا تمہارے پاس کوئی قابلِ اعتراض چیز تو نہیں، تو میں کہہ رہی ہوں کہ بس سر صرف ایک پستول ہے کیا یہ ٹھیک ہے ناں؟

میں یہاں ذومعنی جملہ کہنے پر معافی چاہتی ہوں، ذہن میں کبھی کبھی ایسے خیالات آجاتے ہیں تو میں ان کا اظہار کیے بغیر نہیں رہتی۔ چند سیکنڈوں کے بعد میرا ذہن بیروت ائیر پورٹ پر 4/جنوری 1997ء کے ایک واقعے کی طرف چلا گیا۔ میں نے ایک ہفتے سے کچھ زیادہ دن لبنان میں گزارے تھے، وہ بہت خوبصورت جگہ ہے، اور میں حسبِ معمول لیٹ تھی۔ میں دیوانہ وار بھاگتی ہوئی ائیر پورٹ میں داخل ہوئی اور ہولڈال اور کھلے ہوئے بیگ کو کھینچتی ہوئی آرہی تھی، مسافر سیکورٹی چیکنگ کے مراحل میں سے گزر رہے تھے، اور ان کے سامان کے ایکس ریز و غیرہ ہو رہے تھے، میں بے صبری سے اپنی باری کا انتظار کر رہی تھی۔ جب میری باری آئی میرا سامان اور ہینڈ بیگ ایکسرے مشین میں سے گزرا اور میں بھی سیکورٹی چیک میں سے گزر گئی۔

جب میں دوسری سائیڈ پر پہنچی تو ایک لبنانی افسر کے ہاتھ میں میرا بیگ تھا اس نے پوچھا کہ کیا یہ میرا ہے۔ میں نے اثبات میں سر ہلایا اور اسے لینے کے لئے گئی تو اس نے اسے پیچھے کھینچتے ہوئے پوچھا۔ ''کیا آپ اسے شناخت کرتی ہیں؟'' اس نے اپنا ہاتھ بیگ کے اندر ڈال کر اس میں سے ایک ہینڈ گن نکالی، جو اس کی چھوٹی انگلی کے ساتھ لٹک رہی تھی۔

''میں نے گن اس سے پہلے کبھی دیکھی ہی نہیں'' میں نے اپنی بے گناہی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔ ''کسی نے سازش کے تحت اسے میرے بیگ میں ڈال دیا ہوگا۔'' پھر میں نے سوچا، اس نے ایسا احتجاج سینکڑوں مرتبہ سنا ہوگا۔ اب تو بیروت کی کسی جیل میں ہی جانا ہوگا، میرے ساتھ یہ حرکت کیوں کی گئی ہے، میرے دوست میرے بارے میں کیا سوچیں گے؟ اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ میرے ماں کیا کہے گی؟ میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ وہ سب یہی کہیں گے کہ میں کوئی اخباری کرتب دکھانا چاہ رہی تھی جو قبل از وقت ناکام ہوگیا ہے۔

عین اسی لمحے پیچھے سے ایک عورت کے چیخنے چلانے کی آواز سنائی دی۔ مڑ کر جو دیکھا، وہ میری طرف کوئی اشارہ کر رہی تھی، اس کے چھوٹے سے بیٹے کے چہرے پر ہوائیاں اُڑ رہی تھیں اور سیکورٹی گارڈ جھڑکتے ہوئے اسے کچھ کہہ رہا تھا۔

لبنانی افسر نے میرا بیگ مجھے واپس دیتے ہوئے الوداعی انداز میں نمٹا دیئے جانے کا اشارہ کیا، میں نے جلدی سے شکریہ ادا کیا اور اس کے نتیجے کا انتظار کیے بغیر تیز تیز قدم اُٹھاتی ہوئی اپنی پرواز تک پہنچ گئی جس کی روانگی میں صرف چند منٹ رہ گئے تھے۔

میں طیارے میں سوار ہونے کے لئے لائن میں لگی تھی کہ میرے پیچھے آنے والے شخص نے، جس نے یہ ڈراما دیکھا تھا، مجھے بتایا کہ میں بال بال بچی ہوں، اس عورت کے لڑکے نے ازراہ مذاق یہ گن میرے بیگ میں ڈالی تھی اور جب اس کی ماں نے گن دیکھی تو الزام لگا دیا کہ میں نے اس کے بیگ میں سے اسے چوری کر لیا ہے۔

دیا۔

مثالی حالات ہوتے تو ہمارے پاس اپنا فوٹو گرافر ہوتا اور تصاویر فوری طور پر بھیجی جا سکتی تھیں۔تاہم یہاں حسب خواہش حالات نہ ہونے کی وجہ سے ہمیں اپنی سوجھ بوجھ سے ہی کام لینا پڑتا تھا، اور ایک بات یہ بھی ہے کہ میں اکیلے ہی کام کرنا پسند کرتی ہوں، دوسرے لوگوں کے کام کی ذمہ داری اپنے سر نہیں لینا چاہتی۔

پشاور جاتے ہوئے ہم راولپنڈی کے مضافاتی علاقے میں ایک ایگزیکٹو سٹائل ہاؤسنگ اسٹیٹ کے قریب جا ٹھہرے جو کہ پاکستان انٹیلی جنس سروس (آئی ایس آئی) کے سابق ڈائریکٹر جنرل، جنرل حمید گل کی رہائش گاہ ہے۔ اس ملاقات کا انتظام پاشا نے کیا تھا کیونکہ وہ کسی کی کزن کے بھائی کو جانتا تھا جو جنرل حمید گل کی خالہ کے بھائی سے بیاہی ہوئی تھی۔ میں اس رشتہ داری کی پیچیدگیوں کی گتھی کو نہیں سلجھا سکتی تھی اور نہ ایسی واقفیت کے موثر ہونے کا پوری طرح یقین آ رہا تھا تاوقتیکہ سابق جنرل نے فون پر مجھ سے بات کر لی اور اپنے گھر آنے کی دعوت دیدی۔

انہوں نے طالبان کا بڑے جوش وخروش سے ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ حال ہی میں افغانستان سے واپس آئے ہیں انہیں پچھلے ماہ ہونے والی فوجی پریڈ دیکھنے کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ یہ پریڈ، ان کے کہنے کے مطابق تین گھنٹے جاری رہی، کیونکہ طالبان کی ساری کی ساری فوجی قوت ان کے سامنے پیش کر دی گئی تھی۔

جنرل حمید گل نے ان کے ٹینکوں، مزائلوں اور بموں کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان طالبان یہ تصور کر کے جوش سے ساپنی ہتھیلیاں رگڑتے ہیں کہ وہ دن کب آتا جب امریکی اور برطانوی فوجی ان کے ملک پر حملہ کر دیں۔ انہوں نے کہا کہ افغان زبردست لڑاکا قوت ہیں جو پچھلی صدی میں دو دفعہ برٹش آرمی سے نبرد آزما ہوئے تھے اور انہوں نے روسیوں کو بھی دس سال روکے رکھا ہے۔ میں ان کی باتیں سنتے ہوئے سوچتی رہی کہ میں برطانیہ کی ''M15'' کی سابق ڈائریکٹر جنرل سٹیلا ریمنگٹن کے پاکستانی ہمعصر کے سامنے بیٹھی ہوئی ہوں۔ میں تصور بھی نہیں کر سکتی تھی کہ وہ اس کی طرح کسی کی مدح سرائی کر سکتی ہو گی۔

ہر کوئی جانتا ہے کہ آئی ایس آئی کا طالبان کے ساتھ گہرا تعلق تھا اور ہر سمت سے تردید ہونے کے باوجود، افغان حکومت کو سپورٹ آئی ایس آئی کی طرف سے ہی ملی تھی۔ میں نے جنرل حمید گل سے ضمناً کر کر دیا کہ میں افغانستان جانا چاہتی ہوں لیکن سفارت خانے کے لوگ مسلسل رکاوٹیں ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی طرف سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وہ براہ راست بھی بات کر کے دیکھیں گے کہ میرا سفر کس طرح آسان بن سکتا ہے۔ بہر حال میں جانتی تھی راہ میں آگ ہو یا کوئی طوفان میں سرحد پار کر جاؤں گی۔

جب ہم پشاور پہنچے تو سارے ہوٹل پوری طرح بک ہو چکے تھے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ہوٹل اور ''بیڈ اینڈ بریک فاسٹ'' قسم کی جگہوں کے کرائے اور قیمتیں بھی چار گنا بڑھ چکی تھیں۔ یہ ایک عجیب تضاد تھا کہ نیویارک جیسا سیاح نواز شہر بھوت بنگلہ بنا ہوا تھا اور پاکستان کی ہوٹل انڈسٹری کا برتن لبالب بھر چکا تھا۔

اچھے ہوٹلوں میں سے ایک پرل کانٹی نینٹل تھا، میں نے کسی کو رشوت دے کر ایک کمرہ حاصل کر لیا، اس سے متصل ایک آرکیڈ ہے جس میں مجھے ایک دکان نظر آئی۔ میں نے اس کی کھڑکی میں سے بغور دیکھا تو وہاں افغانستان پر ایک دلچسپ اور ضخیم کتاب دکھائی دی، چنانچہ میں نے اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔

اتنے میں ایک آدمی مجھے ایک طرف دھکیل کر اندر چلا گیا، یہ تقریباً چھ فٹ دو انچ کے قد والا شخص تھا، جو سیدھا اسی کتاب کی طرف بڑھ گیا اور اسے خرید کر واپس چلا گیا اور مجھ پر انکشاف ہوا کہ یہ آخری کتاب تھی جسے وہ لے گیا ہے۔ یہ بی بی سی کے عالمی شہرت یافتہ نمائندے جان سمپسن کے سوا کوئی اور نہ تھا جس کی افغانستان سے متعلقہ رپورٹوں نے لاکھوں افراد کو متاثر کیا تھا۔ یہ کوئی آخری بار نہیں تھی کہ سمپسن دبے پاؤں مجھ سے آگے نکل گیا تھا۔

باوجود اس امر کے کہ میں نے خود کو بڑی مبارکبادیں اور پیٹھ پر تھپکیاں دی تھیں کہ میں فوٹو گرافی میں خود کفیل ہو چکی ہوں، ڈپٹی ایڈیٹر شان رسل نے فون پر کہا کہ اسلحہ فیکٹریوں کی تصویروں کی کوالٹی بہت گھٹیا ہے اس لئے میں انہیں بہتر بنا کر ''Resend'' کروں۔ دریں اثناء میری غفار سے اچانک دوبارہ مڈھ بھیڑ ہو گئی، اس نے مجھ سے بخوشی تصوریں لندن بھجوانے کے لئے لے لیں۔

اس رات میں پرل کانٹی نینٹل کی پانچویں منزل میں واقع بار میں چلی گئی جہاں میرا پرانا دوست اور ''میل آن سنڈے'' کا فوٹو گرافر ''ایان گلاگر'' (Ian gallagher) اس حال میں سامنے کھڑا تھا کہ اس کی شیو بڑھی ہوئی تھی اور بے ڈھنگے لباس میں تھا۔ میں ایان کے ساتھ پر جوش طریقے سے بغل گیر ہو گئی اور اسے بتایا کہ میں اس وقت بے حد جذباتی ہو رہی ہوں کیونکہ ہفتہ بھر میں، پہلے برطانوی سے گفتگو کر رہی ہوں۔ کچھ فاصلے پر کھڑے دوسرے لوگوں نے شور مچایا کہ..... یہ تو چیک ٹیلی ویژن کا ''duo'' ہے جس سے میں لاہور ایئر پورٹ پر ملی تھی۔

میں نے پوچھا کہ کیا آپ نے افغانستان میں داخل ہونے کا بندوبست کر لیا ہے، ان میں سے ایک نے بیزاری سے ہاتھ ہلا کر اور اپنی آنکھوں کی پتلیاں گھما کر، کہا، ابھی تک منصوبے ہی بنا رہے ہیں۔ میں مسکراتی ہوئی دوبارہ ''ایان'' کی طرف گئی اور اس کا حال احوال پوچھا اور اس نے مجھے ایک ''ڈرنگ'' خرید کر دینے کی پیشکش کی۔

یہ اس حد تک ایک نرالی ہی بار تھی کہ آپ کو ذرا سی ''سپرٹ'' کی ضرورت ہو تو آپ کو ''پوری بوتل خریدنا پڑتی تھی۔

مجھے یقین تھا کہ یہی تصور ''گیری'' میں بھی چلتا ہے لیکن میں بیئر ہی سے چمٹی رہی۔

باب نمبر 10

رپورٹر بمقابلہ فوٹو گرافر

میں نے کئی دفعہ اچھے اچھے رپورٹروں اور بڑے عمدہ فوٹو گرافروں کو سٹوری کی کوریج کے لئے آپس میں لڑتے جھگڑتے اور ایک دوسرے کو الزام دیتے ہوئے دیکھا ہے۔ مجھے 1990ء میں فاک لینڈ جانے کا وہ واقعہ اچھی طرح یاد ہے، اس وقت میں ”ناردرن ایکو“ کے لئے کام کر رہی تھی اور ریذیڈنٹ انفنٹری کمپنی ”گرین ہاورڈز“ کے ساتھ ٹھہری ہوئی تھی، میرے ہمراہ ”ٹونی بارتھولیو“ نامی فوٹو گرافر گیا تھا، میں نے اس کا تعارف ”میرا فوٹو گرافر“ کہہ کر کرایا تھا۔

وہ غرّایا، میں ”کسی کا“ فوٹو گرافر نہیں ہوں، میں نے سوچا کہ یہ بلاوجہ کو خودنمائی سے کام لے رہا ہے۔لیکن اس کے اندر کا گھاؤ گہرا تھا جس کا وہ بدلہ لینا چاہتا تھا، بالآخر اسے اس کا موقع مل گیا۔ چند دن بعد وہاں اس نے چند افسروں سے میرا یوں تعارف کرایا۔ ”یہ میری تصویروں کی عنوان نویس Caption writer..... ہے۔“ واہ یہ کیسا بے تکا انتقام تھا۔

ایک اور موقع پر جب میں 1991ء میں ”سنڈے سن“ کے لئے کام کر رہی تھی اور مجھے Tyneside کے فسادات کی کوریج کرنا تھی۔ میں مظاہرین پر پولیس کا لاٹھی چارج دیکھنے کے لئے Scotswood کے قریب پہنچی تو پولیس گلی کے ایک سرے پر کھڑی تھی اور مشتعل ہجوم دوسرے سرے پر انتہائی غیظ غضب کی حالت میں کھڑا تھا۔

میں نے جب اپنی آفس کار سڑک کے عین وسط میں بے دھڑک روک دی تو پولیس اور مظاہرین دونوں ششدرہ رہ گئے۔ میرے ساتھ کار میں جو فوٹو گرافر تھا وہ حال ہی میں ہمارے اخبار سے منسلک ہوا تھا، اس نے فیشن اور وائلڈ لائف کی تصویر کشی میں کافی عرصہ کام کیا تھا۔ میں نے اسے بتایا کہ ہمارا ایڈیٹر کرس رشٹن ہر قیمت پر کسی ایسے شخص کا ”کلوز اپ“ بنوانا چاہتا ہے جو پٹرول بم پھینک رہا ہو۔وہ جو کچھ چاہتا ہے اسے عموماً مل جاتا ہے۔“

اگر ہم اسے مطلوبہ فوٹو نہ دے سکے تو وہ ہنگامہ برپا کردے گا۔فوٹو گرافر پریشان ہو گیا کہ ایسا کیسے ہو سکے گا۔

میں نے اسے بتایا کہ ہم پبلک میں جائیں گے اور ان سے گپ شپ شروع کردیں گے۔ تمہیں اپنے آپ پر قابو پانا اور ان سے خوفزدہ ہوئے بغیر آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرنا ہوگی۔ چلتے ہوئے قدم بھی اعتماد سے اُٹھانا ہوں گے، اور آخری چیز جو کرنا ہوگی وہ یہ ہے کہ ہمیں چوکنا رہنا ہے۔ہم سے کوئی ایسی حرکت نہ ہو جائے کہ جمع مشتعل ہو کر، کوئی احمقانہ اقدام کر دے۔

وہ پھر بھی قائل نہ ہو سکا۔ خیر ہم کار سے اُتر آئے۔ میں نے آہستہ آہستہ یہ باتیں پھر دوہرائیں اور اسے کہا کہ دوڑنا ہرگز نہیں، ورنہ ایک متحرک نشانہ بن جاؤ گے۔ کچھ دیر خاموشی رہی، اور پھر اچانک اینٹوں اور روڑوں کی بارش شروع ہوگئی۔

میں نے اسے ہرگز نہ بھاگنے کی تلقین کی، لیکن جب مڑ کر دیکھا تو وہ جا چکا تھا، لوگوں نے پتھراؤ کرتے کرتے اسے کار تک پہنچا دیا۔ بعض لفنگوں نے اسے اپنا ہدف بنانے کا فیصلہ کیا ہوا تھا۔ میں ہجوم کی طرف مڑی ایک بار ان کی طرف دیکھا اور ان کا مقابلہ کرنے کی ٹھان لی۔ جب میں تیزی کے ساتھ کار کی طرف جانے لگی، تو ایک روڑا اس کے بونٹ کے ساتھ ٹکرانے کے بعد میری گال پر آ لگا۔ آپ تصور کر سکتے ہیں کہ کار میں ہمارے درمیان کیسی گفتگو ہوئی ہوگی۔

میں جانتی ہوں کہ فوٹو گرافی واقعی ایک سائنس ہے۔ میں ایک لمحہ کے لئے بھی تصور نہیں کر سکتی کہ میں اس آدمی سے بہتر تصاویر بنا سکتی ہوں جو سال ہا سال فوٹو گرافی کی مشق کرتا رہا ہے لیکن جس نوعیت کا کام میں کرتی ہوں، میری اس قسم کی سٹوریز کی وضاحت کے لئے ڈیوڈ بیلی کی سی مہارت درکار نہیں ہے۔

صاف ظاہر ہے کہ میں فیشن شوٹ نہیں کر سکتی، دنگا فساد کی تصویری نہیں بنا سکتی۔ سپورٹس ایونٹس میں سے قابل استعمال پورٹریٹ پکچر نہیں بنا سکتی، دنگا فساد کی تصویری نہیں بنا سکتی، اور نہ یہ جرات رکھتی ہوں کہ جیل کی گاڑیوں پر سے پھلانگ کر ان کے اندر بیٹھے ہوئے کسی خاص آدمی کی پکچر بنا سکوں۔ تاہم اب جبکہ میں نے دنیا کے ہر فوٹو گرافر کو اپنا مخالف بنا ہی لیا ہے، تو میں اپنا کام بہرحال جاری رکھوں گی۔

جم مرے غیر قانونی اسلحہ فیکٹریوں کے بارے میں بھیجی ہوئی سٹوری سے بہت خوش ہوا اور مجھے چند دنوں کے لئے پشاور جانے کو کہا کیونکہ یہ وہ جگہ تھی جہاں زبردست مظاہرے ہو رہے تھے۔ میں نے کراؤن پلازا میں کمرے کا قبضہ اپنے پاس ہی رکھنے کا فیصلہ کیا، کیونکہ اسلام آباد پر میڈیا کی یلغار کی وجہ سے اچھی رہائش گاہیں، مرغیوں کے دانوں کی طرح نایاب ہو چکی تھیں۔

جنرل حمید گل سے ملاقات

میرا ''سن'' کے چند لوگوں سے تعارف کرایا گیا اور ہم نے تقریباتی انداز میں دعوت نا و نوش اڑائی۔ اپنے کام اور پاکستان میں اندازِ زیست کے بارے میں گفتگو کی اور آئندہ رونما ہونے والے واقعات کے بارے میں اپنے خدشات کا اظہار کیا۔ میں صحافت کے شہر کے اصولوں پر قائم رہی اور اسلحہ فیکٹری کے ٹیپ کے ذکر سے گریز کیا۔

باب نمبر 11

جمعہ 21 ستمبر کو پشاور میں بہت بڑے پیمانے پر ایک مظاہرہ ہوا، میں پاشا سمیت وہاں پہنچی۔ میں پہلے بھی مظاہروں کی کوریج کرتی رہی تھی لیکن یہ مظاہرہ خاص طور پر معاندانہ رنگ لئے ہوئے تھا اور فضا میں شدید تناؤ کا احساس ہو رہا تھا۔ مسلمانوں میں جمعہ کو ویسے بھی ایک متبرک دن سمجھا جاتا ہے اور اس مظاہرے کا اہتمام ایک مذہبی اور سیاسی جماعت نے کیا تھا۔ اسلئے جوش وخروش کچھ زیادہ ہی تھا۔

پاشا اور میں چند پولیس والوں کے پاس کھڑے ہو کر یہاں سے گزرنے والی ٹولیوں کو دیکھ رہے تھے۔ میرا سر ڈھانپا ہوا تھا اور میرے کپڑے بھی ایسے نہیں تھے کہ انہیں دیکھ کر کوئی برہم ہو جائے۔ پھر بھی میں اندر سے ڈری ہوئی تھی۔ پاشا نے سرگوشی کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں یہاں سے چل دینا چاہیے۔ اس کے ساتھ تقریباً ایک ہفتے کی رفاقت کے تجربے کی وجہ سے میں اس کے فیصلوں اور اندازوں پر اعتماد کرنے لگی تھی۔

میں ہوٹل میں واپس آئی اور نیوز ایڈیٹر جم کو فون پر بتایا کہ میں مزید جلوسوں کی ''کوریج'' نہیں کروں گی، ساتھ ہی میں نے اسے آج کے جلوس کی روئداد بتائی۔ میں نے اس کی وجہ یہ بتائی کہ یہ خالصتاً مردانہ معاملہ ہے، وہاں ایک عورت یعنی میری موجودگی کوئی شاخسانہ کھڑا کر سکتی تھی۔ خوامخواہ کی پٹائی سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے اس نے مجھ سے اتفاق کیا اور میرے اندازے کو درست قرار دیا۔

عین اسی لمحے ہوٹل کے روم منیجر زمیں سے ایک آدھمکا اور مجھے کمرہ خالی کرنے کو کہا، اس کا کہنا یہ تھا کہ یہ کمرہ پہلے سے ہیکسی کے نام بک ہو چکا ہے۔ اب اسے خالی کئے بغیر چارہ نہیں تھا۔ تاہم نکلنے کے باوجود میں ''بزنس سنٹر'' میں موجود رہی اور دن بھر کے واقعات کے بارے میں کاپی فائل کرتی رہی۔ پاشا نے بتایا کہ وہ میرے لئے ''بیڈ اینڈ بریک فاسٹ'' کا انتظام کر دے گا، اور یہ کہ مجھے پریشان نہیں ہونا چاہیے، سب ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ شخص میرے لئے بے حد مفید ثابت ہو رہا تھا۔ اس نے تمام چھوٹی موٹی ضروریات اپنے ذمہ لے کر مجھے بے فکر کر دیا تھا۔

میں نے بزنس سنٹر میں، آئرلینڈ کی ایک بہت اچھی رپورٹر'' مریم ڈونوہے'' (Miriam Donhe) سے واقفیت پیدا کر لی، وہ چند دن پہلے درۂ خیبر میں آئی تھی وہ آئرش ٹائمز ڈبلن کی ایشیا کارسپانڈنٹ تھی، اسے اس کے بیجنگ آفس نے پشاور بھیجا تھا تاکہ یہاں متوقع بحران، ہنگاموں یا جنگ کی صورت میں خبریں ارسال کر سکے۔

میں نے اسے اپنی درۂ خیبر جانے کی خواہش سے مطلع کیا مگر اس نے بتایا کہ وہاں سارے میڈیا کا داخلہ سختی سے بند کر دیا گیا ہے۔ تاہم اس کے پاس معلومات کی چند کاپیاں موجود ہیں اگر ان میں سے مجھے کوئی بات کارآمد لگتی ہے تو میں اسے اخذ کر سکتی ہوں۔ یہ اس کی بڑی عنایت تھی، میں نے اسے اپنا ''ای میل'' ایڈریس دے دیا۔ بہرحال ہر رپورٹر کی طرح میری بھی خواہش تھی کہ میں اس جگہ کو خود جا کر دیکھوں۔

اتنے میں بزنس سنٹر میں ٹیلی فون کی گھنٹی بجی اور وہ کال لینے لگی۔ وہ ہمہ تن کاپی فائلنگ میں مصروف ہو گئی اور مجھے کہا کہ اگر میں بوگوٹا (کولمبیا) کے ایک ریڈیو سٹیشن سے بات کرنا چاہوں تو کر سکتی ہوں۔ میں نے وہاں کے ایک رپورٹر سے گفتگو شروع کر دی، اس نے مجھ سے پوچھا کہ میں کون ہوں، یہاں کیا کر رہی ہوں اور 11 /ستمبر کے بعد کے حالات کے بارے میں میری کیا رائے ہے؟

میں اگرچہ اپنی ''خاص خبروں'' (exclusives) کی حفاظت کی خاطر اپنی جان تک دے دینے کی قائل ہوں لیکن اپنے ہم پیشہ ساتھیوں کی مدد کرنے کا معاملہ ہو تو جتنا ممکن ہو میں ضرور تعاون کرتی ہوں۔ چنانچہ میں نے پادریانہ انداز میں صدر بش کے انداز میں کہنا شروع کر دیا کہ وہ ایک لوکل ٹاؤن کے شیرف کی سطح کی باتیں کر رہا تھا کہ ''مجھے اسامہ بن لادن مطلوب ہے، زندہ یا مردہ، یہ ایک سپر پاور کا سا انداز خطاب نہیں تھا اور نہ ہی ایسا ہونا چاہیے تھا''۔

'' میں نے کہا کہ ''اگر امریکہ نے راتوں رات اپنا دستور تبدیل نہیں کر لیا، تو ہر شخص اس وقت تک بے گناہ ہوتا ہے جب تک اس کا جرم ثابت نہ ہو چکا ہو۔ کیا بش نے اسامہ بن لادن کی غیر حاضری میں مقدمہ چلا دیا تھا؟ بنیادی طور پر میں نے امریکہ کی سخت سرزنش کی اور صدر پرویز مشرف سے اظہار ہمدردی کیا جسے ایک مشکل صورت حال میں پھنسا دیا گیا تھا، میں نے کہا کہ پاکستان کے آٹھ کروڑ اعتدال پسند مسلمانوں کی بھاری اکثریت افغانستان میں کسی قسم کی بھی فوجی ایکشن پسند نہیں کرتی۔ اس موقف پر مزید زور دیتے ہوئے میں کہتی چلی گئی کہ امریکہ اور برطانیہ نے پرویز مشرف کو ڈرا دھمکا کر اپنے اتحاد میں شامل کیا ہے اور وہ سیاست کے تنے ہوئے رسے پر چل رہے ہیں جس کا نتیجہ ان کے کیریئر کے خاتمے کے سوا کچھ نہیں نکلے گا''۔

سلسلہ گفتگو کو جاری رکھتے ہوئے میں نے کہا کہ'' 11 /ستمبر کے واقعہ کی تو ہر کوئی مذمت کرتا ہے، ہمیں ایک قدم پیچھے ہٹ کر سوچنا چاہیے کہ لوگ اب تک صدمے کی حالت میں ہیں، بہت سے لوگوں کو اظہار صدمہ کے لئے

مناسب وقت ہی نہیں ملا اور بہت سوں کا ایسا کوئی بھی نہیں بچے گا جوان کے لئے رو سکے۔ جنگ کی باتیں کرنا اور صلیبی جنگ وغیرہ کی دھمکیاں دینا بالکل ناجائز ہیں''۔ مجھے پس منظر میں چینی زبان میں تقریر سنائی دے رہی تھی لیکن میں نے یہ سمجھتے ہوئے اپنی بات جاری رکھی کہ میں ایک مصروف نیوز روم میں اس سے مصروف گفتگو ہوں۔ رپورٹر نے میرا شکریہ ادا کرتے ہوئے مجھے تھوڑی دیر ہولڈ کرنے کے لئے کہا، اور چند منٹ بعد واپس آ کر کہا کہ براڈکاسٹ بالکل صحیح رہی ہے۔ اوہ میرے خدا! میں تجھی کہ میں ایک ساتھی جرنلسٹ کو''آف دی ریکارڈ'' بریفنگ دے رہی ہوں اور وہاں جنوبی امریکہ میں لاکھوں افراد ایک دھواں دھار تقریر سن رہے تھے۔

میں نے مریم کو یہ بات بتائی تو وہ خوب ہنسی۔ میں وہاں سے ٹہلتی لاؤنج میں پہنچ گئی جہاں آبزرور کا چیف رپورٹر جیسن برک (Jason Burke) بیٹھا تھا۔ پُرجوش بغل گیری اور بوسہ بازی ہوئی کیونکہ ہم بڑے عرصے کے بعد ملے تھے۔ وہ اگرچہ لندن میں ''آبزور'' کے دفاتر میں بیٹھتا ہے، یہ دراصل اس کا عقبی صحن ہے۔ وہ اس علاقے میں دو سال سے فری لانسنگ کر رہا تھا۔ اس دوران ''آبزور'' نے اسے اچک لیا کہ وہ ایشیائی امور کی خبریں فراہم کرے۔ جیسن سے میری ملاقات سنڈے ٹائمز کے ''انسائیٹ'' آفس میں ہوئی تھی، اور جب وہ یہاں سے باہر چلا گیا تو ہم کبھی کبھار بذریعہ ای میل آپس میں ملتے تھے۔ اس سے اس وقت کی ملاقات بہت اچھی ثابت ہوئی۔

کرسٹینا لیمب سے پہلا تعارف

جیسن برک نے مجھے ''سنڈے ٹیلی گراف'' کی کرسٹینا لیمب سے متعارف کرایا (نوٹ، کرسٹینا لیمب بھی افغانستان پر ایک کتاب لکھ چکی ہے جو''The Sewing circles of Herat'' کے نام سے چھپی ہے، اردو میں اس کا ترجمہ ''طالبان کا افغانستان'' کے عنوان سے کیا گیا ہے اور یہ ''نگارشات'' 24 مزنگ روڈ لاہور نے چھاپا ہے ..... مترجم) جیسن چلا گیا اور کرسٹینا اور میں کافی دیر تک محوِ گفتگو رہیں اور رات کو اکٹھے ڈنر کیا۔ اس کا بل اسی نے ادا کرنے کی پیشکش کی کیونکہ میرے پاس پاکستانی روپے ختم ہو گئے تھے اگرچہ میرے پاس اپنا کریڈٹ کارڈ تھا چنانچہ میں رضامند ہو گئی اور اگلا ڈنر اپنے ذمے لے لیا۔ (بہرحال تادمِ تحریر میں اس کا احسان نہیں اتار سکی کیونکہ اب تک ملاقات کی نوبت ہی نہیں آئی)۔ کرسٹینا لیمب کی وجہ سے چند ہفتوں کے بعد تہلکہ خیز ہیڈ لائنز والی خبروں کے باعث دھوم مچنے والی تھی، یہ خبریں اس وقت بنیں جب اسے اس کے فوٹوگرافر جسٹن سٹکلف سمیت کوئٹہ پولیس سرینا ہوٹل کے کمروں سے پکڑ کر لے گئی تھی۔ اسے نومبر 2001ء میں پاکستان سے نکال دیا گیا۔ اس پر بظاہر یہ الزام تھا کہ اس نے اسامہ بن لادن کا نام استعمال کر کے ایک اندرونِ ملک پرواز کے لئے ٹکٹ خریدنے کی کوشش کی تھی۔ اس نے ایک مقامی اخبار کو دیئے گئے انٹرویو میں کہا تھا کہ اس نے کوئٹہ سے اسلام آباد کے لئے پی آئی اے کے آفس سے فلائیٹ کا ٹکٹ خریدنے کی کوشش کی تھی لیکن اس کا مقصد کسی کو نقصان پہنچانا نہیں تھا۔

باب نمبر 12

کرسٹینا سے میری خوب گپ شپ رہی۔ جس میں ہم نے دوصحافیوں کے درمیان معاشقے اور ان کے نتائج پر بھی کھل کر تبادلہ خیال کیا۔ اخبارات کے نیوز روم ایسی گرما گرم خبریں پھیلانے میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اپنے مشاہدے کے باعث کہ ایک صحافی کیلئے کسی ایسے شخص سے راہ ورسم بڑھانا تقریباً ممکن ہوتا ہے جو صحیح معنوں میں صحافی نہ ہو۔ میں ذاتی طور پر ان کلہاڑا تسم کے لوگوں سے میل جول بڑھانے سے گریز کرتی ہوں، کیونکہ میں نے اپنے کیرئیر کے آغاز میں سیکھ لیا تھا کہ بعض صحافی پیٹ کے بہت ہلکے ہوتے ہیں، ان کی یہ کمزوری اس وجہ سے ہے کہ وہ اپنی خبر کے جلد از جلد افشا کرنے کی خواہش کو قابو میں نہیں رکھ سکتے۔

عین اسی وقت ہماری توجہ جان سمپسن کی ایک براڈ کاسٹ کی طرف مبذول ہوگئی۔ اس قوی الجثہ شخص نے ایک خفیہ مشن کے لئے برقع پوش عورت بن کر افغانستان کے اندر داخل ہونے کی کوشش کی تھی۔ اسے ایک کھلی ویگن کے پچھلے حصے میں نیچے کر کے بٹھایا گیا تھا تاکہ اس پر عورت ہونے کا ہی گمان ہو۔

یہ بڑی مضحکہ خیز براڈ کاسٹ تھی۔ وہ اپنے کام اور مشن کے بارے میں بے پناہ جوش وجذبہ رکھتا ہے، یہاں تک تو بات ٹھیک ہے لیکن مجھے اس کی سٹوری کے اندر کوئی نقطہ دکھائی نہ دیا۔ ہوسکتا ہے کہ مجھ تک کوئی اہم پیغام پہنچنے سے رہ گیا ہو لیکن مجھے یہ بات سمجھ آگئی کہ جان سمپسن نے برقع پہن کر اور افغانستان میں غیر قانونی طور پر داخل ہو کر براڈ کاسٹ کی ہے۔

کرسٹینا اور میں دونوں اس بات پر بہت ہنسیں اور حیران ہوئیں۔ ہم اس کی جرات پر اس کی تعریف بھی کر رہی تھیں اور اسے مضحکہ خیز بھی سمجھتی تھیں۔

اس سے میرے ذہن میں ایک خیال کا پودا اُگ گیا۔ ''برقع پوشی'' اور ''دکھائی دیئے بغیر کام کر گزرنا'' کے تصورات میرے ذہن میں گھوم رہے تھے اور پودا تیزی سے بڑھنے لگا تھا۔

درہ خیبر سے آگے

اس رات میں ہوٹل کی پانچویں منزل پر بار میں گئی جہاں الکحل صرف غیر ملکی مہمانوں کو پیش کی جاتی ہے، تمام شناسا چہروں پر نظر پڑی۔ ''یان گلاگر'' وہاں تھا مگر وہ تھوڑی دیر بعد آنکھ بچا کر نکل گیا۔ اس سے میں کچھ پریشان ہوئی کیونکہ میں جانتی تھی کہ اس کے پاس لازماً کوئی ''exclusive'' خبر ہوگی، ورنہ وہ مجھ سے یوں کنّی کترا کر نہ نکلتا، یہ صحافیوں کی ایک اور خصلت ہے جس کا مظاہرہ نہ کرنا، ان کے بس سے باہر ہوتا ہے۔

تاہم میں نے اپنے آپ پر قابو رکھا اور نیویارک سے آئے ہوئے ایک پیلیٹ فوٹو گرافر سے بات چیت شروع کر دی، وہ ابھی ابھی اسرائیل میں اپنے رشتہ داروں سے مل کر آیا تھا۔ اس نے مجھے بتایا کہ اسے اب بھی گھر جانا ہے مگر ''Twin Towers'' کے بغیر نیویارک کو دیکھنا عجیب سا لگے گا۔

وہ نیویارک کے اخبار ''نیوزڈے'' کے لئے کام کر رہا تھا اور خاص خوش طبع آدمی تھا لیکن صاف معلوم ہو رہا تھا کہ وہ اپنے اندر کوئی دکھ چھپائے ہوئے ہے۔ اس کی گرل فرینڈ بھی کچھ ناراض تھی کیونکہ وہ چاہتی تھی کہ دونوں اکٹھے سیر وتفریح کو جائیں اور ایک پورا دن ساتھ گزاریں، ادھر سے اسے پشاور کا رخ کرنے کا حکم مل گیا۔ میں نے اس کا دکھ بانٹتے ہوئے کہا کہ ہم نے ایک مشکل پیشہ اپنایا ہوا ہے، اس سے باہر کے لوگ ہماری مصروفیات کو نہیں سمجھ سکتے۔ غیر صحافیوں کیلئے صحافیوں کے حالات سمجھنا ممکن ہی نہیں ہوتا۔

اس نے ہنستے ہوئے کہا لیکن وہ اسی پیشے میں کام کر رہی ہے، وہ ایک فوٹو گرافر ہے۔ اسی لمحے ایک لبنانی ٹیلی ویژن رپورٹر اندر آگئی، خیر مقدمی الفاظ کے تبادلے اور ایک دوسرے کے نام اور عہدے پوچھنے کے بعد دوسری باتیں شروع ہوگئیں۔ یہ تانیہ مہنا لبنانی براڈ کاسٹنگ کارپوریشن میں تھی، دیکھنے میں حیرت انگیز لگتی تھی مگر بے حد خاموش طبع تھی تاہم وہ زبردست حسِ مزاح کی مالک تھی۔ مجھے اس سے فوراً محبت ہوگئی، اس نے صبح کو وہی ہنگامے اور جلوس ''کور'' کیے تھے جو میں نے کیے تھے۔

اس نے انکشاف کیا کہ اس پر لاٹھیوں سے حملہ کیا گیا تھا اور ایک فرانسیسی خاتون صحافی پر پتھراؤ کیا گیا تھا، پاشا کا وجدان حسب معمول بالکل ٹھیک نکلا۔ اس پر ہم تینوں نے فیصلہ کیا، کہ یہ باتیں بیئر سے قدرے زیادہ زوردار مشروب کا تقاضا کرتی ہیں۔ چنانچہ میں نے ایک بوتل خریدلی جو بظاہر وہسکی کی بوتل لگتی تھی اور ہم نے اس کے نفرت انگیز ذائقے والی چیز کو بہت سے کوک کے ساتھ غٹاغٹ حلق سے اتار لیا۔

مجھے کسی کا یہ بتانا یاد ہے کہ وہسکی سے زیادہ بری کوئی بھی چیز نہیں ہے لیکن یقین کیجئے کہ یہ تو بہت ہی نامصفّی مشروب تھا، اسے پی کر مجھے گھر میں بنی ہوئی آئرش پوتین یاد آئی جو میں نے ''نیوکیسل جرنل'' میں ملازمت کے دنوں ایک بار نائٹ شفٹ میں کام کرتے ہوئے پی تھی۔ اسے ہم بلاوجہ قبرستانی شفٹ نہیں کہتے تھے، میں اور دوسروں نے اس مہلک بناوٹی مشروب سے اپنا غم غلط کیا اور ساتھ ساتھ ''ٹائمز'' کے معمے بھی حل کر رہے تھے۔

ہم وقت تو بالکل ہی بھول گئے نشے میں اتنے دھت اور معمے میں اتنے منہمک ہو گئے کہ ہم نے آخر میں صحیح جواب کے لئے ''ٹائمز'' کے سوئچ بورڈ کو فون کر دیا لیکن آپریٹر نے ہماری بے چینی کو دور کرنے سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں بھی دوسرے لوگوں کی طرح صبح کو اخبار خریدنا ہو گا۔ میں نے اپنی گھڑی دیکھی تو صبح کے پانچ بجے تھے۔
چنانچہ میں ٹیکسی لے کر گھر پہنچ گئی جہاں میرا شوہر نمبر 2، پولیس مین میرا انتظار کر رہا تھا۔ اس نے الزام لگایا کہ میں معاشقے لڑاتی پھرتی ہوں۔ اس کی یہ جرات! یہ الفاظ ایسے مرد کی زبان سے نکلے جو ایک دوسری عورت کے ساتھ گل چھرے اڑا رہا تھا اور اس نے بالآخر مجھے چھوڑ کر اسی سے شادی رچالی۔
تاہم میں یہ نہیں کہتی کہ شراب کے بھبھوکے اڑاتے ہوئے گھر واپس آنا اور یہ اصرار کرنا کہ میں ڈیوٹی پر تھی، کوئی اچھی بات تھی لیکن میں نے لڑکھڑاتی زبان سے اسے اس الزام کا یہ جواب دیا کہ وہ اپنے رویے پر مجھے قیاس نہ کرے۔ اگلی صبح میں بیدار ہوئی تو خود کو سپیئر روم میں پایا اور نشہ اتر جانے کی وجہ سے سارا بدن بری طرح ٹوٹ رہا تھا۔
اسلام آباد میں اس وقت تقریباً نصف شب کا عالم تھا اور ہم تینوں وسکی اور کوک کے آخری قطرے پی رہے تھے، ہم ایک دوسرے کے بہت گہرے اور غمگسار دوست تھے۔ سب نے آپس میں رابطے رکھنے کے وعدے کئے۔ ہم ایک دوسرے کے برے وقتوں کے کامریڈ تھے۔ سب ایک کے لئے اور ایک سب کے لئے جان چھڑکنے کو تیار تھا۔
میں ڈولتی ہوئی ایلویٹر کی طرف گئی اور نیچے گراؤنڈ فلور پر پہنچی جہاں میں نے ملاقات کیلئے پاشا کو بلا رکھا تھا۔ میں نے سچ مچ سیدھی لائن میں چلنے پر توجہ دی تھی کیونکہ میں اب بھی اس حقیقت سے اچھی طرح آگاہ تھی کہ بہت سے مسلمان الکحل سے شدید نفرت کرتے ہیں۔

جنگ شروع ہو جانے کا خوف

میں پاشا کی کھٹارہ پیلی ٹیکسی میں بیٹھی اور ہم ''بیڈ اینڈ بریک فاسٹ'' (ریستوران) میں گئے جس کا انتظام اسی نے کیا ہوا تھا۔ مجھے اب بہت سی سیڑھیاں چڑھ کر اوپر جانا یاد ہے جہاں مجھے ایک ایسے کمرے میں پہنچایا گیا، جس میں ٹی وی، بیڈ اور اٹیچڈ باتھ روم تھا۔ میں جلدی ہی ڈھیر ہو گئی اور مجھے کوئی ہوش نہ رہا تا وقتیکہ صبح کے چھ بج گئے۔
جب آنکھ کھلی تو ایک نیچی پرواز کرنے والے جیٹ طیارے کا گرجدار شور سنائی دیا، اس کے بعد دوسرا اور تیسرا جیٹ گزرا۔ ''اوہ یہ تو شروع ہو گئی'' اچانک میرے منہ سے نکلا ''خون ریز جنگ شروع ہو چکی ہے اور مجھے پتہ تک نہیں چلا''۔

میں گھسٹتی ہوئی بستر پر سے اٹھی، گزشتہ رات والے کپڑے جلدی جلدی پہنے اور ننگے پاؤں دوڑتی ہوئی تازہ ہوا میں پہنچی، ایک شعلہ نکلتا ہوا پایا اور بعجلت خود کو کھینچتی ہوئی چھت کے اوپر چڑھ گئی، وہاں سے سامنے ایئر پورٹ کو دیکھ کر گھبرا گئی۔ ''تو کیا پاشا نے اس '' اس بیڈ اینڈ بریک فاسٹ'' میں میری بکنگ کرا دی تھی جو اس کم بخت ایئر پورٹ کے اتنے قریب ہے۔'' لیکن میں نے جو کچھ سنا تھا وہ علی الصبح کی پروازوں کی آوازیں تھیں جو ان کے عموداً بلند ہوتے وقت پیدا ہوتی ہیں۔'' اوہ میں کتنی احمق ہوں، کیا احمق ہوں، کیا سمجھ بیٹھی تھی! شکر ہے کہ قریب کوئی بھی نہیں جو یوآنے رڈلے کو اس حال میں دیکھتا کہ وہ کل رات والے میک اپ میں ہے، ننگے پاؤں چھت پر کھڑی ہے اور اکثریت شراب نوشی کے سارے آثار دکھائی دے رہے ہیں'' میں نے اترتے ہوئے کافی احتیاط سے کام لیا اور خیر سے اپنے کمرے میں واپس آ گئی۔
ناشتے کے بعد میں نے پاشا سے درۂ خیبر چلنے کو کہا' اس نے بتایا کہ یہ بالکل ناممکن ہے، وہاں غیر ملکی صحافیوں کو جانے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے۔
میں نے کہا کہ تم جانتے ہو کہ میں ''نہ'' نہیں سننا چاہتی۔ میرا تحکمانہ لہجہ دیکھ کر وہ ہنسا اور کہا '' او کے، میڈم، ہم چلتے ہیں، اگر کوئی ایک فرد بھی وہاں جا سکتا تو وہ آپ ہوں گی۔''

میرے کیمرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ ہم ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔''
ہم سازشیوں کے سے انداز میں ہنسے اور کاغذاتی کارروائیوں کے مکمل ہونے کا انتظار کرنے لگے۔
ایک گھنٹہ گزر گیا، اس کے بعد پتہ چلا کہ ہر دستاویز کی تین تین کاپیاں بنتی ہیں، اور شہر کے پار ایک اور دفتر میں بھی جانا ہے۔ سب کچھ کرنے کے بعد ہمارا رنگا رنگ قافلہ اکٹھا ہو گیا اور آگے چلنے کے لئے تیار ہوئے تو ایک عجیب بات ہو گئی۔ پولینڈ کا ایک آدمی اچانک بھاری جاپانی سیاحتی موٹر سائیکل لئے ہوئے آ دھمکا۔ وہ اس مشین کو ایک ٹریلر کے ساتھ جوڑنا چاہتا تھا جو ہمارے کانوائے میں شامل ہو رہا تھا۔
میں نے افغان فوٹو گرافر غفار سے، جس کی عادت تھی کہ وہ بوتل کے جن کی طرح اچانک نمودار اور اچانک غائب ہو جایا کرتا تھا، پوچھا کہ ''یہ شخص کس کے لئے کام کرتا ہے۔'' اس پر اس نے پاشا کو بتایا کہ یہ ایک سیاح ہے۔ اس کے پاس براستہ درۂ خیبر افغانستان جانے کے لئے ٹورسٹ ویزا ہے۔ اس سے مجھے یہ نقطہ سوجھا کہ میں افغان سفارت خانے سے کہوں کہ مجھے بطور سیاح کابل میں ایک ''ویک اینڈ'' گزارنے کی اجازت دے دی جائے۔
ہم روانہ ہونے ہی والے تھے کہ ہمارے ساتھ مشہور زمانہ خیبر رائفلز رجمنٹ کا ایک جاذب نظر نوجوان آ شامل ہوا۔ پاشا نے مجھے اپنی ٹیکسی کی فرنٹ سیٹ پر بیٹھنے کو کہا، لیکن میں نے انکار کر دیا۔ اور کہا ''ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ گن بردار شخص میرے پیچھے بیٹھا ہو، وہ آگے بھی بیٹھ سکتا ہے۔
صاف ظاہر تھا کہ اسے میری نگرانی کے لئے مامور کیا گیا تھا۔ وہ بھی آگے نہیں بیٹھنا چاہتا تھا بالآخر فیصلہ یہ ہوا کہ ہم دونوں پچھلی سیٹ بیٹھیں۔ چنانچہ ہمارا کانوائے چل پڑا۔ جب درّے سے پہلے کی چیک پوسٹ پر پہنچے۔ سرکاری دستاویزات کے بنڈلوں کی چھان بین شروع ہو گئی۔ چنانچہ میں ٹہلنے کے لئے ٹیکسی سے باہر نکل گئی۔
مجھے سامنے ایک بڑا ''نشان'' دکھائی دیا جس پر لکھا تھا۔ ''کوئی غیر ملکی اس پوائنٹ سے آگے نہیں جا سکتا۔'' غفار نے مجھے آواز دی کہ وہ ایک فوٹو لینا چاہتا ہے اور میں اس ''نشان'' کی ایک جانب کھڑی ہو گئی۔ ہمارا ہمراہی فوجی پریشان دکھائی دینے لگا۔ میرا خیال تھا کہ یہ فوٹو فیملی البم کے لئے ہو گا۔ مجھے اس وقت گمان تک نہیں تھا کہ یہ فوٹو سات دن کے بعد اُڑتا ہوا دنیا بھر کے میڈیا کے پاس پہنچ چکا ہو گا۔
ہم دوبارہ درۂ خیبر کی طرف چل پڑے۔ میں بے پناہ جوش میں تھی اور ایک ساتھی سے میرا مسلسل رابطہ تھا جو وائیٹ ہال (حکومت برطانیہ کے دفاتر) کے اردگرد ہمیشہ سرگشت کرتا رہتا ہے۔ اس نے مجھے بتایا کہ میں مختلف رجمنٹوں کے مخصوص نشانات (crests) نوٹ کرتی رہوں، اس نے یہ بھی کہا کہ میں ایک بہت بڑے تجربے میں سے گزر رہی ہوں۔
درۂ خیبر جو صدیوں سے تاریخ سازی کرتا رہا ہے۔ آج خطے میں پھیلی ہوئی کشیدگی کی وجہ سے ایک بار پھر دنیا کی توجہ کا مرکز بننے والا تھا۔ فوجی ماہرین اس کی اہمیت کو پھر اجاگر کر رہے ہیں۔ بڑی بڑی طاقتور فوجیں اور سفاک لٹیرے اس کی گھاٹیوں اور سنگ خارا کی چٹانوں کے درمیان بنے ہوئے راستوں میں سے گزرتے رہے ہیں، منشیات اور دیگر قیمتی اشیاء کی سمگلنگ بھی انہی راہوں میں سے ہوتی رہتی ہے۔ اب بھی اس امر کا قوی امکان ہے کہ برطانوی سپاہی ایک بار پھر اسی درّے کے 53 کلومیٹر (33 میل) طویل راستے سے گزریں جو ہندوکش کے نامہربان سلسلہ کوہ کے گرداگرد چکر کھاتا ہوا، اور شمال مغرب میں کوہ سفید کی حدود میں سے گزرتا ہوا پشاور اور کابل کو آپس میں ملاتا ہے۔ اس کی چوڑائی 3 میٹر سے لے کر 137 میٹر (10-450) تک ہے۔
فوجی نقطۂ نظر سے یہ اتنی ہی اہمیت رکھتا ہے جتنی جبرالٹر اور نہر سویز کی تزویری (strategic) اہمیت ہے کیونکہ یہ پاکستان کی شمالی سرحد کو افغانستان سے ملاتا ہے۔ طالبان کے خوفناک طائفہ اور اسامہ بن لادن اس کے ہر موڑ، ہر گوشے، ہر درز اور ہر سوراخ سے واقف ہیں، لیکن اجنبیوں کے لئے اس کے بل کھاتے ہوئے راستوں میں قدم قدم پر خطرات پوشیدہ ہیں۔ ان راہوں سے ناواقفیت موت کا پھندہ بن سکتی ہے۔ یہ درہ برصغیر ہند پر شمال مغرب کی طرف سے آنے والے حملہ آوروں کا گیٹ وے رہا ہے اور اس کی طویل تاریخ خون ریز داستانوں اور چیرہ دستیوں سے عبارت رہی ہے۔
درۂ خیبر کا کنٹرول پاکستان کے پاس ہے، لیکن جب امریکہ کی طرف سے اس کے ہمسایہ ملک افغانستان پر متوقع حملے کا منصوبہ بنا اور قبائلی خطے میں کشیدگی بڑھی تو یہ سیاحوں اور میڈیا کے لئے ایک ممنوعہ علاقہ (No-go area) بن گیا۔
جب ہم چند میٹر مزید آگے بڑھے تو مجھے جرمن کیمرہ مین کا بازو اس کی لینڈ کروزر سے باہر لٹکا ہوا صاف دکھائی دے رہا تھا۔ اس کی کلائی سے سٹریپ کی مدد سے بندھا ہوا بھاری ٹی وی کیمرہ ہمارے سفر کے ایک ایک انچ کی تصویر کشی کر رہا تھا۔ راستے کی دونوں جانب کے پہاڑ ناقابل تسخیر دکھائی دے رہے تھے اگرچہ ڈھلوان چٹانوں پر صدیوں سے بنے ہوئے چند دھندلے سے فٹ پاتھ بھی نظر آ رہے تھے۔

باب نمبر 13

سرکاری افسروں کی رعونت

ہم نے غفار کو ساتھ لیا اور صوبہ سرحد کے پولیٹیکل ایجنٹ کے دفتر میں جا پہنچے۔ وہاں ایک بڑا ہی خدائی فوجدار قسم کا سرکاری ملازم بیٹھا تھا جو ہر صحافی کی درخواست مسترد کئے جا رہا تھا۔ یہاں جمع صحافیوں کو دیکھ کر اقوام متحدہ کا گمان ہوتا تھا، جرمن، فرانسیسی، جاپانی چیک، سپینش، دو امریکی اور میں اس سے استدعائیں کر رہے تھے۔

میں نے بے حد منکسرانہ انداز میں اس سے پوچھا کہ کیا مجھے درۂ خیبر میں سے گزرنے کے لئے سفری دستاویزات مل سکتی ہیں۔ مجھے جو جواب ملا، وہ یہ تھا:۔

''کسی صحافی کو اگلے نوٹس تک، وہاں جانے کی اجازت نہیں ہے''

جن صحافیوں کو یہ کھرا جواب پہلے مل چکا تھا، وہ واپس جا چکے تھے اور باقیماندہ اپنے کانوں یہ سننے کے منتظر تھے۔

میں نے بآواز بلند پوچھا..... ''کیوں؟''

وہ اس وقت تک میری طرف پیٹھ موڑ چکا تھا، (گھومنے والی کرسی کا یہی فائدہ ہوتا ہے: مترجم) میرا استفسار سن کر پھر مڑا اور وہی جملہ دوہراتے ہوئے بولا کہ میں نہیں جا سکتی اور مجھے اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہیے۔

اب میں بھی غصے میں آ گئی..... ''ایسا تو نہیں لگتا کہ یہاں سب فیصلے آپ ہی کے ہاتھ میں ہوں، میں آپ کے باس سے ملنا چاہتی ہوں۔ اور یہ جملہ کسی معتبر آدمی کی زبان سے سننا چاہتی ہوں''

اس نے مجھے بڑی خشمگیں نظروں سے دیکھا، اور پاشا سے کچھ کہا۔ پاشا نے بھی کوئی جواب دیا۔ افسر نے پھر کچھ کہا جو ظاہر ہے کہ کوئی ناگفتنی ہی ہوگی، کیونکہ میں نے پاشا کبھی اتنا برہم نہیں پایا۔

''میڈم' اس نے مجھ سے ایسے بات کی ہے، جیسے میں کوئی ان پڑھ ہوں اور اس خطے کا رہنے والا نہیں ہوں۔ تاہم آپ نے اسے اتنا پریشان کیا ہے کہ وہ اب اپنے کسی اعلیٰ افسر سے بات کرنے والا ہے، اور بے حد ناراض ہے''۔

میں نے اسے بتایا کہ ''میں نیوکیسل سے آئی ہوں، اور اس لہجے میں بات کی جائے تو مغرور طبقے کو وہ بہت بری لگتی ہے۔'' مجھے یقین تو نہیں کہ وہ میری بات سمجھ سکا ہوگا' لیکن وہ زیر لب مسکرا دیا۔

پرچیاں لے جانے والا، اندر چلا گیا، اور تھوڑی دیر بعد باہر آ کر اس نے میری طرف اس طرح دیکھا، جیسے اس کے پاؤں پر کوئی گندگی لگ گئی ہو اور اس نے ایک دروازے کی طرف اشارہ کیا۔ پاشا اور میں اندر گئے تو وہاں ایک وسیع ڈیسک کے پیچھے ڈپٹی چیف آف پروٹوکول شہزادہ ضیاء الدین علی بیٹھا تھا، اس کے دونوں اطراف میں تچھے قسم کے لوگ بیٹھے تھے۔

اس نے مجھ سے پوچھا کہ میں درۂ خیبر میں سے کیوں گزرنا چاہتی ہوں۔ میں نے اس سے کہا..... ''سر، میں ایک صحافی ہوں، میری باس نے مجھے اس تاریخی درّے پر ایک فیچر لکھنے کو کہا ہے۔ میں آپ کی مشکلات سے آگاہ ہوں، مگر میرا باس آگاہ نہیں ہے۔ وہ میرے اس عذر کو نہیں مانے گا کہ مجھے وہاں داخل ہونے سے روک دیا گیا ہے اور وہ مجھ پر سستی اور سہل پسندی کا الزام عائد کرے گا۔

''میں درۂ خیبر پر دو کتابیں بھی خرید چکی ہوں، لیکن میں آپ سے استدعا کرتی ہوں کہ آپ مجھے وہاں جانے دیں تاکہ میں آپ کے خوبصورت ملک کے ساتھ انصاف کر سکوں اور لفظوں کے ذریعے اپنے خیالات کا اظہار کروں''۔

اس نے اپنے ڈیسک پار سے مجھے نہایت درشتی کے ساتھ دیکھا اور پھر ذرا سی مسکراہٹ پیدا کرتے ہوئے بولا'' اچھا آپ وہاں چلی جائیں، لیکن میں آپ کو انتباہ کرتا ہوں کہ آپ درّے کی تصویریں نہیں بنا سکتیں، ہم آپ کو ایک مسلح محافظ دیں گے، لیکن اس سفر کے دوران آپ اپنی کار میں سے باہر ایک قدم بھی نہیں نکال سکتیں''۔

میں نے اس کا پرجوش طریقے سے شکریہ ادا کیا اور پھر باہر نکل گئی جہاں تمام دوسرے غیر ملکی صحافی دم سادھے میرا انتظار کر رہے تھے۔ میں نے چہکتے ہوئے کہا'' اس آدمی نے ہاں کر دی ہے''۔ متعدد صحافیوں نے خوشی سے فضا میں گھونسے مارے، اور لمحوں میں پرچیاں لے جانے والے پر ہر قومیت کے پاسپورٹوں کی بارش ہونے لگی۔ اگر لوگوں کی تیز نظروں (نظر بد) سے کوئی مر سکتا تو آج میں یہ کتاب نہ لکھ رہی ہوتی۔

پاشا نے مجھے تحسین کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے کہا..... ''میڈم، پتہ نہیں آپ ایسے کام کیسے کر لیتی ہیں، بعض اوقات آپ بڑی سخت عورت دکھائی دیتی ہیں لیکن جب مہربان ہونے پر آتی ہیں تو بندے پر جادو کر کے رکھ دیتی ہیں'' فقرہ مکمل کر کے وہ بڑی سُرور آگیں ہنسی ہنسا، جیسا کہ وہ کبھی کبھار بہت ہی خوشگوار موڈ میں ہو تو مظاہرہ کرتا ہے۔

وہاں جرمن ٹی وی کے عملہ کے لوگ بھی کھڑے تھے، میں نے ان کے کیمرہ مین کو سرگوشی کے انداز میں بتایا کہ ڈپٹی پولیٹیکل ایجنٹ کا اصرار ہے کہ کیمرہ وہاں نہیں لے جایا جا سکتا۔ وہ مسکرایا اور بولا' وہ تو میں سمجھتا ہوں، مگر مجھے

وڑے کا بلند ترین مقام پاکستان اور افغانستان کے بارڈر سے تین کلومیٹر سے کچھ ہی کم اونچا ہوگا اور ہمارا کانوائے وہیں پہنچ کر ٹھہرا اور ہم نے وہیں پارکنگ کی۔ وہاں سے نیچے طورخم پر نظر ڈالی تو ایسا خوبصورت منظر دکھائی دیا کہ اس کی تصویر نہ اتاری جاتی تو یہ ایک سنگین جرم ہوتا۔
کیمرے اور ویڈیو لئے جھکتے ہوئے باہر آئے اور اس عظیم الشان منظر کو ہمیشہ کے لئے محفوظ کر لیا گیا۔ میں نے ادھر اُدھر نظر دوڑا کر غفار کو تلاش کیا وہ ایک بار پھر ”بغیر درخواست چھٹی“ پر جا چکا تھا۔ میں نے پاشا سے اس کے بارے میں پوچھا تو وہ اسے تلاش کرنے چلا گیا۔

باب نمبر 14

خیبر رائفلز کے ایک سپاہی نے بتایا کہ ہم جنگی نقطۂ نظر سے نہایت اہم راستے کو دیکھ رہے ہیں جس کی تاریخ 326 قبل مسیح تک جاتی ہے جب سکندر اعظم اپنا لشکر لئے ہوئے آیا اور درہ خیبر کے راستے ہندوستان کے میدانوں میں داخل ہوا تھا۔

بعد ازاں میں نے مریم کی ''کاپی'' میں سے پڑھا کہ اہل فارس، منگول اور تاتار لشکر بھی خیبر میں سے گزرے اور وہ اپنے ساتھ اسلام لائے۔ صدیوں بعد جب ہندوستان سلطنتِ برطانیہ کا حصہ بنا تو برٹش انڈیا سائیڈ سے درۂ خیبر کا دفاع برطانوی فوجیں کرتی رہیں۔

افغان جنگوں کے دوران یہ درّہ اینگلو انڈین سپاہیوں اور مقامی افغانوں کے مابین بیشمار جھڑپوں کی آماجگاہ بن گیا، جن میں جنوری 1842ء کی وہ لڑائی خاص طور پر قابلِ ذکر ہے جس میں 16 ہزار انگریز اور ہندوستانی سپاہی ہلاک ہوگئے۔ (یہ پہلی تین جنگوں میں سے پہلی جنگ کا آخری سال تھا)

انگریزوں نے 1879ء میں اس درّے میں سے سڑک نکالی جسے 1920ء کے عشرے میں شاہرہ میں تبدیل کر دیا گیا۔ اسی دورانیے میں ریلوے لائن بھی بچھا دی گئی لیکن اس کی افغان سائیڈ اب ناقابل مرمت حالت میں پڑی ہے۔ یہ بے حد افسوسناک اور شرمناک بات ہے، میں شرط لگاتی ہوں کہ اگر ایسا نہ ہوتا تو یہاں ریلوے کا سفر کرۂ زمین کے سب سے بڑے ٹرین کے سفروں میں شمار ہوتا۔

جنگوں اور جھڑپوں کی لعنتوں نے غربت کی لعنت کو جنم دیا۔ کیا یہ بہتر نہ تھا کہ بھاری سرمایہ بموں اور توپوں کے گولوں پر صرف کرنے کی بجائے انسانوں کی فلاح و بہبود پر خرچ کر دیا جاتا تھا اور ان شاندار راستوں اور پہاڑیوں کی حفاظت کی جاتی؟

پھر میں بہت سی رجمنٹوں کے امتیازی نشانات دیکھے جو برطانوی فوجیوں نے چٹانوں پر اپنے ہاتھوں سے کندہ کئے تھے۔ یہ بے حد پُر اثر کندہ کاری ہے۔

میں انہی سوچوں میں گم تھی کہ میری نظر غفار پر پڑی، میں اس کے ساتھ ردّ و قدح کرنے کے لئے گئی۔ پاشا نے میرا منہ بند رکھوانے کے لئے میرے پاؤں کے انگوٹھے پر اپنا پاؤں رکھ دیا اور بولا کہ ''غفار اپنے خیبر رائفلز کے ایک دوست سے باتیں کر رہا تھا اور میرا خیال ہے کہ جب کانوائے آگے چلتے ہوئے دائیں طرف مڑے تو ہم بائیں طرف مڑ کر طورخم اور بارڈر کی طرف ہو جائیں گے۔''

سچی بات یہ ہے کہ غفار بڑی ہی حوصلہ شکن شخصیت ہے، اگر وہ ایسا نہ ہوتا تو میں اسے اسی وقت اور فوراً ایک زوردار بوسہ دیدیتی۔ پھر اس نے میری کئی تصویریں بنائیں جن میں، میں ہاتھ میں نیم خودکار رائفل اُٹھائے ایک سپاہی کے ساتھ کھڑی تھی۔ میں نے اسے اپنا چھوٹا ''نکن'' کیمرہ دیا تھا اس نے میری ایک ایسی تصویر بھی بنائی جس میں مجھے قدیم دور کی ملکہ برطانیہ بوڈیشیا کی مانند دکھایا گیا، میں نیم خودکار رائفل تھامے ہوئے بلندی سے افغان بارڈر کو دیکھ رہی تھی۔ یہ ایک ایسی تصویر تھی کہ مجھے ایسے کبھی دیکھنا نصیب نہیں ہونا تھا، کم از کم اس وقت میرا یہی اندازہ تھا۔

میں کتنی پھوہڑ ہوں کہ میں اپنے دوپٹے کا ایک کونہ جو اس رائفل کے گرد لپٹ گیا تھا، الگ کرتے کرتے اس کا ''سیفٹی کیچ'' ہٹا بیٹھی، اور خیبر رائفلز سپاہی جو عام طور پر بہت بہادر ہوتے ہیں اور مقابلوں کے لئے جان تک لڑا دیتے ہیں پل بھر میں منتشر ہو گئے۔ تاکہ میرا دوپٹہ چھڑاتے چھڑاتے یہ نہ چل جائے۔ ان میں سے ایک نے معاً اسے مجھ سے چھین لیا۔

جب مجھے احساس ہوا کہ میں کیا کرنے چلی تھی، میرا تو خون ہی جم گیا اگر یہ بہادر روح، مجھے غیر مسلح نہ کر دیتی پتہ نہیں کیا سانحہ رونما ہو چکا ہوتا۔ میں نے اطمینان کا سانس لیا اور سب لوگ میری بدحواسی پر ہنس رہے تھے۔ مجھے اعتراف ہے کہ میں چہروں پر ایسے تاثرات پہلے بھی دیکھے ہیں، یہ اس زمانے کی بات ہے جب میں نے ٹیری ٹوریل آرمی میں اپنی بنیادی تربیت شروع کی تھی۔ مجھے اس وقت معلوم نہیں تھا کہ یہ تربیت درّہ خیبر میں اوسان خطا کر دینے والے اس واقعہ کے بعد سات روز سے بھی کم عرصے میں میرے لئے کتنی کارآمد ہوگی۔

میں ''ٹی، اے'' (ٹیری ٹوریل آرمی) میں اس وقت شامل ہوئی جب میں 1990ء میں ''Northern Echo'' کے لئے ڈارلنگٹن میں کام کیا کرتی تھی۔ اس میں میری شمولیت ابتداءً محض ایک شرط کے طور پر ہوئی۔ بعد میں مجھے اس سے واقعی دلچسپی ہوگئی اور اس کی بدولت اچھے اچھے لوگوں سے میل ملاقات کا موقع مل گیا۔ ہوا یوں کہ جم میکلفوش اور میں نے اپنے چار مشترکہ دوستوں کو ایک ڈنر پارٹی دی، یہ دوست اسی کی طرح نارتھمبریا پولیس فورس کے ارکان تھے اور ان دنوں سنڈرلینڈ میں تعینات تھے۔ ڈنر میں گپ شپ خوب جاندار رہی اور کہانیاں سنائی جاتی رہیں۔ زندگی کے حقیقی واقعات سے زیادہ کوئی چیز دلچسپ نہیں ہوتی، اور پولیس ملازمین کے گروپ کی کہانیاں تو خاص طور پر زندہ دلانا اور قہقہہ آور ہوتی ہیں۔

کھانے کے بعد ہم لاؤنج میں آ گئے، ایک کونے میں ٹی وی چل رہا تھا۔ ہمارے ہاتھوں میں اپنی اپنی برانڈی اور وہسکی تھی۔ سب اونچی اونچی آواز میں باتیں کر رہے تھے۔ پھر بات یہ چل نکلی کہ اگر ہم اپنی موجودہ ملازمت میں نہ ہوتے تو کیا کر رہے ہوتے۔ مردوں نے کہا کہ ہم سیکورٹی کے شعبے میں چلے جاتے، لڑکیاں کہنے لگیں کہ ہم نرسنگ کرتیں۔ کیونکہ ہم پہلے ہی فرسٹ ایڈ سے کافی آگاہ ہیں اور خون دیکھ کر ہم خوفزدہ بھی نہیں ہوتیں۔ پھر مارجی رولینڈ نے جو کہ بڑی باصلاحیت پولیس ملازم ہے (بعد میں وہ اپنے خوفناک حملے میں معزور ہو جانے کی وجہ سے فورس سے نکال دی گئی تھی) مجھ سے پوچھا، اچھا تم بتاؤ کہ تم کیا ہوتیں؟

میں سوچتی رہی، سوچتی رہی، اور میری خاموشی ناقابل برداشت ہو گئی تو جمنے ازراہ تفنن کہا۔ ''اگر اس سے پین اور کاغذ واپس لے لو تو یہ بالکل بیکار شے رہ جائے گی۔'' یہ سن کر میں آگ بگولہ ہو گئی۔ میری یادداشت میں فوج کی طرف سے ٹیری ٹوریل آرمی میں ریکرٹمنٹ کا ایک اشتہار ابھرا میں نے اعلان کیا ''اچھا یہ بات ہے، میں تو فوج میں بھی جا سکتی ہوں۔'' اس پر سب نے بلند قہقہے لگائے۔

فوجی ملازمت کیوں اور کیسے؟

جم نے ایک بار پھر طنز کیا۔ ''تم تو پائنیر کور میں غیر سرکاری فوجی بھی منتخب نہیں ہو سکتی ہو۔'' مجھے بہت طیش آیا مگر میں اپنے جذبات پر پردہ ڈالنے میں کافی ماہر ہوں۔ میں نے فوراً ''0800'' نمبر پر کال کی جو کہ ٹیری ٹوریل آرمی کے اشتہار پر دیا ہوا نمبر تھا اور ان کے لئے اپنا نام اور ایڈریس چھوڑ دیا۔

ویک اینڈ کے بعد فون کی گھنٹی بجی، آرمی کی طرف سے ایک نہایت نفیس آدمی میری کال کا جواب دے رہا تھا۔ میں کسی قدر گھبرائی، اور اب میں اس نتیجے پر پہنچ چکی تھی کہ مجھے فوج میں نہیں جانا چاہئے تاہم جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ وہ بہت نفیس آدمی تھا، میں ڈرہم سٹی میں ''آرمی کیریئر آفس'' کا ایک چکر لگانے پر تیار ہو گئی۔

میں سبزی مائل نیلگوں سوٹ میں ملبوس تھی، جسے میں اس وقت تک بہت پسند کرتی رہی جب کسی نے کہہ دیا کہ میں اس لباس میں ''بارکلیز'' بنک کی ملازم لگتی ہوں۔ میں نے اپنے دل کو سمجھاتے ہوئے کہا کہ اگر جم کہتا ہے کہ میں بیکار محض ہوں تو آرمی بھی یہی کہہ دے گی اور مجھے ملازمت کی پیشکش نہیں کرے گی۔ وہاں پہنچی تو مجھے بہت حیرت ہوئی کہ انہوں نے فیصلہ دے دیا کہ میں بطور جرنلسٹ، ان کے لئے واقعی بہت مفید ثابت ہوں گی۔

ایک خاکی وردی میں ملبوس شخص نے مجھ سے پوچھا کیا آپ نے ٹیری ٹوریل آرمی کے پبلک انفارمیشن آفس کا نام سنا ہے؟ آپ کو TAPIO بنایا جا سکتا ہے۔ اس طرح آپ کو ایک خودکار طریقے کے مطابق آفیسر رینک مل سکتا ہے۔

میں سوچ رہی تھی .... وہ تو کہتا تھا کہ میں پائنیر کور میں ایک پرائیویٹ ملازم بھی بھرتی نہیں ہو سکتی کیا اب بھی کچھ سمجھے ہو کہ نہیں، میکفوش! چلو تمہارے لئے پہلا سبق یہی ہونا چاہیے کہ: ''کسی رڈلے کو ہرگز چیلنج نہیں کرنا چاہئے۔'' چنانچہ میں ولٹ شائر میں لینڈ فورسز ہیڈ کوارٹر میں سلیکشن بورڈ کے سامنے پیش ہونے کے لئے چل پڑی۔ یہ ایک بڑی مرعوب کن عمارت تھی۔ مجھے جو ٹیسٹ دیا گیا، وہ یہ تھا کہ میں NATO ایکوئپمنٹ کے پچاس پرزوں کو شناخت کروں فوجی خواتین کے بارے میں مختصر سی تقریر کروں اور ایک کاغذ پر دیئے گئے حقائق کی بنیاد پر اخبارات کے لئے ایک رپورٹ مرتب کروں۔ میں نے پہلا سوال یوں حل کیا کہ نیوکیسل پبلک لائبریری میں جین کی لکھی ہوئی ڈیفنس نکس کا دو دن خوب توجہ سے مطالعہ کیا اور جو کچھ اخذ ہو سکا اس کی مدد سے جواب لکھ لائی۔

دوسرا سوال بے حد اعصاب شکن تھا جبکہ تیسرا کوئی خاص بات نہیں تھی کہ اخبار نویس ہوتے ہوئے میں ایک قابل اشاعت رپورٹ تیار نہ کر سکتی۔

جب مجھے براؤن رنگ کا لفافہ، جس پر ''آن ہر میجسٹیز سروس'' کے الفاظ نمایاں دکھائی دے رہے تھے، موصول ہوا تو یہ پڑھ کر میرا منہ کھلے کا کھلا رہ گیا کہ ''میں منتخب کر لی گئی ہوں، مجھے رائل سگنلز مڈلبرو کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے اور مجھے فوراً بیت شروع کرنی ہے۔'' میں فوراً کٹ لینے پہنچ گئی۔ جب واپس آئی تو جم وہاں میرا منتظر بیٹھا تھا، اس کے تاثرات سے ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ خوش نہیں ہے۔ اس نے صرف اتنا کہا ''لوگ محض عشق لڑانے کے لئے ٹیری ٹوریل آرمی میں جاتے ہیں۔''

باب نمبر 15

اب قہقہہ لگانے کی باری میری تھی۔ میں اس آدمی پر ہرگز اعتبار نہیں کر سکتی تھی۔ بہر حال میرا حوصلہ جوں کا توں رہا اور میں اپنی کٹ کو ترتیب دینے میں مگن رہی۔ میں سینڈ ہرسٹ ملٹری اکیڈمی کے 9 ماہ کے فاسٹ ٹریک کورس کی بجائے بنیادی فوجی تربیت کے لئے تیار وہ رہی تھی۔

وہاں تربیت کے دوران جو کچھ سکھایا گیا، ان میں سے ایک یہ تھا کہ ہتھیاروں کو کیسے استعمال کرنا ہے، ان کے پرزوں کو الگ الگ کیسے کرنا ہے اور دوبارہ جوڑ کر فائر کیسے کرنا ہے۔ اس سے پہلے ہمیں ٹریننگ وڈیو دکھائی گئی جس کے ذریعے یہ بات بتائی گئی کہ ہتھیار کیوں خراب ہو جاتے ہیں، مجھے یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ بعض زخم گن کو غلط استعمال کرنے کی وجہ سے آتے ہیں۔

جب مجھے پہلی بار پستول دیا گیا تو میں بہت ڈری ہوئی تھی اور کانپ رہی تھی۔ مجھے فائرنگ رینج میں لے جا کر بتایا گیا کہ اگر کوئی خرابی پیدا ہو جائے تو اپنا بازو کھڑا کر دوں، ایک انسٹرکٹر میری مدد کو پہنچ جائے گا۔ میں نے نشانے پر دو فائر ہی کئے تھے کہ پستول جام ہو گیا، چنانچہ میں نے بازو بلند کیا اور پیچھے مڑ کر سب کے سامنے اسے تان کر کھڑی ہو گئی۔

اس پر تمام مرد اور خواتین سپاہی سر نیچا کر کے زمین کے ساتھ لگ گئے اور انسٹرکٹر نے مجھے سخت ڈانٹا، اس نے اینگلو سیکسن زبان میں نہیں بلکہ فوج میں مروجہ زبان میں اپنی جھنجلاہٹ کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ گن کو نیچے رکھ دو۔ میں نے فوراً تعمیل کی۔ اس نے ایسی بے ہودہ اور درشت زبان استعمال کی جو پہلی بار کسی نے میرے بارے میں استعمال کی تھی۔ اس نے کہا۔ ''کبھی گن کسی کی طرف سیدھی نہ کرنا، تاوقتیکہ سامنے دشمن کھڑا ہو...... یہ...... گن چل جاتی تو تو کسی کو قتل کر دیتی۔'' وہ اتنا قریب آ کر ڈکرا رہا تھا کہ اس کی ناک میری ناک کو تقریباً چھو رہی تھی۔

میں چاہتی تھی کہ یہاں زمین میں کوئی سوراخ ہوتا تو میں اس کے اندر دھنس جاتی۔ میں نے دل میں قسم کھائی کہ آئندہ ایسا ہرگز نہیں کروں گی۔

تاریخ اپنے آپ کو انوکھے طریقوں سے دوہراتی ہے اور میں یہاں درۂ خیبر میں ایک بار پھر خاکی لباس والے لوگوں کو پناہ ڈھونڈنے کے لئے سر چھپاتے ہوئے دیکھ رہی تھی۔ میں پریشان ہو گئی اور اس ڈرامائی منظر سے ہٹتے ہوئے آہستگی سے سڑک کی طرف چل پڑی تاکہ یہ ظاہر ہو کہ میں محض منہ میں ڈالے ہوئے مکھن کو نگلنے کی کوشش کر رہی ہوں۔ میں اس انتظار میں تھی کہ غفار کب آتا ہے، تاکہ وہ پاشا اور میں طورخم بارڈر کی طرف چلے جائیں۔

چند دن پہلے لاکھوں افغان مہاجرین کا بارڈر پر مجمع لگا ہوا تھا لیکن پاکستان نے اپنے دروازے بند کر لئے اور انہیں داخل ہونے سے روک دیا، غفار نے ایک ڈرائیور، کو جو کسی طرح داخل ہو گیا تھا، بتایا کہ سب کے سب مہاجرین چلے گئے تھے جیسے ہر کوئی عالمگیر جنگ کا انتظار کر رہا تھا۔

ہمارا چھوٹا سا قافلہ سڑک کی دوسری جانب اکٹھا ہو گیا تاکہ گھر واپسی کا سفر شروع کر سکے۔ پاشا اور میں جم کر کھڑے ہو گئے جبکہ غفار کافی دیر تک ایسے سپاہی سے بحث مباحثہ کرتا رہا اور اس نے واپس آ کر بتایا کہ سمجھوتہ نہیں ہو سکا میرا افغانستان جانے کا منصوبہ ایک بار پھر ناکام ہو گیا، مجھے ایک گونہ خوشی پھر بھی ہوئی کہ چلو اتنا مشہور درّہ تو دیکھ لیا ہے اور ہم واپس چل پڑے۔

میں پرل کانٹی نینٹل میں جا پہنچی اور اس کی پانچویں منزل کے بار میں ایان گالاگر اور فوٹو گرافر کو پایا۔ یہ ہمارے ''مقررہ اوقات'' سے بعد کا وقت تھا تاہم ان سے بات کرنے میں کوئی ہرج نہیں تھا، میں نے ان سے پوچھا کہ وہ اب تک کیا کرتے رہے ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ انہوں نے ایک تو پاکستان کے روایتی لباس حاصل کئے ہیں اور درّہ آدم خیل میں بننے والی گنوں کے بارے میں ایک خبر بنائی ہے۔

میں ایک دم چونکی اور بتایا کہ میں بھی دو دن پہلے وہاں گئی تھی۔ ہم نے اپنے نوٹس کا موازنہ کیا خاصی خوشگوار گپ رہی، اسی دوران میں بار سے کھسک گئی اور جم کو ٹیلی فون کیا۔ میں نے اسے کہا۔ ''دیکھئے یہ غالباً اتفاق ہے لیکن ''میل آن سنڈے'' نے گن فیکٹری پر ہماری سٹوری چھاپ دی ہے، مجھے قوی شبہ ہے کہ ''ایکسپریس'' کے اندر کا کوئی آدمی ''میل آن سنڈے نیوز ڈیسک'' کے ڈیوڈ لین کو میری سرگرمیوں سے برابر مطلع کرتا رہتا ہے۔ میں نے یقیناً کسی کو راز دار نہیں بنایا، اگر پھر بھی وہاں بات پہنچ جاتی ہے تو وہ یہاں سے ہرگز نہیں جا رہی ہے۔'' میں صرف اتنا جانتی تھی کہ ایان گالاگر نے بھی اپنے نیوز ڈیسک سے یہی گفتگو کی ہو گی۔

اس شام کو ہم واپس اسلام آباد کے لئے روانہ ہوئے۔ میں نے پاشا کو بتایا کہ ڈیلی ایکسپریس کا ایک رپورٹر ڈیوڈ سمتھ کل صبح سویرے اس شہر میں پہنچ رہا ہے، میں نے ایک رات پہلے ڈیوڈ کو فون پر بتایا تھا کہ میں کہیں نہ کہیں اس کے سونے کا بندوبست کر دوں گی اور اس کے یہاں پہنچنے سے پہلے ایک ٹیکسی کا بھی انتظام کر دیا جائے گا۔

اس نے پوچھا کہ کیا مجھے کسی چیز کی ضرورت ہے، میں نے کہا۔ ''ہاں پلیز کوئی اچھی سی توتھ پیسٹ لیتے آنا، میں

وہاں سے جو پیسٹ لائی تھی وہ میرے بیگ میں سے چرا لی گئی ہے، اور پاکستان سے جو خریدی تھی، انتہائی گھٹیا ہے، اس میں نمک زیادہ پڑا ہوا ہے۔''

خدا کا شکر، کہ وہ پہنچ رہا تھا، بات صرف ٹوتھ پیسٹ کی نہیں تھی۔ میرا مطلب یہ ہے کہ میں ایک دن کی چھٹی کر لیا کروں گی، میں یہاں کچھ گھومنا پھرنا اور دیکھنا بھالنا بھی چاہتی تھی۔ میں جب ہوٹل میں پہنچی تو ایسا محسوس کر رہی تھی جیسے مجھے جھاڑیوں میں سے پیچھے کی طرف گھسیٹ کر نکالا گیا ہے۔ استقبالیہ سٹاف مجھے دیکھ کر مسکرایا۔ وہ مجھے ہمیشہ پرانے مال کے خریدار کی طرح بے وقت آتے جاتے دیکھنے کے عادی ہو چکے تھے۔

صبح میں نے نیچے جا کر ناشتہ کیا، گھوم پھر کر کھانے کی اشیاء، پلیٹ میں رکھ کر لاتی رہی۔ میں اگرچہ مصالحے دار غذائیں نہیں کھاتی تاہم ہلکے مصالحے والے گوشت شوربے کی ڈش کھانے کی کچھ عادی ہو چکی ہوں۔ بعد میں دو فرائی انڈے کھا کر اول الذکر ڈش کا اثر زائل کر دیا۔ میں نے اپنے آپ کو شاباش دی کیونکہ ایک ہفتہ سے پاکستان میں ہونے کے باوجود میں نارمل جا رہی تھی۔

اگست 1992ء میں بھی جب میں دمشق میں بھی غیر محتاط کھانوں کی وجہ سے پیٹ میں مروڑ اور پیچش میں مبتلا ہو گئی تھی اور بری طرح نڈھال تھی، سات ماہ کی ڈیزی میرے پیٹ میں تھی، مجھے فوراً قبرص پہنچا دیا گیا جہاں تین دن، ڈاکٹر شب و روز میری دیکھ بھال کرتے رہے۔ اس سے پہلے میں ایک سال سے زائد عرصہ شام کے لیڈر احمد جبریل سے انٹرویو مانگ رہی تھی۔ جب بالآخر اس کے رابطہ کاروں نے ''ہاں'' کر دی تو میں جانے لگی مگر معالجوں نے اس حالت میں مجھے وہاں جانے سے روکنے کی کوشش کی تو میں نے کہا نہیں میں اس موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دوں گی۔

احمد جبریل کا نام امریکہ کو انتہائی طور پر مطلوب افراد کی فہرست میں شامل تھا، جہاں تک میرا تعلق ہے میرے لئے یہ بے حد اہم انٹرویو تھا، اگرچہ بعد ازاں ''لاکربی'' کی بمبنگ کے سلسلے میں کسی اور کو سزا دی گئی تھی۔ اس سانحہ کی رات کو میں ''لاکربی'' میں تھی اور یہ مجھے بہت واضح طور پر یاد تھا اور اب بھی خوب یاد ہے۔ اس کا مجھ پر بہت اثر پڑا تھا اور آگے بھی کئی سال تک مجھ پر اثر انداز ہوتا رہا۔ یہ پرواز فرینکفرٹ سے براستہ لندن نیویارک جا رہی تھی کہ دھماکہ ہو گیا۔ طیارے میں سوار افراد (مسافر بمعہ عملہ) اور بر سرِ زمین ہلاک ہونے والوں کی حتمی تعداد 270 تھی۔

میں ان دنوں ''نیوکیسل جرنل'' کے ہیڈ آفس میں کام کر رہی تھی، میری ڈیوٹی ڈے شفٹ میں تھی اور چھ بجے شام تک کام کرنا ہوتا تھا۔ میں اپنا کام ختم کر کے نکلنے والی تھی اور ''وائین ہالٹن'' جو اسی وقت رات کی شفٹ کے لئے آیا تھا، پولیس ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کو کالیں کر رہا تھا۔ اس نے چیختے ہوئے نیوز ایڈیٹر ٹام پیٹرسن سے کہا کہ بارڈرز میں کسی طیارے کا حادثہ ہو گیا ہے، ہم ان سوچوں میں تھے کہ شاید رائل ایئر فورس کے جیٹ طیاروں کی نیچی اڑانوں سے کوئی مسئلہ پیدا ہوا ہو گا۔

تاہم میں نے ادھر اُدھر کا چکر لگایا تاکہ کوئی سراغ مل سکے۔ مگر جلدی ہی پتہ چلا کہ کوئی بہت ہی لرزہ خیز واقعہ ہو گیا ہے۔ میں اور ''وائین ہالٹن'' نے فوراً رضاکارانہ طور پر جائے وقوعہ پر پہنچنے کا فیصلہ کر لیا۔ ہم دونوں جھپٹ کر میری کار میں بیٹھے اور لاکربی کے لئے روانہ ہو گئے۔ یہ 21/دسمبر 1988ء کی شام سات بج کر 20 منٹ کا وقت تھا۔ میرا پاؤں اس وقت تک فلور بورڈ پر ہی رہا جب تک ''A69'' سے نکل نہیں گئے ہم ''گریٹنا گرین'' کی طرف بھاگے جا رہے تھے۔ ''لاکربی'' صرف پندرہ میل شمال مغرب میں تھا لیکن جونہی ہم موٹروے کی طرف مُڑے یہ تقریباً سات میل پیچھے تک جام پائی گئی۔ رُکنے کے نشان جگہ جگہ ہمیں رُکنے کے لئے کہہ رہے تھے، مگر میں ایسی رکاوٹوں کو کب خاطر میں لانے والی تھی۔ ہر پولیس چیک کو پیچھے چھوڑتی ہوئی بے دھڑک شہر کے وسط میں جا رُکا۔

باب نمبر 16

شہر پر خوفناک سناٹا طاری تھا۔ فضا میں طیارے کا ایندھن جلنے کی بد بو بسی ہوئی تھی۔ گہری اور بد بودار دھند کی وجہ سے کوئی چیز بھی واضح طور پر نظر نہیں آ رہی تھی۔ گلیاں اور سڑکیں ایسی دکھائی دے رہی تھیں جیسے کسی دیوہیکل صنعتی جاروب کش نے ٹنوں کے حساب سے نٹ بولٹس اور لوہے کے نوکدار ٹکڑے یہاں الٹ دیئے ہیں۔ لوگوں کی زبانیں گویا گنگ ہو چکی تھیں اور وہ لڑکھڑاتے قدموں سے ادھر اُدھر جا رہے تھے۔ جیسے کوئی سلوموشن پکچر چل رہی ہو۔

''وائین'' ایک سمت میں چل پڑا اور میں دوسری طرف نکل گئی۔ چند مقامی سکاٹش رپورٹروں کو چھوڑ کر، ہمارا اخبار پہلا وہ پرچہ تھا کہ اس کے نمائندے بعجلت تمام یہاں پہنچ چکے تھے۔ ہم بکھرے ہوئے اجزا کو جوڑ کر واقعہ کو سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے۔

میں نے ایک لوکل پے فون استعمال کرنے کی کوشش کی مگر یہ ''ڈیڈ'' تھا علاقائی اخباروں کے بجٹ موبائل فونوں کے متحمل نہیں ہو سکتے تھے جو بہر حال ان دنوں اینٹ کی شکل کی بھاری سی چیز ہوتے تھے، اور آجکل تو بالکل ہلکے پھلکے ہوتے ہیں۔ میں نے اردگرد دیکھا تو ایک لاری نظر آئی جس کیب میں سے کئی ''ایریل'' باہر کی طرف نکلے ہوئے تھے۔ میں نے اس کے ڈرائیور سے پوچھا کہ کیا اس کے پاس فون ہے؟ میں نے جلدی سے اسے اپنی ضرورت سے آگاہ کیا تو اس نے کہا کہ فوراً گاڑی کے اندر کود پڑو۔ واہ! یہ تو ''جرنل'' کا ایک موبائل ڈسٹرکٹ آفس تھا جس میں ٹیلی فون کی سہولت موجود تھی۔ میں نے اپنی ''کاپی'' فوراً فائل کر دی۔

جب میں فون کی دوسری جانب کے ٹائپسٹ، ''کاپی ٹیکر'' کو خبر لکھوانے لگی تو میں نے ایک پُر اسرار لاری ڈرائیور کا ذکر کیا جس نے ایک ہیرو کی طرح، میری خاطر اپنی گاڑی مین روڈ پر روک کر ٹریفک بند کر دی تھی۔ اس پر مجھے آواز آئی ''اے ہے وہ میں تھا جو اس وقت یہ گاڑی چلا رہا ہوں، کیا واقعی مجھے ایک ہیرو سمجھ رہی ہیں؟'' میں پھر کاپی ٹیکر کی طرف متوجہ ہوئی اور کہا۔ ''پُر اسرار لاری ڈرائیور کے الفاظ حذف کر دو۔ میں تمہیں ایک نام اور ایک ایڈریس دے رہی ہوں اور جو واقعہ رونما ہوا، اس کی عنقریب مفصل روداد بتاؤں گی۔''

بہر حال خیر گزری، بعض اوقات انسان کو کچھ سنبھل کر چلنا پڑتا ہے۔

میں نے ''وائین'' کو چھاپا مار کر گاڑی میں سوار کر لیا اور اس نے اپنا اکٹھا کیا ہوا مواد فائل کیا، ہم نے دبے پاؤں دوڑتے ہوئے سب پر فوقیت حاصل کر لی تھی۔ نام پیٹرسن بے حد خوش ہوا اور ہم رات بھر صبح تین بجے تک کے ایڈیشن کے لئے کام کرتے رہے۔ میں جس طریقے سے واقعات بیان کر رہی ہوں ممکن ہے کہ وہ سنگدلانہ لگتا ہو لیکن ایک صحافی کو ممکنہ حد تک زیادہ سے زیادہ حقائق اکٹھے کرنے پر توجہ مرکوز کرنی چاہئے تاکہ قاری کے سامنے پورا منظر آ جائے۔ صحافی پر نہ رقت طاری ہونی چاہیے اور نہ ہی اس کے ہاتھ سے صبر کا دامن چھوٹنا چاہئے۔ صرف بات آگے پہنچانی چاہئے آنسو صرف اپنے طور پر بہانے چاہئیں۔

یہاں نیوکیسل میں مقیم نام نہاد نیشنل رپورٹر کٹھڑی میں بندھے چوہوں کی مانند دکھائی دیئے مگر مشہور و معروف صحافی کلائیو کرکر (ڈیلی مرر) ور ڈوگ واٹسن (ڈیلی سن) بھی موجود تھے۔ ڈوگ اس وقت آرنڈیل سنٹر میں کرسمس کی شاپنگ کر رہا تھا۔ پیغام ملنے پر مانچسٹر سے فوراً اپنی گاڑی پر یہاں پہنچا تھا۔ راجر سکاٹ (ڈیلی میل) اور الن ہیکسٹر (ڈیلی ایکسپریس) ایک قتل کے بارے میں سنڈرلینڈ میں ہونے والی پریس کانفرنس میں سے اُٹھ کر آئے تھے۔ کرس بوفے اپنے چہرے پر بشاشت سجائے ہیتھرو گلاسگو پرواز سے آیا تھا۔ وہ اس وقت ''ڈیلی سٹار'' کی کرسمس پارٹی میں شریک تھا کہ اسے فوراً ادھر کا رخ کرنا پڑا، اس کی شہرت یہ ہے کہ یہ اپنی شراب نوشی پر پورا تا بور کھتا ہے۔ اور واحد آدمی ہے جو ہمیشہ آمادۂ سفر رہتا ہے۔ میں یہاں خاص طور پر جو بات بتانا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ ''وائین'' اور میں ان سے کچھ فاصلے پر رہے کیونکہ ان کے بھاری موبائل فونوں کی بیڑیاں ختم ہونا شروع ہو گئی تھیں، اور ہم نے اپنے ''ڈسٹرکٹ آفس'' کو ہر قیمت پر مخفی رکھنے کا تہیہ کر رکھا تھا۔

یہاں کے واقعات نے مجھے جو جذباتی اور نفسیاتی صدمے پہنچائے تھے وہ چند دن بعد میرے داخلی وجود میں سرایت کرنے لگے۔ میں اندر سے ٹوٹنے لگی، میں نے سوچا کہ مجھے شاید کوئی پیشہ ورانہ جذباتی مشاورت درکار ہو گی، شاید اس کے لفظوں ہی سے گھاؤ مندمل ہو سکیں، مگر کوئی ڈھارس بندھوانے والا نہیں تھا۔ میں نے اپنے شوہر جم سے اس کا ذکر کرنے کی کوشش کی اس نے میرا فقرہ بھی مکمل نہ ہونے دیا اور کہا کہ وہ پولیس فورس میں اس سے بھی زیادہ بھیانک مناظر دیکھ چکا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اس نے اس سے بدتر واقعات نہیں دیکھے ہوں گے، یہ ایسا دعویٰ کیسے کر سکتا تھا۔ تاہم اس کے بعد میں نے اس موضوع پر اس سے کوئی بات نہیں کی۔

یہ بالکل سچ ہے کہ اس خوفناک واقعے کے بعد میں کبھی کرسمس ٹھیک طور پر نہیں منا سکی۔ خدا جانے، ''لاکربی'' کے لوگ اور بد قسمت طیارے کے مسافروں کے لواحقین ہر سال یہ تقریباً کیسے مناتے ہوں گے! بعض اوقات جب

کوئی تہواری موسم آتا ہے، میں اس وقت خواہ کہیں بھی ہوں، میرا ذہن فوراً اس سرحدی شہر کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جس کی خوشیاں ہمیشہ کے لئے ماند پڑ گئی ہیں اور یہاں کے ہر باسی کے دل پر زخموں کے انمٹ نشان پڑ گئے ہیں۔

مجھے یاد ہے کہ میں نے دو ایسے والدین کے انٹرویو کئے تھے جو اس سانحے کے وقت ٹی وی پر "This is your life" پروگرام دیکھ رہے تھے، اور ان کے دو بچے "کرسمس ٹری" کے نیچے کھیل رہے تھے کہ ایک خوفناک دھماکے نے ان کے گھر کو ہلا کر رکھ دیا۔ قبل اس کے کہ وہ کوئی جنبش کرتے دھڑام سے طیارے کی نشستوں کی ایک قطار کھڑکی کو توڑتی ہوئی اندر آ گئی جس پر تین مرے ہوئے مسافروں کی پھولی اور جلی ہوئی لاشیں اب بھی چپکی ہوئی تھیں۔

یہ تصویر میرے ذہن پر ہمیشہ منقش رہے گی۔ میں اس کی کیا توجیہہ کر سکتی ہوں؟ اور انہوں نے اپنے بچوں کو کیسے سمجھایا ہوگا؟ کہ سب کچھ کیوں اور کیسے ہوا ہے۔ یہ تجربہ بار بار میرے ذہن پر ہتھوڑے برسا رہا تھا۔ جب پیچھے مڑ کر دیکھتی ہوں تو لگتا ہے کہ غالباً میں "بعد از صدمہ خلیل اعصاب" (Post-traumatic stress disorder) میں مبتلا ہو چکی تھی۔ نہ دن کو چین ملتا تھا، نہ رات کو سکون کی نیند سو سکتی تھی۔ لیکن میرے پیشے کا تقاضا تھا کہ خبرنگاری کو ذاتی صدمے سے الگ کر کے دیکھوں اور صرف خبریں جمع کرنے سے سروکار رکھوں۔

یہی وجہ تھی کہ احمد جبرائیل سے انٹرویو لینا میرے لئے بے حد اہم تھا۔ میں اس سے دوبدو بات کرنا چاہتی تھی۔ اس سے کسی حد تک "لاکربی" کی اس رات کے واقعات کے حوالے سے بات اگلوانے کی ناممکن چیز کو ممکن بنانا چاہتی تھی چنانچہ میں دمشق پہنچ گئی۔ اگر میں اس سے پورا اعتراف جرم کرانے کی توقع کر رہی ہوتی تو مجھے یقیناً مایوسی ہوتی۔

وہ ایک نرم خُو اور معتدل مزاج شخص تھا، اس کے چہرے پر بزرگانہ شفقت کا نُور جھلکتا تھا اور گہری آنکھیں اپنے اندر کوئی کرب چھپائے ہوئے تھیں۔ ہم ایک ترجمان کی مدد سے گفتگو کر رہے تھے، اس نے اس واقعہ کی ذمہ داری سے صاف انکار کیا، میں نے اس سے یہ سوال تین دفعہ مختلف انداز میں پوچھا لیکن اس کا جواب وہی تھا۔ میرے لئے اس سے زیادہ جارحانہ انداز اختیار کرنا ممکن نہیں تھا اور خاص طور پر اس وقت جب وہ مسلح محافظوں سے گھرا ہوا تھا، اور سب کی نظریں مجھ پر گڑی تھیں۔

آدمی تلاش نہیں کر لیتا۔ یہ بندوبست بہت مناسب رہے گا۔ میں اس پر اعتماد کر سکتی ہوں۔ اسے ابھی تک فلیٹ سٹریٹ کے خشک اور شکی مزاج لوگوں کی ہوا نہیں لگی۔
وہ دن میرے لئے بہت ہی بدمزہ رہا، میں نے زیادہ تر وقت اپنے کمرے اور اپنے بیڈ میں گزارا۔ میرے کپڑے کم پڑنے لگے تھے کیونکہ میرے زیادہ پسندیدہ ملبوسات ہوٹل لانڈری میں پڑے تھے۔ چنانچہ میں نے دوبارہ کمرے میں جا کر "اسامہ بن لادن ٹی شرٹ" پہن لی جو اس ہفتے کے شروع میں پاشا نے مجھے دی تھی۔

مردوں کی "نا سمجھی"

دن بھر ہوٹل کا ایک ملازم بار بار میرے دروازے پر دستک دیتا رہا اور پوچھتا رہا کہ کیا مجھے کسی خاص چیز کی ضرورت ہے اور یہ بھی پوچھتا رہا کہ کیا میں روم سروس سے خوش ہوں۔ دیانت داری کی بات یہ ہے کہ میرے دل میں مردوں کے لئے عزت مزید بڑھ جاتی اگر ان میں سے کوئی آ کر مجھ سے یہ پوچھتا "کیا کچھ پینا پلانا پسند کرو گی، کیا میں تم سے کچھ دل لگی کر سکتا ہوں۔" اس خاص قسم کی پیشکش پر بھی میری طرف سے انکار ہی ہوتا، مگر دلچسپی ذرا بڑھ جاتی، یہ کیا ہے کہ یہ بار بار ایک تھکا دینے والی بات پوچھے جا رہا تھا۔ "کیا چاہیے؟" تاہم کئی گھنٹوں کے بعد جب دروازے پر ایک مانوس سی دستک سنائی دی۔ دروازہ کھولا تو سوال ویسا ہی تھا جیسی توقع تھی۔ میں نے کہا "ہاں ایک خاص ہی چیز کی ضرورت ہے، کیا تم میرے لئے ٹیمپنز (Tampons) کا ایک باکس لا سکتے ہو میرا پیریڈا بھی ابھی شروع ہوا ہے۔" وہ یہ سنکر ایسا شرمایا کہ اس نے مڑ کر بھی نہیں دیکھا، اور غائب ہو گیا۔
چند ہفتے پہلے، اسلام آباد آنے سے قبل میری ایک شخص سے ملاقات ہوئی تھی، میں اس کے لئے خاصی پُر جوش رہتی تھی میں اس سے اپنے وہاں کے دنوں میں اکثر ملتی جلتی تھی اور ہم انٹرنیٹ پر پیغامات کا بھی تبادلہ کرتے تھے، اس اتوار کو اس نے خاص طور پر ایک پیغام بھیجا اور پوچھا کہ کیسی ہو؟ میں نے اپنی خیریت کی اطلاع دینے کے بعد اس سے پوچھا، کہ آج کے "سنڈے ایکسپریس" میں میری چھپنے والی خبریں تمہیں کیسی لگیں؟ صاف ظاہر ہے کہ میں اس سے دادِ تحسین چاہتی تھی۔ میں اس کے جواب کی منتظر تھی کہ رک رک کر لکھا ہوا جواب موصول ہوا۔ "میں نے آج کا اخبار خریدنے کا تکلف نہیں کیا۔" یہ اس کی خوش قسمتی تھی کہ میں اس وقت اسلام آباد میں تھی اور صاف بات ہے کہ میں فون اٹھا کر اس پر گالیوں کی بوچھاڑ نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن میں نے اسی پیغام پر اکتفا کی .... "Big Mistake" میرے گھر واپس آنے تک، اس نے کئی بار مجھ سے فون پر کال کی مگر میں نے پہلے کی سی سرگرمجوشی کے ساتھ جواب نہیں دیا۔ وہ سمجھ ہی نہیں سکا، اور زیادہ تر مرد اس معاملے میں ناسمجھ ہی ہوتے ہیں۔ اخبارات میری زندگی ہیں اور یہ میرے لئے زندگی بھر ایک مضبوط قابل اعتبار اور ٹھوس چٹان کی طرح ایک سہارا رہے ہیں، تا وقتیکہ ڈیزی پیدا ہو گئی۔ کئی بوائے فرینڈز اور شوہر آئے اور گئے میرے لئے میری جاب سے اہم کوئی بھی نہیں تھا۔
یہ جاب میری لئے ایک معقول آمدنی، بہت سی سپورٹ، متحرک رکھنے کا ایک ذریعہ، ایک پُر خطر مہم، ایک دل بہلاوا، ایک لذیذ کھانوں کا اہتمام اور ایک قابل اعتماد دوستوں کا نیٹ ورک ہے جبکہ ڈیزی میرے لئے ایک غیر مشروط محبت ہے۔ البتہ ایک چیز جس کا مجھے شدید ارمان ہے، ناپید ہے اور وہ ہے، صبح کے وقت بیڈ میں بغلگیری، گرمجوشی، ہمبستری اور وہیں ناشتہ۔ تو آؤ لڑکیو، سب مل کر گریہ کریں۔ آخر ہم میں ایسی خوش نصیب کتنی ہوں گی جنہیں یہ چیز روز ملتی ہو گی؟
مجھے معلوم نہیں کہ مردوں کو کیا کیا ارمان ہوں گے۔ میں کافی عرصہ سے مردوں کو سمجھنے کی کوششوں سے دستبردار ہو چکی ہوں۔ اکیسویں صدی میں مرد ہونا بھی یقیناً ایک مشکل مسئلہ بن چکا ہے کیونکہ عورتیں کمزور اور نکھٹو مردوں کو پسند نہیں کرتیں اور ساتھ یہ بھی ہے کہ انہیں بے ڈھنگے بے وقوف اور بے ہودہ مردانگی کا مظاہرہ کرنے والے مرد نہیں بھاتے۔ نہیں مجھے بھی گرد و پیش میں ہونے والی بہت سی حرکتیں پسند نہیں ہیں۔ تین شادیوں کی ناکامی کے بعد میں نے سوچا ہے کہ اب میں اپنی مادرانہ حیثیت کو برقرار رکھتے ہوئے اور صحافت کے تقدس کا پرچم بھی سربلند رکھوں گی، اپنی بہترین صلاحیتوں کو بھی انہی کے لئے وقف کروں گی اور دونوں کے ساتھ انصاف کروں گی۔ میں نے حال ہی میں اپنے ایک اچھے دوست "باری اتوان" کے ساتھ ڈنر کیا جو لندن سے نکلنے والے ایک عربی اخبار القدس کا ایڈیٹر ہے۔ اپنے سابق شوہروں کے گلے شکوے کرتے ہوئے میں نے کہا: تم غالباً جانتے ہو کہ میں اس امر کی ایک عمدہ مثال ہوں کہ طے شدہ شادیاں (arranged marriages) اتنی زیادہ بری نہیں ہوتیں۔" اس نے میری طرف غور سے دیکھا لیکن اپنی سنجیدگی کو زیادہ دیر تک برقرار نہ رکھ سکا اور یوں ہنسنے لگا جیسے اس پر قہقہوں کا دورہ پڑ گیا ہو۔
"اتوان باری" دنیا کے ان چند صحافیوں میں سے ہے جنہوں نے اسامہ بن لادن کا انٹرویو کیا تھا۔ وہ اس موضوع پر میڈیا کا ایک باضابطہ مبصر ہے اور گیارہ ستمبر کے بعد سے مسلسل کیمروں کی آنکھ کے سامنے اسامہ کے بارے میں سوالوں کا جواب دیتا رہا ہے۔ ہماری پہلی ملاقات اس واقعہ کے کئی ماہ بعد ہوئی تھی جب اس نے "بدنام زمانہ

باب نمبر 17

دکھوں کا موازنہ

میں نے ایک نیا حربہ اختیار کیا اور جذباتی انداز میں ان مناظر کی تصویر کشی کی، جو میں خود دیکھ کر آئی تھی مثلاً کاٹھ کباڑ میں پھنسی ہوئی انسانی لاشوں اور ایک بچے کے جسم کے ٹکڑوں کا ذکر کیا جو چپ پر بکھرے ہوئے تھے اور ان مصیبت زدہ لوگوں کی حالت زار کی طرف توجہ دلائی جن کا مشرق وسطیٰ کی سیاست میں کوئی دخل نہیں تھا۔ میں نے اسے اپنی حالت بھی بتائی کہ ان مناظر نے مجھے شدید ذہنی کوفت اور جذباتی دھچکوں سے دوچار کر دیا ہے۔

اس نے غور سے مجھے دیکھتے ہوئے اپنی دلی کیفیت کا اپنے چہرے کے اتار چڑھاؤ سے اظہار شروع کر دیا، اس نے گرجدار انداز میں کہا: ”ہم تو ہر روز کاٹھ کباڑ کے ملبے سے اپنے بچوں کے بکھرے ہوئے اعضا چنتے ہیں، ہماری یہ حالت اسرائیلی بموں کا نتیجہ ہے، آپ کو ”لاکربی“ کے واقعہ سے پتہ چل گیا ہے کہ ہم کن چیرہ دستیوں کا شکار ہیں۔ آپ نے تو اس کا ذائقہ پہلی بار چکھا ہے، ہم تو اس کے عادی ہو چکے ہیں۔“

الفاظ بہت سخت مگر نپے تلے تھے جن سے اس کی دلی نفرت کی گہرائیوں کا صاف اندازہ ہو رہا تھا۔ الفاظ کے پیچھے دکھوں کی کراہٹوں اور مایوسیوں کے انبار محسوس ہو رہے تھے، اس کی آواز کی لرزش دکھوں ہی کی غمازی کر رہی تھی۔ تاہم اس نے ”لاکربی“ میں فلائیٹ 103 کے سانحہ کے بارے میں تفتیشی ٹیم کے ساتھ کسی بھی غیر جانبدار ملک میں تعاون کرنے کی پیشکش کی لیکن نیوکیسل میں ”سنڈے سن“ اور پھر ہمارے سسٹر پیپر ”سکاٹ لینڈ آن سنڈے“ کے ذریعے کی گئی اس پیشکش کا دوسری جانب سے کوئی مثبت جواب نہیں دیا گیا۔

میں اس کے ساتھ کئی گھنٹے رہی، انٹرویو کے آخر میں میرے معدے میں شدید درد ہونے لگا اور جب اس نے الوداع کہی تو میں نے شکر ادا کیا۔ معلوم نہیں میں اتنی تکلیف کو کس طرح دبائے بیٹھی رہی، جب میں واپس اپنے ہوٹل پہنچ کر باتھ روم میں داخل ہوئی تو میرا پیٹ پھٹنے کے قریب پہنچ چکا تھا۔

معلوم نہیں کہ مجھے اتنی تکلیف کیوں ہوئی حالانکہ میں بہت محتاط رہی۔ میں نے گوشت، مچھلی، مرغنیات اور پھل وغیرہ کھانے سے گریز کیا۔ دانت بوتل کے پانی سے برش کئے اور اپنی ڈرنکس میں آئس شامل نہیں کی پورا دن بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ عرصہ بستر پر تڑپتی رہی۔ پھر میں دمشق سے نکلنے کے لئے ہمت کر کے ایئر پورٹ پر پہنچی اور وہاں سے قبرص گئی جہاں میں اپنی بے بی کے باپ داؤد زارورہ سے ملی، اور اس نے مجھے نکوشیا میں ایک کلینک میں پہنچایا۔

ڈاکٹر نے تفصیلی معائنہ کیا اور میں نے جتنی چیزیں کھائی تھیں، ان کے بارے میں پوچھا۔ اس سے مجھ پر منکشف ہوا کہ میں نے ایک مقامی طور پر تیار شدہ آئس کریم کھائی تھی۔ جس کا ذائقہ تو بہت اچھا تھا مگر اس کے اجزا غیر صحتمندانہ تھے۔ میں نے خود سے کہا: ”یوآنے رڈلے تو بڑی احمق عورت ہے، آئس کریم تو بالکل پانی ہوتی ہے، اس سے تو مقامی سوق (بازار) سے نلکے کا پانی پی لینا بہتر تھا۔“

دمشق کے تجربے کے بعد میں، اپنی غذا کے بارے میں بہت محتاط ہوگئی ہوں، اس لئے اسلام آباد میں صرف دو فرائیڈ انڈوں کا ناشتہ کرتی رہی، یہ ہوٹل اگرچہ بہت ماڈرن تھا، اس کے گرد و نواح کے علاقے میں ٹائلٹ کی مناسب سہولت نہ ہونے کے برابر تھی۔ میں تصور بھی نہیں کر سکتی کہ قضائے حاجت کے لئے اکڑوں بیٹھ کر اپنا توازن کیسے برقرار رکھا جا سکتا ہے۔

جونہی میں نے ناشتہ ختم کیا، ڈیوڈ سمتھ آ پہنچا، وہ ایک تکلیف دہ سفر کر کے آیا اور بے حد تھکا ہوا تھا۔ وہ ٹوتھ پیسٹ کی دو ٹیوبیں لے کر آیا تھا۔ اس نے ایئر پورٹ سے لائے جانے کے لئے پاشا کو بھیجنے پر میرا بہت شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا کہ اس کا طیارہ صبح چار بجے یہاں پہنچا تھا۔ اسے دیکھ کر مجھے بے پناہ خوشی ہوئی اور ہم گرمجوشی کے ساتھ بغلگیر ہوئے میرے لئے اپنے دوست علاقے کے کسی فرد سے ملاقات بڑی مسرت انگیز تھی۔ وہ زیادہ دیر ٹھہرنے کیلئے نہیں آیا تھا اس نے بتایا کہ ممکن ہے کہ وہ پشاور چلا جائے۔

میں نے اسے درہ خیبر کے بارے میں اپنی کتابوں میں سے ایک کتاب دی اور تاکید کی کہ وہ اس کا مطالعہ کرنے کی کوشش کرے کیونکہ یہ ایک بہت بڑا تجربہ ہے۔ ڈیوڈ بہت اچھا نوجوان ہے، ایک عمدہ صاحب قلم ہونے کے علاوہ نفیس عادات و اطوار کا مالک بھی ہے۔ بڑے اعتماد کے ساتھ انٹرویو لیتا ہے اور جن لوگوں کے انٹرویو لے رہا ہوتا ہے وہ بھی اس سے بہت خوش اور مطمئن رہتے ہیں۔ جی لگا کر کام کرتا ہے اور بے حد جفاکش بھی ہے۔ جس دن اس کے پاس کوئی کام نہ ہوا تو شاید وہ اس کی زندگی کا آخری دن ہوگا۔ میں یہ بات یقین سے اس لئے کہتی ہوں کہ وہ ہمیشہ دفتر میں ہی پایا جاتا ہے، اور میں بھی اکثر وہیں رہتی ہوں۔

میں نے پاشا سے کہا کہ میں اس سے اگلی صبح ملوں گی اور وہ ایک دن کی چھٹی کر سکتا ہے لیکن اس نے رضاکارانہ طور پر کہا کہ وہ ڈیوڈ کو گھمانے کے لئے لے جائے گا۔ یہ بہت اچھی بات تھی۔ جب تک تھی (ڈیوڈ سمتھ) اپنا الگ

آدمی تلاش نہیں کرلیتا۔ یہ بندوبست بہت مناسب رہے گا۔ میں اس پر اعتماد کرسکتی ہوں۔ اسے ابھی تک فلیٹ سٹریٹ کے خشک اور شکی مزاج لوگوں کی ہوا نہیں لگی۔ وہ دن میرے لئے بہت ہی بدمزہ رہا، میں نے زیادہ تر وقت اپنے کمرے اور اپنے بیڈ میں گزارا۔ میرے کپڑے کم پڑنے لگے تھے کیونکہ میرے زیادہ پسندیدہ ملبوسات ہوٹل لانڈری میں پڑے تھے۔ چنانچہ میں نے دوبارہ کمرے میں جاکر ”اسامہ بن لادن ٹی شرٹ“ پہن لی جو اس ہفتے کے شروع میں پاشا نے مجھے دی تھی۔

مردوں کی ”ناسمجھی“

دن بھر ہوٹل کا ایک ملازم بار بار میرے دروازے پر دستک دیتا رہا اور پوچھتا رہا کہ کیا مجھے کسی خاص چیز کی ضرورت ہے اور یہ بھی پوچھتا رہا کہ کیا میں روم سروس سے خوش ہوں۔ دیانت داری کی بات یہ ہے کہ میرے دل میں مردوں کے لئے عزت مزید بڑھ جاتی اگر ان میں سے کوئی آکر مجھ سے یہ پوچھتا ”کیا کچھ پینا پلانا پسند کرو گی، کیا میں تم سے کچھ دل لگی کرسکتا ہوں۔“ اس خاص قسم کی پیشکش پر بھی میری طرف سے انکار ہی ہوتا، مگر دلچسپی ذرا بڑھ جاتی، یہ کیا ہے کہ یہ بار بار ایک تھکا دینے والی بات پوچھے جا رہا تھا۔ ”کیا چاہیے؟“ تاہم کئی گھنٹوں کے بعد جب دروازے پر ایک مانوس سی دستک سنائی دی۔ دروازہ کھولا تو سوال ویسا ہی تھا جیسی توقع تھی۔ میں نے کہا ”ہاں ایک خاص ہی چیز کی ضرورت ہے، کیا تم میرے لئے ٹیمپنز (Tampons) کا ایک باکس لاسکتے ہو میرا پیریڈ ابھی ابھی شروع ہوا ہے۔“ وہ یہ سنکر ایسا شرمایا کہ اس نے مڑ کر بھی نہیں دیکھا، اور غائب ہوگیا۔ چند ہفتے پہلے، اسلام آباد آنے سے قبل میری ایک شخص سے ملاقات ہوئی تھی، میں اس کے لئے خاصی پُرجوش رہتی تھی میں اس سے اپنے وہاں کے دنوں میں اکثر ملتی جلتی تھی اور ہم انٹرنیٹ پر پیغامات کا بھی تبادلہ کرتے تھے، اس اتوار کو اس نے خاص طور پر ایک پیغام بھیجا اور پوچھا کہ کیسی ہو؟ میں نے اپنی خیریت کی اطلاع دینے کے بعد اس سے پوچھا، کہ آج کے ”سنڈے ایکسپریس“ میں میری چھپنے والی خبریں تمہیں کیسی لگیں؟ صاف ظاہر ہے کہ میں اس سے داد و تحسین چاہتی تھی۔ میں اس کے جواب کی منتظر تھی کہ رک رک کر لکھا ہوا جواب موصول ہوا۔ ”میں نے آج کا اخبار خریدنے کا تکلف نہیں کیا۔“ یہ اس کی خوش قسمتی تھی کہ میں اس وقت اسلام آباد میں تھی اور صاف بات ہے کہ میں فون اٹھا کر اس پر گالیوں کی بوچھاڑ نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن میں نے اسی پیغام پر اکتفا کی .... ”Big Mistake“ میرے گھر واپس آنے تک، اس نے کئی بار مجھ سے فون پر کال کی مگر میں نے پہلے کی سی سرگرمجوشی کے ساتھ جواب نہیں دیا۔ وہ سمجھ ہی نہیں سکا، اور زیادہ تر مرد اس معاملے میں ناسمجھ ہی ہوتے ہیں۔ اخبارات میری زندگی ہیں اور یہ میرے لئے زندگی بھر ایک مضبوط قابل اعتبار اور ٹھوس چٹان کی طرح ایک سہارا رہے ہیں، تاوقتیکہ ڈیزی پیدا ہوگئی۔ کئی بوائے فرینڈز اور شوہر آئے اور گئے میرے لئے میری جاب سے اہم کوئی بھی نہیں تھا۔ یہ جاب میری لئے ایک معقول آمدنی، بہت سی سپورٹ، متحرک رکھنے کا ایک ذریعہ، ایک پُرخطر مہم، ایک دل بہلاوا، ایک لذیذ کھانوں کا اہتمام اور ایک قابل اعتماد دوستوں کا نیٹ ورک ہے جبکہ ڈیزی میرے لئے ایک غیر مشروط محبت ہے۔ البتہ ایک چیز جس کا مجھے شدید ارمان ہے، ناپید ہے اور وہ ہے، صبح کے وقت بیڈ میں بغلگیری، گرمجوشی ہمبستری اور وہیں ناشتہ۔ تو آؤ لڑکیو، سب مل کر گریہ کریں۔ آخر ہم میں ایسی خوش نصیب کتنی ہوں گی جنہیں یہ چیز روز ملتی ہوگی؟ مجھے معلوم نہیں کہ مردوں کو کیا کیا ارمان ہوں گے۔ میں کافی عرصہ سے مردوں کو سمجھنے کی کوششوں سے دستبردار ہوچکی ہوں۔ اکیسویں صدی میں مرد ہونا بھی یقیناً ایک مشکل مسئلہ بن چکا ہے کیونکہ عورتیں کمزور اور نکھٹو مردوں کو پسند نہیں کرتیں اور ساتھ یہ بھی ہے کہ انہیں بے ڈھنگے بے وقوف اور بے ہودہ مردانگی کا مظاہرہ کرنے والے مرد نہیں بھاتے۔ نہیں مجھے بھی گردوپیش میں ہونے والی بہت سی حرکتیں پسند نہیں ہیں۔ تین شادیوں کی ناکامی کے بعد میں نے سوچا ہے کہ اب میں اپنی مادرانہ حیثیت کو برقرار رکھتے ہوئے اور صحافت کے تقدس کا پرچم بھی سربلند رکھوں گی، اپنی بہترین صلاحیتوں کو بھی انہی کے لئے وقف کروں گی اور دونوں کے ساتھ انصاف کروں گی۔ میں نے حال ہی میں اپنے ایک اچھے دوست ”باری اتوان“ کے ساتھ ڈنر کیا جو لندن سے نکلنے والے ایک عربی اخبار القدس کا ایڈیٹر ہے۔ اپنے سابق شوہروں کے گلے شکوے کرتے ہوئے میں نے کہا: تم غالباً جانتے ہو کہ میں اس امر کی ایک عمدہ مثال ہوں کہ طے شدہ شادیاں (arranged marriages) اتنی زیادہ بری نہیں ہوتیں۔“ اس نے میری طرف غور سے دیکھا لیکن اپنی سنجیدگی کو زیادہ دیر تک برقرار نہ رکھ سکا اور یوں ہنسنے لگا جیسے اس پر قہقہوں کا دورہ پڑ گیا ہو۔ ”اتوان باری“ دنیا کے ان چند صحافیوں میں سے ہے جنہوں نے اسامہ بن لادن کا انٹرویو کیا تھا۔ وہ اس موضوع پر میڈیا کا ایک باضابطہ مبصر ہے اور گیارہ ستمبر کے بعد سے مسلسل کیمروں کی آنکھ کے سامنے اسامہ کے بارے میں سوالوں کا جواب دیتا رہا ہے۔ ہماری پہلی ملاقات اس واقعہ کے کئی ماہ بعد ہوئی تھی جب اس نے ”بدنام زمانہ شخصیت“ کا وہ انٹرویو کیا تھا جس کی دنیا بھر میں دھوم مچ گئی تھی۔

باب نمبر 18

میں پاکستان اور افغانستان جانے کی منصوبہ بندی کر رہی تھی اور صاف ظاہر ہے کہ میں کسی کی طرح ''خاص قسم کا'' انٹرویو کرنا چاہتی تھی اور اس کے لئے مجھے اس کے کچھ اشاروں اور رہنمائی کی ضرورت تھی اس نے مجھے بتایا کہ بن لادن بے حد محتاط آدمی ہے، تمہارے پاس کوئی بھی الیکٹرانک چیز حتیٰ کہ کلائی کی گھڑی تک نہیں ہونی چاہیے۔ اس نے بتایا کہ کئی آدمی مجھے بن لادن سے ملوانے کا وعدہ کریں گے لیکن کوئی بھی وعدہ پورا نہیں کر سکے گا اور مجھے اپنے طریق کار کے بارے میں ہوشیار رہنا ہوگا۔

مجھے احساس ہو گیا کہ اس کے لئے مجھے بڑے پاپڑ بیلنے پڑیں گے، اور پیچ در پیچ فاصلے طے کرنا ہوں گے۔ احمد جبریل کو پینٹ خواں طے کرتے کرتے تقریباً ایک سال لگ گیا تھا۔ اس تناظر میں دیکھا تو اندازہ ہوا کہ مجھے شاید اس سے بھی زیادہ عرصہ درکار ہوگا۔ تاہم آپ جانتے ہی ہیں جیسا کہ کہاوت ہے'' آہستہ آہستہ چل کر بندر کو بھی پکڑا جا سکتا ہے۔''

میری ایک خاص عادت بھی ہے، مجھے پتہ نہیں کہ یہ اچھی یا بری۔ اگر مجھے اپنے مقصد کے صحیح ہونے کا یقین ہو تو میں نہ پیچھے ہٹتی ہوں اور نہ بددلی سے دوچار ہوتی ہوں۔ ہاں البتہ اگر میں اس نتیجے پر پہنچ جاؤں کہ یہ میرے بس کی بات نہیں تو میں ناکامی کا داغ قبول کرنے کی بجائے وہ راستہ ہی ترک کر دیتی ہوں۔

میں ناکامی سے اس لئے نفرت کرتی ہوں کہ میں خود کو منفی سمجھنے سے نفرت کرتی ہوں۔ میں منفی راہوں کی راہی نہیں ہوں۔ جب میں پریشان ہو جاؤں تو میں ایک ذرا سا کراہت انگیز کھیل کھیلتی ہوں جو میں نے 1960ء میں پہلے ملز کی فلم ''پولیانہ'' میں سے اخذ کیا تھا۔ پولیانہ ایک یتیم بچی تھی جو پریشان ہو جاتی تو ''گلیڈ گیم'' کھیلا کرتی تھی۔ جب اس کی زندگی میں کوئی افسوسناک واقعہ پیش آ جاتا تو اس وقت وہ کسی ایسی چیز کے بارے میں سوچنے لگتی جو اسے خوشی سے سرشار کر سکے۔ میں سوچتی کہ پولیانہ کی تین شادیاں ٹوٹ گئی ہوتیں اور بیشمار رشتے جڑتے جڑتے درہم برہم ہو چکے ہوتے تو وہ ''گلیڈ گیم'' کیسے کھیلتی؟ تاہم اس نقطے پر میرا افغانستان میں داخل ہونے کا عزم اور میرا اپنے کام کی عظمت پر یقین چٹان کی طرح ناقابل شکست تھا۔ کون جانتا ہے کہ میں بھی ایک دن اپنا اصل مقصد حاصل کر لوں، یعنی اسامہ بن لادن کا انٹرویو کرنے میں کامیاب ہو جاؤں۔

ڈیزی، ڈانو داور خطرات

پاشا مجھے لے جانے کے لئے سویرے سویرے ہی آ پہنچا۔ میں نے اسے کہا کہ اسلام آباد میں افغان سفارت خانے کا ایک اور چکر لگانے کی ضرورت پڑ چکی ہے۔ میرا یہ خیال کہ مجھے ویزا ایک روز پہلے 9 بجے مل جائے گا، سکاٹ لینڈ کے پہاڑی علاقے میں پھیلی ہوئی کہر کی طرح ثابت ہوا۔ تاہم میں نے ڈٹے رہنے کا فیصلہ کر رکھا تھا۔

میں نے اپنے ڈھانپے ہوئے سر کے ساتھ دروازے کے اندر جھانک کر دیکھا، ویزا افسر کو کھڑا ہوا پایا۔ اس نے میرے استفسار پر تھکے ہوئے انداز میں کہا''میرے پاس ویزے کے لئے پانچ سو درخواستیں پڑی ہوئی ہیں، انہیں مکمل چھان بین کے لئے کابل بھیجا جائے گا، فی الحال کسی کو ویزا نہیں دیا جا رہا ہے، اگلے ہفتے آ جانا۔''

میں نے اس کے جواب کو خاطر میں لائے بغیر کہا۔''میں آپ کے لئے ملک سے فوراً چلی جانا چاہتی ہوں اور جو کچھ ہونے جا رہا ہے اس کی ایک متوازن سی روئیداد قلمبند کرنا چاہتی ہوں۔ میں نے سنا ہے کہ بہت سے قبائلی بارڈر کی طرف جا رہے ہیں تا کہ اگر امریکہ حملہ کر دے تو افغان ہسپتالوں میں پہنچائے جانے والے زخمیوں کے لئے خون کا عطیہ دے سکیں، آپ مجھے ویزا دیدیں تو پاؤ ڈیڑھ پاؤ خون میں بھی دیدوں گی۔''

اس کو میری پیشکش پر یقین نہ آیا، اس نے میری طرف چونک کر دیکھا، ممکن ہے کہ اس نے مجھے پاگل سمجھا ہو یا وہ ایک کافر کے خون کو ناپاک سمجھ کر اسے قبول کرنے کے نتائج سے گھبرا گیا ہو۔ تاہم اس کے جذبات سے عاری اور پتھر کی طرح سخت چہرے سے مجھے اندازہ ہوا کہ میرا ہمدردی حاصل کرنے کا حربہ ناکام ہو گیا ہے اور مجھے ویزا جلد ملنے کی توقع نہیں کرنی چاہیے۔

جب میں خالی ہاتھ واپس لوٹی تو پاشا نے قہقہہ لگایا۔''آپ ناقابل شکست نہیں ہیں، آخر کار اپنے ہی جیسے آدمی سے آپ کا پالا پڑا ہے۔'' میں نے کہا، بلی کی کھال کھینچنے کے کئی ایک طریقے ہیں، اس کا جواب تلاش کرنے کے لئے ہم دونوں کو سر جوڑ کر سوچنا ہوگا۔

پھر ہم ایک اور سرکاری دفتر کی طرف روانہ ہو گئے جہاں کشمیر کیلئے ویزے جاری ہوتے ہیں، میں نے دفتر میں درخواست پیش کرتے ہوئے متعلقہ افسر کو بتایا کہ میری چند دن ہی کی چھٹی ہے اور میں اس خطے میں بطور سیاح جانا چاہتی ہوں۔

اس نے میرے کاغذات وصول کرتے ہوئے بے اعتنائی سے کہا''ہم تین ہفتوں میں آپ کو بتا دیں گے۔'' اور اُٹھ کر چل دیا اور میری اگلی بات منہ میں ہی رہ گئی۔ میں انتہائی شکستہ دلی سے باہر نکل آئی۔ میں کشمیر میں اس لئے

داخل ہونا چاہتی تھی کہ مجھے معلوم تھا کہ وہاں البدر نام کی ایک دہشت گرد تنظیم کے تربیتی کیمپ ہیں، جو امریکیوں کی بمباری کا ایک "جائز" نشانہ بن سکتے ہیں۔

میں نے پاشا کو اپنے منصوبے بتائے اور ہم دونوں اسلام آباد کے گرد و نواح میں البدر مجاہدین کے متعدد چھوٹے چھوٹے بدوضع دفاتر دیکھتے رہے۔ میں ہر دفتر میں اپنا بطور برٹش جرنلسٹ تعارف کراتی رہی اور ان سے تربیتی کیمپوں کے بارے میں پوچھتی تھی جس پر وہ مجھے عجیب نظروں سے دیکھتے اور مسکرا دیتے۔ پاشا مداخلت کر کے ان کی حیرت دور کرنے کی کوشش کرتا اور انہیں اردو میں بتایا کہ میں کون ہوں اور میری آمد کا مقصد کیا ہے۔

میرا خیال ہے کہ وہ میرا تعارف ٹھیک ہی کراتا تھا۔ ایک دفتر میں اس کی ان سے گفتگو خاصی لمبی ہو گئی۔ میں ان کی مسکراہٹوں اور ترچھی نگاہوں کا مطلب بھی کچھ کچھ سمجھنے لگی تھی۔ نگاہوں کا مطلب بھی سمجھنے لگی تھی غالباً وہ ان سے یہ کہہ رہا تھا یہ ایک معمولی سی چیز ہے بالکل بے ضرر ہے اور نیک نیتی سے گھوم پھر رہی ہے۔ ایک مجاہدین آفس میں ہماری ملاقات ممتاز نامی ایک نوجوان سے ہوئی، اس نے وعدہ کیا کہ وہ میرے دورۂ کشمیر کا انتظام کر دے گا۔

پھر ہم ایک پرنٹر کے پاس گئے کیونکہ مجھے چند بزنس کارڈز کی ضرورت تھی، میرے پاس موجود کارڈ لندن کے تھے جن پر "ایکسپریس" کا معروف اور معرکہ انگیز صلیبی "لوگو" چھپا ہوا تھا، اسے یہاں استعمال کیا جاتا تو لوگوں پر غلط اثر پڑنے کا خدشہ تھا۔ پرنٹر نے وہ کارڈ بغیر "لوگو" کے ری پروڈیوس کر دیا۔ میں اس نشان کو اس لئے بھی دور کرنا چاہتی تھی کہ صدر بش نے دہشت گردوں کے خلاف صلیبی جنگ کا اعلان کیا تھا، یہ "لوگو" مجھے اس مہم سے جوڑ کر اسلام دشمن جذبات بھڑکا رہا تھا۔ میں مسلمانوں کو مشتعل کر کے تو یہاں کوئی کام نہیں کر سکتی تھی۔

جاتا ہے۔ اگر وہ کام لے سکتے تو ہم ان کے لئے عظیم اثاثہ بن سکتے تھے، میں بڑی متفکر رہی، دراصل انہیں ہمیں استعمال کرنے کا سلیقہ ہی نہیں آتا تھا۔ میں نے پریس کانفرنس کے مواد میں سے کچھ "ڈیلی ایکسپریس" کے فارن ایڈیٹر گبرائیل ملانڈ کو بھیج دیا کیونکہ میں جانتی تھی کہ میرا رفیق کارڈیوڈ سمتھ، پشاور کی طرف کھسک رہا ہے۔

اسلام آباد........ الکحل فری زون

میرا دن انہی الجھنوں میں گزرا ابھی میں ہوٹل کی طرف روانہ ہوگئی۔ میں نے فون پر اپنے والدین کی مزاج پرسی کی، وہ ٹھیک ٹھاک تھے۔ جائس (ماں) کو جب معلوم ہوا کہ اسلام آباد "الکحل فری زون" ہے تو وہ میرے بارے میں کافی حد تک مطمئن ہوگئی۔ وہ شراب نوشی سے بے حد متنفر ہے۔ جب میری بہن ویو (viv) اسے بتاتی ہے کہ میں چٹخارے لے لے کر شیمپین پیتی ہوں تو وہ غصے سے پاگل ہو جاتی ہے۔ وہ اسے اسراف بے جا اور دولت کو آگ لگا دینے کے مترادف سمجھتی ہے۔ میں جب بھی گھر جاتی ہوں تو ہر کسی کو بتاتی ہوں کہ میں بنی فورڈ کے کلینک جا رہی ہوں۔ سگریٹ پیتی ہوں اور نہ شراب، سبزیاں استعمال کرتی ہوں اور کچھ پھل کھالیتی ہوں، یہ وٹامن سی سے بھرپور ہوتی ہیں اور صحت کی ضامن ہیں۔

اس نے پاشا کے بارے میں پوچھا اور کہا کہ وہ اس کا شکریہ ادا کرنا چاہتی ہے۔ کیونکہ وہ میری بہت اچھی دیکھ بھال کر رہا ہے، اس نے پاشا سے گفتگو کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، میرے لئے یہ بات بہت پریشان کن صورت ہوتی۔ میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ جان سمپسن اور کیٹ ایڈی کا بھی ایسے پیچھا نہیں کیا جاتا ہوگا۔

اس نے مجھ سے پوچھا کہ میں نے اس ہفتے کے لئے کیا مصروفیت سوچ رکھی ہے میں نے کہا، فی الحال تو مجھے کوئی اندازہ نہیں کہ اس دوران کیا کیا وقوع پذیر ہوگا اور میں اس سے کیسے نمٹوں گی؟ شاید پرسکون ہفتہ ہوگا۔ صاف ظاہر ہے کہ میں اسے ویزے کے لئے تین بار افغان سفارت خانے کے چکر لگانے کی پریشانیوں سے نہ تو آگاہ کر سکتی تھی اور نہ یہ بتانے کی جرات کر سکتی تھی اور نہ ہی اپنے دو پروجیکٹوں کا اظہار کر سکتی تھی۔

ماؤں میں چھٹی حس بھی موجود ہوتی ہے، اور میری ماں تو مانچسٹر میں چولہے پر پکتی ہوئی کوبھی کی بو کو بھی سونگھ لیتی ہے۔ اس نے مجھے کشمیر کا رخ کرنے سے سختی سے منع کرتے ہوئے کہا "اگر تو وہاں گئی تو وہ تجھے اغوا کرلیں گے اور ہم تجھے کبھی نہیں پا سکیں گے، بس اپنی بچی ڈیزی کا ہی خیال کر لینا، اس بے چاری کو ماں کی ضرورت ہے۔" میرے اندر عجیب سا احساس پیدا ہوا، کیونکہ میں اپنی ماں سے جھوٹ نہیں بولنا چاہتی، اور نہ ہی کسی اور سے، چنانچہ میں نے خاموشی میں ہی خیریت سمجھی۔

جہاں تک ڈیزی کا تعلق ہے، مجھے اسے یہ بتانے کا موقع ہی نہیں ملا کہ میں اسلام آباد میں ہوں، جب اسے معلوم ہوا تھا کہ میں نیویارک نہیں گئی تو وہ بہت مطمئن ہوئی تھی، اگرچہ اسے یہ معلوم کر کے حیرت ہوگی کہ میں کہاں جا پہنچی ہوں۔ میں اسے ہر رات فون کرتی لیکن صرف اتنا بتاتی کہ میں بیڈ پر بیٹھی ٹی وی دیکھ رہی ہوں۔

میرا خیال ہے کہ مجھے اسے کل یا اگلے دن یہ بتا ہی دینا ہوگا کیونکہ اسے جمعہ کا دن میرے ساتھ لندن میں گزارنے اور ویک اینڈ کے دوران میری ہمراہ رہنے کی توقع ہوگی۔ میری ماں اور باپ نے کہا تھا کہ وہ اسے گاڑی پر خود لے آئیں گے اور اسے دوبارہ ملاقات کے منتظر ہوں گے ڈیزی کو اپنے نانا کے ہمراہ باغ اور گرین ہاؤس کے گرد گھومنے اور اپنے کتے کے ساتھ کھیلنے سے زیادہ کسی چیز کا شوق نہیں ہے۔ میں اس کتے بلکہ ہر کتے سے نفرت کرتی ہوں۔ کیونکہ وہ گندی چیزوں کو چاٹتے چاٹتے آپ کے چہرے کو بھی اسی طرح چاٹنا شروع کر دیتا ہے۔ یہ حرکت میری کتاب زندگی میں بے حد نفرت انگیز ہے۔ میں جانتی ہوں کہ ڈیزی کتے کے پلّے کی تلاش میں ہے، اُمید ہے کہ ذرا بڑی ہوگی تو اس شوق سے باز آجائے گی۔

تاہم اس رات میں نے اپنے نیوز ایڈیٹر کو ایک ای میل بھیجی تاکہ وہ منگل کی صبح کو ہونے والی کانفرنس میں شرکت کرے تو اسے میرے ہفتے کے پروگرام کے بارے میں پورا علم ہو جائے، میں نے اسے یہ ای میل بھیجی تھی:

"ہیلو باس، میں البدر کے آفس میں گئی...... یہ وہی کیمپ ہیں جن کے بارے میں انڈین انٹیلی جنس اور سی این این ٹریننگ وڈیوز میں ذکر کیا گیا ہے کہ ان کا تعلق افغانستان اور کشمیر کے کیمپوں سے ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ میں گپ شپ کے لئے لاہور جاؤں، لیکن انہیں اس کی زیادہ اُمید نہیں ہے۔ دو سال کے دوران کسی مغربی جرنلسٹ کو وہاں جانے کی اجازت نہیں ملی ہے۔ تاہم میرا خیال ہے کہ انہیں اجازت دینے پر رضامند کیا جا سکتا ہے۔

پھر میں حزب المجاہدین کے دفتر میں گئی، کشمیر میں انہوں نے بھی ٹریننگ کیمپ قائم کر رکھے ہیں، یہ نئے دہشت گردوں کی فہرست میں ہیں۔ ان کا دعویٰ ہے کہ یہ آزادی کے لئے لڑ رہے ہیں اور مذاکرات کے بارے میں بھی سنجیدہ ہیں۔

ہم (پاشا اور میں) نے ایک نوجوان مجاہد سے دوستی کرلی ہے جس کا کہنا ہے کہ وہ ہمیں اپنی حفاظت میں، ہموار راستوں سے وہاں پہنچا دے گا۔ اگر ہم ان دو میں سے کوئی ایک روٹ بھی اختیار کرلیں جس کے بارے میں بات

باب نمبر 19

میرا یہ دن بیکار ہی گیا، چنانچہ ہم کافی پینے چلے گئے تا کہ اس ہفتے کے پروگراموں پر غور کیا جا سکے۔ میں نے سوچا کہ اگر کشمیر کے تربیتی کیمپوں تک رسائی ممکن نہیں تو پھر واحد متبادل راستہ افغانستان جانے پر زور دینا ہے۔ سٹوری بہت اچھی بن رہی تھی کیونکہ لاکھوں لوگ افغانستان جانا چاہتے تھے۔ میں نے پشا سے پوچھا کیوں نہ چند افغان عورتوں سے ملاقاتیں کی جائیں۔ اس نے کئی فون کالیں ملائیں، پھر اس نے مجھے اپنا موبائل پکڑواتے ہوئے بتایا کہ کوئی مجھ سے گفتگو کرنا چاہتا ہے۔ لائن پر دوسری جانب کے شخص نے کہا کہ وہ مجھے افغانستان قصبہ ''داؤرہابہ'' میں پہنچا سکتا ہے۔ اس کے لئے بس 1200 ڈالر دینا پڑیں گے۔

میں غصے میں آ گئی۔ ''کیا تم مجھے صرف بارڈر کے علاقے میں پاؤں رکھنے کی جگہ پر پہنچانے کے 1200 ڈالر مانگ رہے ہو، کیا میرا سر پھر چکا ہے کہ اتنی سی بات بھی نہ سمجھ سکوں۔ پہنچانا ہے تو جلال آباد یا اس کے مضافات میں پہنچاؤ اگر یہ نہیں ہو سکتا تو رہنے دو'' یہ کہہ کر میں نے موبائل پاشا کو واپس دے دیا۔

پاشا نے اس شخص سے کچھ مزید کہا اور اس کی آواز میں شدت بڑھتی جا رہی تھی۔ ویٹر ہماری طرف دیکھ رہا تھا، اسی طرح پیچھے بیٹھا ہوا بے ضرر سا شخص جو اخبار پڑھ رہا تھا، وہ بھی متوجہ ہو گیا۔ میں نے اس اجنبی کو غور سے دیکھا تو اسے جلدی جلدی کچھ لکھتے ہوئے پایا، اس پر میں گھبرا گئی۔

میں نے کاغذ کے ایک پرزے پر یہ الفاظ لکھ کر پاشا کو متوجہ کیا۔ ''آہستہ بولو، پیچھے آئی، ایس، آئی (پاکستانی انٹلی جنس) کا کارندہ کچھ نوٹ کر رہا ہے۔'' پاشا نے نظر ڈالتے ہی فون بند کر دیا، ہم اُٹھ کر الگ الگ راستوں پر ہو لئے، اور پھر اس کی پرانی پیلو کار کے پاس پہنچ گئے۔ جسے اس کے مسلسل چلاتے ہوئے ایئر کنڈیشن سے بہت نقصان پہنچ چکا ہونا چاہیے تھا، مگر انجن پرانا ہونے کے باوجود کام کرتا رہا۔ اس اثنا میں، کیفے میں بیٹا ہوا آدمی جا چکا تھا اور ہم واپس ہوٹل کی طرف روانہ ہو گئے۔

اسلام آباد میں ہوٹلوں کے ارد گرد آئی ایس آئی کے ایجنٹ اکثر گھومتے پھرتے دکھائی دیتے ہیں، جو خاص طور پر میڈیا والوں کی سرگرمیاں نوٹ کرتے ہیں۔ میں قسم کھا کر کہتی ہوں کہ ''بوفے'' کے پیچھے کھڑا ویٹر بھی آئی ایس آئی کارندوں میں سے تھا۔ اسے ویٹر کے کام کا تو اتنا بھی پتہ نہیں تھا کہ چمچے کا سیدھا سرا کون سا ہے، وہ پلیٹیں ادھر ادھر کرتے کرتے ''ڈیوٹی'' دے رہا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اسے کسی کام کے لئے کہہ دیا جائے تو وہ شش و پنج میں پڑ جاتا تھا، کہ کیسے کروں؟

افغان سفیر رپورٹروں کے نرغے میں

واپس جاتے ہوئے ہمیں افغان سفارت خانے سے گزرنا تھا، وہاں محسوس ہو رہا تھا اندر کوئی پریس کانفرنس جاری ہے کیونکہ اس کے ارد گرد کی گلیوں میں ٹی وی والوں کی ویگنیں اور کاریں کھڑی تھیں، رپورٹروں کی بھی دوڑیں لگی ہوئی تھیں۔ میں نے اندر جھانک کر دیکھا تو باغ میں طالبان کا سفیر اپنا تازہ بیان پڑھ کر سنا رہا تھا۔ زیادہ تر نامہ نگار گھاس پر بیٹھے تھے جبکہ غیر ہموار زمین پر تین ٹانگوں والے سٹول پر رکھے ہوئے کیمروں سے تصاویر بن رہی تھیں۔

سی این این کی چیف انٹرنیشنل کارسپانڈنٹ کوسٹینا امپور ملا عبد السلام ضعیف پر سوالوں کی بوچھاڑ کر رہی تھی اور اتنے زور سے پوچھ رہی تھی کہ ہر کوئی جان لے کہ وہ کیا پوچھ رہی ہے، اسی طرح دوسرے بھی سوالوں کے گولے پھینک رہے تھے۔ دیانتداری کی بات یہ ہے کہ ان رپورٹروں کو کچھ ''مارکیٹنگ ایڈوائس'' یا صحافتی آداب سیکھنے کی ضرورت تھی۔ میں اوپر سے گھوم کر باغ کی دائیں طرف گئی اور جاپان کے روزنامہ یوموری شمبون کی نوجوان میں بیورو چیف سوموآرائی کے ساتھ جا کھڑی ہوئی۔ اس سے میری صبح کو ملاقات ہوئی تھی، ہم دونوں افغانستان کے ویزا کے لئے دوڑ بھاگ کر رہی تھیں۔

عین اسی وقت ایک کمزور سا بوڑھا رپورٹر جو درخت کی ایک افقی ٹہنی پر کسی طرح ٹکا ہوا تھا دھڑام سے اپنے ایک ساتھی کے سر کے اوپر آ گرا، ہمارے ساتھ کھڑے لوگوں نے گھبرا کر اُدھر دیکھنا شروع کیا، اتنے میں ہجوم میں سے ایک گھبرایا ہوا رپورٹر اپنی کھوپڑی ملتا ملتا برآمد ہوا، میں خود پر قابو نہ رکھ سکی اور شور کیا.... ''وہ رہی، جنگ کی پہلی کا بیٹی!'' کچھ لوگ بے ساختہ ہنس دیئے، ایک بھاری پگڑ باندھے ہوئے دراز ریش شخص نے جو طالبان سفارت خانے کا افسر تھا، مجھے شعلہ بار نگاہوں سے دیکھا۔ غالباً یہ بے چارہ حسِ مزاح سے بالکل عاری تھا۔

اس پریس کانفرنس کا ایک عجیب ہی نقشہ تھا، تقریر بھی تھی، درمیان میں قرآنی آیات بھی پڑھی جا رہی تھی، الٹ پلٹ سوالات کئے جا رہے تھے، پوچھنے والوں کو اسی انداز میں جوابات مل رہے تھے، اس میں شرکت کرنے والوں کا تعلق چالیس سے کچھ زائد ملکوں سے تھا۔

مجھے پریس کانفرنس کرنے والوں کی ناتجربہ کاری پر بھی افسوس ہو رہا تھا، انہیں معلوم ہی نہیں تھا کہ میڈیا سے کیسے نمٹا

چیت چل رہی ہے تو کم از کم ایک دن کے لئے اسلام آباد سے باہر جانا پڑے گا، اور اگر کامیاب ہو گئے تو دو دن لگ جائیں گے۔

پھر میں نے اسے افغانستان جانے کے بارے میں پروگرام بتاتے ہوئے کہا کہ:

''اگر حالات سازگار رہے، ہر چیز حسب توقع وار ہوئی تو ہم دونوں آپشنز سے کام لیں گے، لیکن یہ تو پاکستان ہے ناں۔ یہاں ''فوراً'' یا ''حتمی تاریخ'' کے الفاظ کوئی معنی نہیں رکھتے۔ سیدھے طریقے سے کام کرانے کی کوشش ایسے ہی ہے جیسے بچہ گاڑی کو دلدل میں سے گزارا جائے۔

میں دونوں میں سے کسی بھی ایک راستے کو اختیار کر لوں گی لیکن آپ کی رہنمائی میں کروں گی۔ ڈیوڈ مستھ تا دم تحریر پشاور میں ہے آج میں نے ''ڈیلی'' کے لئے طالبان کانفرنس میں سے تقریباً آٹھ پیراگراف فائل کئے ہیں۔ یہ کام رضاکارانہ طور پر کیا ہے تاکہ ان سے ہمارے تعلقات خوشگوار رہیں۔ کیونکہ ہم ''سنڈے'' والے ایک دوسرے کے معاون و مددگار رہنے والے لوگ ہیں۔ افغان ویزا کے بارے میں میں سردست کوئی خبر نہیں، اس کے لئے ان کے پاس 500 سے زائد درخواستیں پڑی ہیں۔ میں نے ایک عورت کے بارے میں سنا ہے کہ جس نے اتوار کے روز کے اخبار میں صفحہ مراسلات میں میری رپورٹ پر نکتہ چینی کی ہے۔ اگر اس کی بات اتنی ہی صحیح ہے تو یہاں لوگ مظاہرے کیوں کر رہے ہیں اور گولیوں کا نشانہ کیوں بن رہے ہیں پھر تال کہیں کی۔''

میرا آخری پیراگراف اس عورت کے حوالے سے تھا جو حال ہی میں پاکستان گئی تھی اور اس نے اخبار کے صفحہ مراسلات میں اپنا ایک خط چھپوایا، اس کا کہنا تھا کہ یہاں طالبان کے بارے میں کوئی بات نہیں کرتا۔ ان کی تحریک سے ہر کوئی نفرت کا اظہار کرتا ہے۔ قطع نظر اس کے کہ صحافی خبط عظمت میں مبتلا ہوتے ہیں، یہ بہت ہی حساس روحیں ہوتی ہیں جن کی انا بھی بے حد پھوٹک (fragile) ہوتی ہے، اگر آپ ان کا دماغ درست کرنا چاہیں تو ان کے اخبار کو فوراً مراسلہ لکھ کر اصل صورت حال واضح کر دیں۔

گھونٹ پی لوں۔" وہ میری ہم ذوق اور ہمراز ہے۔ میں اپنی پریشانیاں اسے نہ بتاتی تو کسے بتاتی۔ میں نے اسے بتایا کہ یہاں ہوٹل میں گرمجوش مردوں کا قحط پڑا ہوا ہے، آخر میں نے تنگ آ کر "روم سروس عارضہ" اور "ٹیمپن ٹرک استعمال کرنے سے بھی نجات پالی ہے۔ اس نے مجھے اس پر داد دی اور کہا، اچھا، اس موضوع پر بعد میں بات کریں گے۔

کوئی تیس سیکنڈ گزرے ہوں گے کہ فون پھر بجا، اس بار یہ ڈپٹی پولیٹیکل ایڈیٹر ٹم شپمین تھا۔ ظاہر ہے کہ وہ بھی پارٹی میں سے ہی بول رہا تھا۔ پولیٹیکل لوگوں کو خبریں ہی اکٹھی کرنا ہوتی ہیں، خواہ وہ جہاں بھی ہوں۔ میں نے ہیلو وغیرہ کے بعد اسے بتایا کہ "میں ابھی ابھی تمہاری باس سے گفتگو کر رہی تھی۔ وہ کسی کمبخت دعوت ناؤنوش میں مشغول ہے اور میں ایسے ملک میں پھنسی ہوئی ہوں جہاں الکحل ممنوع ہے، زندگی پھیکی بلکہ بدمزہ ہو چکی ہے۔

ٹم شپمین، جسے ساتھی شپر کہہ کر پکارتے ہیں، بات کاٹتے ہوئے بولا "میں بھی اسی پارٹی میں ہوں جس میں JHB شریک ہے۔ اس نے مجھے تم سے اپنی گفتگو کے بارے میں بتایا ہے۔ تم بالکل پاگل عورت ہو مگر مجھے اچھی لگتی ہو، جس سٹوری پر کام کر رہی ہے خدا کرے کہ وہ اچھی رہے۔"

چند لمحے بالکل خاموشی رہی، پتہ نہیں وہ کیا کہتے کہتے رہ گیا پھر فون بند ہو گیا۔ اب میں نے سوچنا شروع کیا ہم بالکل الگ الگ دنیاؤں میں رہتے ہیں، میں یہاں ہونے کی وجہ سے لیبر پارٹی کی سالانہ کانفرنس میں شرکت سے محروم ہو گئی۔ بالکل کانفرنس سے تو نہیں البتہ اس سے متعلقہ سرگرمیوں اور تیاریوں کے کاموں میں حصہ لینے سے محروم ہو گئی ہوں جن میں ہم مزاج اور ہم ذوق لوگ اکٹھے ہوتے ہیں اور جاموں کے جام لنڈھائے جاتے ہیں۔ ایسی تقریبات ایک قسم کا جشن مے نوشی ہوتا ہے۔

سوچا، چلو یواین کلب چلتے ہیں، نہیں نہیں، میرے ذہن میں کئی خیال آتے رہے۔ ہر نیا خیال پہلے خیال کو مسترد کر دیتا تھا۔ افغانستان جانے کا خیال اُبھرا تو اس کا پلڑا سب سے بھاری نکلا، چنانچہ میں بیٹھ گئی اور چند نوٹس لکھے۔ میں نے ایک صحافی ساتھی، "کیستھر آکسفورڈ" کو فون کرنے کا سوچا جس نے اسلام آباد میں آ کر افغانستان پر ایک کتاب لکھی تھی۔ چند روز قبل یہاں کی ایک سرکاری عمارت میں اس سے میری اچانک ملاقات ہوئی اور پھر ہم نے اکٹھے ڈنر کھایا تھا اس طرح ایک پرانی واقف کار سے ملاقات کر کے مجھے بے پناہ خوشی ہوئی تھی۔

تاہم میرا دماغ پروگراموں کی ایک پٹاری بنا ہوا تھا، چنانچہ میں نے اسے کال کرنے کا ارادہ ملتوی کر دیا۔ کیونکہ ایسا کرنے سے میری توجہ بٹ جاتی۔ میں اپنی چھوٹی سی فریج کی طرف گئی اور کشید کئے ہوئے پانی کی بوتل نکال لائی۔ مجھے اپنے اوپر بہت ہنسی آئی۔ میں نے کبھی ایسے دن کا تصور تک نہ کیا تھا کہ میں کبھی ایسی منی بار میں جاؤں گی جس میں سے ٹھنڈے یخ پانی کی ایک بوتل نکال لایا کروں گی۔ چہ جائیکہ ایسی صبح دیکھوں کہ شراب کے نشے کے نتیجے میں ہونے والی اعصاب شکنی پر قابو پانے کی کوشش کرنا پڑتی۔ میرا ذہن پھر افغانستان میں آوارہ گردی کرنے لگا کہ میں درحقیقت کتنا بڑا خطرہ مول لینے جا رہی تھی۔ میں نے سب امکانات کا موازنہ کیا تو اندازہ ہوا کہ یہ ایک اچھا آئیڈیا ہے۔ پھر میں نے یہ سوچنے کی کوشش کی کہ میری پوزیشن میں اگر دوسرے لوگ ہوتے تو وہ کیا کرتے؟ میں نے اپنی ایک جنگی نامہ نگار دوست "میری کولوین" (Marie Colvin) کے بارے میں سوچا جو دنیا کے ہر خطے کے صحافیوں کے لئے ایک قابل تقلید نمونہ ہے، اگر وہ میری جگہ ہوتی تو یہی کرتی جو میں کرنے والی تھی۔ وہ بے حد جرات مند اور باصلاحیت ہے، علاوہ ازیں وہ لکھنے کی بھی بے پناہ اہلیت رکھتی ہے اس لئے اسے بڑے احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

میری کولوین سے میری پہلی ملاقات اس وقت ہوئی جب ہم دونوں "سنڈے ٹائمز" میں کام کرتی تھیں۔ ہمارے گپ شپ اس وقت ہوتی تھی جب وہ تھوڑی سی دیر کے لئے فورٹریس ویپنگ میں آتی تھی۔ یہ جگہ "دی نیوآف دی ورلڈ" "دی سن" اور "دی ٹائمز" کا بھی مستقل مسکن ہے۔ (یہ چاروں اخبارات انٹرنیشنل نیوز پیپر میگنیٹ، روپرٹ مردوک کی ملکیت ہیں) ورنہ وہ ایسے مضامین لکھ رہی ہوتی جو دنیا بھر کے جنگ زدہ خطوں میں بڑے ذوق وشوق کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں، اس نے حال ہی میں کہا ہے اور بالکل ٹھیک کہا ہے کہ جنگی رپورٹر کبھی بے روزگاری کا شکار نہیں ہوتا۔

اپریل 2001ء میں اس کی خبریں شہ سرخیوں کے ساتھ چھپیں، جب وہ سری لنکا میں سرکاری فوجوں اور تامل ٹائیگرز کے چھاپہ ماروں کے درمیان جھڑپوں میں پھنس کر شدید زخمی ہو گئی تھی۔ حکومت کا کہنا تھا کہ تامل باغیوں نے اس پر اس وقت گولی چلائی جب وہ "وایونیوا" میں ان کے زیر قبضہ ایریا سے نکل کر پُرامن ایریا میں داخل ہونے کی کوشش کر رہی تھی جبکہ تاملوں کا موقف اس سے برعکس اور بالکل صحیح تھا۔ اس کے سر، چھاتی اور بازوؤں میں چھروں کے چار زخم تھے۔ تاہم ہمیں یہ معلوم کر کے بڑی خوشی ہوئی کہ اس کے زخم جان لیوا نہیں تھے لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ اس واقعہ سے اس کی بائیں آنکھ کی بینائی زائل ہو گئی ہے۔

باب نمبر 20

میری ای میل میں مزید الفاظ یہ تھے:

''لندن میں میرے ذریعہ اطلاع کے مطابق جب تک پوپ چلا نہیں جاتا اور جیل سٹرا (برٹش فارن سیکرٹری) واپس نہیں آجاتا کچھ بھی نہیں ہوگا۔ جمعہ کو غالباً کاروائی نہیں ہوگی، کیونکہ یہ مسلمانوں کا ایک مقدس دن ہے، اس سے مسلمانوں کے ردعمل کی شدت مزید بڑھ جائے گی اور انہیں یہ کہنے کی شہہ ملے گی کہ بش صلیبی جنگ چھیڑ رہا ہے۔ سب کو آداب اور پیغام محبت: یو آنے رڈلے۔''

پوپ جان پال کی دُعائیں

ای میل بھیجنے سے پہلے میں سی این این دیکھ رہی تھی اور میں نے قازقستان میں پوپ جان پال کی تصاویر دیکھی تھیں۔ اس نے دورے کے لئے ان علاقوں کا انتخاب کیا تھا جو ممکنہ طور پر جنگ کی زد میں آنے والے تھے، اس نے عیسائیوں اور مسلمانوں کو باہمی امن کی فضا میں رہنے کی تلقین کی اور سلامتی کی دعا کی تھی۔ اس 81 سالہ بزرگ نے کہا تھا ''میں خداوند تعالیٰ سے دلی طور پر دعا کرتا ہوں کہ دنیا میں امن و آشتی رہے۔ جو کچھ ہو چکا، ہمیں اسے گہری مناقشت کی طرف نہیں لے جانا چاہیے اور مذہب کو ہرگز انتشار کا باعث نہیں بنایا جانا چاہیے۔''

یہ ایک نہایت دانشمند شخص کے دانشمندانہ الفاظ تھے لیکن مجھے محسوس ہوا کہ نہ وائیٹ ہاؤس ان کی پرواہ کرے گا اور نہ ہی ڈاؤننگ سٹریٹ ان پر کان دھرے گی۔ تاہم ''آستانا'' میں سنٹرل مدد آف ہوم لینڈ سکوئر میں منعقد ہونے والی اس رسم عشائے ربانی (ماس) میں پچاس ہزار کا ہجوم، ان کی زبان سے نکلنے والے ہر لفظ پر جھوم رہا تھا۔

یہ دنیا کی ایک عظیم مذہبی شخصیت کی قازقستان میں آمد اور پیغام امن دینے کا منظر انوکھا اور ورائے حقیقت خصوصیات کا حامل تھا۔ تقریب ایسے مقام پر منعقد ہو رہی تھی جہاں یورپ ایشیا سے بغلگیر ہوتا ہے اور اسلام عیسائیت سے آملتا ہے۔ قازقستان اس افغانستان کا پڑوسی ہے جو اسامہ بن لادن کا گھر بنا ہوا ہے۔ ایک طرف پوپ دعائے امن کے لئے ہاتھ اُٹھا رہا تھا اور دوسری جانب مغربی فوجیں یلغار کے لئے تیاریاں کر رہی تھیں۔

میں نے بعد میں جب جم سے رابطہ قائم کیا تو اس نے بتایا کہ اس نے ایڈیٹوریل کانفرنس میرے منصوبوں کا ذکر کیا تو بعض لوگوں کے منہ حیرت سے کھلے کے کھلے رہ گئے اور بعض لوگ گم صم ہو گئے۔ میں نے اسے ترکی بہ ترکی جواب دیا، ''یا تو انہیں ان میں سے کسی ایک منصوبے کی منظوری دینا ہوگی یا میں یونہی اِدھر اُدھر گھومتی رہوں گی، اور اس وقت تک کچھ نہیں کروں گی جب تک بمباری شروع نہ ہو جائے اور اس کی نوبت ہفتے دس دن کے بعد ہی آئے گی۔''

میں نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا۔ ''اگرچہ آپ میرے اس کام پر خوش ہیں، میں خوش نہیں ہوں۔ میں یہاں مزے سے بیٹھی انگوٹھے گھماتی رہوں گی جو کہ ایک پرانے قسم کا کھیل ہے، اگرچہ مجھے یو این کلب کی طرف سے کھلی دعوت ملی ہوئی ہے، ان کے ہاں الکحل کی فراوانی ہے اور دوسرے سامانِ عیش و طرب کی بھی کوئی کمی نہیں۔ اچھی طرح سوچ لیجئے۔ آج تو ابھی منگل ہے، اگر میں اندر جاسکی تو یہاں سے کل رات روانہ ہوں جاؤں گی جبکہ تفصیلات کو کل صبح حتمی شکل دیدی جائے گی۔'' اس کے بعد وہ ایڈیٹر نا وُسنڈ سے مزید گپ شپ کے لئے چلا گیا۔ میں نے دعا کی کہ کہیں وہ پیچھے سے میری رسی نہ کھینچ لے۔

میں اس رات یو این کلب جاکر کوئی تندو تیز الکحل مشروب پینا چاہتی تھی لیکن کسی سے بات نہیں کرنا چاہتی تھی اور یہ سوچنے کی کوشش کر رہی تھی کہ میں کیا کرنے والی ہوں اور میری سٹوری کی قدر و قیمت کیا ہوگی؟ صاف ظاہر ہے کہ اس میں خطرے کا عنصر تو موجود تھا لیکن آپ جو کچھ بھی کریں اس میں کسی نہ کسی حد تک خطرہ تو ہوتا ہے۔ سڑک پار کرتے ہوئے خطرہ ہوتا ہے، ٹیکسی لینے میں بھی خطرہ ہوتا ہے اور 11 ستمبر کو بے شمار لوگ اس سے دوچار ہو گئے تھے، جبکہ نارمل زندگی گزارنے کی کوشش بھی خالی از خطر نہیں ہوتی۔ کیا کسی سٹوری کے لئے خطرہ اس لئے نہ مول لیا جائے کہ آپ، اپنے ساتھ بیتی ہوئی کہانی سنانے کے لئے موجود ہی نہیں ہوں گے۔

میں انہی سوچوں میں گم تھی کہ ٹیلی فون کی گھنٹی بجی اور وہ میری بہترین دوستوں میں سے ایک تھی ''جولیا ہارٹلے بریور'' (Julia Hartley Brewer) جسے ہم پیارے JHB کہہ کر پکارا کرتے ہیں۔ یہ بے حد ملنسار اور ہمدرد و غمگسار روح کی مالک ہے اور ''سنڈے ایکسپریس'' میں پولیٹیکل ایڈیٹر کے عہدے پر فائز ہے، وہ مجھے اس وقت فون پر بتانا چاہتی تھی کہ وہ اس وقت ایک بڑی شخصیت اور کوئی زیادہ بڑی بھی نہیں، کے ساتھ بورنماؤتھ کے ہائیکلف ہوٹل میں بیٹھی، میری پسندیدہ شراب شیمپئن کی چسکیاں لے رہی ہے اور وہ اس ہوٹل میں عورتوں کی آزادیوں کے لئے ہونے والے مظاہروں کے سلسلے میں منعقدہ کانفرنس کی کوریج کے لئے آئی ہوئی ہے۔

وہ بولی.... ''او عیاش عورت! میں جانتی ہوں کہ تو کیا کرتی پھر رہی ہے، مجھے تیرے ارادے خطرناک لگ رہے ہیں اور یہ بھی معلوم ہے کہ تو جہاں سے وہاں اچھی شراب مفقود ہے، چنانچہ میں نے سوچا چلو تمہاری جگہ میں ہی چند

سرلنکا کے حکام نے بعد میں بتایا کہ میری کولوین کے پاس حکومت کی طرف سے جاری کردہ شناخت نامہ موجود تھا لیکن اس نے باغیوں کے زیر قبضہ علاقے میں داخل ہونے کی اجازت نہیں لی تھی۔ تاہم مجھے طالبان کے سفارت خانے میں جا کر یہ بات معلوم ہوگئی کہ نامہ نگار حالت جنگ میں بارڈرز پار کرتے وقت شاذونادر ہی اجازت نامے لیتے ہیں۔

بعدازاں میری نے اپنے دورے کا مقصد یہ بتایا: ''میں نے علاقہ وانی کے دیہات کا سفر کرتے ہوئے زبردست انسانی بحران پایا، اس پر کوئی توجہ نہیں دی گئی تھی اور نہ ہی اخبارات میں اس بارے میں کچھ چھپ سکا تھا، لوگ فاقوں مر رہے تھے۔ بین الاقوامی ایجنسیوں کو خوراک تقسیم کرنے سے روک دیا گیا، نہ دوائیں تھیں نہ گاڑیوں، واٹر پمپوں یا روشنی کے لئے ایندھن اور نہ زخمیوں کی دیکھ بھال کا کوئی انتظام تھا۔

بہت سے لوگوں کا کہنا ہے کہ اگر میری نے تفتیشی رپورٹنگ نہ کی ہوتی تو دنیا تاملوں کی حالت زار کے بارے میں مکمل طور پر بے خبر رہتی، یہ ایک امرواقعہ ہے کہ ایک طرف لوگ اس کی بہادری پر داد دے رہے تھے۔ یہ آج کی صحافت کا ایک افسوسناک رویہ ہے لیکن ایسا کہنے والے میڈیا کا ایک کینہ پرور اور محروم ذوق طبقہ ہیں جو جرأتمند صحافیوں پر صرف پتھراؤ کرنا ہی جانتے ہیں۔

یہ باصلاحیت پیشہ ور خواتین مجھے ہمیشہ جوش وجذبے اعتماد کی دولت سے سرشار کرتی رہی ہیں۔ انہوں نے میری بچی کو جنم دینے کے فیصلے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ ڈیزی کا وجود غالباً میری زندگی کا بہترین کارنامہ ہے، میں اس پر بجا طور پر فخر کرتی ہوں۔ لیکن مجھے یاد ہے کہ حمل قرار پانے پر مجھے کتنا صدمہ پہنچا تھا۔ یہ ناقص کنڈوم کا نتیجہ تھا، میرا پہلا فیصلہ ''ابارشن'' (اسقاط) کرالینے کا تھا۔

میں نے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کیا اور بعد میں ایک سپیشلسٹ سے ملی اور دونوں کو اپنے فیصلے سے مطلع کر دیا کہ میں بچے کو جنم دینے پر موت کو گلے لگانے کو ترجیح دوں گی۔ مجھے یاد ہے کہ سپیشلسٹ نے مجھے کہا کہ میں اس وقت 33 برس کی ہوچکی ہوں، میرا جسمانی کلاک مجھے انتباہ کر رہا ہے کہ اب کے بچے کو نہ جنم دیا گیا تو شاید آئندہ کبھی حمل قرار نہیں پائے گا۔

میں نے کہا ''اچھا ٹھیک ہے میرے لئے کوئی مسئلہ نہیں، اگلے پیر کو آؤں گی۔'' یہ کہہ کر میں اس کے آفس سے نکل آئی۔ اس ''ویک اینڈ'' پر مجھے تھامس ریجنل نیوز پیپرز (TRN) ٹریننگ کورس کے لئے بھیج دیا گیا، جو انتظامی عہدوں پر فائز عورتوں کی پیشہ ورانہ قابلیت بڑھانے کے سلسلے میں تھا۔ اس وقت میں ''سنڈے سن'' میں اسسٹنٹ ایڈیٹر تھی اور ابتداء اس کورس میں شرکت کرنے والی ''TRN'' کی پہلی خاتون نیوز ایڈیٹر تھی۔ اس میں ہر قسم کی شرکاء موجود تھیں ان کے ساتھ کام کرنا فی الواقعہ ایک ولولہ انگیز تجربہ تھا۔ میں ذہین عورتوں کے ساتھ میل جول کو ویسے بھی پسند کرتی ہوں، یہ تو ہر لحاظ سے میرے لئے پسندیدہ ترین شخصیات تھیں۔

جب میں نے ان میں سے ہر ایک سے فرداً فرداً گفتگو کی تو مجھے احساس ہونا شروع ہوگیا کہ ماں بن جانے سے پیشہ ورانہ زندگی میں کوئی رکاوٹ نہیں پڑتی۔ ایک اور سینئر خاتون جس سے میں نے بات کی ''سنگل'' یعنی بغیر شوہر کے تھی لیکن اس کے ساتھ اس کے ضعیف ماں رہتی تھی جو ذہنی طور پر معذور تھی اور اس کا مرض ''Alzheimers'' بڑھتا ہی جا رہا تھا۔ اس نے بتایا کہ یہ بات اس کے لئے تقریباً ایک معمول بن چکی ہے کہ اسے نیوز روم میں سے بلا لیا جاتا تھا، کیونکہ اس کی ماں، سوتے وقت پہنے جانے والے کپڑوں میں باہر نکل کر پارک میں گھومتی ہوئی پائی جاتی تھی۔

بعد ازاں میں دارالحکومت کے باہر کونسلر آفسز میں گئی اور اپنا تعارف کرایا۔ میں نے ان کے میڈیا کے سربراہ کو بتایا کہ میں برطانوی جرنلسٹ یوآنے رڈلے ہوں اور ایک برطانوی اخبار ”سنڈے سن“ کے لئے کام کررہی ہوں، میں آپ سے ”ایان ڈیویسن“ کے متعلق آپ کی رائے معلوم کرنا چاہتی ہوں۔ انہوں نے مجھے اگلے روز آنے کا کہہ دیا۔

پھر میں چیک پوائنٹ پر چلی گئی اور بڑی آسانی سے گرین لائن عبور کرکے ٹرکش سیکٹر میں داخل ہوگئی۔ میں نے اپنا تعارف بطور جرنلسٹ نہیں کرایا کیونکہ اس سے لوگ خواہ مخواہ چونک جاتے ہیں، چنانچہ میں نے اپنا پیشہ ہیئر سٹائلسٹ لکھوادیا۔

کرینیا میں پہنچ کر میں ”گرمز بی“ کے انہی دو تجارت پیشہ افراد سے ملی، جنہوں نے مجھے آنے کی دعوت دی تھی۔ ہم نے نہایت خوشگوار شام گزاری شراب کی چسکیاں لیتے اور گپ لگاتے رہے بعد میں انتہائی لذیذ کباب بھی کھائے پھر میں ٹہلتی ہوئی ایک قریبی ٹورسٹ آفس جا پہنچی اور وہاں موجود لڑکیوں میں سے ایک سے باتیں کرنے لگی۔ میں نے جب اسے بتایا کہ میں ایک برطانوی صحافی ہوں تو اس کی آنکھیں چمک اٹھیں، اس نے فوراً ٹیلی فون اُٹھایا اور کسی سے بات کی اور میرے طرف مڑکر پوچھا ”کیا آپ ہمارے منسٹر آ ٹورازم سے ملنا پسند کریں گی؟ وہ آپ سے جمعرات کو ملاقات کریں گے، ہم آپ کے لئے بارڈر پر کار بھیجیں گے۔“

مجھے بات بہت پسند آئی۔ چنانچہ میں نے کہا میں ضرور آؤں گی۔

گلے روز میں ”ایان ڈیویسن“ سے ملنے گئی اور بعد ازاں دو ہفتوں میں سے باقی ماندہ عرصے میں تقریباً ہر روز ہی اس سے ملاقات کرتی رہی۔ میں اپی سکاپی اور اکروتری میں برطانیہ کے خودمختار اڈوں (BASES) پر بھی فوج میں اپنے دوستوں سے ملنے جاتی رہی جن سے میں ٹیریٹوریل آرمی (T.A) کے ذریعے ملی تھی۔

یہاں آنے سے کافی دن پہلے میں تنظیم آزادی فلسطین (PLO) کے دفاتر میں اپنے رابطہ کار سے دوبارہ ملنے گئی تھی۔ اس نے مجھے لنچ پر مدعو کیا تھا، جس کے بعد ہم ٹروڈوز ماؤنٹین گئے اور ایک جزیرے کی مشہور شراب ”منیرنیر“ نوش کی۔

بعد ازاں اس نے راستے میں کار روک لی اور ہم چہل قدمی کے لئے جنگل میں چلے گئے۔ میں نہ کہے بغیر نہیں رہ سکتی کہ میں کچھ گھبرا رہی تھی خاص طور پر اس وقت ڈر لگا جب زمین پر بکھرے ہوئے خالی کارتوسوں پر نظر پڑی۔ ہم فلسطین کی صورت حال پر باتیں کرتے جا رہے تھے۔ لیکن میں ساتھ ساتھ اِدھر اُدھر کوئی بڑا سا ڈنڈا بھی تلاش کر رہی تھی تاکہ اگر یہ میرے قریب آجائے تو میں اس کا سر پھوڑ سکوں۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ مجھے یرغمال بنالیا جائے اور بوری میں بند کرکے بیروت بھیج دیا جائے تاکہ میں ٹیری ویٹ (Terry waite) کے ساتھ جا ملوں۔

جاسوس ہونے کا شبہ

تاہم ایسی نوبت نہ آئی اور ہم چلتے ہوئے کار کے پاس آ گئے لیکن مجھے اس وقت پتہ چل گیا کہ اس کا میڈیا سے یا تو بالکل کوئی تعلق نہیں اور اگر ہے تو بس واجبی سا۔ وہ دراصل انٹلی جنس افسر تھا۔ اس نے میرے بارے میں ایک رپورٹ فائل کی جس میں اس نے کہا کہ .... ”میں کسی قسم کی جاسوس ہوں اور غالباً موساد سے روابط رکھتی ہوں۔“ میں یہ بات ضرور کہوں گی کہ یہ رپورٹ بڑی حد تک قابل قبول معلوم ہوتی تھی۔ جس کی بنیاد پر PLO نے میرے واپس آتے ہی میرا پیچھا کرنا شروع کردیا۔ اس میں ان پر یہ انکشاف کیا گیا تھا:

”یوآنے رڈلے اس ملک میں یوآنے این میکفوش کے نام سے داخل ہوئی اور ایک اپارٹمنٹ بلاک میں ایک اور نام سے، دو مردوں کے ہمراہ داخل ہوئی۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسے ٹرکش سیکٹر میں آنے جانے کی کافی آسانی حاصل ہے۔ اسے یہاں آنے کے چار دن بعد ایک سرکاری لیموزین لینے آئی، جسے ایک شوفر چلا رہا تھا۔ اس طرح وہ دوسری بار ٹرکش سیکٹر میں داخل ہوئی۔ وہ برطانیہ کے خودمختار اڈوں میں آنے جانے کے لئے سرکاری آئی ڈی استعمال کرتی ہے۔ لندن میں ”دی سن“ کے نیوز روم سے پتہ کرایا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ وہاں کام نہیں کرتی۔ اس کا لب ولہجہ غیر ملکی ہے جسے وہ چھپانے کی کوشش کرتی ہے۔ اس میں عورتوں کا روایتی ڈر خوف نام کو بھی نہیں اسے دور دراز کے جنگلات میں طویل چہل قدمی کے لئے لے جایا گیا تو وہ بلا جھجک چل پڑی اور انتہائی اطمینان سے ٹہلتی رہی۔“

میں اس رپورٹ میں مذکور ہر نقطے کی وضاحت کرکے انہیں مطمئن کرسکتی تھی۔ میرے دورے کے کوئی مجرمانہ یا مفسدانہ مقاصد نہیں تھے۔ مجھے یہ بات بہت مضحکہ خیز لگی کہ ان کے خیال میں ہر کوئی ”مجسٹی“ کی طرح کوئینز انگلش پر قدرت رکھتا ہے، ظاہر ہے کہ انہیں اس سے پہلے دریائے ٹائن کی وادی میں رہنے والوں لب ولہجہ سننے کا اتفاق نہیں ہوا اور مجھ پر اسرائیلی ہونے کا گمان کر بیٹھے۔

یہ فائل کرنل داؤد زارورہ کے حوالے کی گئی جو تنظیم آزادی فلسطین (پی ایل او) کی انٹلی جنس کا سربراہ تھا۔ اس نے

باب نمبر 21

ایک اور خاتون مارین سمپسن جو ابرڈین "ٹی آر این" پیپرز سے تعلق رکھتی تھی، اس کے تیرہ تیرہ سال کے دو جڑواں بچے تھے اور وہ حال ہی میں طلاق کے مقدمے سے فارغ ہوئی تھی، میں سب سے زیادہ ہیلن مارٹن سے متاثر ہوئی جو "ایوننگ نیوز" میں ایک اسسٹنٹ ایڈیٹر تھی۔ اس کی شادی فلیٹ سٹریٹ کے ایک صحافی سے ہوئی تھی، لیکن بچے کی پیدائش کے فوراً بعد اس کی شوہر سے علیحدگی ہوگئی۔ کیونکہ اس پر انکشاف ہوا کہ اس کا شوہر تقریباً ایک سال سے ایک اور عورت سے ناجائزہ تعلقات استوار کیے ہوئے ہے۔ اس نے اپنا گھر فوراً فروخت کر دیا اور 700 پاونڈ ساتھ لے کر اپنی ماں کے پاس، گلاسگو میں چلی آئی۔ یہاں ہیلن نے نئے سرے سے زندگی شروع کی، جاب تلاش کر کے، ایک مکان حاصل کیا اور بچے کی نگہداشت کے لئے ایک خادمہ کا انتظام کرلیا۔ تا کہ اس کی پیشہ ورانہ زندگی میں رکاوٹ پیدا نہ ہو۔ میں اس کی سٹوری سے بہت متاثر ہوئی جو اس نے نہایت حقیقت پسندانہ طریقے سے سنائی۔

اتوار کی رات، میں نے گھر سے نیوکیسل جاتے ہوئے، گزشتہ دو دنوں کے واقعات پر غور کرنے کے بعد فیصلہ کیا "لعنت بھیجو مشکلات پر، میں خواہ دنیا کی عظیم ترین ماں کہلا سکوں یا نہ، مگر میں ایک بچے کی ماں ضرور بنوں گی۔" میں نے اس شام سپیشلسٹ کو اس کے گھر کے نمبر پر فون کیا اور اسے اپنے فیصلے سے مطلع کیا، جس پر اس نے جواب دیا۔ "مس رڈلے مجھے اس پر بے پناہ خوشی ہوئی ہے، میری دلی تمنا ہے کہ مجھے ایسی کئی کالیں موصول ہوا کریں، مجھے یقین ہے کہ آپ اس فیصلے پر کبھی پشیمان نہیں ہوں گی۔ یہ بے حد مناسب اور درست سوچ ہے" اور واقعی اس نے درست کہا تھا۔

فلیٹ میں میرے ساتھ رہنے والی کیرول واٹسن مجھ سے گرم جوشی کے ساتھ بغلگیر ہوئی۔ اس نے بھی مبارکباد دیتے ہوئے کہا "تمہیں اس پر کبھی پچھتاوا نہیں ہوگا۔"

پھر میں نے داؤد کو فون کیا تا کہ اسے اپنے فیصلے سے مطلع کر کے ذہنی کوفت سے نجات دلاؤں جو میری چند روز پہلے کی باتوں سے اسے ہوئی تھی۔ میں نے اسے اسقاط کے فیصلے سے مطلع کیا تھا، اس پر وہ بے حد مغموم ہوا، میں نے اپنے ذہن میں حمل کا مسئلہ حل ہونے تک اس سے تعلقات نہ رکھنے کے بارے میں طے کرلیا تھا۔ اس سے پریشان ہو کر اس نے قبرص میں تنظیم آزادی فلسطین کی کونسل سے تبادلہ کرا کر تنظیم کے عراقی یا لیبیائی سفارت خانے میں تعیناتی کی درخواست دیدی تھی۔ میرے خیال میں وہاں اس کا مرتبہ "فرنچ فارن لیجن" کے مساوی ہونا چاہیے تھا۔

ڈیزی کا "باپ" کون تھا؟

داؤد سے میری پہلی ملاقات 1991ء کے موسم گرما میں نکوشیا میں ہوئی تھی جہاں میں ساؤتھ شیلڈز کے ایک کارپنٹر "ایان ڈیویسن" سے ملنے گئی تھی جو وہاں جیل میں عمر قید کی سزا کاٹ رہا تھا، اس کے ہمراہ تنظیم آزادی فلسطین کے دو "دہشت گرد" بھی یہی سزا کاٹ رہے تھے، یہ تینوں 1980ء کے عشرے میں "لارنا کہ" کے محاصرے کے سلسلے میں پکڑے گئے تھے جس میں ایک یاٹ میں سوار موساد کے تین ایجنٹ بھی ہلاک ہوگئے تھے۔

میری داؤد سے کم و بیش تین سال سے خط و کتابت چل رہی تھی، اور وہ بالآخر اس بات پر رضامند ہوگیا تھا کہ میں اس سے ملاقات کرسکتی ہوں چنانچہ میں نے دو ہفتے کی چھٹی لی اور بذریعہ طیارہ اس کے پاس جا پہنچی۔ میں "سنڈے سن" کے لئے کام کررہی تھی جس کے پاس بجٹ بہت کم تھا اس لئے سفر کے آدھے اخراجات میں نے برداشت کئے اگرچہ میں نے جم سے طلاق لینے کی کارروائی شروع کررکھی تھی لیکن میری پاسپورٹ پر اس کا خاندانی نام میکلفش ابھی چل رہا تھا جبکہ کریڈٹ کارڈز "رڈلے" کے نام سے تھے میں نے جنوب مغربی قبرص میں پافورس میں ایک پارٹمنٹ لے رکھا تھا جو ایک اور نام سے تھا۔

میں قبرص پہنچی تو میں نے ایک کار کرائے پر لی جو آخری گاڑی تھی، اس پر میرے پیچھے کھڑے دو انگریزوں کو سخت مایوسی ہوئی کیونکہ اب ان کے لئے سفر مشکل ہوگیا تھا۔ چنانچہ میں نے انہیں اپنے ساتھ بٹھالیا۔ جب ہم "پافوس" میں پہنچے تو ہم آپس میں گہرے دوست بن چکے تھے۔ راستے میں انہوں نے بتایا کہ وہ شمالی مشرقی لنکن شائر میں "گرمزبی" میں رہتے ہیں اور مچھلی کی تجارت کرتے ہیں یہاں ان کا شمالی سیکٹر میں کوئی کاروباری تعلق ہے۔

میں نے انہیں رات کو اپنے اپارٹمنٹ میں قیام کی پیشکش کی جو انہوں نے انتہائی تشکر کے ساتھ قبول کرلی۔ یہ اپارٹمنٹ خاص اہڑا تھا، اس میں معقول سائز کے تین بیڈروم تھے۔ اگلی صبح ہم اکٹھے نکوشیا تک کار میں گئے وہاں اتر کر وہ چلے گئے۔ انہوں نے مجھے ترکش سیکٹر میں اپنے پاس مدعو کیا تو میں نے کہا کہ میں انہیں سہ پہر کے وقت قصبہ کیرینیا میں ملوں گی۔ پھر میں سنٹرل جیل کی طرف روانہ ہوگئی۔ وہاں اگلے روز ملاقات کے لئے فارم وغیرہ پر کئے۔

خالد کو فون کیا کہ وہ مجھ سے اس کی ملاقات کا بندوبست کرے ۔ یہ ملاقات بڑی غارتگر ثابت ہوئی ۔ جونہی میں نے اس کے چہرے پر نظریں گاڑیں تو میں اس پر مر مٹی ۔ یہ ملاقات برقی اثرات رکھتی تھی ، میں مسحور ہو کر رہ گئی ، اور میں اس بات سے بالکل بے خبر تھی کہ "پی ایل او" کی انٹلی جنس سیکشن کا آدھا عملہ اوور ٹائم لگا کر یہ معلوم کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ میں کون ہوں اور کیا کرنا چاہتی ہوں ۔

میں نے اپنے باقی ماندہ چند دن ایان ڈیویسن سے ملاقاتیں کرنے میں گزارے اور راتیں داؤد کی نذر کیے رکھیں ۔ جس کے بارے میں ، میں کہتی ہوں کہ یہ بے حد شریف النفس شخص ہے ۔ اس نے مجھے بتایا کہ وہ ایک سرمایہ کار (invertor) ہے ۔ اس کی بات پر شک کرنا خود پر شک کرنے کے مترادف تھا ۔ مجھے اس وقت قطعاً معلوم نہیں تھا کہ میں جنوبی لبنان کے "فتح لینڈ" کے سابق کمانڈر اور افسانوی شخصیت ابو حکیم کے روبرو بیٹھی ہوں جسے آج بھی بہت سے فلسطینی احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ۔ فتح لینڈ 1970 سے 1978 ء تک یاسر عرفات کی الفتح پارٹی کے زیر کنٹرول رہا ۔

جب میں نیو کیسل میں واپس آئی تو میرے پاس دھماکہ خیز قسم کی سٹوری تھی جسے نئے ڈپٹی ایڈیٹر ٹونی فراسٹ نے چنگھاڑتی ہوئی سرخیوں کے ساتھ شائع کیا اور ٹیلی ویژن پر بھی دکھا دیا ۔ یہ بہت بڑی کامیابی تھی جس پر مجھے سب رفقائے کار کی طرف سے مبارکبادیں ملیں ۔ ہم اپنے دفتر سے ملحقہ بار "پرنٹرز پائی" میں گئے اور خوب پی کر ، اظہار مسرت کیا ۔

داؤد اور میں آپس میں رابطے میں رہے اور وہ چند ماہ بعد نیو کیسل کے علاقہ "لیز ٹیرس" میں میرے گھر آیا اور میں نے اس کا اپنے ایک نہایت قریبی دوست مارٹن شیڈن سے تعارف کرایا جو "ناردرن ایکو" میں تفتیشی رپورٹر تھا ، ان کے مابین بھی پکی دوستی کا آغاز ہو گیا ۔ تقریباً یہی دن تھے کہ داؤد نے یہ دھماکہ خیز انکشاف کیا کہ وہ دراصل کون ہے اور وہ کیا کام کرتا ہے ۔ اس وقت تک میں ٹیریٹوریل آرمی میں کیپٹن کے عہدے پر پہنچ چکی تھی ، اس طرح مفادات کا تصادم ایک قدرتی امر تھا ۔ میں نے فیصلہ کر لیا کہ اپنے اعلیٰ افسروں کو کچھ نہیں بتاؤں گی ۔ میں دیکھنا چاہتی تھی کہ ہمارے "باہمی تعلقات" کیا گل کھلاتے ہیں ؟

نئے سال کی آمد پر میں حاملہ ہو چکی تھی اور ماہ اپریل میں فوجی مشقوں کے لئے قبرص چلی گئی ۔ میں ٹی اے رجمنٹ میں "لوکل بوائے" سٹوریز کر رہی تھیں ۔ یہ رجمنٹ چھ ماہ کے لئے فاک لینڈز جا رہی تھی تاکہ مقامی انفنٹری کمپنی کی مدد کر سکے ۔ یہ سٹوری بے حد اہم تھی کیونکہ ٹی اے رجمنٹ کے سپاہیوں کو پہلی بار فل ٹائم پوزیشن کے لئے استعمال کیا گیا تھا ۔

باب نمبر22

چونکہ میں اپنی انچارج آپ تھی اس لئے میں جب چاہتی بیرکوں سے باہر چلی جاتی اور نکوشیا کے مضافات میں داؤد کے فلیٹ میں جا پہنچتی اور مجھے کسی کو رپورٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی تھی۔ ایک رات کیا ہوا کہ میں اس کے لاؤنج میں فل برٹش آرمی کٹ سمیت محوِ استراحت تھی کہ خالد اپنے باس سے ملنے آ دھمکا۔ آپ تصور کر سکتے ہیں کہ وہ مجھے ریمبو جیسے لباس میں ملبوس وہاں بیٹی پا کر اس پر کیا بیتی ہوگی۔

بعد ازاں اس نے یہ بات داؤد کی پہلی بیوی کو بتا دی جو ایک لبنانی عورت تھی اور ''پی ایل او'' کے ساتھ گہرے رابطے رکھتی تھی۔ میرے خیال میں اس نے یہ واقعہ یا سرعرافات کو رپورٹ کر دیا اور بتا دیا کہ داؤد موساد کے ہاتھوں میں کھیلنے لگا ہے اور وہ دراصل برطانیہ کا سیکرٹ ایجنٹ ہے۔ اس پر پی ایل او کی صفوں کے اندر شدید کھلبلی مچ گئی ہے۔ میں نے سوچا کہ وقت آ چکا ہے کہ میں اپنے کمانڈنگ آفیسر کرنل ڈیوڈ میکڈائن کو صاف بتا دوں۔ ویسے یہ ڈیوڈ بھی بے حد خوبصورت اور دلکش شخصیت کا مالک تھا۔

جب میں قبرص سے واپس آئی اور جھانک کر کرنل میکڈائن کو دیکھا، وہ اکیلا بیٹھا تھا۔ میں نے اسے اپنے حاملہ ہونے کی خبر سنائی۔ اس نے بتایا کہ اسے یہ معلوم کر کے بڑا سکون آیا ہے کیونکہ برطانوی فوج میں غیر شادی شدہ ماؤں سے متعلق ایک فراخدلانہ روایت پائی جاتی ہے۔ پھر اس نے تھوڑا توقف کرنے کے بعد آہستگی سے پوچھا ''اس کا باپ کون ہے۔ کوئی مسئلہ تو درپیش نہیں ہے، کیا یہ کسی شادی شدہ افسر کی کارستانی ہے؟''

میں نے کہا ''نہیں سر، یہ شادی شدہ افسر نہیں، اس میں تھوڑا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔ یہ ایک کرنل ہے مگر برٹش آرمی کا نہیں۔''

وہ ڈیسک پر ذرا آگے ہو کر بولا ''یو آنے کس آرمی کا؟''

میں نے ایک گہری سانس لیتے ہوئے کہا کہ یہ ''پی ایل او'' کا کرنل اور ان کی انٹلی جنس کا سربراہ ہے۔

کرنل نے میری طرف بغور دیکھتے ہوئے کہا ''ہمیں یہ گفتگو یہیں ختم کرنا پڑے گی یو آنے .... مجھے اس امر کی کچھ تحقیق کرنا پڑے گی کہ ہم کسی مصیبت کو تو دعوت نہیں دے رہے، اس کے بارے میں کسی اور سے کچھ نہ کہنا۔''

مجھے احساس ہوا کہ وہ اس بات کو کہیں دور پہنچتے ہوئے پا رہا ہے اور اسے کچھ اطمینان بھی ہے کہ میں ''نچلے درجے کے افسروں'' کے ساتھ گُل نہیں کھلا رہی ہوں۔

مجھے یقین ہو گیا کہ میرے لئے اس سے ڈسپلن کا کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوا لیکن دوسری جانب قبرص میں داؤد کو فوراً پی ایل او کے ہیڈ کوارٹر میں طلب کر لیا گیا جو اس وقت تیونس میں ہوتا تھا۔ لیکن اس نے وہاں جانے سے انکار کر دیا اور کہا کہ اس کے ذاتی معاملات زیرِ بحث نہیں لائے جانے چاہئیں۔ جس پر اس کی تنخواہ کم کر دی گئی۔ اس کے دفتر کے ٹیلی فون منقطع کر دیئے گئے اور یا سرعرفات اور اس کے مابین لفظوں کی جنگ شروع ہو گئی۔ عرفات اپنے احکامات کی تعمیل کرانے کا عادی چلا آ رہا تھا اور اس کا منظورِ نظر (وہ اسے ذاتی طور پر اپنا محبوب کہا کرتا تھا) اس معاملے میں کچھ بھی سننے پر تیار نہیں تھا۔ داؤد موسم گرما میں میرے پاس آیا اور بتایا کہ اس پر لعنت و ملامت کی بارش ہو رہی ہے۔

اس نے بتایا ''میں نے انہیں بتایا ہے کہ ہم شادی شدہ ہیں، ہمارا ایک معاشقہ ختم ہو چکا ہے۔ ہماری کہانی سارے خطے میں پھیل چکی ہے۔ اسے محبت کی بہت بڑی کہانی قرار دیا جا رہا ہے۔ لوگ محوِ حیرت ہیں۔''

میں یہ سن کر محظوظ ہوئی کہ پورے مشرق وسطیٰ میں میری دھوم مچ گئی ہے۔ میرے معتمد دوست فوٹو گرافر مائیکل سکاٹ نے ہم دونوں کی شادی کی تصاویر'' بنائیں جو سارے قبرص اور تیونس میں پھیلا دی گئیں۔ مجھے اس پر بڑی حیرت ہوئی کہ پی ایل او کے ایک دہشت گرد سے میرے خصوصی انٹرویو کی کوشش نے کیا کیا رنگ کھلائے ہیں، اور اس سے مجھ سمیت کئی لوگوں کی زندگیاں بدل گئی ہیں۔ میں جان بوجھ کر مصیبتوں کو تلاش نہیں کرتی، مصیبتیں مجھے تلاش کر لیتی ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ سنڈے ٹائمز کے میڈیا ایڈیٹر نکولس ہیلن نے ایک بار مجھے کہا تھا کہ تم صحافت کی طرف سے ایک لہراتا ہوا مکا ہو۔

چنانچہ اب میں اسلام آباد میں تھی اور ایک اور ''ایڈونچر'' پر روانہ ہو رہی تھی۔ مجھے معلوم تھا کہ میں بہت بڑا خطرہ مول لے رہی ہوں لیکن اس سارے آپریشن کو کامیابی سے ہمکنار ہوتا ہوا پا رہی تھی۔ یہ بھی سوچ رہی تھی کہ کیا میں اپنے والدین، اپنی بہنوں اور ڈیزی، اور اپنے قریب ترین دوستوں کو خط لکھنا شروع کر دوں۔ مگر ان کی فہرست بہت طویل ہوتی جا رہی تھی لہٰذا نا قابلِ عمل تھی۔ یہ پولیانہ قسم کی چیز نہیں تھی۔

اس امر کا بھی واضح امکان تھا کہ مارٹن اور جم، منصوبے پر عمل در آمد روک دیں اور میں نے یہاں تک سوچ لیا تھا کہ میں اپنے فون کا سوئچ ہی آف کر دوں گی لیکن ایسا کر دیتی تو نوکری سے ہاتھ دھونا پڑے۔ بہر حال میں آگے ہی بڑھ رہی تھی۔

ر قعے کے نیچے کی خاموش دنیا

تقریباً آدھی رات ہو چکی تھی، میں 24 گھنٹے سے بھی کم وقت میں افغانستان کے اندر پہنچنے والی تھی۔ میں نے دوستوں اور افرادخاندان سے فرداً فرداً مختصر سی گفتگو کر لی تھی اور میرے آخری کال ڈیزی کو تھی۔ میں نے اسے بتایا کہ مجھے تجھ سے بہت محبت ہے اور اس نے مجھے بذریعہ ٹیلی فون ہی ''بوسہ'' دیا۔

میں نے اپنی بیٹی سے کہا ''ہمیشہ یاد رکھو: اگر مجھے چاہتی ہو یا تمہیں میرے ضرورت محسوس ہو تو اپنی آنکھیں بند کر کے ممی کے بارے میں سوچنا شروع کر دینا، میں فوراً پہنچ جاؤں گی۔ کہو کیا یہ بات تمہیں یاد رہے گی، کہو ناں، ہاں ضرور یاد رہے گی، کیوں ڈیزی ایسا ہی ہے ناں؟ میں چاہتی ہوں کہ تم یہ باتیں ہمیشہ یاد رکھو اور اچھی طرح یاد رکھنا''

میری حیرت انگیز بیٹی نے جواب دیا ''جو کچھ بھی ہو گا، امی! کیا آپ میرا برتھ ڈے تو نہیں بھول لیں، کیا بھول گئیں؟ یہ بدھ کو ہے۔ اچھا تو اب میں چلتی ہوں، ہم اس وقت کھیل رہے ہیں، بائی''

اس کے ساتھ ہی لائن ڈیڈ ہو گئی۔

میری رات کی نیند بے سکونی کی تھی۔ لیکن میرے لئے یہ کوئی نئی بات نہیں جب بھی میرے ذہن پر کوئی دھن سوار ہو، میری رات کروٹوں میں ہی گزرتی ہے۔ میں جانتی تھی کہ اگر میں چاہوں تو اس منصوبے کا ''پلگ'' اب بھی باہر کھینچ سکتی ہوں۔ اگر میں نے خود کو زیادہ مغموم پایا تو یقیناً یہی کروں گی۔

میں ناشتے کے لئے نچلی منزل پر اتری تو میرے ساتھ وہ جوشیلی امریکی فوٹوگرافر بھی آ گئی جو نیو یارک کی کسی ایجنسی کے لئے ایشیا کے مختلف ممالک میں تصویریں بناتی تھی۔ وہ زود رنج اور سخت جان بھی تھی، میں اسے ناراض کرنے سے بچنے کی کوشش کرتی رہتی تھی اور بڑی محتاط رہتی تھی۔ میں نے اسے اپنے منصوبے سے متعلق کچھ نہ بتایا تاکہ اگر وہ میرے ساتھ جانا چاہتی تو جا سکتی تھی۔ یہ بتانے کی وجہ یہ بھی کہ جیسے میں پہلے بتا چکی ہوں کہ میں اکیلے کام کرنے کو ترجیح دیتی ہوں۔ اس کے جسم پر کافی چوٹیں اور خراشیں آئی ہوئی تھیں، اس کے باوجود وہ جلسے جلوسوں اور ہنگاموں کی تصاویر بناتی رہتی تھی۔

میں نے حسب معمول فرائیڈ انڈوں اور مصالحہ دار کری کا ناشتہ کیا۔ پھر ہوٹل کے بزنس سنٹر میں جا کر جم مرے کو یہ ای میل بھیجی:

''تو میرے مہم پر روانگی کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں، یہ ایسی تیاریاں ہیں کہ میں نے اس سے پہلے ایسی کبھی نہیں کیں۔ اگر میں کامیاب ہو گئی تو میں جانتی ہوں کہ مجھے پیٹھ پر بہت تھپکیاں ملیں گی، اور ناکام ہو گئی تو ناعاقبت اندیش اور پرلے درجے کی احمق کہلاؤں گی۔

اس دنیا میں کوئی بھی ایسا کام نہیں جسے مکمل طور پر محفوظ اور خطرات سے پاک کہا جا سکتا ہو۔ یہ حقیقت ہزاروں اہل نیو یارک پر 11 ستمبر کو واضح ہو گئی تھی۔ تاہم طالبان کے زیر کنٹرول افغانستان میں کوئی بھی مغربی صحافی موجود نہیں اور ہمیں یہ جاننے کی اشد ضرورت ہے کہ وہاں اندر کیا ہو رہا ہے۔ خواہ ایک آدھ فوٹو ہی کیوں نہ ہو۔

مجھے پورا یقین ہے کہ میں بخیریت رہوں گی، میری تحفظ ذات کی جبلت خاصی قوی ہے، اور بھی کئی لوگ یہ خطرہ مول لے رہے ہیں، لہٰذا میں بالکل اکیلی نہیں ہوں۔ مسکین نامی ایک شخص میرا گائیڈ ہے، اس کا تعلق صوبہ سرحد کے قبائلی علاقے سے ہے۔

باب نمبر 23

ہم کوہ ہندوکش میں سے ایک قدیم روایتی روٹ اختیار کریں گے۔ یہ راستہ پاکستان کی سرحدی چوکیوں سے ہٹ کر جاتا ہے اور ہم اسے چار پہیوں والی گاڑی سے طے کریں گے۔ پھر تقریباً دس کلومیٹر پیدل چلنے کے بعد جلال آباد کے نواح تک گھوڑوں پر جائیں گے، جہاں اسامہ بن لادن کا ایک اڈہ ہے۔ اگر چہ ہم اس سے کافی دور سے گزریں گے۔ وہیں کہیں رات ٹھہرنے کے بعد پیچھے ہٹ آئیں گے اور میں جمعہ کی سہ پہر کو سٹوری فائل کروں گی۔

افغان عورت کا بھروپ

میں نے ہر ممکن احتیاط کرلی ہے۔ بال رنگ لئے ہیں اور جلد بھی رنگدار کرلی ہے، کپڑے بھی پرانے اور افغان وضع کے ہیں اور جوتے بھی روایتی پہنوں گی۔ مسکین لوگوں پر یہ ظاہر کرے گا کہ وہ اپنی بوڑھی ماں کو افغانستان سے لانے جا رہا ہے۔ اس کی بیوی (یعنی میں) گونگی ہے۔ ہمارے پاس نیم خودکار ہتھیار ہوں گے، بعض مقامات پر مسلح محافظ بھی ہمارے ساتھ ہوں گے۔ ہمارے پاس جو شناخت موجود ہے، وہ ہم بارڈر پر پاشا کے حوالے کر جائیں گے۔

میں اپنے اہل خاندان کو خطوط وغیرہ لکھنے والی تھی، مگر اب یہ ارادہ ترک کر رہی ہوں۔ میں جمعہ کو سٹوری فائل کروں گی، اور آپ سے جتنی بھی جلدی ہو سکا، رابطہ قائم کروں گی۔ کیا یہ سب مکمل ہونے پر مجھے 2000 ڈالر بھجوائے جا سکتے ہیں، ان کے ساتھ یہی فیس طے پائی ہے۔ اس کام میں تعاون کرنے والوں کو اچھی طرح معلوم ہے کہ میں جب تک بخیریت اسلام آباد واپس نہ پہنچ جاؤں انہیں ایک پائی تک نہیں ملے گی۔
پشاور میں بعض دھوکہ باز لوگ 1200 ڈالر کے عوض افغانستان لے جانے کی پیشکش کرتے ہیں مگر جانے والوں کو وہاں بمشکل پاؤں رکھنے کی جگہ مل سکتی ہے۔ یہ بہت بیہودہ بات ہے۔ اگر اس سفر کے دوران ہماری طالبان سے مڈھ بھیڑ ہوگئی تو پتہ نہیں ہمارا کیا حشر ہوگا۔
میں انتظار کر رہی ہوں کہ وہ وقت کب آتا ہے جب میں آپ کو ایک اچھا سا فیچر اور مصدقہ خبریں فائل کر سکوں۔
پھر میں نے ڈیوڈ سمتھ کو کال کی جو کوئٹہ میں تھا اور ڈیلی ایکسپریس کے لئے کام کر رہا تھا۔ اس نے پوچھا کہ میں ”سنڈے“ کے لئے کام کر رہا تھا۔ اس نے پوچھا کہ میں ”سنڈے“ کے لئے کیا کر رہی ہوں۔ میں نے جواب دیا۔ یہ مت پوچھو بعض اوقات منہ سے نکل جانے والی بات سٹوری کی ”بائی لائن“ کو چھین لیتی ہے۔
وہ بولا ”میں اندازہ لگا سکتا ہوں مگر کیا یہ جمیر سے کا آئیڈیا ہے؟“ ”میں ہنسی اور کہا ”نہیں، حقیقت یہ ہے کہ وہ اس پروجیکٹ پر نظر ثانی کے لئے زور دے رہا تھا، اور یہ سارے کا سارا پروجیکٹ میرا اپنا ہے۔“
ڈیوڈ سمتھ اس لئے کوئٹہ گیا تھا کہ جنوب میں مہاجرین کا بحران سنگین ترین شکل اختیار کر رہا تھا۔ اس نے کہا کہ اشتعال انگیزیوں اور کشیدگیوں میں اتنی شدت بڑھ چکی ہے کہ جس ہوٹل میں ہم ٹھہرے ہوئے ہیں، اس کی انتظامیہ کو مسلح گارڈ مقرر کرنا پڑ گئے ہیں۔ میں نے سوچا کہ اگر صورت حال ابھی سے یہ ہو چکی ہے تو اس وقت کیا ہوگا جب وہاں بم گرائے جا رہے ہوں گے؟ میں نے اسے محتاط رہنے کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ میں اس ہفتے کے آخر میں تم سے رابطہ قائم کروں گی۔
ٹم شیمین نے مجھ سے کہا تھا کہ میں ڈیوڈ سمتھ کا خیال رکھوں، کیونکہ یہ اس کا قریبی دوست ہے اور اسے پہلی بار اتنی بڑی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ لیکن اسے کسی قسم کی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ اندر سے اگر چہ ڈرا ہوا تھا مگر ظاہر یہ کر رہا تھا کہ وہ خود اعتمادی سے مالا مال ہے، اور اس نے ایک اچھے گائیڈ کا بھی انتظام کر لیا تھا۔
میں کچھ دیر ہوٹل کے ارد گرد گھومتی رہی اور پھر وائٹ ہال میں اپنے آدمی کو ”ٹیکسٹ میسج“ بھیجا۔ اس نے مجھے کہا کہ تم پاگل ہوگئی ہو اور کہا کہ مجھے بہت محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ اس پر میں نے بھنا کر ایک ای میل بھیجی جس میں اس پر واضح کیا کہ مجھے لیکچر کی ضرورت نہیں، میں صرف حوصلہ افزائی چاہتی ہوں اس پر اس کی طرف سے قدرے مثبت جواب ملا۔ پھر میں نے اپنے دوست پال بیور (ملٹری ایڈوائزر) کو فون کیا اور اس کے لئے ایک پیغام چھوڑا کہ وہ مجھے کال کرے کیونکہ میں اس سے اوپر والوں کو ایک آئیڈیا دینا چاہتی ہوں۔
پھر پاشا کی کال آئی جس میں اس نے بتایا کہ وہ شام کو مجھے لینے آئے گا اور یہ بھی بتایا کہ وہ اپنی کار کی سروس کرا رہا ہے۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا سب کچھ ٹھیک جا رہا ہے اور کیا ہر کوئی اپنی جگہ خیریت سے ہے اور جو کچھ انہوں نے کرنا ہے، وہ بھی OK ہے۔ جواب ملا ”ہاں ہر کوئی ٹھیک جا رہا ہے۔“
اس کے بعد میں بزنس سنٹر چلی گئی اور طالبان کے بارے میں پڑھنا شروع کر دیا۔

غلطیاں چھوٹی، سزائیں بڑی

چند ایک ویب سائیٹس چیک کرنے پر اس انکشاف پر میں حیران رہ گئی کہ طالبان کا مقصد دنیا میں ایک قدامت

پسندترین اسلامی ریاست کا قیام ہے۔ یہ کوئی کھیل تماشے والے لوگ نہیں تھے اور چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر بھی بڑی بڑی سزائیں دے رہے تھے۔ ان کے ہاں تفریح طبع کا ہر کام اور خوشیوں سے متعلقہ ہر چیز ممنوع تھی ماسوائے اس کے کہ اس کا کوئی تعلق مذہب سے جا نکلتا ہو۔ چنانچہ ٹیلیویژن، میوزک، فلمیں، سیٹیا بجانا، ڈانس، گانے اور تالیاں پیٹنا وغیرہ سب کچھ گناہ سمجھا جاتا تھا۔ میں ''نیو کیسل یونائیٹڈ'' کی گرمجوشی حامی رہی ہوں، میں تو سینٹ جیمز پارک میں 90 منٹ تک بھی ہنسے ہنسائے اور سیٹیاں بجائے بغیر نہیں رہ سکتی تھی۔ اگر میں افغانستان میں ایسی حرکتوں کی مرتکب ہوئی تو جان گنوا بیٹھوں گی۔ اور ان کے ہاں تو بلند آواز سے صرف اللہ اکبر پکارا جا سکتا ہے اور کچھ نہیں۔

میں اس کے نیچے مزید ممنوعات کی فہرست پڑھتی چلی گئی۔ لکھا تھا: سگریٹ نوشی، سئور کے گوشت، پتنگ بازی اور فوٹوگرافی کی سخت ممانعت ہے۔ قرآن کے بوسیدہ صفحات کی ری سائیکلنگ بھی ممنوع تھی، جس کی بنا پر کاغذ کے لفافوں پر پابندی لگا دی گئی کیونکہ انہیں اطلاع ملی تھی کہ قرآنی صفحات کو اس ٹیکنالوجی کے ذریعے لفافوں میں تبدیل کیا جار ہا تھا۔

''تو پھر میں اپنا چھوٹا نکون کیمرہ کیوں لے جا رہی ہوں؟ مگر یہ تو بہت چھوٹا ہے، شاید کسی کو اعتراض نہ ہو۔'' میں نے خود کو مطمئن کرتے ہوئے کہا۔

میں نے انٹرنیٹ پر اپنی تحقیق جاری رکھی، اور وہاں انٹرنیٹ بھی ممنوعہ اشیا میں شامل تھی۔ مجھ پر انکشاف ہوا کہ بعض قوانین کا صرف مردوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ کچھ قواعد داڑھی سے متعلق بھی تھے۔ فیشنی داڑھی اور کلین شیو بالکل نا قابل برداشت تھا۔ ان کا اصرار تھا کہ داڑھی اتنی لمبی ہونی چاہیے کہ ٹھوڑی پر بند مٹھی رکھی جائے تو داڑھی کے بال اس کے برابر ہوں۔ جن لوگوں کی داڑھی اس سے کم ہو انہیں اتنے عرصے کے لئے جیل میں رہنا پڑتا تھا کہ بال بڑھ کر مقررہ حد تک پہنچ جائیں۔ مردوں کو سر ہمیشہ ڈھانپنا پڑتا تھا۔ سر برہنہ بچوں کو سکول میں بیٹھنے کی اجازت نہیں تھی۔

عورتوں سے متعلق قوانین ان سے دس گنا زیادہ تھے انہیں گھر سے باہر کام کرنے کی اجازت نہیں تھی، ان کے لئے ایک محدود دائرہ تھا، یعنی وہ علاج وغیرہ کر سکتی تھیں یا زنانہ جیل میں نگرانی کے امور سنبھال سکتی تھیں۔ گھر سے باہر نکلنے کے لئے برقع اوڑھنا ضروری تھا۔ اور وہ کسی رشتہ دار مرد کو ساتھ لیے بغیر کہیں آ جا نہیں سکتی تھیں۔ مرد دکانداروں سے سودا خریدنے کی بھی ممانعت تھی۔ ان کے لئے تعلیم کے دروازے بند کر دیئے گئے تھے۔ تاہم بعض دلیر عورتوں نے خفیہ سکول قائم کر رہے تھے۔ جن میں صرف لڑکیاں پڑھتی تھیں۔

ان کے لئے کچھ اور مضحکہ خیز قوانین بھی تھے مثلاً یہ کہ ان کے ٹخنے ڈھانپے ہوئے ہونے چاہئیں۔ انہیں مرد ڈاکٹروں سے علاج کروانے کی بھی ممانعت تھی۔ ان کے لئے زیب و زینت کی اشیاء (کاسمیٹکس) کا استعمال ممنوع تھا۔ انہیں قہقہہ لگانے کی بھی اجازت نہیں تھی۔ ان کے لئے حکم تھا کہ باتیں کریں تو آہستہ کریں تاکہ غیر مرد سننے نہ پائے اونچی ایڑی والے سینڈل پہننے اور بجنے والی پازیب باندھنے کی بھی مانعت تھی۔ واحد معقول ممانعت جو میں نے دیکھی سفید جرابوں کی تھی، لیکن یہ مرد اور عورت دونوں کے لئے ممنوع ہونی چاہیے تھی۔

تاہم سفید جرابوں کی ممانعت کے لئے جو وجہ معلوم ہوئی وہ بھی بے حد مضحکہ خیز تھی۔ سفید جرابوں کو جنسی کشش کا ذریعہ سمجھا جاتا تھا۔ طالبان نے سفیدی کو اس لئے مقدس سمجھا کہ ان کا پرچم سفید تھا۔

ان قوانین پر سوچ بچار کے بعد مجھے بارڈر پر بے حد محتاط رہنے کی ضرورت تھی کیونکہ میں غالباً دس منٹ کے اندر ان میں سے بیشتر کی خلاف ورزی کر ڈالتی۔ سارا مغرب ان کی حکومت کو جابرانہ سمجھتا تھا۔ کیونکہ ان سے متعلق اسے جتنی روایتیں پہنچی تھیں ان میں دو باتیں خاص طور پر قابل ذکر تھیں، ایک بات عورت کی مظلومی کی داستانیں اور دوسری بات نسلی اقلیتوں پر جبر و ستم کی کہانیاں تھیں۔

''teenage witch'' کے ڈیلی ٹائیٹلز دیکھے تو میرا ذہن فوراً ڈیزی کی طرف منتقل ہوگیا، یہ اس کا پسندیدہ پروگرام ہے لیکن امریکی ایکٹروں سے متعلق اردو بولنے والوں کی آواز میں تبصرے سنے تو یہ بے حد مضحکہ خیز بات لگی۔

میں نے چند منٹوں کے بعد دوبارہ ''زیپر'' (ریموٹ کنٹرول) دبایا تو میری حیرت میں مزید اضافہ ہوگیا۔ یہ عربی ''کون بے گا لکھ پتی'' میں کرس ٹیرانٹ کا سعودی ورشن اور روایتی سیاہ لباس میں ملبوس عورت کی اداکاری تھی جس کی صرف آنکھیں دکھائی دے رہی تھیں۔ معلوم نہیں کتنی بڑی رقم داؤ پر لگا دی گئی تھی تاہم اس کی کارگردگی بہت اچھی تھی۔

میں نے آفس میں کال کی، پتہ چلا کہ نیوز ایڈیٹر جم مینجنگ ایڈیٹر ایلکس بینسٹر سے کوئی بات چیت کر رہا ہے، میرے ایک ساتھی رپورٹر کیتھ پیری نے بتایا کہ ان کا موضوع گفتگو ''میرے سفر افغانستان کے حوالے سے میری انشورنس'' ہے۔ کیتھ پیری، میرے ''نیوز آف دی ورلڈ'' میں ملازمت کے زمانے کا میرا رفیق کار تھا۔ یہ اس انڈسٹری کے مختصر ہونے کا نتیجہ ہے۔ اس منصوبے پر میں ایڈیٹر اور جم، دونوں سے پہلے ہی بات کر چکی تھی۔ چنانچہ میں نے اس سے کہا تھا کہ آئندہ مجھ سے رابطے کا واحد طریقہ ''ٹیکسٹ میسج'' ہوگا۔

انشورنس کی بات پر میں گھبرا گئی، چنانچہ میں نے اپنے فون کا سوئچ آف کر دیا۔ کہ کہیں بینسٹر کوئی اڑچن ڈال دے اور کہہ دے کہ مجھے انشورنس کا تحفظ حاصل نہیں اور میں نہیں جا سکتی۔ میں ذہنی طور پر بالکل تیار کھڑی تھی، میں نے خود سے کہا، ''اب مجھے کوئی طاقت پیچھے نہیں ہٹا سکتی۔''

میں نے ٹیلی فون کا سوئچ پھر لگا دیا اور اپنی بھانجیوں وکٹوریہ اور ہولی کو پیغام دیا کہ میں نے ان کی ''ننا'' کو کال کرنے کی کوشش کی تھی مگر وہ مصروف تھی، اب میں اس سے کل بات کروں گی۔ میں لوگوں کو گمراہ کرنا پسند نہیں کرتی۔ میں اپنی ماں کے سامنے جھوٹی بھی نہیں پڑنا چاہتی مگر اس کی معاملے کی تہہ تک پہنچنے کی حس بہت تیز ہے، وہ میرے لہجے سے ہی سمجھ جائے گی کہ دال میں کچھ کالا ہے۔ وہ مجھے مجھ سے بھی بہتر جانتی ہے، اسی سے مجھے خوف تھا۔

پاشا تقریباً آٹھ بجے شام ہوٹل پہنچا اور ہم دارالحکومت کے مضافات میں ایک مکان میں پہنچے جہاں میرا تعارف ایک بنس مکھ عورت، اس کے دو بیٹوں اور بہت سے دیگر رشتہ داروں سے کرایا گیا، وہ اچھی طرح انگریزی نہیں بول سکتے تھے، میں نے ان کا حوصلہ بندھاتے ہوئے کہا کہ تمہاری انگلش میری اردو سے بہتر ہے۔

پاشا نے کہا کہ مجھے اب پاکستان کا روایتی لباس پہن لینا چاہئے کیونکہ ہم فوراً قبائلی علاقے کی طرف روانہ ہو رہے ہیں۔ اس نے کہا کہ قبل اس کے یہاں کے لوگ ایک مغربی عورت کو اپنے علاقے میں عجیب نظروں سے دیکھنا شروع کریں اور کوئی مسئلہ کھڑا ہو جائے، ہمیں یہاں سے نکل جانا چاہیے۔ چنانچہ اس کی بیوی نے مجھے میرا اصل روپ چھپانے کے لئے پہلا روایاتی لباس دیدیا۔ میں ایک کمرے میں گئی اور ہلکے نارنجی رنگ کی شلوار اور سبزی مائل نیلی قمیص پہنی اور ہلکے سبز رنگ کی شال اوڑھ لی، جس نے میرے سر کے بیشتر حصے کو ڈھانپ دیا۔ میں نے اپنے بالوں کو رنگنے کے علاوہ انہیں پیچھے لے جا کر گوندھ لیا تھا اور اپنے ہاتھوں اور بازوؤں کو سانولے کرنے کے لئے رنگ لگا دیا تھا۔

پاشا کی بیوی نے پیار سے مجھے گلے لگا لیا اور پاشا نے کہا ''میڈم میری بیوی کو تمہاری بہت فکر ہے، وہ اور دیگر افراد خانہ ان تمہاری خیریت کے لئے دعائیں کر رہے ہیں۔'' میں سب کا شکریہ ادا کرنے کے لئے پیچھے مڑی اور ہم اس کی کار میں جا بیٹھے۔

میں اپنے گائیڈ مسکین سے ملی اور بہ عجلت اس کی کار میں سوار ہوگئی جسے وہی چلا رہا تھا۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتی کہ اس کی ڈرائیونگ بڑی خوفناک تھی میں ڈر کر سہم گئی اور سوچنے لگی کہ افغانستان میں داخل ہونا تو ایک طرف رہا، پتہ نہیں میں اس گاڑی میں سے زندہ باہر نکل سکوں گی یا نہیں؟

مین روڈ سے پشاور جاتے ہوئے پولیس نے ہمیں کئی جگہ روکا اور نیم دلانہ انداز میں کار کی تلاشی لی، میرے بہروپ نے انہیں مطمئن کر دیا مگر انہیں دراصل کسی اور چیز کی ضرورت تھی۔ انہیں روپوں کی ضرورت تھی۔ پولیس کی ظاہری تنخواہ بہت کم ہے، اور وہ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اپنے طور پر غیر سرکاری ''روڈ ٹول'' وصول کرتے رہتے ہیں۔

مسکین نے ایک پولیس مین کو کچھ روپے دیئے لیکن اس نے مسکین سے جھگڑا شروع کر دیا کہ بہت کم ہیں، سخت الفاظ کا تبادلہ ہوا مسکین نے غصے سے جھپٹا مارا اور روپے واپس لے کر کار تیزی سے دوڑا دی اور بھاگ نکلا، سب لوگ بے تحاشا ہنسنے لگے۔ پاشا نے کہا، پولیس والے بہت لالچی ہوگئے ہیں۔ یہ شخص حرص کی وجہ سے پہلی رقم سے بھی محروم ہوگیا ہے۔

باب نمبر 24

پھر میں اور ویب سائیٹ میں گئی تا کہ یہ دیکھو کہ طالبان کیسے وجود میں آئے؟ ایک تحقیقی دستاویز کے مطابق جسے بیشتر مصنفین نے قبول کیا ہے، انہیں 1993ء میں ہی ایک منفرد گروپ تسلیم کرلیا گیا تھا، اگرچہ وہ اگلے سال تک نمایاں طور پر سامنے نہیں آئے تھے۔ انہیں ایک مذہبی سکالر ملا محمد عمر اخوند نے منظم کیا تھا جس کی عمر اس وقت 43 سال تھی۔ اس نے قندھار کے ایک گاؤں میں دینی علوم کے چالیس پچاس طلبا کو اکٹھا کر کے انہیں اپنے مشن سے آگاہ کیا اور سب کو گرویدہ بنالیا۔ ''ایشیا ویک'' کی رپورٹ کے مطابق یہ طلبا پاکستان کے پشتون بیلٹ کے مذہبی مدرسوں اور ریفیوجی کیمپوں سے تعلق رکھتے تھے جو صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان سے آئے تھے۔ ان کے سپاہیوں میں زیادہ تر درّانی قبیلے کے پشتون تھے۔

ایشا ویک کا کہنا ہے کہ ملا عمر اور اس کے ساتھیوں کو سب سے زیادہ غصہ مجاہدین کے ان گروپوں پر تھا جو باری باری اقتدار میں آرہے تھے اور ان میں ساری برائیاں سرایت کرگئی تھیں۔ پھر انہوں نے آپس میں علاقے بانٹ لئے ان میں زبردست کشمکش شروع ہوگئی نتیجتاً ملک میں لاقانونیت پھیل گئی۔ شاہراہوں پر لوٹ مار ہو رہی تھی۔ ڈکیتیاں اور زنا بالجبر واقعات روزمرہ کا معمول بن گئے۔ جولائی 1994ء میں قندھار کے ایک ملٹری کمانڈر نے تین عورتوں کی جبری عصمت دری کی اور بعد ازاں انہیں گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ یہ واقعہ مشہور ہونے کے بعد ملک میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔

ملا عمر اور طالبان فوراً حرکت میں آگئے۔ اس ملٹری کمانڈر کو پھانسی پر لٹکا دیا، اس کے آدمیوں نے ملا عمر کی اطاعت قبول کرلی اور اس کے سفید پرچم تلے لڑنے کا اعلان کر دیا۔ اس فوری انصاف نے لوگوں کے دل جیت لئے۔ طالبان کی طاقت روز بروز بڑھنے لگی۔

ان واقعات سے انداز ہوا کہ طالبان نے بہترین ارادوں سے اپنے کام کا آغاز کیا، تاہم بعد میں وہ کسی وجہ سے اپنے راستے سے ہٹ گئے۔ میرا کسی ''طالب'' سے ملنے یا اس سے ''چیٹنگ'' کرنے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ میرا ہدف عام افغان تھے، میں ان کے عام آدمیوں کے جذبات واحساسات سے باخبر ہونا چاہتی تھی۔ مجھے امید تھی کہ مجھ پر کوئی شبہ نہیں کیا جائے گا۔ مجھے معلوم تھا کہ اگر میرا کھوج لگا لیا گیا تو میری زندگی شدید خطرے سے دوچار ہو جائے گی۔

مجھے برے انجام سے دوچار ہونے میں اگر کوئی شبہ تھا تو اسے ملا عمر کے اس شام کے ان احکامات سے تقویت مل گئی جن میں کہا گیا تھا کہ جو افغان، غیر ملکیوں کو کوئی اطلاعات فراہم کرے گا، اسے پھانسی دے دی جائے گی۔ اس سے مجھے یہ تاثر ملا کہ وہ روزانہ نئے نئے قوانین کے بارے میں ہی سوچتا رہتا ہے۔

مجھے بھوک لگ رہی تھی، اس لئے میں سیدھی ہوٹل کے نیچے بوفے کے لئے چلی گئی جو بہت مزیدار تھا۔ میں نے اس رات واقعی سئور کی طرح ٹھونس کر کھایا، دوبارہ کھانے پر ہلّہ بولا تھا، کیونکہ پتہ نہیں کہ اگلا کھانا کہاں سے آئے گا۔ میں نے یہ بات ریسٹورنٹ مینیجر سے مذاق کرتے ہوئے کہی جس نے مجھے ایک بار پھر کھانے کی دعوت دی تھی۔ میں نے اتنا کھایا، اتنا کھایا کہ میرے لئے ہلنا مشکل ہوگیا۔ اس دوران اقوام متحدہ کا ایک پاکستانی نژاد ڈاکٹر میرے پاس آگیا۔ جس سے میں اس ہفتے کے شروع میں ملی تھی۔ وہ بڑی دلکش شخصیت کا مالک تھا، اس نے بتایا کہ اسے کابل سے نکال دیا گیا ہے اور اسے اقوام متحدہ کے دفاتر، ہسپتال اور پیچھے رہ گئے طبی آلات کے بارے میں بہت تشویش ہے اور اسے سب سے زیادہ فکر وہاں کے لوگوں کے بارے میں ہے۔

میں نے اسے اعتماد میں لیتے ہوئے اپنے پروگرام سے مطلع کر دیا اس پر اس نے بڑے وثوق سے کہا کہ میں برقع میں رہی تو ضرور محفوظ رہوں گی۔ میں نے اسے اپنے بالوں کے رنگے ہونے کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ اسی لئے میں نے ڈنر کے دوران سرخ فیراری بیس بال ٹوپی پہن رکھی ہے۔ میں نے اس کے ساتھ اتوار کو دوپہر کا کھانا کھانے اور گاڑی پر مضافاتی علاقے کی سیر کا پروگرام بنایا تا کہ میں پاکستان کی جی بھر کر سیر کرسکوں اور اسے اپنے ایڈونچر کی کہانیاں سنا کر خوش کرسکوں اور شدت سے اتوار کا انتظار کرنے لگی۔

اپنے کمرے میں واپس آکر میں نے تھوڑی دیر سی این این دیکھنے کے بعد سوئچ آف کر دیا کیونکہ اس مصنوعی جنگ کے مناظر دیکھ دیکھ کر میں اُکتا چکی تھی۔ کئی ماہرین نے آئندہ ہونے والی جنگ سے متعلق پیشین گوئیاں کی تھی اور ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ جنگ ایک ناقابل پیش گوئی بزنس ہوتا ہے، تاہم ایک چیز جس کے بارے میں ہر کوئی جانتا ہے، یہ ہے اس جنگ میں انسانی جانوں کا بہت بڑے پیمانے پر ضیاع ہوگا لیکن مغرب کا انداز بتا رہا تھا کہ وہ امدادی ایجنسیوں کی جانب سے ظاہر کردہ خدشات کو کوڑا کرکٹ سمجھ کر قالین کے نیچے چھپا رہا تھا۔

میں نے ٹیلی ویژن کے دوسرے چینلز جلدی جلدی بدلنا شروع کر دیئے لیکن میں ضرور کہوں گی کہ اگر آپ اردو، ہندی یا عربی نہیں جانتے تو اسلام آباد میں ٹیلی ویژن بڑی منحوس چیز لگتی ہے۔ جونہی میں نے '' Sabrina, the

میں نے سگریٹ کے گہرے کش لگانے شروع کر دیئے۔ سگریٹ طالبان کے احکامات کی زد میں آئے ہوئے تھے۔ اس لئے میں زیادہ سے زیادہ پی لینا چاہتی تھی۔ میں نے سگریٹوں کے لئے یشماک "پردے" کی نقاب کے بٹن کھول دیئے تھے۔

تمباکو نوشی، میری چند ایک خوشیوں میں سے ایک ہے اور پاکستان میں قیام کی خوشیوں میں سے ایک خوشی یہ ہے کہ یہاں ایک گھڑ سوار کی طرح جی بھر کر سگریٹ پیئے جا سکتے ہیں۔ یہاں کریک کوکین پینا، لندن میں "بینسن اینڈ ہیجز" پینے کی بہ نسبت آسان تر ہے۔ میں ایک نان سموکنگ آفس میں کام کرتی ہوں لیکن میں سگریٹ نوشی کے لئے باہر جانے والے ساتھیوں کے ہمراہ جانے سے صاف انکار کر دیتی ہوں۔ اپنی سیٹ پر آرام سے بیٹھی سگریٹ پیتی رہتی ہوں۔ باہر سردی میں ٹھٹھرتے ہوئے کیوں پیوں اور گزرتے ہوئے موٹر سواروں کے طنزیہ فقرے کیوں سنوں۔ بیشتر کالی ٹیکسیوں میں "نو سموکنگ" کے سائن لگے ہوتے ہیں۔ اگرچہ ایسا کرنا غیر قانونی نہیں ہے پھر بھی سفر کرنے والا (والی) خود کو اخلاقی طور پر مجبور پاتا (پاتی) ہے کہ وہ سگریٹ نہ سلگائے اور جب میں لڈگیٹ ہاؤس سے نکل کر سٹیمفورڈ کی وائن بار میں پہنچتی ہوں تو ہانپ رہی ہوتی ہوں۔

یہ الگ بات ہے کہ میرے والدین سگریٹ نوشی سے سخت نفرت کرتے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ میں نے اپنے ڈیڈی کے سامنے پہلی بار ایک سگریٹ سلگایا تھا، میرا خیال تھا کہ اس کا فیوز ابھی دھماکے سے اڑ جائے گا۔ یہ ہمارے ایک خاندانی تقریب تھی اور میری آنجہانی چچی فلورنس جو خود بھی بہت شوق سے سگریٹ نوشی کرتی تھی، وہ بھی موجود تھی۔ میں نے سوچا کہ یہ سگریٹ سلگانے کے لئے بہت مناسب موقع ہے، میں نے چند کش لگائے مگر جونہی والد کی مجھ پر نظر پڑی تو وہ زور سے دھاڑا۔ "بجھاؤ سگریٹ، بدتمیز لڑکی۔" میں نے آنٹی کو اتنی تیزی سے حرکت کرتے ہوئے کبھی نہیں دیکھا۔ اس نے اپنی سگریٹ فوراً مسل کر بجھادی، والد کے بھائی، انکل نام نے پیچھے مڑ کر اپنی حواس باختہ بیوی کو دیکھا، پھر مجھ پر نظر ڈالی تو بے ساختہ ہنسنے لگا۔ جب دوسروں نے دیکھا کہ والد تو صرف مجھے ڈانٹ پلا رہا تھا، اس پر وہ سب انکل کی ہنسی میں شامل ہو گئے۔ ظاہر ہے کہ پھر اسے بھی مسکرانا پڑا۔ اس سے ناگواری کے بادل چھٹ گئے اور میں بدستور پیتی رہی۔

مال مغربی سرحد کی طرف سفر کے دوران، ہماری ملاقات دو دوسرے افراد سے ہو گئی، وہ بھی بظاہر بارڈر کی طرف ہی جا رہے تھے۔ میں نے پاشا سے کہا کہ میں کسی الجھن میں نہیں پڑنا چاہتی اور اس نے مجھے مطمئن رہنے کی تلقین کرنے کے بعد ایک انگلش سپیکنگ شخص "جان" سے متعارف کرایا۔ لیکن میں نے کہا کہ کسی کا نام پوچھنا نہیں چاہتی، اس بات کو ہم ضرورت محسوس ہونے پر چھوڑ دیتے ہیں۔

آدھی رات گزر چکی تھی کہ ہم ایک گاؤں میں پہنچے، ہم نے گاڑی عقبی راستے پر ڈال دی۔ ایک خوفناک کتا بھونک رہا تھا۔ پاکستان میں کتے بہت کمزور، غصیلے اور بدمزاج دکھائی دیتے ہیں۔ میں تسلیم کرتی ہوں کہ اس کے بھونکنے سے میں ڈر گئی تھی۔ ایک دروازے پر دستک دی گئی، پھر کئی بار کی دستک اور انتظار کے بعد اندر روشنی جلائے جانے کا احساس ہوا بالآخر ایک عورت نے دروازہ کھولا جس کی عمر 60 / 70 سال کے درمیان معلوم ہوتی تھی۔

وہ ہمیں خاموشی اور احترام کے ساتھ اندر لے گئی۔ اس نے مجھے بوسہ دیا اور گلے لگایا۔ وہ بے حد انکساری سے پیش آ رہی تھی۔ اگرچہ اسے انگریزی نہیں آتی تھی لیکن مجھے محسوس ہوتا تھا کہ اس کے جذبات ہم تک اور ہمارے اس تک، بخوبی پہنچ رہے ہیں۔

مرد باہر کھلے آسمان تلے چارپائیوں پر بیٹھے آپس میں باتیں کر رہے تھے اور چاند آب و تاب سے چمک رہا تھا، سب لوگ تمباکو نوشی کے ساتھ ساتھ چائے کی بھی چسکیاں لے رہے تھے، میرا جی چاہتا تھا کہ میں بھی ان کے پاس جا بیٹھوں لیکن مجھے ایک بڑے بیڈروم میں پہنچا دیا گیا جہاں کم از کم آٹھ دوسری عورتیں اور متعدد بچے گہری نیند سو رہے تھے۔

کبھی نہ نکالنا۔"
اسی اثنا میں مرد لوٹ آئے، ہم دوبارہ چل پڑے۔ میں نے اپنے دانت پیستے ہوئے پاشا سے کہا۔" ہمارے ہمراہی کہاں کے عجوبے ہیں، ہمیں انہیں ساتھ رکھنے کی کیا ضرورت آپڑی تھی، کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ "ہم معاملات کو سادہ رکھیں گے؟" اس نے جواب میں صرف اتنا کہا" میڈم پریشان نہ ہوئیے، اب آپ شادی میں شرکت کے لئے افغانستان جانے والے ایک خاندان کا حصہ ہیں، یہ بے حد محفوظ طریقہ ہے۔"
قبل اس کے کہ میں کچھ کہتی، گاڑی ٹھہر گئی اور کسی وجہ سے ہم نے ڈرائیوروں کو تبدیل کر دیا اور ہم اس جگہ سے بھی گزر گئے جہاں میں نے خیبر رائفلز کے تقریباً نصف درجن سپاہیوں کے فوٹو اتارے تھے، اور دس منٹوں سے بھی کم وقت میں ہم طورخم بارڈر پر تھے۔
ہم کار میں سے اُترے، میں نے اپنا برقع اٹھا کر اسے راہبوں کی عبا کی شکل دیتے ہوئے پاشا سے کہا۔" مجھے تو یہ پسند نہیں، ہم نے جو پلان بنایا تھا وہ یہ نہیں تھا۔۔۔۔۔" لیکن اس نے مجھے فقرہ مکمل نہیں کرنے دیا اور تلخی سے کہا" منہ بند کرو، چہرے کو ڈھانپ لو۔۔۔ وہ دیکھو۔۔۔۔ ایک طالب سیدھا ادھر آرہا ہے۔"
میں خوف سے جم کر رہ گئی اور وہی کیا جو مجھ سے کہا گیا تھا۔ پھر میری ہمراہی عورت نے اپنا ایک بچہ مجھے پکڑایا اور پُر شفقت انداز میں مجھے بارڈر کی طرف لے کر چلنے لگی۔ میں خوف سے مفلوج ہو رہی تھی اور دو مردوں ایک عورت اور بچوں کے ہمراہ ڈگمگاتی ہوئی طالبان چیک پوسٹ کی جانب جارہی تھی کہ ایک شخص نے پشتو میں شور مچاتے ہوئے مجھے کچھ کہا۔
میں نے سوچا کہ میں ابھی افغانستان میں داخل بھی نہیں ہوئی کہ انہوں نے مجھے ڈانٹنا شروع کر دیا ہے، میں آرام سے پیچھے مڑی۔ یہ ایک میڈیکل چیک پوائنٹ تھا جہاں پر بچوں کو ملک میں داخل ہونے سے پہلے اقوام متحدہ کی بھیجی ہوئی ویکسین دی جارہی تھی۔ ممکن ہے کہ یہ چیچک یا کسی اور امراض کے انسداد کے سلسلے میں تھی۔
مقام شکر تھا کہ عورت اپنے بچے سمیت آگے بڑھ گئی۔ میں بھی اس کے پیچھے ہولی۔ ڈاکٹر نے مجھ سے کچھ کہا، میں نے مبہم انداز میں سر ہلا دیا اور اس نے ویکسین کے چند قطرے میرے ساتھ والے بچے کے منہ میں ڈال دیئے۔ پھر ہم مردوں کی طرف واپس آگئے اور بارڈر عبور کرنے لگے۔ میں نے پہلا ٹیسٹ بخوبی پاس کر لیا لیکن دل میں ڈر پھر بھی موجود تھا۔
اب ہماری سٹوری تبدیل ہونے لگی۔ مسکین میرے ہمراہ نہیں تھا۔ میں اب بھی گونگی بہری تھی اور میرا نام شمیم رکھا گیا تھا۔ لیکن اس وقت میں شادی کی تقریب میں جارہی تھی۔ میں نے دل میں کہا، کہ میں کیسے مضحکہ خیز حالات میں سے گزر رہی ہوں، مگر اس کے سوا کوئی چارۂ کار بھی نہیں تھا۔ میں کسی اور طریقے سے یہاں سے بچ کر نہیں جا سکتی تھی کیونکہ طالبان کے سپاہی جو نیم خودکار اسلحہ اور کلاشنکوفوں سے مسلح ہیں، قانون کی خلاف ورزی پر مجھے کم از کم کوڑے ضرور لگاتے یا پتہ نہیں اور کیا کر ڈالتے؟
چنانچہ آج میں یعنی" یوآنے رڈلے" دو ملکوں کے درمیان ایک غیر مرئی لائن کو عبور کر رہی تھی، دل خوف سے لرزاں تھا اور بدن کے اندر ٹنوں کے حساب سے" ایڈرینالین" (ایک مادہ جو خون میں ہیجان پیدا کرتا ہے) پمپ کر رہا تھا۔ میرا جی چاہتا تھا کہ شور مچانا شروع کر دوں اور بھاگتی ہوئی واپس پاشا کے پاس جا پہنچوں لیکن میں ایک افغان عورت کے بھیس میں تھی اور خاموشی کی دنیا میں پھنسی ہوئی تھی، جہاں میرا منہ کھولنا مجھے موت کے منہ میں پہنچا سکتا تھا۔
یہ ایریا پھلوں کے بیشمار سٹالوں اور گودام نما دکانوں سے اٹا ہوا تھا جن میں موٹر آئل اور سیکنڈ ہینڈ کاروں کے فالتو پرزے فروخت ہو رہے تھے۔ پیلی اور سفید ٹیکسیوں کی ایک لمبی قطار تھی جو نئے مسافروں کا انتظار کر رہی تھیں۔ پھٹے ہوئے کپڑوں والے درجنوں لڑکے اِدھر اُدھر پھر رہے تھے جو بوٹ پالش کرتے اور کاروں کو چمکاتے ہیں تا کہ اپنے پیٹ کی بھوک دور کر سکیں۔
چند مہاجرین بھی تھے جو اپنا سامان اٹھائے افغانستان سے باہر جارہے تھے مگر جانے والوں کی بہ نسبت آنے والے کہیں زیادہ تعداد میں تھے، زیادہ تر صحتمند نوجوان تھے جو ایک مقصد لے کر طورخم آرہے تھے تا کہ طالبان کے دوش بدوش لڑیں۔ ان میں یورپی مسلمان رضا کار بھی تھے اور میں انہیں دیکھ کر حیران ہو رہی تھی، کہ یہ طالبان کی طرف سے جہاد میں شمولیت کی دعوت کے جواب میں اتنا طویل سفر کر کے آئے ہیں۔
میں اپنے دو گائیڈز کے پیچھے پیچھے ایک تابع فرمان عورت کی طرح چل رہی تھی لیکن برقعے کی وجہ سے چلنے میں دشواری پیدا ہو رہی تھی۔ اس کی جالی میری نظر سے ٹکراتی اور سامنے کی چیزوں کو ٹھیک سے نہیں دیکھنے دیتی تھی۔ دل میں دھڑکا لگا ہوا تھا کہ کہیں گر پڑی یا برقع سے میل نہ کھاتی ہوئی کوئی حرکت کر بیٹھی تو پکڑی جاؤں گی۔
چھوٹی لڑکی نے میرا ہاتھ دبایا تو میں ایک بار پھر بچوں کے بارے میں سوچنے لگی۔ مجھے اس عورت کا خیال رکھنے اور

باب نمبر 25

چھت کا پنکھا فراٹے بھر رہا تھا جس سے گرمی اور گھٹن میں کچھ کمی واقع ہو رہی تھی۔ اس منظر سے مجھے وائلڈ لائف کے بارے میں اپنے ایک پسندیدہ فلم یاد آئی جو دریائی بلّے کے پیار بھرے خاندان کی زندگی پر تھی۔ وہ ہر کام مل جل کر کرتے ہیں جو بہترین ٹیم ورک کا مظاہرہ ہوتا ہے اور پھر جب دن ختم ہوتا ہے تو سب ایک دوسرے کے ساتھ جڑ کر سو جاتے ہیں۔

مجھے ایک چارپائی دیدی گئی جس پر بڑا سخت قسم کا تکیہ رکھا ہوا تھا، اس طرح میں اپنی متبادل فیملی کے ہاں چند گھنٹوں کے لئے نیند کے آغوش میں چلی گئی۔ جب میں اُٹھی تو چند لمحوں کے لئے مجھے اپنے ہوش وحواس اُکھڑے ہوئے محسوس ہوئے، پھر معاً یاد آیا کہ میں کہاں ہوں، میں وہ سرحدی علاقے میں کسی گھرانے میں تھی۔ اپنے اردگرد دیکھا سب میٹھی نیند سو رہے تھے۔ مجھے دوبارہ دریائی بلّے کا خاندان یاد آیا۔ ڈیزی بھی اسی طرح پرسکون سو رہی ہوگی اور کتنی پیاری لگ رہی ہوگی۔ وہ چھوٹی موٹی سی ہے، ہم جہاں کہیں بھی ٹھہریں، خواہ کتنے ہی بیڈز اور بیڈ رومز ہوں وہ ہمیشہ رینگتی ہوئی میرے ساتھ آسوتی ہے۔ مجھے یاد ہے کہ وینس میں جب ہماری پہلی رات آئی تو وہ پھلانگ کر میرے بیڈ پر آگئی۔ میں نے کہا "تو کب تک ممی کے بیڈ میں گھستی رہے گی؟" وہ جھینپتی ہوئی بولی "غالباً" جب تک میں تیس سال کی نہیں ہو جاتی۔"

میں نے آنکھیں گھماتے ہوئے اسے بوسہ دے کر سینے کے ساتھ چمٹا لیا تھا۔

جمعرات 27 ستمبر کو صبح کے تقریباً پانچ بجے ہم اس عظیم پہاڑی سلسلے کے ساتھ ساتھ جسے کوہ ہندوکش کہا جاتا ہے، بارڈر کی طرف بڑھ رہے تھے۔ مسکین نے مجھے بذریعہ پاشا بتایا کہ اس روڈ پر ڈاکو گروہ در گروہ پھرتے ہیں، صبح پھوٹنے سے پہلے اس پر سفر کرنا محفوظ نہیں ہوتا ہے۔

ہم پاکستان ہی کی حدود کے اندر تقریباً آخر میں ایک ڈیرے (فارم ہاؤس) میں پہنچ گئے۔ ایک عورت نے جس کی عمر 40 / 45 سال تھی، دروازہ کھول کر ایک وسیع صحن میں ہمارا خیر مقدم کیا۔ جس پر اوپر فارم ہاؤس سے نظر پڑتی تھی۔ مرد لوگ کہیں چلے گئے اور اس عورت نے مجھے ایک چھوٹے سے بیڈ روم میں پہنچا دیا جس کے فرش پر پتھر لگا ہوا تھا۔ اس نے مجھے یہاں سو جانے کی ہدایت کی اور چلی گئی۔

میں لیٹی اور فوراً سو گئی، مگر اچانک ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی کیونکہ مجھے اپنی انگلیوں میں چاقو چبھوئے جانے کا احساس ہوا، یہ ایک چوزے کی کارستانی تھی جو صحن میں گھومتا ہوا اندر چلا آیا اور میری انگلیوں پر چونچیں مارنے لگا تھا۔ پتہ نہیں اس نے میری انگلیوں کو لذیذ نوالے سمجھا تھا یا مجھے جگا کر کچھ غذا مانگ رہا تھا۔

عورت دوبارہ اندر آئی اور اس نے مسکراتے ہوئے، صوفے پر پڑے ہوئے روایتی افغان ڈریس اور نیلے ریشمی برقعے کی طرف اشارہ کیا۔ میں نے لباس تبدیل کر لیا اور مجھے مردوں کے رویئے میں فوراً واقع ہونے والی تبدیلی پر حیرت ہوئی، حتیٰ کہ پاشا میں بھی تبدیلی سی آگئی۔ جیسے کہ میں اب ان کے لئے قابل توجہ ہی نہیں رہی۔ گویا کہ میں چند لمحوں کے اندر ایک اہم منصوبے کی انچارج مغربی عورت نہیں بلکہ ایک عام سی پٹھانی بن گئی ہوں اور اپنی حیثیت کھو بیٹھی ہوں۔ میں نے پاشا سے کہا کہ آؤ بیٹھ کر منصوبے پر ایک بار پھر غور کریں کیونکہ ہمارے ساتھ چند دوسرے افراد بھی سفر کر رہے ہیں۔ لیکن اس نے مجھے صرف اتنا کہا "چلو" گاڑی میں بیٹھو۔

ہم درّہ خیبر میں سے گزرنے والی سڑک پر ہو لئے۔ میں ایک بار پھر ان انتباہی نشانوں کو پیچھے چھوڑتی ہوئی جا رہی تھی کہ "غیر ملکیوں کو اس نشان سے آگے بڑھنے کی اجازت نہیں۔" پچھلی بار یہاں سے گزرتے ہوئے میرے پاس پولیٹیکل ایجنٹ کا اجازت نامہ تھا، اس بار نہیں تھا۔ بلکہ میرے پاس اپنا پاسپورٹ بھی نہیں تھا۔

اس دفعہ ہمارے پاس دو کاریں تھیں اور ہم ایک عورت اس کے دو بچوں اور اس کے شوہر کو ساتھ بٹھانے کے لئے رُکے تھے، ان میں سے کوئی بھی انگریزی نہیں بول سکتا تھا۔ اس لئے مجھے معلوم نہیں تھا کہ کیا ہو رہا ہے۔ میں تو ان کے لئے پہلے ہی غیر اہم اور نا قابل دید ہو چکی تھی۔ آگے چل کر کاریں رُکیں اور مرد ایک لب سڑک کیفے میں جا داخل ہوئے اور مجھے، اس عورت اور دو بچوں کو پچھلی نشست میں بیٹھے رہنے دیا۔

کھڑکیاں بند تھیں، مجھے برقعے کی گنی جالی میں سے کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا تھا۔ برقع اب پریشر ککر کی طرح محسوس ہونے لگا تھا، سر بھاری لگتا تھا اور اس میں سے نکلتا ہوا پسینہ میری پشت کی طرف سرک رہا تھا۔

اگر میں انگلینڈ میں ایک کُتا ہوتی تو کوئی نہ کوئی "ادارہ انسداد بے رحمی حیوانات کو فون کر دیتا یا کھڑکی کی پرا ینٹ دے مارتا۔ میں زیر لب خود کو مطعون کر رہی تھی اور جو بھی بے ادبی کے کلمات ذہن میں آ رہے تھے ادا کر رہی تھی۔ مرد لوگ ہمیں آدھے گھنٹے کے لئے اس لعین کار میں جلنے بھننے کے لئے چھوڑ گئے تھے اور میں لفظوں کے ذریعے دل کی بھڑاس نکال رہی تھی۔ مرا جی چاہتا تھا کہ چھلانگ لگا کر باہر کود پڑوں اور مردوں سے جا کر پوچھوں کہ یہ کیا بے ہودگی ہو رہی ہے، مگر ایسا کرتی تو میرا سارا پردہ فاش ہو جاتا، پھر مجھے طالبان کا وہ آتش بار حکم یاد آیا" اونچی آواز

اس کے دو بچوں کی دیکھ بھال کرنے کی نہ ضرورت تھی اور نہ خواہش۔ مگر اب بہت کچھ داؤ پر لگ چکا تھا۔ میں غصے سے کھول رہی تھی کہ میں اس پر کیوں راضی ہوگئی۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آرہی تھی کہ میں نے مسکین کے سامنے ہتھیار کیوں ڈالے۔ وہ بہت جوش وخروش سے اپنی اس تدبیر کی وکالت کررہا تھا اور اس کے نتیجے میں سب سے زیادہ بوجھ مجھے ہی اُٹھانا پڑرہا تھا۔

اسی نے میرا نیا نام تجویز کیا اور ہم نے ایک جوڑے کے طور پر افغانستان میں داخل ہونے کا منصوبہ بنایا۔ اس نے یہ تجویز بھی پیش کی تھی کہ ہم اس کی گیارہ سالہ لڑکی کو بھی ساتھ لے لیں، لیکن اس میں نے اس کو مسترد کردیا، میں اس کی ذمہ داری قبول نہیں کرنا چاہتی تھی اور اب میں دو بچوں اور ان کی ماں کے ساتھ تھی۔

جلال آباد کے لئے روانگی

گائیڈوں نے کوئی سودا بازی کی اور ہم ٹیکسی میں بیٹھ کر جلال آباد کی طرف روانہ ہوگئے۔ اس روڈ کی اس سے بہتر تعریف کیا ہوسکتی ہے کہ اس میں جا بجا گڑھے تھے اور یہاں پڑی ہوئی روڑی کو کبھی تارکول نصیب نہیں ہوا تھا۔ ہم عقبی نشست پر بیٹھی مسلسل ہچکولے کھارہی تھیں۔ میرا سر کھڑکی میں لگے ہینڈل سے بری طرح ٹکرارہا تھا، اور اس میں درد شروع ہوگیا تھا۔

ٹیکسی ڈرائیور نے گہری سانس کھینچی اور کار روک لی۔ اس نے سر نکال کر پچھلے پہیئے کو دیکھا اور شور مچادیا۔ وہ نیچے اُترا ساتھ ہی دونوں مرد بھی نیچے کود گئے۔ پچھلے ٹائروں میں سے ایک پنکچر ہوچکا تھا اور وہ اس کی مرمت وغیرہ میں جُت گئے، تقریباً دس منٹ کے بعد ہم پھر روڈ پر تھے۔ میں ان کی مستعدی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی کہ انہوں نے کتنی جلدی پہیہ تبدیل کردیا تھا۔ ذرا آگے چلے تو اچانک ڈھم کی آواز آئی اور کار گھومتی ہوئی کچے راستے پر آگئی جس پر پتھر اور روڑے پڑے ہوئے تھے، اب ایک اور پنکچر ہوچکا تھا، واہ ری قسمت کہاں لا پھنسایا؟

وہ پھر پہیہ بدل رہے تھے اور میں حیران ہورہی تھی کہ ڈرائیور کتنے فالتو پہیئے اُٹھائے پھر رہا ہے؟ زیادہ حیرت اس بات پر تھی کہ وہ دو پنکچروں سے نمٹتے ہوئے ایک لمحہ کے لئے بھی پریشان نہیں ہوا۔ پھر بھی پانچ منٹوں کے اندر دو پنکچر ہوجانا کوئی اچھی بات نہیں تھی۔ ہوسکتا ہے کہ تقدیر قدم قدم پر میری راہ میں رکاوٹ ڈال کر مجھے کچھ سمجھانے کی کوشش کررہی ہو۔

ہندوکش کے پہاڑی سلسلے کا پس منظر اچانک ہموار میدانوں میں تبدیل ہوگیا اور ہمارے سامنے وسیع کھیت پھیلے ہوئے تھے جن میں اناج اور کماد کی فصلیں کھڑی تھیں۔

یہاں سکڈ مزائل لانچروں کا نام ونشان تک نہ تھا جن کے بارے میں سنا تھا کہ ان کا رخ پاکستان کی طرف ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ وہاں کسی فوجی سرگرمی کا پتہ نہیں چل رہا تھا۔ یہ حیرت کی بات تھی کہ جو ملک عنقریب دنیا کی ایک زبردست جنگی مشین کے حملے کی زد میں آنے والا تھا، وہاں کسی قسم کی فوجی تیاریاں دکھائی نہیں دے رہی تھیں۔ البتہ میں نے بارڈر سے گزرنے کے فوراً بعد صرف ایک ''MLRS'' (ملٹی لانچ راکٹ سسٹم) دیکھا تھا، اور بس۔

اچانک ٹیکسی اُچھلی، ڈگمگائی اور گڑگڑاہٹ کے ساتھ 50 کلومیٹر کی رفتار سے جلال آباد کی طرف دوڑنے لگی کچھ سکون ملا تو میرا سر جھولنے لگا، میں تھکاوٹ، ٹینشن اور داخلی ہیجان پر قابو پاتے پاتے نیند کی وادی میں گھوم رہی تھی کہ اچانک گاڑی رُکنے کی وجہ سے میرا سر ہینڈ گرپ سے ٹکرا گیا، آنکھ کھلی تو خود کو جلال آباد کے مضافات میں پایا۔ اس دھچکے کی وجہ سے میری نظر گھومنے لگی، پھر معاً یاد آیا کہ میں تو برقع پہنے ہوئے ہوں، مجھے بہت محتاط رہنا ہوگا۔

نوے منٹ پہلے جب میں بارڈر عبور کرکے طالبان سپاہیوں کے پاس سے گزرنے لگی تھی تو میرا دل خوف سے بلیوں اچھل رہا تھا، اور اب جلال آباد پہنچی تو پھر وہی کیفیت طاری ہوگئی، کیونکہ ہر دوسرا آدمی مجھے طالب دکھائی دے رہا تھا، اس لئے کہ ہر کوئی خطرناک ہتھیاروں سے مسلح تھا۔ جلال آباد میں دوڑ بھاگ لگی مچی ہوئی تھی، اس کے باوجود زندگی حیرت انگیز طور پر نارمل دکھائی دے رہی تھی۔ ٹیکسی سے اُتر کر میں اس عورت کے پیچھے پیچھے چلتی ہوئی مارکیٹ کے ایک کونے میں پہنچ گئی۔ وہ نہایت وقار ومتانت سے پاؤں اُٹھاتی اور خود کو ایڑیوں پر متوازن رکھتی تھی۔

مسکین جان نے میرے کندھے پر دباؤ ڈالتے ہوئے کہا ''بیٹھ جا''۔ (ایسا کرنا مغربی آداب کے بالکل منافی تھا) میں نے خود پر جبر کرکے حکم کی تعمیل کی مگر اپنی خاتون ساتھی کی طرح آہستگی سے نہ بیٹھ سکی بلکہ عقبی حصہ اس طرح گرایا جیسے آلوؤں کی بوری گرادی جاتی ہے۔

باب نمبر 26

مقام شکر ہے کہ ہماری اس مضحکہ خیز حرکت کا کسی نے نوٹس نہیں لیا۔ میں نے خود سے مخاطب ہو کر کہا سب کی توجہ کا مرکز بننے سے مجھے کیا فائدہ پہنچے گا؟ مگر اس طرح مجھ میں پھر خود اعتمادی پیدا ہو رہی تھی جس سے میں یہ بھیس اختیار کرنے کی وجہ سے محروم ہو گئی تھی۔

اب میں سب سے نچلی حیثیت سے مارکیٹ کے طور طریقوں سے آگاہی حاصل کر رہی تھی۔ انار، موٹے موٹے سیبوں اور دیگر پکے ہوئے پھلوں کے سٹالوں کی قطاریں لگی ہوئی تھیں، مجھے پھلوں سے کوئی رغبت نہیں جس کی وجہ سے میں ماں سے ہمیشہ جھڑکیاں سنتی رہتی تھی۔ لیکن یہاں تر و تازہ اور خوشبودار پھل مجھے بہت اچھے لگے تھے۔ میں وثوق سے کہتی ہوں کہ یہاں برطانیہ کی طرح کوئی ''جی ایم'' فوڈ نہیں ہوتا، یہاں کی ہر چیز قدرتی طریق کار کے مطابق اُگتی ہے، اور یہ بھی وثوق سے کہتی ہوں کہ ایسا فوڈ یہاں لایا جائے تو ملا عمر اسے ممنوع قرار دیدے گا اور اسے فروخت کرنے والے کو سنگسار کر دیا جائے گا۔ میں زور سے ہنسنا چاہتی تھی مگر فوراً یاد آ گیا کہ میں کہاں ہوں یہاں تو خندہ زیر لب بھی وبال بن سکتا ہے۔

میری پنڈلیوں میں درد ہونا شروع ہو گیا تھا، اور خود کو لڑکھڑاتی ہوئی محسوس کر رہی تھی۔ میں نے اپنی ساتھی خاتون کی طرف دیکھا، وہ پوری دلجمعی کے ساتھ بیٹھی تھی اس پر تھکن کے کوئی آثار نہیں تھے۔ مجھے یاد آیا کہ مجھے ''پائیلیٹس'' کی کلاسوں میں داخلہ لے لینا چاہیے تھا۔ یہ ادارہ اس قسم کی مشقیں سکھاتا ہے جن سے جسم میں لچک بڑھتی ہے۔ میری دوست ڈافنے رومنے ڈیفرز نے اس میں داخل لے رکھا ہے، وہ خطیر تنخواہ پر ملازم ہے اور لندن میں ازالہ عرفی کے مقدمات وکیل ہے، مشقوں میں غیر حاضری پر ''ٹریز'' کو خوشی خوشی جرمانہ ادا کر دیتی ہے۔ یہ ٹریز ایک مرد ہے اور ''مائیک دی ٹریز'' کے نام سے مشہور ہے۔

اس نے اب تک ان مشقوں سے جو کچھ حاصل کیا ہے، وہ جب اس پر اظہار خیال شروع کرتی ہے تو میں سن سن کر تھک جاتی ہوں۔ میں نے بھی چاق و چوبند رہنے کی مشقیں شروع کی تھیں، مگر میں ایک ہی قسم کی حرکت بار بار کرنے سے بہت بیزار ہوتی ہوں۔ ان سے کوئی فائدہ نہیں پہنچا۔ میں شرط لگاتی ہوں کہ میری دوست ڈیفرز جلال آباد کی مارکیٹ میں ہوتی تو سارا دن ایڑیوں کے بل بیٹھی رہ سکتی تھی۔ اتنے میں مجھے اپنے دونوں گائیڈ آتے ہوئے دکھائی دیئے، دل میں تشکر کے جذبات اُمڈ آئے۔ ان کے پاس کچھ پھل اور چاول تھے جو وہ خرید کر لائے تھے۔

پھر وہ میرے پاس سے سیدھے آگے نکل گئے، یعنی انہوں نے مجھے مکمل طور پر نظر انداز کر دیا۔ مجھے صدمہ تو بہت پہنچا مگر میں اپنا خونِ جگر پی کر رہ گئی اور منہ بند رکھا۔ پھر میں ان کے پیچھے پیچھے گوشت کے سٹال کے سمت چل دی جہاں گوشت کم اور مکھیاں زیادہ تھیں۔ گوشت کی ایک ران لکڑی کے فریم سے لٹک رہی تھی یہ غالباً بھیڑ کے بچے کی تھی۔ میں اپنے تپتے ہوئے برقعے میں سے کاؤنٹر پر رکھے ہوئی چیز کو اگر پہچان سکتی تھی تو وہ صرف قیمہ بنانے کے لائق تھی۔

میں نے ارد گرد دیکھا تو عورتوں کی تعداد انگلیوں پر گنی جا سکتی تھی اور جو جرات کر کے باہر نکل آئی تھیں وہ سب برقع پوش تھیں۔ مرد ٹولیوں میں بٹے ہوئے تھے کچھ ایک کونے میں بیٹھے کافی یا سبز چائے کی چسکیاں لگا رہے تھے اور کچھ دوسرے کونے میں کوک پی رہے تھے۔ مردوں کی اکثریت نسوار کھا رہی تھی اور اسے زمین پر بار بار تھوک رہے تھے، اور ساتھ ہی حلق میں سے کچھ نفرت انگیز آواز نکال رہے تھے جسے کھنگارنا کہا جاتا ہے۔

میں سڑک کے کنارے ذرا اونچی سی جگہ پر بیٹھ کر اس اپنی مثال آپ قسم کی مارکیٹ کا بغور مشاہدہ کرتی رہی۔ تاہم میں اپنے آپ کو باکل یک و تنہا پا رہی تھی۔ گرمی سے دم گھٹا جا رہا تھا اور میں ہوا اندر کھینچنے کے لئے مسلسل منہ کھول رہی تھی جبکہ میرے گائیڈز مارکیٹ کا چکر لگا رہے تھے اور اپنے پرانے دوستوں کے ساتھ ہل کر چہل پہل کر رہے تھے اور سٹال والوں سے خرید و فروخت بھی کر رہے تھے۔

بالآخر وہ واپس آ گئے، اس وقت میں شدید غصے میں تھی اور میرا چہرہ تمتما رہا تھا۔ لیکن برقعے کی وجہ سے انہیں دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ ہم نے واپسی کے لئے ایک اور تین پہیوں والی ٹیکسی لی جو رکشا والوں کے مخصوص ذوق کے مطابق کئی رنگوں سے سجائی گئی تھی۔ ہم کئی بازاروں میں گھومتے پھرتے رہے۔ بازاروں میں دوداؤں اور گاڑیوں کے سپیئر پارٹس کی دکانوں کی بہتات تھی کپڑوں کی کوئی دکان دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ اس کی وجہ بعد میں معلوم ہوئی اور وہ یہ تھی کہ ملا عمر نے حکم جاری کیا تھا کہ عورتیں نئے کپڑوں کی خریداری نہ کریں کیونکہ قوم کو جہاد درپیش ہے۔ میری دوست ڈیفرز جو نئے نئے کپڑوں کی شوقین (Clothesaholic) ہے، ایسے ملکوں میں کب جی سکتی ہے وہاں یہاں ہوتی تو شہروں کو چھوڑ کر کھیتوں اور پہاڑیوں کی طرف بھاگ نکلتی۔

بعد ازاں ہماری پارٹی دو ٹیکسیاں ایک پیلی اور ایک سفید، لے کر جلال آباد سے چار میل، مشرق کی جانب نکل گئی۔ چلتے چلتے ڈرائیور نے کار عین راستے میں روک لی، ہم نکل کر باہر آ گئے۔ میں نے پوچھنا چاہا، کہ یہاں ہم کیوں

رُکے ہیں اور مقصد کیا ہے؟ مگر مجھے ”گونگی بہری ہونے“ کا کردار نبھانا تھا۔ میں چیخنا چاہتی تھی ”ارے کوئی تو بتاؤ یہ سب کیا ہورہا ہے؟“ مگر دونوں عورتیں میرے قریب سے گزر کر آگے جا رہی تھیں، میں انہیں اپنی طرف متوجہ نہ کرسکی۔

مجھ پر عنقریب انکشاف ہونے والا تھا، ہم ”کاما“ نام کے ایک گاؤں کی طرف جا رہے تھے یہ ایک چھوٹی سی اور انتہائی غیر نمایاں جگہ تھی مگر آگے چل کر میری زندگی پر نہایت اہم اثرات مرتب کرنے والی تھی۔

اہم موڑ

افغانستان میں کھیت سرسبز وشاداب تھے۔ غلّے اور کماد کی فصلیں لہلہا رہی تھیں، طورخم بارڈر کے قریب ہم نے جو فصلیں دیکھی تھیں، یہ ان کی نسبت زیادہ صحتمند تھیں۔ ہم ایک کھیت میں بنی ہوئی تنگ اور پُر پیچ پگڈنڈی پر ایک دوسرے کے آگے پیچھے چل رہے تھے، جبکہ میں آخری سرے پر تھی۔ میرے لئے برقعے کی جالی میں سے سامنے یا اِدھر اُدھر دیکھنا ممکن نہیں تھا میں صرف اگلوں کی ایڑیوں کو دیکھتی ہوئی تنگ راہ پر چل رہی تھی۔ کسی اور جانب دیکھتی تو پاؤں اُلٹا پڑ جاتا، اور ٹخنے میں موچ آجاتی تو میرا سارا کھیل بگڑ جاتا۔

مجھے اچھی طرح معلوم تھا، کہ اسامہ بن لادن کے بیس (Base) کیمپوں میں سے کئی ایک اس خطے میں ہیں لیکن فی الحال میرا سارا دھیان ان ٹیڑھے میڑھے راستوں پر تول تول کر پاؤں رکھنے کی طرف تھا، اس کے کیمپوں کے بارے میں کیسے سوچتی؟ میں زیادہ تانک جھانک اس لئے بھی نہیں کرنا چاہتی تھی کہ میں کہیں دیکھنے والوں کی نظر میں مشکوک نہ قرار پا جاؤں۔ یہ بات یقینی تھی کہ دنیا سب سے زیادہ مطلوب شخص یہاں سے چند میل دور موجود ہے، اگر وہ اس وقت چند فٹ ہی دور ہوتا، میں تب بھی اس کا نوٹس نہیں لے سکتی تھی۔

یہ سوچتے سوچتے ہم پیدل چلنے والوں کے لئے بنے ہوئے ایک تنگ پُل کے قریب پہنچ گئے جو ندی کے اوپر کمان کی طرح معلق تھا۔ اسے پار کرتے ہی مٹی کی کچی اینٹوں سے بنی ہوئی دیواروں والے گھروندوں پر مشتمل ایک افغان بستی تھی جس کا نام ”کاما“ بتایا گیا۔

اتنے میں گاؤں کی گزرگاہ میں سے ایک عورت تقریباً دوڑتی ہوئی نکلی اور سب کو چومنے اور گلے لگا کر ملنے لگی، اور مجھے بھی اسی گرمجوشی سے چوما اور مجھے اپنے ساتھ چمٹایا، میری سمجھ سے باہر ہے کہ اسے ہماری آمد کے وقت کا بالکل صحیح اندازہ کیسے ہوا؟ یہ بھی معلوم نہیں کہ اس نے مجھے کیا سمجھا لیکن وہ ایسے ملی جیسے اس کی کوئی گم شدہ رشتہ دار ہوں۔ ہمارے ساتھ والی دونوں ننھی لڑکیاں وسیع صحن میں کھڑے بچوں کے ہجوم میں جا شامل ہوئیں اور مل کر کھیلنے لگیں۔

صحن کی ایک دیوار کے ساتھ ملحق ایک چھپر بنا ہوا تھا جس کے نیچے کھانے پکانے کا سامان چولہے دیگچے اور توے وغیرہ رکھے ہوئے تھے۔ دوسری جانب پانی کا نلکا تھا جس میں سے ہینڈل ہلا کر پانی اوپر کھینچا جاتا تھا۔ اس کے پاس کچھ ٹیڑھے میڑھے برتن گاگرین اور مٹکے پڑے تھے۔

میری ہمراہی عورت مجھے بازو سے کھینچتی ہوئی ایک بڑے کمرے میں لے گئی جس میں افغانوں کا روایتی قالین بچھا ہوا تھا اور اس کے اردگرد بچھونوں اور تکیوں کی قطاریں لگیں تھیں۔ اس نے ایک طرف رکھے ہوئے خوبصورت گدے کی طرف اشارہ کر کے مجھے بیٹھنے کے لئے کہا۔ میں بے حد تھکی ماندہ تھی، میں نے برقع اُٹھایا اور گدے پر بیٹھی تو اونگھ آگئی۔ یہاں سونا مجھے خود بھی آداب مجلس کے خلاف محسوس ہو رہا تھا مگر گرمی میں طویل سفر کیا تھا اور دو دن آرام کی نیند نہیں سوسکی تھی۔ چنانچہ میں موقع ملتے ہی سونے لگی۔

گونگے پن کا راز فاش

باہر کافی شوروغل تھا، دوست اور رشتہ دار آرہے تھے، سلام دعا اور خیر مقدمی الفاظ کا تبادلہ ہو رہا تھا، میں آنکھیں بند کر کے لیٹی ہوئی تھی کہ شور کے باوجود ابھی چند لمحوں میں نیند کی وادیوں میں کھو جاؤں گی۔ جب نیند غالب آگئی تو بمشکل ایک گھنٹہ گزرا ہوگا کہ ایک نوجوان میرے پاس گھٹنوں جھکا ہوا، مجھے جگا رہا تھا۔ میں خوف سے ٹھنڈی پڑ گئی کیونکہ وہ مجھ سے انگلش میں بات کر رہا تھا۔

میں نے جلدی سے برقع چہرے پر لیا اور اٹھ بیٹھی، ابھی تک میں خاموش ہی تھی۔ اس نے مجھے تسلی دیتے ہوئے کہا، ”خیر ہے، خیر ہے، میں جانتا ہوں کہ تم کون ہو، یہ مجھے مسکین جان نے بتایا ہے۔ میرے خیال میں تم نے یہاں تک پہنچ کر ایک باہمت عورت ہونے کا مظاہرہ کیا ہے برقع اتار دو، آؤ باتیں کرتے ہیں“۔

تاہم میں خاموش رہی اور سوچتی رہی کہ پتہ نہیں اسے مسکین جان نے اور کیا کیا بتایا ہے؟ پھر اتنے میں مسکین جان اندر آگیا اور بولا ”میں نے انہیں بتا دیا ہے کہ یہاں تمہارے بات چیت کرنے میں کوئی ہرج نہیں ہے“۔

مجھے اس پر شدید دھچکا لگا، میں ابھی تک گھبرائی ہوئی تھی کہ میرے گونگی بہری ہونے کا پردہ تو چاک ہو چکا ہے، میں نے برقع ہٹایا، سر پر سے سکارف بھی کھینچ لی اور خشم آلود نگاہوں سے مسکین جان کو دیکھا۔

باب نمبر 27

میں نے پوچھا کہ کیا میں آپ لوگوں کی ایک تصویر اتار سکتی ہوں۔ میں نے کیمرہ نکالا تو نوجوان سختی سے بولا"طالبان تصویریں بنانے کی اجازت نہیں دیتے" چنانچہ میں نے کیمرہ نیچے رکھ دیا اور پوچھا کہ طالبان اور کیا کیا ناپسند کرتے ہیں؟ ایک نوجوان عورت جس کی عمر تقریباً 25 سال ہوگی، بولی کہ وہ ہماری تعلیم کے مخالف ہیں۔ اس کی کہی ہوئی باتوں کا انگریزی میں ترجمہ کرتے ہوئے میرے گائیڈ کے بھتیجے نے کہا کہ"یہ ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کرنا چاہتی تھی کہ طالبان نے عورتوں کی تعلیم فوراً ممنوع قرار دے دی"

ڈاکٹر بننے کی اس خواہشمند عورت کے چہرے مہرے پر مشکلات جھیلنے اور مشقت کی زندگی بسر کرنے کے اثرات صاف دکھائی دے رہے تھے۔ اس کے کہنے کے مطابق افغانستان میں کیریئر ویمن کے لئے کوئی جگہ نہیں۔ گویا کہ وہ یہاں ہوتی ہی نہیں۔ وہ اس بات پر شکر گزار تھی کہ میں اس کی ذہانت کو تسلیم کرتی ہوں۔ مجھے اس کے اور اپنے جذبات کی ہم آہنگی کا واضح طور پر احساس ہو رہا تھا، باوجود اس امر کے کہ ہم دونوں مختلف دنیاؤں کی باسی تھیں اور ایک دوسری سے بالکل مختلف ثقافتوں اور پس منظر کی حامل تھیں، ہمارے دلوں کی دھڑکنیں ایک ہی جیسی تھیں۔

میں حیران ہوتی ہوں کہ ایسی زندگی اگر مجھے بسر کرنا پڑتی تو میں کیسے گزارا کرتی۔ یہ گزارا تو نہیں محض زندہ رہنے کی بات ہوتی۔ میں اس گاؤں،"کاما" کے لوگوں کے حالات سے بہت متاثر ہوئی، یہ بے چارے کتنے ہمدرد اور فراخدل وملنسار تھے۔ ان سے جو باتیں ہوئیں اور ان کے جو جذبات معلوم ہوئے ان سے پتہ چلا کہ وہ امریکہ کی ممکنہ کروائی سے خوفزدہ نہیں ہیں، تاہم وہ پرامن نتائج کے لئے دعا کر رہے تھے اور اپنی آزادی کے تحفظ کی خاطر لڑائی کے لئے پھر بھی تیار تھے۔

مغربی عورتوں کو افغان عورت کا طعنہ

برقع پوش افغان عورتیں اگرچہ مسکین اور اطاعت شعار دکھائی دیتی ہیں لیکن"کاما" کی عورتیں مضبوط، پرجوش اور حوصلہ مند تھیں۔ ایک عورت نے جس کی بھوری آنکھیں حیرت انگیز حد تک بادامی اور رخساروں کی ہڈیاں بہت نمایاں تھیں، مجھ سے پوچھا کہ میرے کتنے بچے ہیں، میں نے کہا"ایک بچہ ہے" تو اس نے شرارت آمیز انداز میں اپنے خوبصورت ہاتھ کولہوؤں پر رکھتے ہوئے میرا جواب دوہرایا"صرف ایک؟ پھر بولی۔ ہا!"تم انگریز اور امریکی عورتیں صرف ایک ایک اور دو دو بچے جنتی ہو، میں پندرہ بچوں کو جنم دے سکتی ہوں۔ جب تم اپنے سپاہی لڑکوں کو لڑائی میں بھیج کر ختم کر بیٹھوگی، ہمارے بچوں کی تعداد کتنی ہی بڑھ چکی ہوگی، ہمارے بچے بندوقیں پکڑے ہوتے ہیں، یہ زبردست لڑاکے ہوتے ہیں، اور لڑتے لڑتے مرنا چاہتے ہیں۔ یہ ہماری زندگی کا ایک حصہ ہے۔ اگر مجھے لڑائی لڑنا پڑی تو میں خود بھی لڑوں گی اور وہ بھی، جو سامنے کھڑی ہے"اس نے اپنی انگلی سے سامنے کھڑی ایک بڑھیا کی طرف اشارہ کیا، جس کے منہ میں دانت نہیں تھے مگر اس کی مسکراہٹ دلیری سے عقلمندی کی غمازی کر رہی تھی۔

مجھے بتایا گیا کہ یہ بڑھیا تقریباً سو سال کی ہے اور اس نے کئی جنگیں دیکھی ہیں۔ اس نے میری طرف دیکھتے ہوئے بلند آواز میں کچھ کہا، جس پر سب ہنس پڑیں۔ میرے خیال میں اس نے یہی کہا ہوگا کہ وہ امریکی سپاہیوں کا مقابلہ کرے گی اور کوئی بھی افغانوں پر فتح نہیں پا سکتا۔ اس پر مجھے ایک مشہور کہاوت یاد آئی۔"ایک افغانی کو ہر کوئی کرائے پر لے سکتا ہے مگر اس کا مالک نہیں بن سکتا۔"

اس دوران بھوری بادامی آنکھوں والی عورت مرکزی حیثیت اختیار کر چکی تھی، اس نے جو نوان مترجم کی وساطت سے کہا"ہم نے نیویارک کے واقعات کے بارے میں بہت کچھ سنا ہے، اتنے بے گناہ لوگوں کو ہلاکت پر ہمیں بہت افسوس ہے، مجھے امید ہے کہ امریکہ ہم پر بم پھینکنے سے پہلے دوبار سوچے گا، اس کے بعد جو کچھ بھی ہوگا، ہم اس نے ڈرنے والے نہیں ہیں۔"

مجھے یقین ہے کہ اس نے جو کچھ کہا، وہ ان سب کے جذبات کو صحیح ترجمانی تھی۔ اس کا خیال بھی صحیح تھا مگر امریکی اقدام کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کے پیمانے کا یہ لوگ صحیح تصور نہیں کر سکتے تھے جو بعد میں دنیا بھر کے ناظرین ٹیلی ویژن نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ یہ درست ہے کہ افغانستان کے لوگ ٹی وی پر یہ مناظر اس لئے نہیں دیکھ سکے تھے کیونکہ ان کے ہاں ٹیلی ویژن پر پابندی ہے، دنیا کے ان فراموش کردہ علاقوں میں خبریں یا تو زبانی پھیلتی ہیں یا ریڈیو سے نشر ہوتی ہیں۔

واقعی یہ لوگ ان بھیانک مناظر کو نہیں دیکھ سکے، جنہیں دیکھ کر ہم زندگی بھر کے لئے جذباتی طور پر مجروح ہو چکے ہیں۔

زیادہ تر افغان اس لحاظ سے خوش قسمت ہیں کہ وہ اپنے سروں پر مکان کی صرف ایک چھت کا تصور کر سکتے ہیں، ان کے ملک میں زیادہ تر ایک منزلہ مکان ہوتے ہیں، اگر آپ انہیں کہیں کہ یہ اپنے مکان پر سو منزلوں کا تصور کریں تو

یہ ان کے تصور کے لئے ایک چیلنج بن جائے گا۔
بہت سے بالغ لوگ ایک ایک کر کے جا چکے تھے لیکن نوجوان مترجم مجھ سے باتیں کرتا رہا، اس نے نہایت مغموم لہجے میں اعتراف کیا "میرے لئے اس ملک میں کچھ بھی نہیں، ہم لوگ بے حد غریب و نادار ہیں، میرے لئے اس غربت سے چھٹکارا پانا اور اپنی خواہشات کی تکمیل بے حد مشکل کام ہے، سب نوجوان احساسِ محرومی سے دوچار ہیں، ہم خواہشیں پالنے کے متحمل ہی نہیں ہو سکتے۔"
اس کے آخری جملے نے تو مجھے ڈس لیا۔ ہر کسی کی کوئی نہ کوئی خواہش ہوتی ہے اور اسے خواہش رکھنی بھی چاہیے، یہ بڑی ضروری چیز ہوتی ہے۔ یہی تو بندے کو حرکت میں لاتی ہے۔ طالبان ان کے لئے آسانیاں کیوں نہیں پیدا ہونے دیتے، انہیں آسانی سے سانس لینے کی اجازت کیوں نہیں دی جاتی؟ غالباً ان کی تحریک چند بہترین خواہشوں کا ہی ایک مظہر تھی، لیکن کسی وجہ سے یہ تحریک اپنا راستہ بھول گئی تھی۔
یہاں کی عورتوں کے خدّوخال بے حد متاثر کن تھے، مجھے اچانک خیال آیا، جو اس لمحے تک کا خیال تھا، کہ افغان عورتیں پتہ نہیں اصل میں کیسی لگتی ہوں گی، یعنی وہ برقعے کے نیچے کیسی پائی جاتی ہوں گی؟ میرا خیال ہے کہ وہ مجھے اتنی ہی پرکشش سمجھتی ہوں گی جتنی کہ میں انہیں اس وقت پرکشش و مسحور کن پا رہی تھی۔ جب میں نے اپنا برقع اتارا تو مجھے اس پر اپنے بالوں کو لگاتے ہوئے رنگ کے سیاہ داغ لگے دکھائی دیئے۔ بہتر حالات میں یہ رنگ کافی پختہ ہو سکتا تھا، لیکن جلا دینے والی گرمی برقعے میں بند ہونے اور میرے پسینے نے میرے بالوں کا رنگ اڑا کر رکھ دیا تھا اور وہ سوکھے ڈنٹھل (Straw) کی شکل اختیار کر چکے تھے۔ تاہم شکر ہے کہ میرے سکارف نے زیادہ تر بال بچا لئے تھے۔
جس عورت نے اپنے آپ کو بچے جننے کی انتھک اور ناقابلِ تسخیر مشین کے طور پر پیش کیا تھا، اس نے مجھے کھینچ کر کھڑی کر دیا اور باہر کھانا کھلانے کے لئے لے گئی۔ ان کی فراخدلی اور فیاضی اگرچہ مسلمہ ہے لیکن ان کے پاس ہے کچھ نہیں۔ اس وقت جو کچھ بھی ان کے پاس تھا وہ نہایت خوشدلی سے مجھے اس میں شریک کرنا چاہتی تھیں۔
مجھے چاول، شوربا اور گرم گرم روٹی کھائے کافی عرصہ ہو چکا تھا اور انہیں گرما گرم حالت میں کھانے کا بہت شوق تھا۔ سب عورتیں انگلیوں کے ماہرانہ استعمال سے چاول کھا رہی تھیں، میں نے بھی ان کی تقلید کرتے ہوئے یہ چیزیں کھائیں۔ میزبان نے مجھے ایک ابلا ہوا بھٹہ پکڑا دیا۔ وہ اتنا گرم تھا کہ مجھ سے گر گیا میں نے ہلکی سی چیخ ماری اس پر اس نے قہقہہ لگا دیا اور دوسروں کو متوجہ کر کے کہا مغرب کی عورتیں کتنی نازک ہوتی ہیں، مجھے ان کے احساسات کا ان کے اشاروں سے اندازہ ہوا۔
پھر اس نے بھٹہ ایک پرانے کپڑے سے جھاڑ کر مجھے دوبارہ پکڑا دیا، مجھے معلوم تھا کہ اسے کھانے سے انکار آدابِ مہمانی کے منافی ہے، اس لئے میں نے "بشوق" کھا لیا۔ کھانے کے بعد مجھے گنے کا ایک ٹکڑا دیا گیا، میں نے دوسروں کو اسے دانتوں سے چھیل چھیل کر کھاتے دیکھا تاہم یہ دیکھ کر مجھے اطمینان ہوا کہ وہ اس کا صرف رس چوستی تھیں اور خشک پھوگ زمین پر پھینک رہی تھیں جب کہ میں اسے نگلنے کی کوشش کرنے لگی تھی۔ میں نے ان کی فیاضی شفقت سے بہت متاثر ہوئی۔

اچانک جان نے مجھے سڑک کی ایک جانب ہونے کی ہدایت کی اور پھر میرے کندھے کو تھپتھپا کر دبی آواز میں کہا "بیٹھ جاؤ"۔ میں نے یہ سمجھ کر اس کے حکم کی تعمیل کی کہ حرامزادہ اب بارڈر پر پہنچ کر اپنی دانش بگھارنے لگا ہے۔ میں تو برقع جلا دینے کی مہم شروع کرنے والی تھی جیسا کہ 1960 کے عشرے میں عورتوں نے اپنی اپنی انگیا جلا دینے کی مہم شروع کر دی تھی۔
میں اپنی ساتھی عورت اور اس کی دو چھوٹی بچیوں کے ساتھ زمین پر بیٹھ گئی۔ ہم نے پنجوں کے بل خود کو متوازن کر کے اپنے نچلے حصے کو ایڑیوں پر ٹکایا ہوا تھا، یعنی چاروں دوشیزائیں ایک قطار میں بیٹھی تھیں۔ کوئی آدھ گھنٹے کے بعد دونوں گائیڈ واپس آئے ان کے چہروں پر سختی نمایاں تھی اور خاموش تھے۔ ہم کھڑی ہو گئیں، انہوں نے اس عورت سے کچھ کہا، ہماری پارٹی واپس مڑ کر ایک سیلون ٹاپ بار کی طرف چل پڑی جس میں اب الکحل نہیں پلائی جاتی تھی۔
وہاں لوگ آ جا رہے تھے اور مشتعل نظر آ رہے تھے۔ مجھے کچھ بھی سمجھ نہ آیا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ میں اندھیرے میں، اپنے برقعے کی جالی میں سے اپنی نظر ٹکانے کی کوشش کر رہی تھی۔ ہم چھ افراد ایک قالین سے مزین کمرے میں داخل ہوئے، مگر اس میں کھڑکی تھی، نہ پنکھا اور نہ روشندان۔
میں نے اپنے برقعے کو مضبوطی سے پکڑ رکھا تھا اور میں نے جان سے کہا۔ "دیکھو، تمہارے لئے یہی بہتر ہو گا کہ مجھے بتاؤ کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے۔ یہ میرا منصوبہ اور میرا اپنا کام ہے، میں تم دونوں کو ہدایت دے رہی ہوں۔ جب میں تمہیں کہوں کہ چھلانگ لگا دو، تو تمہیں لگا دینی چاہئے لیکن تم تو پیچھے مڑ کر مجھ سے پوچھتے ہو کہ کتنی اونچی لگاؤں۔ اگر تم نے مجھ سے روپے لینے ہیں تو تمہیں میرا کچھ احترام کرنا ہو گا۔ اب اسے یہ بات بتاؤ" ساتھ ہی میں نے اس جوڑی کی طرف انگلی سے اشارہ کیا۔
جان نے میری گفتگو نہیں پہنچا دی۔ میں یقین سے کہہ سکتی ہوں کہ اس نے بات ان کے بالکل ٹھیک گوش گزار کر دی۔ کیونکہ اس شخص کا چہرہ تنا ہوا تھا اور وہ مجھے بہت گھور گھور کر دیکھ رہا تھا۔ اس نے کوئی جواباً کچھ الفاظ کہے جس پر ان کے درمیان سخت تکرار شروع ہو گئی۔
جان نے واپس آ کر کہا "اپنی آزاد دھیمی رکھو، ورنہ لوگ تم پر شک کرنے لگیں گے۔ یہاں ایک مسئلہ کھڑا ہو چکا ہے، پاکستان نے سرحد بند کر دی ہے، اب کوئی پتہ نہیں کہ یہ دوبارہ چنانچہ ہمیں کوئی متبادل راہ اختیار کرنا پڑے گی۔ کل ہم اس راستے سے چلیں گے جس پر سمگلر سفر کرتے ہیں اور سہ پہر تک پاکستان پہنچ جائیں گے۔ دریں اثناء ہم نے اس ہوٹل کا ایک کمرہ بک کرا لیا ہے۔"
میں غم اور غصے سے لرزنے لگی، میں اپنی سلامتی کے لئے بھی متفکر تھی اور دوسروں کے لئے بھی۔ میں خود کو قابو میں رکھنے کی کوشش کرتے ہوئے بڑبڑائی "میں اب ایسا کیوں سن رہی ہوں؟ تم نے یہ الارم پہلے کیوں نہیں بجا دیا تھا، مجھے یہ سب منظور نہیں، ہمیں یہاں سے الگ الگ راہ لے لینی چاہئے، یہ صاف ظاہر ہے کہ اگر طالبان اس وقت ہمارے تعاقب میں نہیں تو صبح ہمیں آ پکڑیں گے۔ گاؤں کے کسی آدمی نے ہماری مخبری کر دی ہو گی۔"
جان پریشان ہو گیا کیونکہ اسے دکھائی دے رہا تھا کہ میں برہم ہو چکی ہوں، وہ بولا "پریشان نہ ہوئیے۔ گاؤں کا کوئی آدمی ہم سے دغابازی نہیں کرے گا۔ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ رہنا چاہیے، آپ رات کے ان لمحات میں اکیلی کہیں بھی نہیں جا سکتیں۔ اور نہ ہی دن کو کہیں جا سکتی ہیں۔"
میں فوراً جواب دیا "یہ بڑا خوفناک دور ہے، گاؤں کا کوئی بھی شخص حکومت کی نظر میں بچنے کے لئے طالبان کو اطلاع دے سکتا ہے۔ اگر وہ ہمارے متلاشی ہوئے تو وہ دو مردوں، دو عورتوں اور دو بچوں کو یکجا، تلاش کر رہے ہوں گے۔ اسی لئے تو کہتی ہوں کہ ہمیں ضرور منتشر ہو جانا چاہیے اور اس فیملی کو چھوڑ دینا چاہیے اس طرح ہم محفوظ ہو جائیں گے۔"
وہ پھر گائیڈ کی طرف متوجہ ہوا، دوبارہ کچھ بات چیت کی اور اس میں پھر تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا، بعد میں دونوں کمرے سے باہر نکل گئے۔ مجھے کسی کا یقین نہیں آ رہا تھا، وہ ایک گھنٹے سے زیادہ دیر غائب رہے۔ انتظار کے سوا کیا کر سکتی تھی؟ میں نے انہیں بہت سی باتوں کے علاوہ اس "آپریشن" کی بھی اہمیت سے آگاہ کیا اور اس کی ڈائریکٹر کی حیثیت سے اپنے مسائل بھی بتائے مگر انہوں نے ایک کان سے بات سنی، دوسرے کان سے اڑا دی۔ بلکہ مجھے نظر انداز کرنا شروع کر دیا۔ میں ایک کونے میں ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھ گئی اور برقعے کو عبا کے ٹوپ کی طرح سر پر لے لیا۔
میں نے ساتھی عورت اور اس کے دو بچوں پر نظر ڈالی اس کی عمر تیس سال کے لگ بھگ تھی۔ لیکن ایک افغان عورت کی پر مشقت زندگی نے چہرے کی جھریوں کی صورت میں اپنے اثرات مرتب کئے تھے۔ شکل وصورت اچھی خاصی تھی، مسکراہٹ بہت دلآویز اور دیکھنے کا فی معاملہ فہم اور زیرک لگتی تھی۔ خدا ہی جانتا ہے کہ وہ اس بدھو شوہر کے

باب نمبر 28

ایک لڑکی جس کی عمر تقریباً بارہ سال تھی وسیع خشک صحن میں لگے ہوئے نلکے سے پانی نکال نکال کر جھوٹے برتن پلیٹیں اور دیگچے وغیرہ دھورہی تھی۔ میں نے دیکھا کہ ساتھ والے گھر سے ایک نوجوان دیوار پر سے اسے اشارے رہا ہے۔شاید وہ یہ جاننا چاہتا تھا کہ شور کیوں مچا ہوا ہے، کیونکہ کھانا کھانے کے بعد سب عورتیں اور بچے اونچی اونچی آواز میں ٹھٹھامذاق کرر ہے تھے۔ایسی تاک جھانک کو طالبان برداشت نہیں کرتے۔ میں اس لڑکی کو دیکھ کرخوفزدہ ہوگئی۔ جب اس نے محسوس کیا کہ میں اسے دیکھ رہی تھی تو وہ پریشان ہوگئی اور میں نے خوف کی لہر کو اپنی ریڑھ کی ہڈی میں سے سرایت کرتے ہوئے پایا۔

عین اسی وقت جان اپنے ہاتھ میں کیمرہ لئے صحن میں آپہنچا اور تصویریں بنانا شروع کردیں، پھر ''نہیں نہیں'' کا شور مچا، لیکن اس نے اپنا کام جاری رکھا۔اس نے مجھ سے پوچھا کہ کیا میں رات کو یہاں قیام کروں گی، میں نے جواب دیا نہیں ہم واقعی جانا چاہتے ہیں۔

دلی طور پر تو میں ٹھہرنا چاہتی تھی کیونکہ وہاں حبس دم میں بتلا کرنے والے لباس سے آزادی ملی ہوئی تھی مگر میرا وجدان کہہ رہا تھا کہ مجھے یہاں سے جتنی جلدی ممکن ہو،نکل جانا چاہیے۔ میں اب تک بھی اپنے گائیڈوں سے رد قدح نہیں کرسکی تھی اور نہ ہی ان کے فیصلے کا انتظار کرسکتی تھی کہ وہ کب تک یہاں سے روانگی مناسب سمجھتے ہیں۔

تاہم خدا خدا کر کے روانگی کا وقت آگیا، ہم چھ افراد ایک تین فٹ اونچے ''راستے'' سے باہر نکل آئے، میرا خیال ہے کہ یہ کوئی ''چور راستہ'' (Escape route) تھا جو اس وقت استعمال کیا جاتا ہوگا جب ہمسایوں سے یا ناپسندیدہ ملاقاتیوں سے آنکھ بچا کر نکلنے کی ضرورت پڑتی ہوگی۔ ہم پیچھے ہٹ کر ایک پگڈنڈی پر کھڑے ہوگئے اور ٹیکسی کا انتظار کرنے لگے جو تقریباً چالیس منٹ کے بعد آگئی۔ پتہ نہیں ڈرائیور کو کیسے اندازہ ہوا کہ ہم انتظار میں کھڑے ہیں، یا وہ اتفاقاً ادھر آنکلا تھا۔ جان اور اس کا چچا روڈ کراس کر کے کسی واقف کار سے باتیں کرنے لگے لیکن اس سے پہلے اس نے میرا کندھا تھپتھپا کر کہا۔ ''چلو بیٹھ جاؤ''

ٹیکسی میں بیٹھ کر کچھ سکون محسوس ہوا، میں جلد پاکستان پہنچ جانا چاہتی تھی گاؤں میں جو کچھ پیش آیا تھا، اس کی وجہ سے میرے اعصاب پر بہت بوجھ پڑا اس لئے میں نے افغانستان میں گھومنے پھرنے کا عرصہ کم کرنے کا فیصلہ کرلیا تھا، اگر چہ اب میرے پاس مواد میرے توقع سے کہیں زیادہ جمع ہو چکا تھا۔ میرے اس منصوبے کے مطابق جلال آباد میں مسکین ہی کو میری آنکھوں اور کانوں کا کام دینا تھا اور دو دن کے بعد جب ہم پاکستان جاتے تو وہ ہر سنی اور ہر دیکھی ہوئی بات پاشا کو سناتا اور پاشا مجھے بتاتا، پھر ان خاکوں میں اپنے مشاہدات کی روشنی میں رنگ بھرتی، اس طرح ایک جامع فیچر تیار ہوجاتا۔

یہ لگتا تو نہیں کہ قارئین اخبار کو اندازہ ہو جائے کہ ان کے ناشتے کی میز پر پڑے ہوئے اخبار میں چھپی ہوئی تازہ ترین خبریں تلاش کے لئے پس پردہ (Behind the scene) کس طرح کام کیا جاتا ہے۔ بعض اوقات ہر سٹوری کے پیچھے ایک سٹوری ہوتی ہے جو اخبار میں چھپے ہوئے الفاظ کی بہ نسبت زیادہ سامان تفریح فراہم کرتی ہے۔

اس سڑک پر سر بڑا جوکھوں کا کام تھا، ہم مسلسل دھکے کھار ہے تھے کوئی ہچکولا ہمیں ایک طرف دھکیل دیتا اور کوئی دوسری طرف لڑھکا دیتا، ان دو میں سے چھوٹی لڑکی نے رونا شروع کردیا اور دوسری بیٹھے بیٹھے سوگئی تھی۔ اسے کیسے سونا نصیب ہوا اس کا مجھے کوئی پتہ نہیں۔

میں نا ٹلٹ جانا چاہتی تھی، کاش مجھے یہ ضرورت گاؤں میں ہی پڑ جاتی اور اس سے فارغ ہو کر گھر سے روانہ ہوتی۔ طورخم کی طرف بڑھتے ہوئے میں اپنے دیکھے تمام نقوش کو ذہن میں محفوظ کررہی تھی۔ کیونکہ مجھے یقین تھا کہ میں اس ملک میں کبھی دوبارہ نہیں آسکوں گی۔ ہاں یہ بالکل درست ہے کہ یہ بہت اچھے لوگ ہیں اور حد درجہ بھلے انسان ہیں، لیکن خود اس ملک نے میرے لئے کچھ بھی نہیں کیا۔

جب بالآخر ہم طورخم پہنچ گئے تو سورج غروب ہو چکا تھا، لیکن یہ معلوم نہ تھا کہ کتنے بجے کا وقت ہے، کیونکہ میں اپنی گھڑی ہوٹل کے سیف میں چھوڑ گئی تھی، میں کوئی بھی قیمتی چیز ساتھ نہیں لے گئی تھی، نہ رقم نہ بُندے، نہ جیولری اور نہ پاسپورٹ۔ آخری چیز جو میں چاہ سکتی تھی وہ یہ ہوسکتی تھی، میں کسی لڑاکا قبائلی گروہ کے ہاتھوں اغوا ہو جاتی اور وہ میرے پاسپورٹ چوری کر کے مجھے کوئی شرط منوانے کے لئے بطور مہرہ استعمال کرتا۔

پھر میں نے اپنے آپ کو سمجھاتے ہوئے کہا، اگر مجھے طالبان پکڑ لیں تو زیادہ امکان یہ ہے کہ وہ مجھے پھانسی دیدیں گے۔ لیکن اگر انہوں نے اس کاروائی سے پہلے میری سٹوری سن لی تو میں کہوں گی کہ میرا پاسپورٹ اسلام آباد میں بیٹھی میں ویزا کے لئے دی گئی درخواست کے ساتھ منسلک ہے۔ یہ ایک غیر متعلقہ دلیل ہوتی کیونکہ ہم طورخم میں تھے، جو بارڈر سے تھوڑا سا ہی دور ہے۔

ساتھ کیا کر رہی تھی، شاید اس وجہ سے کہ وہ جو کہتے ہیں کہ محبت اندھی ہوتی ہے، یہ بھی آپس میں بندھ گئے ہوں گے۔ میں بھی تو زندگی میں محبت کے کئی کھیل، کھیل چکی ہوں۔
تقریباً ایک گھنٹے کے بعد ''ہیرو'' کچھ پینے کی چیزیں لئے واپس آ گئے۔ میں نے کھانے سے انکار کر دیا، مجھے ٹائلٹ جانے کی شدید ضرورت محسوس ہو رہی تھی، دن بھر نہیں جا سکی تھی۔ میں نے جان سے پوچھا کہ مجھے اس کے لئے کہاں جانا ہوگا۔ اس نے مجھے باہر لے جا کر سڑک کے پار اندھیری سی جگہ کی طرف اشارہ کیا۔ مجھے تو وہاں کچھ نظر نہ آیا، پھر خیال آیا کہ اس کا مطلب نیچے کھائی میں اتر کر اندھیرے میں پیشاب کرنے سے ہوگا۔
پتہ نہیں اس وقت میرے اندر یہ طاقت کہاں سے آ گئی کہ میں نے اپنے مثانے کو مکمل کنٹرول میں رکھتے ہوئے، وہاں جانے سے انکار کر دیا۔ افغانستان میں سانپوں بچھوؤں اور دیگر زہریلے کیڑوں کی بہتات ہے، میں ایسا کوئی خطرہ مول نہیں لینا چاہتی تھی۔
میں تیزی سے واپس جا رہی تھی اور جان نے سرگوشی کے سے انداز میں مجھے آہستہ چلنے اور اس کے پیچھے پیچھے آنے کے لئے کہا، میں اکثر بھول جاتی تھی کہ مجھے ایک ''افغان'' عورت کی چال ڈھال اختیار کرنی چاہیے۔ واپس آ کر میں ایک کونے میں ڈھیر ہو گئی۔ مجھے میرے ہاتھوں پر مسلسل کاٹتے رہے، کیونکہ وہ ڈھکے ہوئے نہیں تھے۔ رات بہت آہستہ گزر رہی تھی، میں سونے کی کوشش کرتی رہی مگر ماحول کی کراہٹ اور خوف نے مجھے جگائے رکھا۔ میں سوچتی رہی میرے دفتر کا ہر فرد کام پر مزے سے آتا ہوگا اور پھر ڈیوٹی پوری کر کے گھر چلا جاتا ہوگا پتہ نہیں کسی کو میرے اس مختصر سفر افغانستان سے کوئی دلچسپی ہوگی یا نہیں؟ میرا آخری ٹیکسٹ میسیج کیتھ پیری کی طرف سے تھا جس کے الفاظ یہ تھے: ''جم کہتا ہے کہ تمہیں محتاط رہنا چاہیے، ہم تم سے محروم نہیں ہونا چاہتے ..... کیتھ''
میرا فون پاشا کے پاس رہا تھا، میں نے اس سے پوچھنا چاہتی تھی کہ میری ماں نے کوئی کال کی تھی۔ کیا اسے یہ احساس ہو چکا ہے کہ وہاں کے معاملات بگڑ بھی سکتے ہیں۔ مجھے جائس (ماں) کو یقیناً بتانا پڑے گا کہ میں کہاں تھی اور وہاں کیا کرنا چاہتی تھی، کیونکہ وہ ہر اتوار کو اخبار پڑھتی ہے، اس سے انہیں جلدی پتہ چل جائے گا، غالباً وہ آسمان کی طرف آنکھیں گھماتے ہوئے شکریہ ادا کرے گی کہ اچھا ہوا کہ اسے میرے باہر آ جانے کے بعد پتہ چلا ہے کہ میں کہاں گئی تھی۔ اس وقت وہ مجھے کہے گی۔ ''اچھا ہوا کہ تم نے سوچنے والے دماغ کی مالک ہونے کا ثبوت دے دیا ہے، اگر تجھے کچھ ہو جاتا تو تمہارا باپ اور میں اتنے بوڑھے ہو چکے ہیں کہ ڈیزی کی نگہداشت اور پرورش ہمارے بس کی بات نہیں رہی۔''
اس مسئلے پر سال کے شروع میں، میں واقعی سوچ بچار کر چکی تھی اور ڈیزی کی ایک خصوصی انشورنس کرا دی تھی کہ اس کی پرائیوٹ تعلیم اس کی عمر 18 سال ہونے تک جاری رہے گی۔ میں وقت گزرنے کے بعد کفِ افسوس ملنے والے لوگوں میں سے نہیں، میں عمل یقین رکھنے والوں میں سے ہوں۔
پھر میں اگلے ہفتے کے پروگرام کے بارے میں سوچنے لگی۔ میں نے قندھار جانے کا تہیہ کر رکھا تھا اور یہ بھی فیصلہ کر لیا تھا کہ میں نے اس ٹرپ کے لئے جن دو گائیڈز کی خدمات حاصل کی ہیں، انہیں آئندہ اپنے رہبر نہیں بناؤں گی، ان کا کوئی ضابطہ کار نہیں ہے بلکہ یہ گستاخ بھی ہیں۔ غالباً انہیں کسی نے بھی نہیں بتایا کہ ''جو ہاتھ تمہیں دودھ پلائے اس میں دانت مت گاڑو۔'' ممکن ہے کہ مسکین اس بار جانے راضی ہو جائے، یا پاشا مجھے کوئی اور شخص ڈھونڈ دے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہوا تو ہو سکتا ہے کہ میں اصل پلان پر عمل شروع کر دوں اور کشمیر کے کسی تربیتی کیمپ میں داخل ہو جاؤں۔
اس وقت جنگ کا آغاز ہو چکا ہوگا اور مجھے بے شمار کاپیاں لکھنی ہوا کریں گی۔ میرے ذہن میں کئی خیالات کلبلا رہے تھے اور میں گرمی اور پسینے میں ڈوبی خود کلامی کر رہی تھی۔ پتہ نہیں ان لوگوں نے اس جگہ کو ہوٹل کا نام کیوں دے رکھا تھا، جس میں نہ روم سروس تھی، نہ باتھ روم تھا اور نہ ٹائلٹ بنانے کا تکلف کیا گیا تھا۔

باب نمبر 29

صبح تقریباً پانچ بجے کا وقت تھا، ہماری پارٹی حرکت میں آ گئی اور ہم اور باہر نکل کر ایک اور ٹیکسی کی طرف بڑھ رہے تھے۔ ٹیکسی کوہ ہندوکش رینج میں دوڑ رہی تھی۔ یہاں سڑکیں نہیں بلکہ پرانے لگے ہوئے روٹ تھے، ڈرائیور اس وقت تک چلاتا رہا جب تک اس کی سیلون کار چلتی رہی، پھر ہم اتر کر ایسی جگہ پہنچ گئے جہاں سے ایک پتھریلا پہاڑی درہ دکھائی دے رہا تھا۔ دونوں گائیڈ نماز پڑھنے چلے گئے۔ میں نے ہمراہی عورت کو اشارہ کر کے سمجھایا کہ مجھے ٹائلٹ جانے کی ضرورت ہے۔ چوبیس گھنٹے میں نے خود پر کافی جبر کیا تھا، اب مجھے اپنا پیٹ پھٹتا محسوس ہو رہا تھا، اس نے چٹانوں کی طرف اشارہ کیا اور میں وہاں جا کر اپنے کپڑے شلوار اور نیکر وغیرہ اتارنے لگی جب کہ میں اب تک برقع اوڑھے ہوئے تھی۔ بہرحال قضائے حاجت کے لئے بیٹھی تو کافی سکون آنے لگا۔ آسمان کی طرف دیکھا تو ایک شوٹ کرتا ہوا ستارہ نظر آیا تو اس کے حوالے سے میں نے اپنی خواہش کا اظہار کیا۔ یہ خواہش بہت آسان سی تھی "مجھے یہاں سے نکالا جائے۔" یہ کہہ کر میں نے دوبارہ ستارے کو دیکھا اور اس کے بخارات میں تبدیل ہونے کا انتظار کرنے لگی، لیکن یہ غائب نہ ہوا۔ میں نے برقعے کا سامنے والا حصہ اٹھا کر ماتھے پہ رکھا اور ستارے کو پھر غور سے دیکھنے لگی۔

جاسوس سیارے

"اُف میرے خدا! یہ تو بدبخت سیٹلائیٹ (مصنوعی سیارہ) ہے جو کیمرے کی آنکھ طرح نیچے حیات دنیا کی تصویریں سمیٹ رہا ہے، اس نے میرے اس وقت کی "مصروفیت" کی تصویر بھی بنالی ہوگی۔ ان میں سے بعض سیٹلائیٹ ایک ایک گز کی جسامت والی چیزوں کی شبیہ کو بھی اپنے اندر محفوظ کر لیتے ہیں، آپ کو تو پتہ ہے کہ میں اس وقت برقعے میں تھی خیر، میں کوئی بھی فرد ہو سکتی تھی۔ میں سوچ رہی تھی پتہ نہیں یہ فوجی سیٹلائیٹ ہے یا کمرشل؟ لیکن اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، یہ یقیناً کسی قسم کا سیٹلائیٹ تھا، نہ کہ ستارہ۔

میں نے اپنا چہرہ پھر برقعے سے ڈھانپا، کھڑی ہو کر پیچھے مڑی اور منہ کے رخ سیدھی اس عورت کی طرف چل پڑی، میں سیٹلائیٹ کو دیکھنے میں اتنی محو تھی کہ میں آزار بند باندھنا ہی بھول گئی اور شلوار ٹخنوں پر جا گری۔ اسے اٹھایا اور آزار بند کو اچھی طرح باندھ لیا۔ جب میں سڑک کراس کر کے اس عورت کے قریب پہنچی تو اس نے چہرے پر سے برقع ہٹا رکھا تھا اور ہنس رہی تھی۔ وہ مجھے دیکھ دیکھ کر خاموش قہقہے لگاتی رہی ہوگی۔ مجھ سے اگرچہ مضحکہ خیز حرکت سرزد ہوئی تھی مگر میں اس بات پر خوش تھی کہ چلو میں اس سے قہقہہ لگوانے میں تو کامیاب ہو گئی ہوں۔

چند منٹ بعد میری آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے، ہم تنگ درے کی چڑھائی چڑھ رہے تھے، میں نے جو پلاسٹک کے شوز پہنے ہوئے تھے انہوں نے میرے پاؤں کی جلد کو اپنے نوکدار دانتوں سے کاٹنا شروع کر دیا تھا، میری دائیں ایڑی پر پڑا ہوا آبلہ پھٹنے کی وجہ سے درد شدید ٹیسیں اٹھ رہی تھیں۔

مجھے یقین تھا کہ اس چڑھائی کی تکلیفوں سے میں اکیلی ہی دوچار نہیں ہوئی اس روٹ کو اختیار کرنے والا ہر فرد کسی شکوہ شکایت کے بغیر، خاموشی سے صعوبتیں جھیل رہا ہے۔ پاکستان کی یہ "سوراخ دار" سرحد چودہ سو میل لمبی ہے، اس میں تقریباً 400 غیر قانونی روٹ ہیں۔

جب سورج کی کرنیں پھوٹیں تو میں نے دیکھا کہ ہندوکش کے سلسلہ کوہ کے شاندار ڈھلوانوں پر پھر تیلے قبائلیوں کی کئی ٹولیاں نمودار ہو رہی ہیں جو بڑی آسانی سے بارڈر پر ادھر سے اُدھر آ جا رہی ہیں۔ لوگ کھڑی چٹانوں پر بھی ہرنوں کی سی پھرتی سے چڑھ رہے ہیں، انہیں اوپر سے ہم جیسے لوگ پست ہمت اور بزدل لگ رہے ہوں گے۔

جب ہم "دور بابا" پہنچے تو بہت سے لوگوں کو گھومتے پھرتے پایا۔ مرد زیادہ تھے اور عورتیں بہت کم تھیں، اونٹ گاڑیاں اور گدھا گاڑیاں، سمگل شدہ مال و اسباب اور انسانوں کو بارڈر پہنچانے کے لئے قطاروں میں کھڑی تھیں۔ میں نے مہاجرین کو تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن صرف چند ایک ہی دکھائی دے سکے۔ میں سوچ رہی تھی کہ چند روز پہلے طورخم پر جو لاکھوں مہاجرین جمع تھے، ان کا کیا بنا؟ شاید ان میں سے چند ایک جنوب میں کوئٹہ کی طرف چلے گئے ہوں؟

میں نے ایک بار پھر جان کے کندھے کو تھپتھپایا اور اسے ساتھ لے کر بیٹھ گئی اس کے چہرے پر ایک دلآویز مسکراہٹ اُبھری، میں اسے ایک روز پہلے کے کھردرے رویے پر تقریباً معاف کر چکی تھی۔ اس نے سرگوشی کرتے ہوئے کہا "یوآنے، تم اب محفوظ ہو گئی ہو، چاہو تو برقع اٹھا سکتی ہو، تاہم چہرے کو چھپائے رکھنا۔ اگر کوئی تصویریں بنانا چاہو تو وہ بھی بنا سکتی ہو، کل رات کی پریشانیوں پر مجھے افسوس ہے، تمہیں گرمی نے بہت ستایا تھا، اور گرمی تو ہر کہیں ہے، پاکستانی بارڈر تک بیس منٹ سے بھی کم وقت میں پہنچ جائیں گے۔ تمہیں اب سواری کے لئے گدھا ملے گا۔"

اس پر میں نے اطمینان کا گہرا سانس لیا، کیونکہ ان جوتوں میں تو میرے لئے ایک اور قدم اٹھانا بھی ناممکن ہو گیا

تھا، یہ جوتے مجھے ایک دن پہلے دیئے گئے تھے۔ میں آلتی پالتی مار بیٹھی رہی اور برقع اٹھایا تو میرے چہرے کو ٹھنڈی ہوا نصیب ہوگئی۔

میری ہمراہی عورت، ذرا فاصلے پر اپنی چھوٹی بچی کو ساتھ لئے بیٹھی تھی، میں نے اس کی تصویر لینے کے لئے اشارہ کیا تو وہ راضی ہوگئی، اس ماں بیٹی کا بڑا خوبصورت پورٹریٹ بنا۔ پھر مڑ کر میں نے لینڈ سکیپ کے متعدد شاٹس لے اور ان کے ذریعے میں نے ''دور بابا'' کی پہاڑیوں میں پھیلی ہوئی تاجروں، سمگلروں، مہاجرین اور قبائلیوں کی بدنظمی کے مناظر محفوظ کر لئے۔

گدھے کی کارستانی

جان مجھے گدھے کی طرف لے گیا، میں ایک پلیٹ فارم پر کھڑی ہوکر اس کی پیٹھ پر سوار ہوگئی۔ ایک پائنچہ اٹھنے کی وجہ سے میرا ٹخنہ ''ننگا'' ہوگیا شکر ہے کہ میرے باپ کی دی ہوئی جرابوں کی وجہ سے ڈھکا رہ گیا۔ میں نے اپنے کپڑے اور برقع درست کیا، کمبخت گدھے نے اچانک آگے جست لگادی جیسے وہ بجلی کا کوندا ہو۔ میرے منہ سے بے ساختہ ناردرن انگلش کی گالی ''Flaming Nora'' نکل گئی۔

گدھے نے پکڑوا دیا

دو دن میں پہلی بار ایک بازاری لفظ میری زبان پر آیا تھا، چونکہ یہ پشتو کا لفظ نہیں تھا، اس لئے بہت سے لوگوں نے حیرت سے میری طرف دیکھا، اگرچہ وہ سمجھ نہیں سکتے تھے کہ میں نے یہ کیا کہا ہے۔ وہ اصل میں جس چیز سے چونکے تھے وہ برقع پوش عورت کا ''شور'' تھا۔ افغان عورتیں اونچی آواز میں بولنے کی جسارت نہیں کرسکتیں۔ ان سے ہمیشہ خاموشی اور مسکینی کی توقع کی جاتی ہے۔

بیشتر لوگ، میرے منہ سے شور نکلنے سے پہلے ہی میری طرف متوجہ تھے جب میرا حوصلہ کچھ بڑھا تو میں گدھے کی لگام پکڑنے کے لئے آگے کو جھکی تو میرا کیمرہ پوری طرح دکھائی دے گیا۔ افغان سپاہی نے فوراً شور مچایا اور مجھے گدھے سے اترنے کا حکم دے دیا۔

میں اس سپاہی کی شخصی وجاہت کو کبھی نہیں بھول سکوں گی۔ اس لئے نہیں کہ وہ مجھے گرفتار کرنے والا تھا یا غالباً ہلاک کرنے جا رہا تھا، بلکہ اس لئے کہ زمرد کی طرح کی سبز آنکھیں میں نے پہلی بار دیکھی تھیں۔ میری یہ بات خواہ کتنی ہی عجیب وغریب لگے، میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتی کہ، میں اس کے پرجلال خدوخال پر لمحہ بھر کے لئے مسحور ہوکر رہ گئی اس نے مجھ سے گدھا چھین لیا اور مجھے کیمرہ ہٹانے کا حکم دیا۔ میں نے فوراً حکم کی تعمیل کی اور اس نے جھپٹا مار کر وہ مجھ سے لے لیا۔ اس نے گدھے کے مالک سے بھی سختی سے کچھ پوچھا جس نے جواباً جان کے چچا کی طرف اشارہ کیا۔ وہ تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا، اس کے پاس گیا، چند سوال پوچھے اور اپنے اُلٹے ہاتھ سے اس کے چہرے پر تھپڑوں کی بارش کردی، جس سے اس کی ناک سے خون کا فوارہ چھوٹ گیا۔

جان اپنے چچا کے دفاع کے لئے آگے بڑھا اور اس کی صفائی میں کچھ کہا، مگر سپاہی نے سنی ان سنی کرتے ہوئے اس کو مارنے اور ڈانٹنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ یہ صورت حال دیکھ بہت سے لوگ، جن کی تعداد دو سو سے کچھ زیادہ ہو گی، اکٹھے ہوگئے اور ماجرا پوچھنے لگے۔ میں پیچھے ہٹتے ہٹتے کافی دور چلی گئی۔ میں چند منٹوں کے لئے حالات پر غور کرتی رہی، پھر سوچا کہ میں تیزی سے بارڈر کی طرف چلی جاؤں کیونکہ طالبان کو زیادہ غرض گائیڈز سے ہے۔ میں دوسروں کے پیچھے لگ کر نکل جاؤں گی کیونکہ میں نے برقع اوڑھا ہوا تھا اور اب تک نظروں سے اوجھل رہی تھی۔

مگر ایسا کرنا ممکن نہیں تھا، میں اپنے دو گائیڈوں کو یوں پیچھے چھوڑ کر کیسے جا سکتی تھی۔ میری ہمراہی عورت اپنی لڑکی سمیت خاموشی سے غائب ہوچکی تھی اور میں ہجوم میں سے راہ بناتی ہوئی، سپاہی کے پاس گئی اور اپنا کیمرہ واپس مانگا۔

سبز آنکھوں والا سپاہی شش و پنج میں پڑ گیا، وہ دراصل مجھے بھول چکا تھا اور میں اپنے مطالبے کے لئے جو زبان بول رہی تھی وہ اس کے لئے عجیب وغریب تھی، اس دوران مزید طالبان بھی آچکے تھے، سب مجھے حیرت سے دیکھ رہے تھے کہ یہ انگریز عورت کہاں سے آئی ہے۔ لوگوں نے مجھے دھکیلنا شروع کر دیا۔ ایک سرخ بالوں والے طالب سپاہی نے مجھے کیمرے سمیت پکڑ کر کار میں جا بٹھایا۔

اگر ''پولیانہ'' یہاں ہوتی تو وہ ان نازک حالات میں میرے اس مثبت طرزِ عمل کی داد دیئے بغیر نہ رہ سکتی۔

میں نے نارنجی زرد رنگ کی شلوار اور میچنگ نارنجی پھولدار قمیض پہن رکھی تھی، جس کے سامنے والے حصے پر تین بڑے بڑے پھول ٹانکے ہوئے تھے۔ کمر تنگ تھی اور سکرٹ لیمپ شیڈ کی طرح اٹھی ہوئی تھی، یہ عجیب ہولناک اور مضحکہ خیز لباس تھا خیر جو بھی تھا برقع کے نیچے ہی تھا۔ میں فلم '' Whatever happened to baby jane'' میں ''بیٹی ڈیوس'' کا کردار دکھائی دے رہی تھی۔

فرنٹ سیٹ پر بیٹھا ہوا گہرے سرخ بالوں والا شخص مجھے مسلسل تکتا رہا، اس نے اوپر نیچے اور غرضیکہ ہر پہلو سے میرا جائزہ لیا، میں نے سوچا خدایا یہ لوگ کہیں مجھے اجتماعی زیادتی کا نشانہ تو نہیں بنانے والے؟

اچانک ڈرائیور کو رکنے کا حکم دیدیا گیا۔ طالب نے مجھے کار سے باہر نکالا اور ایک اونچی جگہ پر مجھے کھڑی کر کے غائب ہوگیا۔ چند منٹوں کے بعد میں ایک اور ہجوم کے نرغے میں تھی۔ سب کے سب شدید غصے کے عالم میں تھے، مجھے ان کے چہروں سے خوف آنے لگا۔ وہ چیخ چلا رہے تھے اور کوئی ایسے نعرے لگا رہے تھے جو میری سمجھ سے بالاتر تھے۔ میں اس منظر کو اب یاد کرتی ہوں تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میں ان کے لئے ایک ہلکی پھلکی تفریح بن گئی تھی جو ان لوگوں کی بے کیف زندگی میں آموجود ہوئی تھی۔ تاہم اس وقت میں خوف سے کانپنے لگی، میرا منہ ایسے خشک ہو گیا جیسے چٹائی ہوتی ہے۔

میں نے نیچے دیکھا تو خون کی طرح سرخ نیل پالش میری طرف ٹکٹکی باندھے دیکھ رہی تھی، میرے شوز اور جرابیں غائب ہو چکی تھیں مجھے یاد نہیں کہ ایسا کب اور کیوں ہوا؟ اُمید تھی کہ میری کافرانہ رنگ کی انگلیوں کا کوئی بھی نوٹس نہیں لیا گا۔ کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ وارنش طالبان حکومت کی ممنوعہ فہرست میں شامل ہے۔

سنگسار ہو جانے کا خوف

میں نے مجمعے پر نگاہ ڈالی تو خود سے کہا۔ ''تو میرا آخری وقت آپہنچا ہے، اب مجھے پتھر مار مار کر موت کی نیند سلا دیا جائے گا''۔ میں نے دعا کی اے خدا، میں پہلے پتھر ہی سے بے ہوش ہو جاؤں اور مجھے اتنی طاقت دے کہ میں ان سے رحم کی بھیک نہ مانگوں۔

میں سوچ رہی تھی کہ پتہ نہیں میں کتنا درد برداشت کرسکوں گی، میں نے دعا کی کہ خواہ کچھ بھی ہو جائے میرے موت جلد واقع ہو۔ پھر اس پر بھی غور کیا کہ میرے جسم کا کیا بنے گا۔ کیا اسے میرے گھر پہنچا دیا جائے گا، کیا میرے والدین کو اسے شناخت کرنے کے لئے کہا جائے گا؟ کیا ڈیزی کو بتایا جائے گا کہ میں کیسے مری؟ کیا سب کو میری موت کے بارے میں مطلع کردیا جائے گا؟ ایسے کئی سوالات اُبھر رہے تھے۔

مجمع میرے مزید قریب آگیا۔ میں اپنی آنکھیں بند کر لینا چاہتی تھی لیکن فوراً خیال آیا کہ اگر آنکھیں کھلی رہیں تو ہو سکتا ہے کہ کوئی ان کے اندر جھانک کر مجھ پر ترس کھا لے اور پتھر مارنے والوں کو روکنے کی کوشش کرے۔ میں نے زمین پر دیکھا تو وہاں اتنا گولہ بارود پڑا تھا کہ ''انتفاضہ'' (جو مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی میں اسرائیل کے خلاف فلسطینیوں کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے) کے لئے دس سال تک کی ضروریات کے لئے کافی تھی۔

اسی لمحے مجھے گوشہ چشم سے دکھائی دیا کہ وہی طالبان سپاہی ایک گزرتی ہوئی کار کو جھنڈی دیکھا کر روک رہا ہے۔ اس میں سوار برقع پوش عورت کو باہر نکلنے کے لئے کہنے کے بعد اس نے میری طرف سخت اشارہ کیا، اور دونوں میری جانب بڑھنے لگے۔ اس دوران ہجوم غنائی انداز میں کچھ الاپتا رہا، جبکہ میں نے سنا تھا کہ اس ملک میں الاپ وغیرہ کی سخت ممانعت ہے۔

بھونڈے انداز میں تلاشی

وہ عورت اچانک میری طرف مڑی اور اس نے نہایت بھونڈے انداز میں میری تلاشی لینا شروع کردی۔ مجھے یہ صورت حال دیکھ کر اتنا سکون ملا کہ زندگی بھر ایسا سکون نہیں ملا تھا۔ سکون اس لئے ملا کہ انہوں نے مجھ پر جو شبہ کیا تھا، اس کا انہیں کوئی ثبوت نہیں سکتا تھا۔ ان کا خیال تھا کہ میری پاس کوئی ہتھیار ہیں یا کوئی خفیہ معلومات ہیں۔ چند لمحے کے بعد میرا یہ سکون غصے میں تبدیل ہوگیا۔

میں ایک دم ہجوم کی طرف مڑی اور سرکشی کے انداز میں اپنے کپڑے اوپر اٹھا دیئے، یہ ہیں ڈائنامیٹ، یہ ہیں جو میں نے چھپائے ہوئے ہیں، میری یہ حرکت اتنی اشتعال انگیز تھی کہ وہ میرے منہ پر طمانچہ جڑ دیتے تو بجا تھا۔ لوگوں کا منہ کُھلے کا کھلا رہ گیا، کچھ ایک طرف مڑ کر کھڑے ہو گئے اور کچھ دوسری سمتوں میں دوڑنے لگے۔ یہ ایک حیا سوز نظارہ تھا جس نے مجھے ایک فلم ''Carry on up the khyper'' کی یاد دلا دی۔ اس فلم کا ایک منظر یہ تھا کہ سکاچانی سپاہیوں نے مقامی لوگوں کو خوفزدہ کرنے کے لئے اپنے روایتی لباس کا نچلا حصہ اتار دیا تھا۔ میں نے اسی حرکت کا ارتکاب کیا تھا، نتیجتاً برقعہ پوش عورت نے اپنے بازو اُٹھائے اور مجھے دوہتڑ مارنا شروع کردیئے۔ معلوم نہیں اسے زیادہ غصہ آیا تھا یا میں زیادہ غصے میں تھی یا وہ سرخ بالوں والا سپاہی زیادہ غصے میں تھا؟

باب نمبر 30

اصل آزمائش

جیسے ہی کار مجھے پاکستانی سرحد کے قریب سے لے کر روانہ ہوئی تو میں ٹھٹھر کر رہ گئی، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ میں مفلوج ہو چکی ہوں اور میرے پورے جسم کا "سوئچ آف" ہو گیا ہے۔ ممکن ہے کہ یہ دفاعی نظام کا کوئی طریق کار ہو اور ایڈرینالین (adrenalin) خون کی گردش میں شامل ہو کر ہیجان پیدا کر رہی ہو، میں آئندہ کے لئے کوئی کارگر لائحہ عمل سوچ رہی تھی اور دل کی دھڑکنیں مجھے صاف سنائی دے رہی تھیں۔

اتنے میں نیم خودکار گن کی فائرنگ ہوئی اور فضا میں اچانک ارتعاش پیدا ہو گیا، اس کے ساتھ میرے خیال کا تسلسل بھی ٹوٹ گیا۔ ہماری کار ایک کانوائے کا حصہ بن گئی جس کی قیادت ایک لاری میں بھرے ہوئے نوجوان فوجی کر رہے تھے اور وہ فاتحانہ انداز میں چیخ رہے تھے.... "امریکی جاسوس، امریکی جاسوس" واہ، کیا کہنے! یہ سمجھ رہے ہیں کہ میں کوئی "بلڈی امریکن" ہوں، یہ سن کر میں اپنے سر میں سوراخ کر دیئے جانے کی ضرورت محسوس کرنے لگی۔

اسی لمحے مجھے اپنے بازو میں زور کی چٹکی محسوس ہوئی، یہ افغان گائیڈ نے کاٹی تھی۔ وہ اپنے ہاتھوں کو نفی میں ہلا ہلا کر اپنے منہ کی طرف لے جا رہا تھا۔ میں اس کا پیغام فوراً سمجھ گئی۔ اگر اس نے شروع ہی سے میرے پلان کو اچھی طرح سمجھنے کی کوشش کی ہوتی تو میں نے اس پر واضح کر دیا تھا کہ گرفتار ہو جانے کی صورت میں "ہمیں آپس میں ضرورت پڑنے کی حد تک" (Need to know basis) واقفیت رکھنی چاہیے، اور ایک دوسرے کے نام جاننے کی ضرورت نہیں پڑنی چاہئے۔ میں نے انہیں پاشا کی وساطت سے بتایا تھا کہ "میں تمہارے بارے میں جتنی کم جانتی ہوں گی گرفتاری کی صورت میں اتنا ہی بہتر ہو گا"

اسی دوران ایک اور گن فائر ہوا، مشتعل ہجوم نے نوجوانوں میں مقبول ترین نعرہ جو ہم نے پشاور کے مظاہروں کے دوران سنا تھا، الاپنا شروع کر دیا "اسامہ زندہ باد، اسامہ زندہ باد" اس کے معنی ہیں مسٹر بن لادن کی عمر دراز ہو۔ "یو آنے رڈلے" کے بارے میں کیا خیال ہے؟ کوئی بلڈی چانس نہیں ہے۔

کار رکی اور جان کو اتار لیا گیا، میں نے سوچا اسے دوبارہ کبھی نہیں دیکھ پاؤں گی۔ ایک اور آدمی کار میں، میرے ساتھ آ بیٹھا۔ میرے خیال میں وہ طالبان سپاہی نہیں تھا، کیونکہ اس نے بھاری پگڑی نہیں پہن رکھی تھی ویسے بر سبیل تذکرہ میرا خیال تھا کہ اس پگڑی کو یورپ میں 2002 کی فیشن کیٹ واک میں شامل کر لیا جانا چاہیے۔ چلو فیشن ٹپ کو الگ چھوڑتے ہیں، میری ایک طرف افغان گائیڈ تھا اور دوسری طرف یہ تیل سے لتھڑا ہیولا آ بیٹھا تھا۔ گائیڈ میری مسلسل چٹکیاں لے رہا تھا اور میری جلد مروڑ مروڑ کر اپنی بات "ذہن نشین" کرا رہا تھا جبکہ میں پیغام پہلے ہی پا چکی تھی۔ اگر یہ اس حرکت سے باز نہ آیا تو میں اس کی حلق پر ایک گھونسہ مار کر اس کی سانس ہی روک دوں گی، یہ میری طرف سے آخری ضرب ہو گی۔

کار ایک بار پھر رکی اور جان ہماری گاڑی میں واپس آ گیا۔ بظاہر وہ ٹھیک ٹھاک لگ رہا تھا۔ مجھے اسے اپنی معیت میں واپس پا کر خوشی ہوئی۔ لیکن افسوس کہ اس کی واپسی کا مطلب یہ تھا کہ میں دوسرے آدمی کے ساتھ زیادہ بھنچ کر بیٹھوں جس نے مجھے چھونا شروع کر دیا تھا۔ پہلے تو میں نے اسے محض اتفاق سمجھا تھا لیکن بعد میں احساس ہوا کہ وہ مجھے جنسی لذت کے لئے ٹٹولنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پہلے مجھے اُمید تھی کہ شاید وہ اس سے باز آ جائے پھر میں نے سوچا، چلو میرا کیا بگڑتا ہے۔

نیند کے کھیکے!

وہ میری خاموشی پر مزید شیر ہو گیا اور اس نے اور بھی دباؤ ڈالا اور مجھے نچوڑنا شروع کر دیا، اور سمجھا کہ شاید میں یہی چاہتی ہوں اور زبان بند ہی رکھوں گی۔ آخر میں کڑک کر بولی، "کیا اس کار میں کوئی انگلش سمجھتا ہے۔" جب کوئی جواب نہ ملا تو میں نے کہا، "مجھے کوئی پتہ نہیں کہ یہاں کیا ہونے جا رہا ہے، میرے پاس بیٹھے ہوئے یہ دو آدمی کون ہیں لیکن میں برطانوی رعایا ہوں، اگر مجھے اپنا کیمرہ واپس نہ ملا تو مصیبت کھڑی کر دوں گی۔"

اور تو کوئی نہیں بولا البتہ جان نے اس افغان سے کہا کہ وہ اس حرکت سے باز آ جائے لیکن میرے دائیں طرف کے ذلیل شخص پر کوئی اثر نہ ہوا، اس نے میرا برقع کھینچ لیا جو اُتر کر اس کے ہاتھ میں آ گیا۔ اس سے میرے سیاہ بھورے، کھردرے اور اناجوں کے ڈنٹھل جیسے بال ننگے ہو گئے۔ میرا میک اپ تو بالکل ہی نہیں تھا۔ میرا رنگ روپ عموماً دودھیا سفید ہے جس پر بھورے داغ دھبے ہیں اور آنکھیں گہری نیلی ہیں۔

اس "رذیل" نے (اس کا نام نہ جاننے اور اس کی کمینہ حرکات کے حوالے سے میں اسے یہی نام دے رہی ہوں) مجھے ایک کنگھی پکڑوا دی، میں نے نہ چاہتے ہوئے بھی اسے بال سنوارنے کے لئے استعمال کیا کیونکہ دو دن مسلسل برقعے کے نیچے رہنے کی وجہ سے یہ برباد ہو گئے تھے۔ اب مجھے اس سے گویا "نجات" مل گئی تھی۔

ہمارا جلال آباد واپسی کا اذیت ناک سفر جاری رہا اور اس رذیل شخص نے مجھے ٹٹولنے کا کام پھر سے شروع کر دیا، بالآخر میرا پیمانہ صبر چھلک پڑا میں نے گرجتے ہوئے کہا۔ ”او کمینے تم باز آؤ گے یا نہیں“ اس کے ساتھ ہی میں نے اس کی پسلیوں پر ایسا زوردار مکہ رسید کیا کہ وہ کتے کی طرح ”چوؤں“ کر کے رہ گیا۔ فرنٹ سیٹ کے مسافر نے گھبرا کر پیچھے مڑا مگر وہ بمشکل اس کا نصف حصہ دیکھ سکا تھا، اس نے ڈرائیور سے کار فوراً رکوا دی۔ اس کے اور رذیل شخص کے درمیان سخت تلخ کلامی ہوئی، اور تیس سیکنڈ کے اندر اسے کار سے اتار دیا گیا، اور ایک گن فائر کے ساتھ نعرے الاپتے ہوئے ہمارا آگے کا سفر جاری رہا۔ فی الواقعہ یہ بہت تکلیف دہ اور اذیت ناک سفر تھا۔

جب ہم جلال آباد پہنچے تو مجھے چیک پوائنٹ کی تمام گلیوں میں پھرایا گیا اور ایسی پریڈ کرائی گئی جیسے میں کسی قسم کی ٹرافی ہوں۔ میں نے اپنی کھڑکی کا شیشہ نیچے کیا اور پوچھا کہ کیا تم میں سے کوئی ایک انگلش بول سکتا ہے، ان کا جواب نفی میں تھا۔ ایک چھوٹا سا لڑکا جو میری ڈیزی کی عمر کا تھا، وہ کھڑکی میں سے میری طرف دیکھتے دیکھتے اپنا منہ بگاڑنے لگا۔

اس کے سر پہ گھونگھریالے بالوں کا گچھا سا بنا ہوا تھا۔ آنکھیں بھوری اور جلد سبزی مائل تھی۔ دیکھنے میں واقعی خوبصورت تھا۔ میں اسے دیکھ کر مسکرائی۔ اس نے اپنا سر ایک طرف کو کر کے، اپنی غلیظ انگلی اپنی گردن پر پھیری اور مجھے ذبح کیے جانے کا تاثر دیا۔ کیا خوب! میں چھوٹے چھوٹے لڑکوں کو تو ویسے ہی پسند نہیں کرتی اور یہ تو بالکل ہی متعفن چیز تھا۔

جب ہم اگلے چیک پوائنٹ کے لئے روانہ ہوئے تو ڈرائیور زور سے کھانسا اور منہ میں پڑی ہوئی نسوار اور بلغم کو اس طرح تھوکا کہ وہ میری کھڑکی میں سے آ کر پیچھے میرے چہرے پر آ لگا۔ میں نے جلدی جلدی یہ گند برقعے سے پونچھا، اس سے میری طبیعت بے حد مکدر ہوئی۔

اگلے چیک پوائنٹ پر رُکے تو ایک شخص نے مجھے کچھ کاغذات اور پین پیش کیا، میں نے اس پر جلدی جلدی ”جم مرے“ کے دفتر کا ٹیلی فون نمبر لکھا اور اس شخص سے درخواست کی کہ وہ اس نمبر پر فون کر دے۔ یہ شخص انگلش کا ایک لفظ تک نہیں بول سکتا تھا۔ میرا خیال ہے کہ وہ میرے دستخط حاصل کرنا چاہتا تھا۔ یہ غالباً آخری بار تھی کہ میں نے کاغذ پر کچھ لکھا تھا۔

صدمے کا اثر تو کم ہونا شروع ہو چکا تھا مگر جو خوفناک واقعات آئندہ پیش آنے والے تھے ان کا تصور کر کے پریشان ہونے لگی تھی۔ میری آنکھوں میں اکثر آنسو تیرتے رہتے تھے۔ ہیں یہ کیا! یہ آدمی جس نے دستخط کرائے تھے، وہیں کھڑا تھا اور اس نے کار کی کھڑکی میں سے بازو گزار کر میری کلائی پکڑ لی اور اسے سہلانا شروع کر دیا اور کہا ”ٹھیک ہے فون کر دوں گا“ میرا خیال ہے کہ وہ میری ڈھارس بندھانے کی کوشش کر رہا تھا، اس پر میں مسکرائی اور وہ بھی جواباً مسکرا دیا۔

باب نمبر 31

آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنے کا سبب

پچھلے واقعات کو یاد کر کے میں اس نتیجے پر پہنچی ہوں کہ جلال آباد میں میری آمد یہاں کے مردوں کے لئے ایک کافی حد تک یادگار لمحہ تھا۔ ان لوگوں کے لئے اصل مسئلہ یہ ہے کہ انہوں نے ماؤں، بیویوں یا بہنوں کے صرف چہرے دیکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ لیکن اس کار کی عقبی نشست پر ایک سنہرے بالوں اور نیلی آنکھوں والی مغربی گوری بیٹھی تھی جو برقعے کے بغیر تھی، اسے دیکھ دیکھ کر وہ بے تاب ہو رہے تھے۔ اگر میں اب بھی برقعے میں ہوتی تو مجھے کوئی بھی پریشان نہ کرتا۔

کار رکی اور ہم بالآخر طالبان انٹیلی جنس ہیڈ کوارٹرز کے صدر دروازے سے گزر کر اندر جا رہے تھے، ہم تینوں اور اس چھوٹی لڑکی کو ایک سادہ مگر صاف ایئر کنڈیشنڈ کمرے میں پہنچا دیا گیا جس میں باتھ روم کی سہولت موجود تھی اور دروازہ باہر سے مقفل کر دیا گیا۔ میں نے جان کو اشارے سے بتایا کہ اگر کمرے میں خفیہ آلات لگے ہوئے ہوں تو وہ بالکل نہ بولے۔ یہ افغان بھی آخر کار میرے اس پیغام کو سمجھ گیا۔ میں کوئی ایسی بات یا حرکت کرنے والی نہیں تھی جس سے انہیں نقصان پہنچتا ہو۔

تقریباً آدھے گھنٹے کے بعد ہمیں اس کمرے سے نکال کر ایک اور سنگل کمرے میں پہنچا دیا گیا جس میں ہاسپٹل سٹائل بیڈ لگا ہوا تھا۔ میں نے جیلر کو اشاروں کے ذریعے بتایا کہ مجھے کسی کمرے میں ایسے دو مردوں کی معیت میں بند نہیں کیا جا سکتا جنہیں میں پہلے سے نہ جانتی ہوں۔ ایسی صورت حال کی طالبان حکومت میں ویسے بھی اجازت نہیں ہے، اور میں ان کے اس ضابطے سے فائدہ اٹھانا چاہتی تھی۔ میری استدعا منظور کر لی گئی، جس پر مجھے دوبارہ پہلے والے کمرے میں پہنچا دیا گیا۔

میرا ذاتی جیلر انگریزی کا ایک لفظ تک ادا نہیں کر سکتا تھا، اس نے مجھے اشاروں سے بتایا کہ وہ دروازے کو باہر سے مقفل کرے گا اور اگر مجھے کسی چیز کی ضرورت ہو تو مجھے دستک دینا ہوگی۔ بہت سے طالبان سپاہیوں کی طرح وہ بھی بہت وجیہہ شخص تھا، اس کے گھنے گھونگھریالے سیاہ بال، قبائیلی طرز کی ٹوپی اور کاسنی رنگ کی بھاری پگڑی سے ڈھانپے ہوئے تھے۔ ٹوپی سے پتہ چلتا تھا کہ وہ شمالی مشرقی خطے کندوز سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ ٹوپی کئی رنگوں کی ہوتی ہے۔ میں ایک سرخ چٹائی پر بیٹھ کر ساری صورت حال اور اپنے بچ جانے کے امکانات پر غور کرنے لگی۔ میں اس نتیجے پر جلد پہنچ گئی کہ حالات کچھ اچھے نہیں ہوں گے۔ اب یہ بھی سوچنے لگی تھی کہ اب لندن میں کیا وقت ہوگا، میرے دفتر میں کام زور و شور سے ہو رہا ہوگا اور نیوز ڈیسک پر ''جم'' میری کال کا انتظار کر رہا ہوگا۔

مجھے کچھ بخار محسوس ہونے لگا اور دل میں خوف پیدا ہو رہا تھا۔ میں سوچ رہی تھی کہ کیا دنیا کو کبھی پتہ چل سکے گا کہ مجھے طالبان نے قید کر لیا ہے، میرے کیمرے کا کیا بنا ہوگا؟ اس میں ''گاما'' نامی گاؤں میں کھینچی ہوئی جو فلمیں تھیں، کیا ان کی مدد سے گاؤں کی شناخت ہو چکی ہوگی اور پہچان لیے جانے والے افراد کا کیا حشر ہوگا، یہ سارے الٹ پلٹ خیالات میرے لئے باعث تشویش تھے۔ مجھے احساس بھی ہوا کہ میرے ہاتھ اب تک برقعے میں لپٹے ہوئے ہیں۔

عین اسی لمحے مجھے ایک آواز سنائی دی اور میں ایسی آوازوں سے مانوس ہونے ہی والی تھی: یہ تالا کھڑکنے اور اس میں چابی پھرنے کی آواز تھی۔ ڈائریکٹر انٹیلی جنس اندر آ گیا یہ ایک متین و بردبار اور نفیس طبع شخص تھا۔ اس کا چہرہ اس کے دل میں کسی قسم کے ہیجانات کے راز افشا نہیں کر رہا تھا اور آنکھوں سے بے اعتنائی اور بے رغبتی منعکس ہو رہی تھی۔ اسے دیکھ کر میرے خیالات کی دنیا درہم برہم ہو گئی۔ میں سوچنے لگی کہ کیا یہ اپنی اذیتوں کا کوئی بوجھ اٹھائے پھر رہا ہے یا یہ ان لوگوں میں سے کوئی ایک ہے جو مجھے ''پہلا پتھر'' مارنے کے مستحق بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔

پہلا پتھر مارنے کا حق

(''پہلا پتھر'' ایک واقعے کی طرف اشارہ ہے۔ ایک دفعہ کچھ لوگ حضرت عیسیٰؑ کے پاس ایک گنہگار عورت کو کھینچتے ہوئے لائے کہ اسے سنگسار کیا جائے، آپؑ نے کہا! اچھا اسے میدان میں کھڑی کر دیتے ہیں مگر اسے ''پہلا پتھر'' وہ شخص مارے گا جس نے خود اس جرم کا ارتکاب کبھی نہ کیا ہو، چنانچہ سب بھاگ گئے ..... مترجم)

وہ بے حد پر اسرار شخصیت کا مالک تھا۔ اس نے مجھے کہا کہ میں اپنے کچھ ذاتی کوائف لکھوں۔ میں نے بتایا کہ ایک برطانوی صحافی ہوں۔ وہ میرے اس انکشاف سے ذرہ برابر بھی متاثر نہ ہوا۔ میں نے سوچا کہ اگر میں یہ کہتی کہ مجھے ملکہ برطانیہ نے پیغام رساں کے طور پر بھیجا ہے، اس کے چہرے کے تاثرات پھر بھی یہی رہتے۔

اس کے چلے جانے کے بعد مجھے بے پناہ خوشی کا احساس ہوا، یہ خوشی اس بات کی تھی کہ میں لکھنے کے لئے اس کا ذاتی چین لینے میں کامیاب ہو گئی تھی۔ اب مجھے صرف کاغذات یا کسی اور رائٹنگ میٹریل کی ضرورت تھی اور یہ تمنا لازمی طور پر تھی کہ میں بطور جرنلسٹ اپنا کام پھر سے شروع کر سکوں۔

جمعہ 28 /ستمبر کا دن اور اس کی سہ پہر کا وقت، میری زندگی کا ایک یادگار دن اور نا قابل فراموش لمحات تھے، میرا خیال ہے کہ میرا خاندان، میرے دوست اور میرے رفقائے کار بھی اسے نہیں بھلا سکیں گے۔ میں سوچ رہی تھی کہ پتہ نہیں جم ہمارے گھر میں خطرے کا الارم کب بجاتا ہے، وہ اگر میرے ماں اور باپ کو یہ ''بریکنگ نیوز'' سنا دے تو میں اس پر رشک نہیں کروں گی۔ میری ماں کی نظر میں وہ ایک ''لوک'' قسم کا مرد ہی تھا (ایسے مرد جو خواتین کو گرفتار بلا کرنے کو شیوہ مردانگی سمجھتے ہیں) جس نے اس کی نازوں پلی بیٹی کو اسلام آباد بھیج دیا حالانکہ میرے لئے یہ کئی پہلوؤں سے ایک اچھی مہم تھی۔ کم از کم یہ تو تھا کہ میرے حسن مزاح برقرار رہی ہے۔

اس کمرے میں ائیر کنڈیشننگ یونٹ لگا ہوا تھا اور امیں کسی ایسی چیز کی تلاش میں تھی جس پر اس افسر کے حکم کے مطابق اپنے ذاتی کوائف لکھتی، بہت سی چیزیں اوپر نیچے کیں، بالآخر مجھے ایک ''کافی ٹیبل بک'' مل گئی، جو کسی کو بطور الوداعی تحفہ دی گئی تھی، کیونکہ اس کے اندر کی جانب بیشمار بہی خواہوں کے دستخط تھے۔ مجھے اندازہ ہوا کہ یہ کتاب کسی برطانوی یا امریکی کو دی گئی تھی جو اپنے ملک سے باہر، افغانستان میں نئی زندگی شروع کرنے والا تھا۔

کتاب کا نام ''Caruans to Tatary'' تھا۔ یہ ایک فرانسیسی جوڑے رولینڈ اور سبریا کی مشترکہ کاوش تھی۔

یہ کتاب پہلی بار 1978ء میں چھپی تھی۔ یہ دراصل خود اس ''مشاذ'' خاندان کی سرگزشت تھی۔ جس نے افغانستان کا سفر کیا تھا۔ اس میں افغانوں کی زندگی کے بارے میں حیرت انگیز تصویریں اور دستی کیمرے سے بلا اہتمام کھینچی ہوئی فوٹوز تھیں۔ میں حیران تھی کہ کتاب کا مالک کون ہے اور یہ یہاں کیوں چھوڑ دی گئی ہے۔ وجہ خواہ کچھ بھی ہو، میں خوش اس بات پر تھی کہ اس نے مجھے کچھ دیر کے لئے مصروف رکھا ہے۔

اگر میں اپنے آپ کو مصروف نہ رکھتی تو میرا ذہن طالبان کی سزاؤں بشمول سنگسار کرنے سر قلم کر دینے کے بارے میں سوچتا رہتا، جن لوگوں نے ٹیلی ویژن پر سائرہ شاہ کی خوفناک دستاویزی فلم ''Beneath the veil'' دیکھی ہے وہ جانتے ہیں کہ یہ حکومت ظلم کی کن انتہاؤں تک پہنچ جاتی ہے۔

میرے خیال میں سائرہ شاہ کیمرہ اپنے برقعے کے نیچے چھپا کر ملک کے اندر داخل ہوئی تھی اور یہاں عورتوں کے ساتھ طالبان کے وحشیانہ مظالم کی تصویریں بناتی رہی تھی۔ اس نے فٹ بال کے گراؤنڈز میں سرعام پھانسیوں کے مناظر کی بھی تصویر کشی کی تھی۔ میں نے یہ بھی سوچا کہ کیا وہ میری فلم بھی بنائے گی۔

میں انہی سوچوں میں گم تھی کہ مجھے کچھ بساندسی محسوس ہوئی، میں حیران تھی کہ یہ بدبو کہاں سے آ رہی ہے، بعد میں احساس ہوا کہ یہ بدبو تو خود میرے جسم سے آ رہی ہے۔ دو دن سے میں نہائی نہیں، میرا ڈریس اور شلوار وغیرہ نائیلون، کرمپلین اور پولی ایسٹر کی بنی ہوئی ہیں، پسینہ آ رہا ہے اور اس کے ساتھ بدبو بڑھتی رہی ہے۔ اور میرے بال بھی کھوپڑی کے ساتھ چپکے ہوئے ہیں۔

بھوک ہڑتال

جیلر جس کا نام مجھے بعد میں معلوم ہوا، عبداللہ منیر تھا، وہ کچھ کھانے کی چیزیں لے کر آیا، مگر میں نے کھانے سے انکار کر دیا۔ میں نے تقریباً دو دن سے کچھ نہیں کھایا تھا لیکن میرے ذہن میں غصے، اشتعال اور ڈر خوف کے بعد آخری چیز جو ہو سکتی تھی وہ کھانا تھا۔ عبداللہ انگریزی بالکل نہیں جانتا تھا۔ میں نے اپنے ہاتھوں کے اشاروں سے اسے واضح طور پر بتا دیا کہ میں جب تک فون پر اپنی ماں سے بات نہیں کروں گی کھانا نہیں کھاؤں گی۔

ڈائریکٹر انٹیلی جنس کچھ کچھ انگریزی جانتا تھا اس کو پتہ چلا تو اس نے اندر آ کر پوچھا کہ میں کیوں نہیں کھا رہی؟ اتنے میں تین اور طالبان مع ایک نوجوان ترجمان، حامد بھی آ پہنچے۔ میں نے ہاتھ باندھتے ہوئے کہا۔ ''جب تک مجھے میری امی سے بات نہیں کرنے دی جائے گی میں کیسے کھا سکتی ہوں، اور دوسری بات یہ کہ میں بطور قیدی آپ کا کھانا نہیں کھا سکتی، صرف بطور مہمان کھاؤں گی۔''

وہ میرا بیان سنکر شش و پنج میں پڑ گئے اور میں نے دل میں سوچا اری رڈلے تمہارے اندر یہ طنطنہ کہاں سے آ گیا ہے؟ وہ بھی یہی سوچتے ہوں گے۔ پھر وہ سوچتے سوچتے باہر نکل گئے۔ نہ کھانا چھوڑ کر گئے اور نہ فون کرانے کا وعدہ کیا۔ میں نے کھڑکی سے باہر جھانکا جو مچھر دانی کی سی جالی سے ڈھکی ہوئی تھی اور مستقبل کے بارے میں فکر مند ہو گئی۔

میں نے حامد کے ذریعے انہیں اپنے کام کی نوعیت سمجھانے کی کوشش کی، اور انہیں بتایا کہ دنیا کے مختلف ملکوں کے اخبارات، ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے تقریباً تین ہزار صحافی پاکستان میں بیٹھے ہوئے ہیں اور وہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ اس بارڈر پر کیا ہو رہا ہے۔ صحافی اور میڈیا مین کے الفاظ جو میں بار بار کہہ رہی تھی میرا خیال ہے وہ واضح طور پر انہیں نہیں سمجھ رہے تھے۔ میں نے ایک بار پھر ان سے ٹیلی فون کے استعمال کی اجازت مانگی، انہوں نے انکار میں سر ہلا دیا۔ اس پر میں پھٹ پڑی۔

میں نے کہا ''اگر آپ نے مجھے میری ماں کو ٹیلی فون نہ کرنے دیا تو وہ بہت پریشان ہو گی۔ میں یہاں ایک خوبصورت ائیر کنڈیشنڈ کمرے میں نہایت نفیس لوگوں کے پاس بیٹھی ہوں، اس میں فلش سسٹم اور شاور کی سہولتیں ہیں اور میں اسے یہ بھی بتانا چاہتی ہوں کہ آپ میری اچھی طرح دیکھ بھال کر رہے ہیں۔ وہ بے چاری جانتی تک نہیں کہ میں یہاں ہوں۔ میں اسے صرف یہ بتاؤں گی کہ میرا ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے جسے میں اپنے طور پر حل کرنے کی کوشش کر رہی ہوں، اور وہ میری تو جیہہ کو یقیناً قبول کر لے گی۔ ورنہ..... میرا اخبار آپ کے بارے میں بڑی بڑی سرخیوں سے خبریں چھاپے گا۔ کیا آپ کو پتہ ہے کہ مغرب کے لوگ آپ کے بارے میں کیا سوچ رکھتے ہیں؟

انہوں نے میری بات نہایت سنجیدگی سے سنی، حامد میرے الفاظ کا ترجمہ کر رہا تھا کہ میں نے اس میں اس جملے کا اضافہ کرا دیا۔ ''میری ماں سمجھے گی کہ مجھے ٹخنوں سے باندھ کر چھت کے ساتھ برہنہ کر کے لٹکایا ہوا ہو گا اور مجھے کوڑے مارے جا رہے ہوں گے۔'' حامد کا چہرہ سرخ ہو گیا۔ اس نے اس جملے کا اتنی تیزی سے ترجمہ کیا جیسے اس نے یہ تھوک مارا ہو یعنی ''Split out'' کر دیا ہو۔ سننے والوں کے ابرو تن گئے۔ انہوں نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور فوراً چل دیئے۔ ''اچھا'' یہ کہہ کر میں سوچ میں پڑ گئی۔ میں انہیں کتنا غلط سمجھی تھی۔

نفسیاتی حربہ

میں اپنی بھوک ہڑتال پر اگرچہ سختی سے قائم تھی۔ پھر بھی میرے پاس کھانا آ گیا۔ اس رات حامد اور عبداللہ میرے کھانے سمیت آئے تھے اور میرے عین سامنے کھانا شروع کر دیا۔ یہ ترغیب دینے کا ایک نفسیاتی حربہ تھا۔ میں نے ان کے لائے ہوئے سگریٹ پھونکنا شروع کر دیئے اور ساتھ ساتھ سبز چائے بھی پی رہی تھی جو بہت فرحت بخش تھی۔

اچانک ایک خوفناک دھماکہ ہوا جس سے در و دیوار لرز گئے۔ میں اگرچہ آلتی پالتی مارے بیٹھی تھی، میرا خیال ہے کہ پھر بھی میں تقریباً تین فٹ اچھلی ہوں گی۔ حامد زیر لب مسکرایا اور عبداللہ بمشکل اپنا قہقہہ روک سکا۔ یہ تقریباً پانچ بجے کا وقت تھا۔ حامد نے اپنی گن اٹھائی ''امریکہ۔ امریکہ'' کا نعرہ لگانے کے بعد ہوائی فائر کیا اور فوراً نکل گیا۔ میں نے بھی خود کو تیار کر لیا، کہ شاید یہ امریکہ کی ضوابی کارروائیوں کا حرف آغاز ہو۔

پندرہ بیس منٹ بعد عبداللہ واپس آ گیا اور کچھ افسردہ دکھائی دے رہا تھا، اس نے حامد کو بتایا کہ کسی شخص کا پاؤں بارودی سرنگ پر آ جانے کی وجہ سے ہوا ہے۔ میں نے پوچھا تو پھر اس بدقسمت شخص کا کیا بنا، اس پر عبداللہ نے پریشان ہو کر میری طرف دیکھا اور کندھے اُچکا دیئے۔

دو گھنٹے بعد مجھے ریپڈ مشین گن فائرنگ کی آواز آئی لیکن محسوس ہوا کہ یہ سب کچھ ایک سمت میں ہوا ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ کسی تربیتی کیمپ کے قریب ہونے کی وجہ سے ایسا ہو رہا ہو۔

میں نے اس رات کچھ آرام کرنے کی کوشش کی اور کسی مرد ''ملاقاتی'' کی آمد متوقع نہیں تھی، میں نے عبداللہ کی نصیحت پلے باندھ لی تھی اور دروازے کو اندر سے مقفل کر دیا تھا۔ میں اب بھی سمجھ نہیں پائی تھی کہ جہاں مجھے ٹھہرایا گیا ہے یہ جگہ کیسی ہے۔ کبھی تو یہ دکھائی دیتا تھا کہ اس کے ساتھ کسی قسم کا ہسپتال واقع ہے، کیونکہ میں نے چند زخمیوں کو ادھر سے گزرتے ہوئے دیکھا تھا۔ اس خیال میں ایک الجھن پیدا ہو رہی تھی کہ یہاں فوجیوں کی آمدورفت بھی تھی اور انٹیلی جنس کے عملہ کے لوگ بھی موجود رہتے تھے۔

اتوار 30 ستمبر کی صبح کو 9:30 پر دو افغان میرے کمرے میں لائے گئے اور مجھے بتایا گیا کہ یہ کابل سے آنے والے دو صحافی ہیں۔ مجھے اس پر بڑی حیرت ہوئی کیونکہ مجھے پتہ تھا کہ سارے مغربی میڈیا کو باہر دھکیل دیا گیا ہے۔ تاہم میں نے ان کا خیر مقدم کیا اور انہیں بے حد اشتیاق سے اپنے پاس بیٹھنے کی دعوت دی۔

یہ میرے لئے ایک ولولہ انگیز بات تھی کیونکہ میرا خیال ہے کہ صحافی خواہ دنیا کے کسی بھی حصے میں کام کر رہے ہوں ان کے مابین ایک خصوصی تعلق ہوتا ہے۔ مجھے امید لگی کہ شاید یہ میرے لئے کوئی پیغامات چھپا کر لانے پر رضامند ہو گئے ہوں اور اب انہیں مجھ تک پہنچانے کے لئے انہوں نے یہ ترکیب نکالی ہو۔ حامد نے مجھے کہا کہ میں اپنی سٹوری سناؤں اور وہ اس کا ترجمہ کرتا چلا جائے گا۔

میرے کہانی شروع کرنے کے تین یا چار منٹ ہوئے ہوں گے۔ میں نے دیکھا کہ وہ اس کے الفاظ نہیں لکھ رہے

باب نمبر 32

بد نیتی میں بھی شرافت

اس کے بعد کوئی ملاقاتی نہیں آیا، میں نے سوچتے سوچتے سونے کی کوشش کی اور بالآخر نیند کی آغوش میں چلی گئی۔ صبح کے اولین اوقات میں دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی۔ پھر گردن کے پچھلے حصے کے بالوں میں کچھ چبھن محسوس ہوئی مگر میں نہ ہلی۔ میں گھٹنوں میں سر دیئے ہوئے (Foetal) پوزیشن میں تھی۔ ادھ کھلی آنکھ سے دیکھا تو کسی آدمی کا خاکہ نظر آیا۔

پھر دروازہ بند ہوا تو گھپ اندھیرا ہو گیا۔ میں اطمینان کا سانس لینے ہی والی تھی کہ وہ چلا گیا ہے، دیکھا تو وہ میرے کمرے کے اندر ہی ہے۔ میں نے سوچا کہ چیخ ماردوں۔ اگر مارتی تو شاید آواز ہی نہ نکلتی کیونکہ مرا منہ ریگ مارکی طرح خشک ہو چکا تھا۔

وہ گھٹنوں کے بل جھکا، مجھے غور سے دیکھا اور مطمئن ہو گیا کہ میں سو رہی ہوں میں نے اپنی آنکھیں موند لیں اور اس کی موجودگی کو دیر تک محسوس کرتی رہی۔ پھر وہ میرے ساتھ چٹائی پر لیٹ گیا اور مجھے آہستگی سے ہلایا۔ میں اُٹھ کر بیٹھ گئی اور اس کی طرف دیکھنے لگی، میری آنکھوں سے خاموش آنسوؤں کی جھڑیاں لگ گئیں۔

میری آنکھیں اگرچہ اندھیرے سے مانوس ہو چکی تھیں، میں ایک طالب کا صرف سیاہ خاکہ دیکھ سکتی تھی مگر وہ باہر سے آنے والی چاند کی روشنی میں، جو میرے چہرے پر پڑ رہی تھی رخساروں پر بہتے آنسو دیکھ سکتا تھا۔ اس نے اپنا بازو اوپر کو اُٹھایا اور میں خوف سے سہم گئی۔ میں نے اسے کہا، خدا کے لئے اس سے باز رہو۔ اس پر وہ رک گیا پھر ہاتھ کی پشت سے میرے آنسو خشک کئے اور اُٹھ گیا۔ اس نے آہستگی سے پشتو میں مجھ سے معافی مانگی اور چلا گیا۔

اگلی صبح سویلین ترجمان حامد ناشتے سے پہلے مجھ ملنے آیا اور کہا۔ ''میرے پاس ایک آدمی آیا ہے اور اس نے بتایا ہے کہ اسے اس بات پر بہت تشویش ہے کہ آپ کو رات ٹھیک سے نیند نہیں آئی۔'' میں نے حامد سے کہا کہ میں تو خوب اچھی طرح سوئی رہی ہوں، مجھے پتہ نہیں وہ کیا بات کر رہا ہے۔ اس نے پھر کہنے کی کوشش کی ''اس آدمی کو اس بات کی پریشانی ہے کہ آپ کو ٹھیک نیند نہیں آئی اور یہ کہ شاید آپ بہت پریشان ہیں۔''

اس کی باتوں سے مجھے احساس ہوا کہ رات کو میرے کمرے میں آنے والا خواہ کوئی بھی تھا، ''سخت تکلیف'' میں تھا اور یہ لوگ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا میں کوئی شکایت کرنے والی ہوں۔ میں نے جواب دیا۔ ''نہیں مجھے رات کو کوئی پریشانی نہیں ہوئی۔ ممکن ہے میں نے کوئی برا خواب دیکھا ہو، اگر تھا تو وہ گزر گیا ہے اور میں نے بھلا دیا ہے۔''

اس نے میری طرف حیران ہو کر دیکھا اور یہ خوشخبری لے کر ''اس آدمی'' کو پہنچانے چلا گیا جو رات کو میرے پاس آیا تھا، خواہ وہ جو کوئی بھی تھا۔ میں یقیناً اس کی شکایت کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کر رہی تھی۔ کیونکہ طالبان کی مخصوص دنیا میں اس شکایت کا فیصلہ یوں ہی ہونا تھا کہ ابتدائی قصور تو میرا ہی تھا۔

ثانیاً، آنے والے نے جب دیکھا کہ میں نے اس کے یوں اندر چلے آنے پر اذیت محسوس کی ہے تو اس کے اندر اتنی شائستگی تھی کہ وہ معافی مانگتا ہوا واپس چلا گیا۔ میں مغرب میں ایسے مردوں کا بمشکل تصور کر سکتی ہوں۔ عورت کو ایسے مواقع پر قطعی ''نہ'' کرنے سے پہلے بہت چیخنا چلانا پڑتا ہے اور وہ پھر بھی نہیں ٹلتے۔

جیلر عبداللہ بعد میں اندر آیا اور اس نے دروازے کے اندر کی جانب لگے ہوئے تالے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے مجھے اشاروں سے سمجھایا کہ میں رات کو یہ تالہ لگا لیا کروں تا کہ کوئی اندر نہ آسکے۔

حامد نے جس نے انگریزی بولنا پاکستان میں سیکھا تھا، ایک بار پھر مجھے بتایا کہ میرے کھانا نہ کھانے سے یہاں شدید اضطراب پایا جاتا ہے۔ اتنے میں ڈائریکٹر آپہنچا، اس کے آنے پر اگرچہ میں نے واضح طور پر یہ تاثر لیا کہ اسے حامد کی خدمات ضرورت نہیں ہے اس کے باوجود اس نے اسی کے ذریعے مجھے بتایا کہ وہ ٹیلی فون کی سہولت دینے سے معذور ہے کیونکہ مواصلاتی نظام میں شدید خرابیاں ہیں اور کالیں سیٹلائیٹ ٹیلی فون کے بغیر نہیں ملائی جا سکتیں۔

اگر انہوں نے مجھے ٹیلی فون تک رسائی کرادی ہوتی تو میں نے اپنے اخبار کو ان خوبصورت لوگوں کے بارے میں جنہوں نے میرا اپنے گاؤں ''کاما'' میں پرجوش خیر مقدم کیا ایک اچھا فیچر مہیا کر دیتی اور جلال آباد مارکیٹ کے گردوپیش کی زندگی کی تفصیلات بھی بتا دیتی۔ یہ ہفتے کا روز جو وہاں میرے لئے مصروف ترین دن ہوتا مجھے لگتا تو نہیں تھا کہ ان تک یہ اطلاع کسی نہ کسی طریقے سے پہنچ گئی ہو کہ میں طالبان کے ہاتھ لگ گئی ہوں۔

طالبان انٹیلی جنس کے دو افراد میرے انٹرویو کے لئے آئے۔ میں نے ایک بار پھر ان سے معزرت کی کہ میری گرفتاری کی وجہ سے آپ کے لئے کئی مسائل پیدا ہو چکے ہیں۔ معلوم ہوتا تھا کہ انہوں نے میرے اس احساس کی قدر کی ہے۔ انہیں جو بات سمجھ نہیں آرہی تھی، یہ تھی کہ کسی کو خواہ وہ صحافی ہی سہی ان کے ملک میں آنے کی کیا ضرورت آپڑی ہے جبکہ بہت سے لوگ یہاں سے باہر جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

اور نہ ہی ان کا کوئی ٹیپ ریکارڈ چل رہا ہے۔ تو مجھے فوراً شبہ پڑ گیا، مجھے وہ ''چوہے'' (مخبر) لگے جو مجھ پر چھوڑ دیے گئے ہیں۔ میں نے الزام لگایا آپ کوئی جعلساز ہیں یا اس سے بھی بدتر ایسے صحافی ہیں کہ انہیں صرف وہی کچھ لکھنے کے لئے ''بھرتی'' کیا گیا ہے جو اُجرت دہندہ ان سے لکھوانا چاہتا ہے۔

مجھے یاد آتا ہے کہ اس وقت مجھے کتنا غصہ آیا تھا اور مجھ میں اتنی خود اعتمادی پیدا ہو چکی تھی کہ میں نے ان سے کہہ دیا کہ تم نے میری میزبانی کا ناجائز فائدہ اٹھایا ہے۔ پھر میں نے انہیں گھر سے نکل جانے کا حکم دے دیا۔ حامد نے کہا کہ یہ لوگ بہت اہم ہیں۔ مجھے ان سے احترام کا سلوک کرنا چاہیے۔ لیکن میں اُٹھ کر کھڑی ہو گئی اپنے بازو باندھ لیے اور کھڑکی میں سے باہر خوبصورت باغیچے کو دیکھنے لگی۔ حامد ان سے اس دوران کیا کہتا رہا، کیا میری کہی ہوئی باتوں کا ترجمہ کرتا رہا یا معذرت کرتا رہا۔ میں نہ سمجھ سکی البتہ میں نے یہ محسوس کر لیا کہ اگر میری ترجمانی کرتا رہا ہے تب بھی بڑی تکلیف دہ حالت میں تھا۔

''مجھے ایک ریڈیو دے دیا گیا ہے تا کہ میں ''بی بی سی ورلڈ سروس'' سن سکوں اور مجھ سے پوچھا گیا ہے کہ کیا مجھے مزید کسی چیز کی ضرورت ہے۔''

اس روز سے متعلق اندراج میں مزید یہ الفاظ تھے:

''حامد کہتا ہے کہ یہاں ہر کوئی اس بات پر پریشان ہے کہ میں کھانا نہیں کھاتی، وہ پوچھتا ہے کہ کیا کھانے میں کوئی خرابی ہے؟ کیا میں کوئی خاص غذا کھاتی ہوں یا میں ہوٹل سے لایا ہوا کھانا پسند کروں گی۔ وہ اکثر میرا بطور مہمان ذکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر میں غمگین ہوں تو وہ بھی غمگین ہو جاتے ہیں۔ میں نہیں مان سکتی۔ طالبان مجھ پر مہربانیاں نچھاور کر کے مجھے ہلاک کرنا چاہتے ہیں۔

''یہ لوگ کئی پہلوؤں سے گورکھوں کی طرح ہیں۔ یہ بے حد نرم، انتہائی شریف اور دوسروں کا احساس رکھنے والے ہیں۔ لیکن جب لڑائی کی نوبت آجائے یہ دنیا کے خوفناک ترین جنگجوؤں میں سے ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ ہر کوئی یہ جان لے کہ مجھ سے کیا اچھا سلوک ہو رہا ہے۔ کیونکہ یہ بتا دینے سے شاید مجھے سکون آجائے گا۔ میں شرطیہ کہتی ہوں کہ باہر کے لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ مجھے اذیتیں دی جا رہی ہیں، زدوکوب کیا جا رہا ہے اور جنسی بدسلوکی کا نشانہ بنائی جا رہی ہوں۔ یہ قطعاً غلط ہے اس کے برعکس مجھ سے شفقت اور احترام کا سلوک ہو رہا ہے۔ یہ کتنی ناقابل یقین اور حیرت انگیز بات ہے۔

خدا کی مار، میں کسی طرح ریڈیو توڑ بیٹھی۔ مجھے اب تک معلوم نہیں کہ دنیا کو میرے حال کے بارے میں کچھ معلوم ہے یا نہیں۔ البتہ میں نے آٹھ عیسائی عورتوں کے بارے میں ایک بلیٹین سنا ہے کہ انہیں کابل میں حوالات میں بند کر دیا گیا ہے کیونکہ وہ مسلمانوں کو عیسائی بنانے کی کوشش کر رہے تھے۔

مجھ سے کچھ اور سوالات بھی ہوئے تھے، میں چاہتی ہوں کہ میری ڈائری ان کا حال بھی سنا دے:

بروز پیر، بہ تاریخ یکم اکتوبر

تفتیشی افسروں کی پوچھ گچھ گھنٹوں جاری رہتی ہے۔ سوالات بار بار دہرائے جاتے ہیں۔ فضا میں حبس ہوتا ہے، میں بہت گھبراہٹ محسوس کرتی ہوں۔ اس دفعہ میرا انٹرویو ایک دبلے پتلے، سخت گیر اور عالمانہ شان رکھنے والے شخص اور ایک سرخ داڑھی والے بھاری بھرکم شخص نے لیا، مجھے دونوں سے خوف آتا ہے کیونکہ ان کے چہروں پر کرختگی نمایاں ہے۔ میں اس بات کی وضاحت کر رہی تھی کہ میں نے بارڈر کیوں عبور کیا، وہ میری بات سے مطمئن نہیں ہو پا رہے تھے۔ میں نے ایک بار پھر اپنے موقف کی وضاحت کی، حامد میرے جوابات ان تک پہنچا رہا ہے۔ اگرچہ میں جانتی ہوں کہ وہ میرے موقف کو سمجھ چکے ہیں۔

مجھے ابھی ابھی احساس ہوا ہے کہ تفتیش میں کچھ پیش رفت ہو رہی ہے، کیونکہ حامد نے مجھ سے پھر پوچھا ہے کہ میں ''صحیح صحیح'' اس بات کی وضاحت کروں کہ میں چوری چھپے افغانستان میں کیوں گھسی ہوں۔ میں نے برہم ہو کر اپنے بازو فضا میں لہراتے ہوئے بہ آواز بلند کہا ''کیونکہ میں طالبان میں شامل ہونا چاہتی تھی۔'' یہ بہت احمقانہ بات تھی جو میرے منہ سے جھنجلاہٹ کی وجہ سے نکل گئی تھی۔ یہ اس قسم کا تبصرہ تھا جو میرے ہونٹوں سے نکلتے ہی مجھے گولی مار دیئے جانے کی مستحق بنا سکتا تھا۔

میرے تفتیش کاروں نے اس لمحے تک اپنی نظریں، میرے پیچھے کی دیوار پر گاڑ رکھی تھیں۔ حامد اس جملے کا پشتو میں ترجمہ کرتے ہوئے سخت ہچکچاہٹ محسوس کر رہا تھا، اور وہ دو حضرات اپنی جگہ سے کچھ ہلے اور زور سے قہقہے لگانے لگے۔ اس سے ان کے اندر حسِ مزاح کی موجودگی کا انکشاف ہوا جو عام حالات میں ان خوفناک طالبان سے کبھی منسوب ہی نہیں کی جا سکتی۔

تفتیش کاروں کے اندر لطیف جذبات کی موجودگی کا پتہ چلنے سے مجھے کچھ سکون ملا۔ تاہم پانچ منٹ کے بعد ہنسنے کی باری میری تھی۔ جب انہوں نے مجھ پر الزام لگایا کہ میں امریکہ کی خفیہ ایجنٹ ہوں۔ میں نے اس کا ترکی بہ ترکی جواب دیا ''اور میں امریکہ کا خفیہ ہتھیار ہوں تو امریکہ پر خدا ہی رحم کرے۔'' پھر میں نے کہا کہ میں خفیہ ایجنٹ ہوتی تو یقینی طور پر میرے پاس جیمز بانڈ جیسے آلات ہوتے جبکہ میں صرف ایک نکون کیمرے کے ساتھ داخل ہوئی ہوں۔

انہوں نے پوچھا کہ میں نے کون کون سی تصویریں بنائی ہیں؟ میں نے بتایا کہ صرف چند ایک بنائی ہیں، انہیں ڈیویلپ کر کے دیکھا جا سکتا ہے۔ اس سے مجھ پر منکشف ہوا کہ کسی نے میرا کیمرہ کھول کر فلمیں تباہ کر دی ہیں یا ایسا ہوا ہے کہ چونکہ افغانستان میں فوٹوگرافی کی ممانعت ہے اس لئے ملک بھر میں اس کی پروسیسنگ کا کوئی انتظام نہیں ان کی طرف سے اسی قسم کے اور بھی بہت سے سوال پوچھے گئے۔ اس دوران میرا پیمانہ صبر لبریز ہو چکا تھا۔ میں نے جھلا کر کہا، میں مزید کسی سوال کا جواب نہیں دے سکتی۔ میں آپ سے پوری طرح تعاون کرتی رہی ہوں اس سے زیادہ کچھ نہیں ہو سکتا۔ مجھے افسوس ہے کہ میری وجہ سے طالبان کے لئے بہت سی الجھنیں پیدا ہوئیں، جبکہ اس وقت

باب نمبر 33

پُرکشش تفتیش کار

اس روز دوپہر کو پھر میرے لئے کھانا لایا گیا مگر میں نے نہیں کھایا۔ تین افراد میری تفتیش کرنے کے لئے آئے۔ ان میں سے ایک کا تعارف بطور ہیڈ آف انٹیلی جنس کرایا گیا۔ یہ بہت بارعب شخصیت کا مالک تھا، گھنی سیاہ داڑھی اور گلابی رخسار تھے۔

مجھے وہاں جتنی داڑھیاں نظر آئیں وہ زیادہ تر سوکھی سڑی، الجھی اور لاپرواہی سے رکھیں ہوئی تھیں مگر اس داڑھی میں ایک عجیب کشش تھی۔ اس کی آنکھوں کی پتلیاں کم و بیش کالی اور شارک مچھلی کی سی تھیں۔ مجھے احساس ہوا کہ اس سے مجھے بے حد محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔ بہت خطرناک دکھائی دیتا تھا اور واقعی ایسا تھا۔

ان نو واردوں نے حامد سے پوچھا کہ وہ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ میں اس ملک میں کیسے داخل ہوئی اور اس میں میری کس نے مدد کی، اور یہ سوال بھی تھا کہ میں اپنے ہمراہ گرفتار ہونے والے دوسرے دو افراد کو میں کیسے جانتی ہوں۔ پھر پچھلے روز ہونے والے واقعہ کے حوالے سے بھی سوالوں کا بھی جواب مانگا گیا۔

میں نے اپنے ہمراہ گرفتار ہونے والوں کے بارے میں کہا کہ ان آدمیوں کا مجھ سے کوئی تعلق واسطہ نہیں، وہ کار خانہ زندگی میں پائے جانے والے محض پُسو ہیں۔ اُلٹا میں نے سوال داغ دیا کہ طالبان نے انہیں کیوں گرفتار کیا ہے؟ اس پر وہ بہت برہم ہوئے جیسا کہ میں نے ان کی انٹیلی جنس کی توہین کردی ہو۔ ایک جو گھنی داڑھی والا تھا وہ اپنے غصے کو روک نہ سکا، لگتا تھا کہ وہ ابھی کوئی خطرناک ہتھیار نکال کر مجھے دے مارے گا۔

پھر میں نے کہا کہ اچھے صحافی اپنے ضابطہ اخلاق کی سختی سے پابندی کرتے ہیں، وہ اپنے رابطہ کار یا ذرائع اطلاع کا کبھی نام نہیں بتاتے، خواہ کچھ بھی ہو جائے۔ میں نے یہ دلیل بھی دی کہ کوئی اور سمجھے یا نہ سمجھے، آپ کو سمجھ جانا چاہیے کہ اپنے مہمان کی حفاظت کرنا ایک اخلاقی ذمہ داری ہوتی ہے، اور یہ آپ کی روایت بھی ہے۔

میرے اس جملے سے اسامہ بن لادن کی طرف اشارہ نکلتا تھا، جس کے بارے میں انہوں نے یہ موقف اختیار کیا تھا کہ اس کی حیثیت ایک مہمان کی ہے اور مہمان کی حفاظت ان کی عزت و آبرو اور روایت کا مسئلہ ہے، مغرب نے ان کے موقف کو نظر انداز کر دیا تھا۔ دوران گفتگو وہ میرے چہرے کی طرف نہیں دیکھتے تھے، بلکہ اِدھر اُدھر خالی نظریں ڈالتے رہتے یا چھت پر لگی کسی چیز کو دیکھتے رہتے تھے۔ مجھ پر بعد میں منکشف ہوا کہ افغان کلچر میں یہ چیز عزت کی علامت ہے۔ دوسری جانب حامد کئی دفعہ مجھے ڈانٹ کر کہہ چکا تھا کہ "جب میں تم سے مخاطب ہوں تو میری طرف دیکھا کرو۔" اس پر وہ ناراض ہونے کی کوشش کرتا اور جارح دکھائی دیتا مگر میں اس پر ہنس پڑتی کیونکہ میں محسوس کرتی تھی کہ وہ اپنی روایت کے دائرے سے باہر نکلنے کی کوشش کر رہا ہے۔

اسی روز بعد میں ایک ڈاکٹر میرے چیک اپ کے لئے آیا۔ میرا تصور ان دنوں فی الواقعہ "اوور ٹائم" کام کرتا رہتا تھا۔ میں نے سمجھا کہ یہ لوگ مجھے اذیت دینے سے پہلے مجھے صحت کا "کلین بل" دینا چاہتے ہیں۔ بہرحال یہ چھوٹے سے قد اور سوکھے ہوئے چہرے والا شخص میرے کمرے میں آیا میرا بلڈ پریشر لیا اور اس عمل کو کوئی دفعہ دہرایا۔ اس پر میں نے کہا! "ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، میں جانتی ہوں کہ مجھے ہائی بلڈ پریشر ہے۔"

اس نے ایک بار پھر بلڈ پریشر چیک کیا اور مجھے دیکھایا، میں حیران ہوگئی "اوہ خدایا، یہ تو واقعی نارمل ہے۔ طالبان کے ساتھ تین ہی دن گزارنے سے میں بالکل ٹھیک ہوگئی ہوں۔" اس نے جواب دیا "واہ! مجھے بہت خوشی ہوئی۔" پھر اس نے حامد کی طرف سے مداخلت ہونے پر اسے پشتو میں کچھ کہا، جس نے ترجمہ کر کے مجھے بتایا کہ "ڈاکٹر کہتا ہے کہ کچھ کھالے ورنہ تو مر جائے گی۔"

کچھ دیر بعد عبداللہ آیا اس کے ہاتھ میں ریڈیو تھا، حامد نے کہا کہ اگر میں بی بی سی لگاؤں تو اپنے بارے میں کچھ باتیں سن سکوں گی۔ "آپ بڑی اونچی لیڈی ہیں، بہت مشہور ہیں، ہر کوئی آپ کی باتیں کر رہا ہے۔" یہ دونوں بہت پرجوش دکھائی دے رہے تھے اور میں تیزی سے چینل تلاش کر رہی تھی۔ مجھے ایک "ساکر رپورٹ" سننے کو ملی یہ کھیلوں کی خبریں نشر ہو رہی تھیں۔ میں انگلش آواز سن کر پھولی نہیں سمارہی تھی۔ خوشی کی وجہ سے ریڈیو میرے ہاتھ سے گر پڑا اور وہ سٹیشن ہی غائب ہو گیا۔ اتنے میں کچھ مزید کھانا میرے کمرے میں پہنچا دیا گیا لیکن میں کھانے سے انکار کر دیا اور حامد سے کہا کہ جب تک ماں سے بات نہ کرائی گئی، میں دوبارہ نہیں کھاؤں گی۔ ریڈیو سے خبر نشر ہو جانے کے بعد ماں سے بات ہونا اور بھی زیادہ ضروری ہو گیا تھا۔

میں نے اپنی قید کے دوران ایک ٹوتھ پیسٹ کارٹن کے اندر کی جانب بڑے سلیقے سے تاریخوں کی ایک لسٹ بنائی اور چند مختصر نوٹ لکھے تھے۔ میں جب اپنی اس "خفیہ ڈائری" کو دوبارہ دیکھتی ہوں تو میرا ذہن مجھے پھر انہی تجربات میں سے گزارتا ہے۔ میں اپنے ساتھ ان کے سلوک پر حیران رہ جاتی ہوں۔ اس خاص اتوار کے بارے میں میرا اندراج یہ تھا:

ان کی توجہ منقسم ہوئے بغیر کسی اور چیز پر مرکوز رہنی چاہئے تھی۔
میں نے ان کے ملک میں بغیر پاسپورٹ اور ویزا داخل ہونے کا اعتراف کر لیا تھا اور اب اس میں کسی مزید اضافے کی ضرورت نہیں تھی۔ میں دیکھ رہی تھی کہ وہ بہت ناراض ہیں مگر میں محسوس کر رہی تھی کہ یہ ملاقات اب خوشگوار جملوں پر ختم ہو جانی چاہیے۔ چنانچہ انہوں نے کہا کہ مجھے ایک یا دو دن میں گھر واپس جانے کی اجازت مل جانی چاہیے، اور میں اپنی ڈائری میں نوٹ کیا کہ یہ جملہ سن کر مجھے خوشی ہوئی ہے اگرچہ ”ایک یا دو دن“ میں رہائی کے وعدے پہلے بھی کئی بار ہو چکے ہیں۔
کچھ دیر بعد میں ایک سرخ گدے پر جسے میں بطور بیڈ استعمال کیا کرتی تھی، لیٹی ہوئی تھی کہ مجھے باہر سے کوئی آواز آئی۔ میں نے کھڑکی سے دیکھا کہ ایک نام نہاد صحافی ہاتھ میں کوئی ایسی چیز لئے کھڑا ہے جو سیٹلائیٹ ٹیلی فون جیسی ہے۔ اس نے بتایا کہ وہ رات بھر کے لئے یہاں بطور مہمان ٹھہرا ہوا ہے اور میری کچھ مدد کرنا چاہتا ہے۔ اس نے مجھ سے میری ماں کا ٹیلی فون نمبر پوچھا اور کہا کہ وہ اسے میرا پیغام پہنچا دے گا۔ میں نے انکار کرتے ہوئے کہا کہ اس نے اگر اجنبی مرد کی زبان سے فون پر میری خیریت سنی تو وہ اور بھی زیادہ پریشان ہو جائے گی۔
میں نے اس سے ٹیلی فون استعمال کرنے کی اجازت مانگی اور لجاجت بھی کی مگر اس نے انکار کر دیا۔ پھر میں نے پردہ کھینچ لیا کیونکہ عبداللہ کمرے میں یہ دیکھنے آ گیا تھا کہ کیا مجھے کسی چیز کی ضرورت ہے اور اس نے مجھے یاد دلایا کہ مجھے دروازہ اندر سے مقفل کرنا ہے۔ اس سے پہلے وہ اس بات پر راضی ہو گیا کہ وہ باہر سے تالا نہیں لگایا کرے گا کیونکہ میں نے کہا تھا کہ ہو سکتا ہے کہ مجھے رات کے دوران باتھ روم کے استعمال کی ضرورت پڑ جائے۔ اس کے چلے جانے کے بعد میں نے جلدی جلدی ماں کے نام ایک رقعہ لکھا کہ میں بالکل ٹھیک ہوں اور اسے یہ بتایا کہ ”ننا“ (میری آنجہانی نانی) اوپر کے جہان سے میری نگرانی کر رہی ہے۔
میں نے سب کے نام پیار اور خیر سگالی کا پیغام دیتے ہوئے کہا کہ میرے باپ سے کہنا کہ میں ہمت سے ہر چیز کا سامنا کر رہی ہوں، اور یہ بھی کہا کہ اُمید ہے ڈیزی بورڈنگ سکول ہی میں رہے گی، وہاں اس کی زندگی اچھی گزرے گی یہ نوٹ بے ضرر سا تھا۔ اور مجھے معلوم تھا کہ ان الفاظ سے اس پریشانیوں میں کمی واقع ہو گی۔ میں دوبارہ کھڑکی کے پاس گئی اور رقعہ مچھر دانی کے سوراخ میں سے باہر دھکیل دیا۔ سیٹلائیٹ ٹیلی فون والے آدمی نے وہ بخوشی لے لیا اور میں نے اسے اشارتاً کہا کہ اگر یہ منزل پر پہنچ گیا تو میں اسے اصل سٹوری سے مطلع کر دوں گی۔

میں نے اپنے نوٹ میں لکھا:
”اُمید ہے کہ یہ آدمی ٹھیک ہو گا لیکن کیا پتہ اصل حقیقت کیا ہے۔ میری اشد خواہش تھی کہ کاش میں ماں سے بات کر سکتی اور ڈیزی کا حال پوچھ لیتی۔ بدھ کو اس کی سالگرہ ہے۔ وہ مجھ سے ایک کارڈ اور ایک تحفے کی توقع کر رہی ہو گی۔ میں چاہتی ہوں کہ باہر کے واقعات سے آگاہی پا سکوں اور جان سکوں کہ کیا بمباری شروع ہو چکی ہے۔ میں خود کو بالکل تنہا پا رہی ہوں اور سوچ رہی ہوں کہ کیا میری خاندان کے علاوہ بھی کسی کو میری صورت حال کی کچھ فکر ہے۔“

اُوڈز اوروہ ہے۔اپنی تاریخ کی کتابوں میں دیکھئے تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ کتنا بڑا جنگجو تھا۔''
میں نہایت بے شرمی کے ساتھ اس کا نام استعمال کر رہی تھی تا کہ اس سوراخ میں سے کسی طرح نکل جاؤں، مجھے یقین تھا کہ وہ میری رہائی میں مدد کرے گا لیکن جب میں نے ڈیوڈ کا نام لیا تو اسے حیرت تک نہیں ہوئی۔ کچھ سرگرمیاں جاری تھیں مگر مجھے ان کی نوعیت معلوم نہیں تھی۔ اس نے مجھ سے دوبارہ ان دو آدمیوں کے بارے میں پوچھا اور اپنی بات دہرائی کہ انہیں بہت مارا پیٹا جا رہا ہے۔
میں نے کہا! ''جو چاہو ان سے کرو، مجھے ان سے کوئی سروکار نہیں۔ اگر آپ لوگ بے گناہوں کو اذیت دے کر مزا لیتے ہیں تو لیتے رہیے۔ مجھے لکھنے کو ایک اچھی سٹوری مل رہی ہے جو میں رہائی کے بعد لکھوں گی۔ اپنے طالبان دوستوں کو یہ بات ضرور بتا دینا۔''

سانپ اور سیڑھی کا کھیل

اس بات پر وہ ٹھٹکا اور فوراً باہر نکل گیا۔ باقی سارا دن میں نے اکیلے گزارا۔ بلکہ بعض پہلوؤں سے یہ زیر تفتیش رہنے سے بھی بدتر تھا۔ مجھے یہ فکر لگ گئی کہ میں بہت دور جا نکلی ہوں۔ اب کسی اذیت سے دوچار کر دی جاؤں گی۔ میں تو سانپ اور سیڑھی والا کھیل کھیل رہی تھی۔ اگر ایک پوائنٹ جیتتی تھی تو دوسرے پوائنٹ سے دھڑام نیچے جا پڑتی تھی۔
میں نے 2 / اکتوبر کو جو ڈائری لکھی، اس کے آغاز ہی میں اپنی مایوسیوں کی گہرائی کا انکشاف کر دیا:
اب 7 بجے شام کا وقت ہے، مجھے دن بھر تنہائی کی اذیت برداشت کرنا پڑی ہے۔ فضا میں بے حد کشیدگی ہے، دہشت ناک مستقبل سے دوچار ہونے والی ہوں۔ کھانا لانے اور واپس لے جانے کے لئے آنے والوں میں سے کوئی بھی میرے چہرے کی طرف نہیں دیکھتا۔ بے حد الجھن ہے۔ شدید خوف محسوس ہو رہا ہے۔
بڑی گھمبیر فضا طاری ہے۔ واضح طور پر دکھائی دے رہا ہے کہ اب میں گھر واپس نہیں جا رہی۔ شاید یہ مجھے ہلاک کرنے والے ہیں۔ مجھے کچھ نہ کچھ کرنا ہی ہوگا کیونکہ اب مجھے کچھ شبہ ہو گیا ہے۔ باتھ روم میں ایک پرانا زنگ آلودہ ریزر بلیڈ پڑا ہوا ہے، ہوسکتا ہے کہ میں اسے اپنے صابن میں چھپا لوں۔ اگر میں موت کو گلے لگانا چاہوں تو اس کا طریقہ مجھے خود سوچنا ہے۔ اگر وہ مجھے قتل کرنے جا رہے ہیں تو وہ اس کے لئے کونسا عمدہ طریقہ اختیار کریں گے؟ عبداللہ اور حامد کہاں ہیں؟
میں نے ابھی ابھی اپنے کمرے سے نکل کر، سامنے ڈائریکٹر کے کمرے کے دروازے پر دستک دی۔ ایسے محسوس ہوا جیسے میں نے کسی چڑچڑے آدمی کو نیند سے جگا دیا ہو، اس نے نہایت نفرت سے دیکھا اور ہاتھ کے اشارے سے مجھے چلو ہٹو کہہ دیا۔ میں نے اسے پہلے کبھی نہیں دیکھا لیکن مجھے اس سے بہت خوف محسوس ہوا۔ میں نے اس سے کہا کہ مجھے ڈائریکٹر سے بات کرنی ہے۔
یہ عجیب رات تھی، جب میں ڈائریکٹر کے کمرے سے واپس آئی تو عبداللہ اور حامد دوڑتے ہوئے میرے پاس پہنچے اور کہا ہمیں آواز آئی تھی کہ آپ ڈاکٹر کے بارے میں پوچھ رہی تھیں۔ خیریت تو ہے ناں۔ ان کے چہروں پر ہوائیاں اُڑ رہی تھیں۔ میں نے کہا، میں بالکل ٹھیک ہوں لیکن مجھے ڈائریکٹر سے بات کرنی ہے، ڈاکٹر سے نہیں۔ میں نے حامد سے کہا کہ صاف نظر آ گیا ہے کہ میں افغانستان سے نہیں نکل سکتی۔ اور یہ کہ مجھے ایک قانون دان کی ضرورت ہے تا کہ میں اپنی آخری وصیت لکھوا سکوں۔
اس نے مجھے حیرت سے دیکھا اور کمرے سے نکل گیا۔ کوئی آدھے گھنٹے کے بعد ڈائریکٹر مجھ سے ملنے آیا۔ اس کے ساتھ حامد بھی تھا۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ میں کیا چاہتی ہوں۔ میں نے اسے ایک قانون دان کی خدمات کی ضرورت سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک بنیادی انسانی حق ہے، اور مجھے اس سے کوئی محروم نہیں کر سکتا اور نہ انکار کر سکتا ہے۔
میں جب بھی اپنی ڈائری کے اس حصے پر پہنچتی ہوں، میرا دم گھٹنے لگتا ہے، یہ اس ریزر بلیڈ کی وجہ سے ہے جسے میں ہر روز باتھ کی ایک سائیڈ پر پڑا پاتی تھی لیکن اس روز میں نے اسے اُٹھا لیا۔ یہ پاکستان میں بنا ہوا بلیڈ تھا، اس کے ٹریڈ مارک کا نام ''وینچ'' تھا، مجھے اسے اپنے پاس رکھ لینے کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ یہ مجھے خود پر قابو پانے میں کچھ مزید مدد دے گا۔ اور میں فیصلہ کر سکوں گی کہ کیا مجھے اپنی جان لینی ہے، اور لینی ہے تو کب؟
میں طبعاً مائل بہ خودکشی انسان نہیں ہوں لیکن میں چاہتی تھی کہ میری موت اگر واقع ہو تو خون زیادہ بہہ جانے سے ہو، نہ کہ پتھر لگ لگ کر مروں، یا کسی ایسے طریقے سے اذیت دی جائے کہ وہ حد برداشت سے بڑھ جائے۔ یہ باتیں مجھے اب دن کی ٹھنڈی روشنی میں اپنے گھر میں محفوظ بیٹھے ہوئے بڑی مضحکہ خیز لگتی ہیں۔ لیکن لمحہ بھر کے لئے پیچھے جا کر 11 ستمبر کے واقعہ کو سوچئے۔ ہوسکتا ہے کہ ان دونوں کا آپس میں موازنہ کرنا درست نہ لگتا ہو لیکن ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے بعض آفس ورکرز نے اوپر سے چھلانگ لگا کر موت کی آغوش میں چلے جانے کو اس دوزخ میں

باب نمبر 34

میں چاہتی ہوں کہ یہ مچھر میری جان چھوڑ دیں، میرے ٹخنوں، چہرے اور کلائیوں پر جگہ جگہ ان کے کاٹنے کے نشان پڑے ہوئے ہیں۔ اتنی جلن ہوتی ہے کہ جی چاہتا ہے کہ اپنی کھال کو چھیل ڈالوں۔ میں انہیں مارنے کو اوپر نیچے لپکتی ہوں مگر یہ مکروہ مخلوق بھاگ نکلتی ہے۔ آج بیزاری کا احساس بہت ہی زیادہ ہے۔ مجھے اب پتہ چلا ہے کہ یہ کمرہ سات گز لمبا اور پانچ گز جوڑا ہے۔ مجھے کل جو پنکھا دیا گیا تھا وہ ایک منٹ میں سات بار چکر لگاتا ہے۔ گھنٹے میں 420 بار اور.....

یو آنے رڈلے..... زندگی کا یہ مزہ بھی چکھ لیا ہے نا.... میں سوچتی ہوں کہ کیا میں ٹوٹ پھوٹ رہی ہوں۔ میں کسی حد تک اسے ایک معمول سمجھتی ہوں مگر یہ معمول کی صورت حال نہیں ہے۔ سوچتی ہوں کہ میرے دفتر کے حالات کیسے چل رہے ہوں گے، کیا میری جاب تا حال برقرار ہے۔ انہیں اب تک معلوم ہو چکا ہوگا کہ میری مہم بڑی طرح ناکام ہو چکی ہے۔ کاش انہیں پتہ لگ سکتا کہ میں رہائی کے کتنے قریب پہنچ گئی ہوں۔

میں گھنٹوں کھڑکی میں سے، اس جگہ کے اردگرد کے خوبصورت باغوں کو دیکھتی رہتی ہوں۔ مجھے یقین نہیں آتا کہ یہ کوئی پولیس سٹیشن ہوگا۔ نہ ہی یہ کوئی فوجی مقام ہے۔ ایک چھوٹی سی ندی باغ کے گرد گھومتی ہوئی گزرتی ہے اور سورج کی روشنی اس سے خوب منعکس ہوتی ہے۔

کاش ''SAS'' والے مجھے چھڑوالیں، میرا خیال ہے کہ وہ ملک میں ضرور موجود ہوں گے۔ پتہ نہیں انہیں میرے بارے میں کچھ بتایا جا چکا ہے یا نہیں۔ اگر انہیں معلوم ہو چکا ہے تو وہ کوئی نہ کوئی تدبیر کر رہے ہوں گے۔

یہ بھی سوچتی ہوں کہ کیا میں فرار ہو جاؤں۔ انہوں نے برقع تو ابھی تک میرے پاس ہی رہنے دیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آدھی رات کو نکل جاؤں۔ یہ خطرناک تو بہت ہوگا۔ اگر خطرہ یہاں اندر ہی بن گیا تو پھر کیا کروں گی۔

خداوندا یہ کیا طوفان ہے!

نماز، یہ انار اور جیل

اگلے دن تفتیش نے ایک نیا رُخ اختیار کر لیا، کسی وجہ سے طالبان میرے خاندان کے مردار کان کے بارے میں متجسس ہو گئے۔ انہوں نے دادا کا نام پوچھا، وہ تو مجھے یاد نہ تھا، نہ بتا سکی تو وہ ہکا بکا رہ گئے اور اسے میری طرف سے بے ادبی کا اظہار سمجھا۔ ''وہ تو میرے پیدائش سے پہلے بہت پہلے فوت ہو گیا تھا، مجھے تو کسی نے اس کا نام نہیں بتایا۔'' میں نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا۔

اب سوال وجواب کی سمت بھی تبدیل ہوگئی اور وہ کسی فائل کو دیکھتے اور حوالہ جات کو چیک کرتے جا رہے تھے۔ میں سخت کشمکش میں پڑ گئی اور ڈر بھی رہی تھی کہ پتہ نہیں میرے بارے میں کیسی معلومات ان کے پاس پہنچ گئی ہیں۔ میں پچھلے ہفتے سے پہلے تو اس ملک میں کبھی آئی ہی نہیں، یہ کیا چیز ان کے ہاتھ لگ گئی ہے۔

انہوں نے پوچھا کہ کیا میں کبھی ایران گئی تھی؟ میں نے نفی میں سر ہلایا اور سوچا کہ کیسا بے تکا سوال ہے۔ میں ایران دیکھنا چاہتی تھی اور پچھلے سال ڈیزی کو ساتھ لے کر وہاں جانے کا ارادہ کیا تھا لیکن مجھے بتایا گیا کہ وہ حکومت ''سنگل مدرز'' (ایسی بے شوہر عورتیں، جن کے ہمراہ بچہ ہو لیکن بچے کا والد کوئی ایسا شخص ہو جس کی وہ منکوحہ نہ ہو) کو برداشت نہیں کرتی۔ میرا وہاں جانا خطرناک تھا کیونکہ اسلامی فنڈا منٹلسٹ مجھے سنگسار کر ڈالتے۔

یہ منگل 2 / اکتوبر کا دن تھا۔ اس بار تین یا چار افراد سوالات کی بوچھاڑ کر رہے تھے۔ میں چکرا کر رہ گئی۔ ان کے جانے کے بعد حامد واپس آیا تو میں سوچنے لگی کہ کہیں یہ خود بھی انٹیلی جنس افسر تو نہیں۔ اس کے سر پر پگڑی نہیں تھی، داڑھی کم مقدار مگر بکھری ہوئی تھی، مجھے بعض اوقات اس سے وحشت ہونے لگتی تھی۔

اس نے مجھے کہا کہ ''آپ سخت مصیبت سے دوچار ہونے والی ہیں، آپ نے مجھے اپنی زندگی کے بارے میں سچ نہیں بتایا۔ اپنی بیٹی کا ذکر ہی نہیں کیا جس کا نام ڈیزی ہے، اور بھی کئی باتیں ہیں جن سے آپ نے طالبان کو بے خبر رکھا ہے۔ یہ آپ کے لئے بہت بری خبر ہے۔''

''میں آپ کی مدد کرنا چاہتا ہوں لیکن اگر آپ سچ نہیں بتائیں گی میں آپ کی مدد نہیں کر سکتا۔ آپ نے اپنے ہمراہ پکڑے گئے دو آدمیوں کے بارے میں بتانے سے انکار کر دیا تھا۔ ان سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے اور انہیں مارا پیٹا بھی جا رہا ہے۔''

مجھے محسوس ہونے لگا جیسے مجھے بخار ہو گیا ہو، اب میں حامد پر اعتبار نہیں کر سکتی تھی اور نہ اسے اعتماد میں لینا چاہتی تھی۔ تاہم مجھے اس کو یہ بتانا یاد تھا۔ ''تم نے کبھی مجھ سے نہیں پوچھا کہ کیا میری کوئی بیٹی ہے، میں نے کہا میں سنگل ہوں اور تم سیدھے دوسری بات کی طرف چلے گئے، میں ڈیزی کے باپ کے ساتھ اب نہیں رہتی۔ کیا آپ اس ملک کے لوگ علیحدگی کے تصور سے بالکل ناواقف ہیں۔''

میں نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا۔ ''اس کا والد ایک فلسطینی ہے۔ سنی مسلمان ہے اور اس کا نام ابوحاکم یاد

جل کر مرنے پر ترجیح دی تھی جس نے انہیں اچانک آلیا تھا۔ اس طرح مجھے بھی ایک انتخاب کرنا تھا، چنانچہ میں نے ”وتیجے“ بلیڈ، ٹرکش سوپ کی ٹکیہ کے اندر چھپا لیا تھا۔ انہوں نے مجھے یہ صابن قید کے پہلے ہی دن دیا تھا۔
اگلا روز میرے لئے پھر ایک ہنگامہ خیز دن تھا، اس کا آغاز بہت اچھا ہوا تھا، مجھے نئے کپڑے دیئے گئے تھے۔ پہلے تو تقریباً سات دن رات نارنجی ڈریس، سلوار قمیض میں رہی، جن میں آپ تصور کر سکتے ہیں کہ گرمی اور پسینے سے میں کتنی بدبودار ہو چکی تھی۔ عبداللہ نے مجھے نئے کپڑے پیش کیے تو میں مذہبی اور ثقافتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر اس کے ساتھ گرمجوشی سے لپٹ گئی اور وہ مسکرا دیا لیکن میری اس شوخی پر گھبرا گیا۔ ان کپڑوں میں سے ایک براؤن اور کریم کاٹن ڈریس مع براؤن شلوار تھا اور دوسرا انتہائی سادہ جیل کا عمومی لباس تھا۔ مجھے شبہ ہوا کہ یہ شادی کا ڈریس تھا۔ اس شبے کی بعد میں توثیق ہو تا تھی۔

سے واپسی میں تاخیر ہو جائے گی۔ ادھر وہ جوتوں کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا تھا، واپس آ کر اس نے جلدی جلدی میرے پاؤں کا ناپ لیا اور پھر تقریباً آدھے گھنٹے کے لئے چلا گیا۔ یہ انتظار بہت کربناک تھا اور میں گھبرانا شروع ہو گئی۔

انٹیلی جنس کے لوگوں نے میرے ساتھ چند نفسیاتی کھیل کھیلے تھے۔ وہ مجھے بار بار بتاتے رہے کہ بس اب تم جا رہی ہو، مگر یہ بتانا درست نہیں ہوتا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ ''تم ایک جاسوس ہو'' جس کے بارے میں مجھے معلوم ہے کہ اس کا مطلب سزائے موت ہوتا ہے، اس سے کوئی سوالات نہیں پوچھے جاتے۔ ان کے پاس میرے متعلق ایک فائل تھی مگر وہ مجھے دکھانے کے لئے تیار نہیں تھے۔

آخر میں، میں نے کہا صاف ظاہر ہے کہ ان کے پاس میرے خلاف کوئی واضح چیز نہیں اور یہ بھی کہ میں ایک صحافی ہوں۔ انہوں نے یہاں تک بھی کہا کہ ''ایکسپریس نیوز پیپرز'' نے میری رہائی کی بات چیت کے لئے ایک ''اعلیٰ ڈائریکٹر'' بھیجا ہے۔ ان سب باتوں نے میرے ذہن میں ایک کھلبلی مچا رکھی تھی مگر میں نے انہیں جھٹک دیا کہ، جو ہوا سو ہوا، اب گھر تو جا رہی ہوں۔

حامد ''فلپ فلاپ'' قسم کے سکینڈل لے کر آ گیا، جن پر ''لندن'' کا ''لوگو'' لگا ہوا تھا۔ میں نے مسکرا کر کہا کہ یہ تو بالکل فٹ آ گئے ہیں، اس پر اس نے مجھے مبارکباد دی اور مجھے بیٹھ جانے اور انتظار کرنے کو کہا اور کمرے سے باہر چلا گیا۔ پھر کیا ہوا، جو کچھ ہوا اس سے میرا خون جم کر رہ گیا۔ اس کا ذکر میں نے اپنی ڈائری میں کیا، وہ یوں ہے:

اسلام کی دعوت

حامد نے دروازے پر دستک دی اور کہا کہ مجھے کوئی ملنے آیا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اس نے کہا تھا کہ مولانا (ایسے آدمی کو مولانا کہا جاتا ہے جو فارسی یا عربی جانتا ہو) آیا ہے۔ اس کے چہرے کے تاثرات سے مجھے اندازہ ہوا کہ سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ اتنے میں کمرے میں ایک لمبا پتلا شخص داخل ہوا، اس کی جلد صاف اور بے داغ اور چھوٹی چھوٹی بھوری آنکھیں تھیں، ہاتھ میں تسبیح تھی جسے وہ آہستہ آہستہ رول رہا تھا۔ اس نے مجھ سے پوچھا، تمہارا مذہب کیا ہے اور اسلام کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ یہ سن کر میرا منہ خشک ہو گیا، میں نے بتایا کہ میں ایک عیسائی ہوں مگر وہ جاننا چاہتا تھا کہ میں کس قسم کی عیسائی ہوں؟ میں نے جواب دیا کہ میں پروٹسٹنٹ ہوں۔

وہ بدشگونی کے انداز میں مسکرایا، جس سے مجھے محسوس ہوا کہ مجھے پھنسایا جا رہا ہے۔ میں نے اپنی بات آگے جاری رکھتے ہوئے کہا کہ اسلام ایک دلکش مذہب ہے۔ جس کے پیروکار بہت اچھے جذبات اور عقائد رکھتے ہیں۔ میں نے یہ بھی کہا کہ میں لندن واپس جا کر مذہب کا خصوصی مطالعہ کیا کروں گی۔ وہ ایک بار پھر مسکرایا اور مجھ سے پوچھا کہ کیا، ابھی اور اسی وقت مذہب تبدیل کرنا چاہتی ہو؟

میں خوفزدہ ہو گئی کہ اگر میں ''ہاں'' کہتی ہوں تو وہ سوچے گا کہ میں متلون مزاج ہوں، وہ مجھے سنگسار کرا دے گا، اگر ''نہ'' کہتی ہوں تب بھی موت کا خطرہ مول لیتی ہوں۔ میں نے اس پیشکش کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں اتنا بڑا فیصلہ، جس سے میری ساری زندگی ہی بدل جائے، اس حالت تشویش و اضطراب میں نہیں کر سکتی۔ اس پر وہ ایک بار پھر مسکرایا اور اٹھ کر چلا گیا۔

جب حامد واپس آیا تو میں لرز رہی تھی، میں نے اس سے پوچھا کہ کیا سب ٹھیک جا رہا ہے۔ اس نے اچانک مجھے کہا کہ اب میں جا سکتی ہوں، اس نے حکم دیا کہ روانگی سے پہلے برقع پہن لینا۔ یہ سن کر میری آنکھوں سے آنسو آ گئے، میں نے اس سے کہا کہ مجھے اس پر مجبور نہ کرو۔ اس نے انٹیلی جنس کے ایک افسر کی طرف رہنمائی کے لئے دیکھا جس نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

میں حامد کے پاس سے گزرنے لگی تو اس نے میری طرف ایک چادر پھینکتے ہوئے کہا، ''تو پھر یہ لو اور خود کو ڈھانپ لو''۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ یہ اتنی ترشی سے کیوں کام لے رہا ہے، لیکن میں نے پرواہ نہیں کی کیونکہ میں تو ویسے ہی گھر جا رہی تھی۔

پک اپ ٹرک پر سوار ہونے کے لئے گئی تو وہاں مختلف لباسوں میں ملبوس تقریباً چالیس طالبان، نے مجھے گارڈ آف آنر پیش کیا ان میں سے بیشتر مسکرائے اور جواباً میں بھی مسکراتے ہوئے ان کے پاس سے گزری۔ پھر مجھے دو آدمی نظر آئے جو میرے ہمراہ گرفتار کیے گئے تھے، میں نے انہیں نظر انداز کر دیا، مگر دل ان کے لئے پسیج رہا تھا۔ وہ زنجیروں میں بندھے ہوئے تھے اور چھوٹی لڑکی بھی پیچھے بیٹھی ہوئی تھی۔

میں آگے کی جانب جا کر پک اپ کی فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گئی، دو مسلح طالبان گارڈ اور سکارف دکھائی دینے والا، انٹیلی جنس افسر بھی ساتھ بیٹھے تھے۔ میں کچھ جذباتی ہو رہی تھی، تاہم میں نے آنسو ضبط کر لئے۔ عبداللہ نے اس وقت پہلی بار اپنی انگریزی بولی، جب اس نے مجھے ''گڈبائی'' کہا۔ مجھے حیرت ہوئی کہ کیا یہ شروع سے انگریزی جانتا تھا مگر اس کا اظہار نہیں کرتا تھا۔ ٹرک چلا تو میں آنسوؤں کو اپنے رخساروں پر رواں ہونے سے نہ روک سکی۔ میں نے پچھلے

باب نمبر 35

یہ دن میرے لئے باعث غم بھی تھا، کیونکہ یہ ڈیزی کی 9ویں سالگرہ تھی۔ میں نے اس کے لئے گانا گایا، اپنی آنکھیں بند کیں۔ اپنے بازو اپنے گرد لپیٹے اور اس کی شبیہ کو اپنے ذہن میں مرتکز کرتے ہوئے سوچنے لگی کہ کیا میں اسے کبھی چھو سکوں گی۔ پھر یہ سوچا کہ میرے دنیا سے رخصت ہو جانے کے بعد کیا وہ مجھے یاد کرے گی، اور کیا اسے ہماری آخری گفتگو یاد آیا کرے گی؟

میں نے اسے بتایا ہوا تھا کہ اسے جب کبھی بھی میری ضرورت ہو تو وہ اپنی آنکھیں بند کر لے، میں ذہنی طور پر اس کے پاس آموجود ہوا کروں گی۔ اس بات نے مجھے رلا دیا اور میں بہت افسردہ ہوگئی، کیونکہ میں نہ صرف بے بس تھی بلکہ غیروں کے بس میں تھی۔ میرے پاس دو نہایت ضرور رساں چیزیں تھیں مثلاً ریز ربلیڈ اور بھوک ہڑتال۔ اتنے میں ایک ''واردات'' ہوگئی جس کا بہترین اظہار، میری 3 اکتوبر کی ڈائری میں ہوسکا ہے، **ملاحظہ کیجئے:**

میں نے بے دھیانی (absent-mindedly) کی حالت میں طالبان کے دیئے ہوئے نئے کریم اور براؤن لباس پر جڑے ہوئے منکوں کی قطار پر انگلیاں پھیرنا شروع کر دیں، اچانک ایک لڑی اور تین زیبائشی چھلے میرے ہاتھ میں آگئے۔ میں نے نیچے دیکھا تو مجھے مقدس تثلیث کا خیال آگیا۔ خدا بطور باپ، خدا بطور بیٹا اور روح القدس۔ پتہ نہیں کہ مجھے کون ترغیب دے رہا تھا کہ میں ان سے دعا کروں، چنانچہ میں نے مدد کی دعا کرنا شروع کر دی۔

اچانک مجھے اپنے جسم میں سے خوف رفتہ رفتہ خارج ہوتا محسوس ہونے لگا، تھوڑی دیر بعد حیرت انگیز طور پر میرے اندر قوت کا احساس پیدا ہوگیا۔ یہ بڑی ہی گہرا روحانی لمحہ تھا، اگر چہ جو لوگ مجھے نہیں جانتے وہ آسمان کی طرف دیکھنے لگیں گے۔

چنانچہ اسی لمحہ میں نے فیصلہ کر لیا میں اس دوزخ میں سے نکل کر قیدی بن جانے کو تیار ہوں، اور اب تفتیش کاروں کے کسی سوال کا جواب نہیں دوں گی اور نہ کسی قسم کا تعاون کروں گی۔ شام کے سات بجے مجھے اطلاع دی گئی کہ کل میں گھر جا رہی ہوں اور میں عیسائیوں کے اس گروپ کے ہمراہ پرواز کروں گی جن پر الزام تھا کہ وہ مسلمانوں کا مذہب تبدیل کرانے کی کوشش کر رہے تھے۔ اس سے میری ہمت بندھ گئی اور میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اس نے میری دعا قبول فرمالی ہے۔

اگلے روز میں صبح 5.30 پر ہی جاگ گئی۔ وقت کا مجھے اس لئے پتہ چلا کہ حامد نے مجھے اپنی گھڑی مستعار دے رکھی تھی۔ میں بے حد جوش و خروش میں تھی، مجھے یقین نہیں آرہا تھا کہ خدا نے میری دعا کا اتنی جلدی کیوں جواب دیا۔ میرے دل میں تھوڑا سا احساس گناہ آموجود ہوا کہ میں جلد بازی کی وجہ سے دعا مکمل نہیں کرسکی اور اس میں یہ فقرہ شامل نہیں تھا کہ ''ہمیں شیطان سے نجات دینا۔'' اگر یہ بھی کہہ دیتی تو اس کا میرے سنگین حالات پر خصوصی اثر پڑسکتا تھا۔

حامد اور عبداللہ خوش خوش آئے ان کے ہاتھ میں ایک پشتو اخبار تھا جس کا نام ''طالبان بگل'' تھا۔ اس کے صفحہ اول پر میری دو تصاویر چھپی ہوئی تھیں۔ ایک صرف میرے ''سر'' کی تصویر تھی اور خبر میں کہا گیا کہ ''سنڈے ایکسپریس'' نے اسے افغانستان بھیجا ہے، دوسری تصویر میں مجھے درہ خیبر کے اوپر لکھے ہوئے اس نشان کے سامنے کھڑی دکھایا گیا۔

"NO FOREIGNERS BEYOND THIS POINT" بظاہر طالبان کے احکامات میں سے ایک حکم یہ بھی تھا کہ عورت کی تصویر، نہ اخبار میں چھپ سکتی ہے اور نہ کتاب میں۔ تاہم معلوم ہوتا تھا کہ مجھے اس حکم سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے۔

حامد نے کہا ''ہر کوئی جانتا ہے کہ آپ کون ہیں۔ آپ بہت مشہور ہیں۔ جلال آباد لکھا ہوا ہے؟ اس پر اس نے ہنستے ہوئے کہا۔ ''یہ کہتی ہے یوآنے رڈلے بہت خوش ہے۔'' مجھے یاد ہے کہ اس وقت مجھے بہت ہنسی آئی تھی۔ یہ بات مضحکہ خیز تھی۔ ظاہر ہے کہ یہ خبر ڈاکٹر نے میرے بلڈ پریشر کے حوالے سے ''لیک'' کر دی ہوگی یا کسی اور نے اخبار کو بتا دی ہوگی۔ شائد طالبان نے سوچا ہوگا کہ میرے خوش ہونے سے متعلق خبر شائع کرانے سے ان کی میزبانی کو شہرت ملے گی اور مقامی لوگوں پر اچھا تاثر قائم ہوگا۔ کیسے پتہ!

عبداللہ نے کہا کہ کابل ایئر پورٹ تک گاڑی وہ چلائے گا۔ میں نے حامد سے پوچھا کہ کیا آپ بھی ہمارے ہمراہ ہوں گے، لیکن اس نے معذرت کر دی۔ میں روٹی کا ایک ٹکڑا کھانے پر رضا مند ہوگئی جس سے میرے دو غیر متوقع دوست خوش ہوگئے۔ میں نے اپنا سارا سامان سمیٹ کر ایک پلاسٹک بیگ میں ڈال لیا۔ جب میں جانے کے لئے اٹھی تو حامد نے میرے پاؤں کی طرف دیکھا تو اسے پتہ چل گیا کہ میرے تو جوتے نہیں ہیں۔ تو وہ جوتوں کے لئے گیا، میں نے کہا۔ ''نہیں نہیں، یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے، واپس آجائیے۔ چھوڑ دیجئے۔'' کیونکہ میں جانتی تھی کہ اس

واقعات یاد کرنا شروع کیئے تو آخری نظر بندی کے دن خاص طور پر نمایاں تھے، میں اس دفتر کو ''ہاؤس آف ٹرکس'' (Tricks) کہتی تھی۔ میں نے تصور میں اپنی والدہ سے مخاطب ہو کر کہا ''مام، میں گھر آرہی ہوں''
کابل تک کا سفر سخت تکلیف دہ تھا، جو چھ گھنٹوں سے کچھ زیادہ دیر میں طے ہوا۔ راستے میں خوبصورت میدان، دریا، چشمے، رنگا رنگ مناظر عظیم الشان پہاڑ اور سینکڑوں زمین دوز مورچے اور غاریں تھیں۔ مجھے یقین ہے کہ صدر بش نے ان سب کو ''دھواں بنا کر اڑا دینے'' کی جو دھمکی دی تھی، وہ انتہائی غیر حقیقت پسندانہ تھی۔

زمین کا پچھواڑہ

اب خوبصورت مناظر تبدیل ہو گئے اور ہم بنجر میدانوں پتھریلی ڈھلوانوں اور چڑھائیوں میں سے گزرنے لگے، کہیں کہیں زمین اتنی سرخ تھی جیسے اس کو مسلسل جلایا جاتا رہا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا، یہ خدائی زمین کا پچھواڑہ ہے۔ ہم راستے میں مختلف جگہوں پر ٹھہرتے رہے جہاں مرد نمازیں پڑھتے اور اپنی ٹائلٹ کی ضرورتیں پوری کرتے رہے۔ کسی نے مجھ سے دریافت کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ کیا مجھے بھی کسی چیز کی ضرورت ہے۔ مجھے ایک بار پھر احساس ہوا کہ افغان عورتیں اپنے مردوں کے ساتھ سفر کرتے ہوئے اسی طرح نظر انداز کی جاتی ہیں، انہیں اپنی حوائج ضروریہ سے ''شام ہی کو فارغ'' ہونے کی عادی بنا دیا گیا ہے۔
مجھے سگریٹ پینے کی اجازت دے دی گئی تھی، وہ میرے لئے ''افغان سگریٹ'' لائے تھے، جو بہت ''سٹرانگ'' تھے تاہم میں ان کی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اتنا خیال تو رکھا۔ نکوٹین کے رسیاؤں مقولہ ہے، کہ ''طوفان آجائے تو جس بندرگاہ میں بھی پہنچ جاؤ، وہیں دبک جاؤ'' چنانچہ میرا گزارا بھی ہو گیا۔ دوران سفر ڈرائیور نے گنے اور انار خریدے اور ہمیں پیش کر دیئے۔
گنے چوسنے سے ہم بہت محظوظ ہوئے، وہ فرحت بخش تھے، اس لئے جلدی ختم ہو گئے۔ پھر ایک طالب نے انار کے دانے نکالنے شروع کیئے، ان رس بھرے دانوں کو ایک بڑے کاغذی لفافے میں جمع کر کے ہمیں پیش کرتا رہا۔
مجھے یاد آیا کہ جب میں ایک بچہ ہوتی تھی، میری ماں مجھے آدھا انار اور ایک پن دے دیا کرتی تھی تا کہ پن سے ایک ایک رس بھرا دانہ چنتی رہوں اور منہ میں ڈالتی رہوں اس طرح میں گھنٹوں مصروف رہتی تھی۔ لیکن انار کھانے کا یہ انداز زیادہ اطمینان بخش تھا۔ میں نے جب انہیں اس کا انگریزی میں نام ''پی گرینیٹ'' بتایا تو ہنسی کا ایک فوارہ چھوٹ پڑا۔ میرے خیال میں یہ نام اتنا مضحکہ خیز تو نہیں تھا مگر میں سوچتی رہ گئی کہ اس نام کا ماخذ کیا ہے۔ ڈرائیور نے مجھے چیونگ گم دیئے جو میں نے بخوشی قبول کر لئے۔
چنانچہ میں سگریٹ پیتی اور چیونگ گم چباتی رہی، میری امی دیکھتی تو چیخ اٹھتی۔ سفر کے عین درمیان میں ڈرائیور نے اپنا چیونگ گم ڈیشن بورڈ میں پھنسا دیا جو حرارت کی وجہ سے سخت گرم تھا اور اپنا منہ انار کے دانوں سے بھر لیا تقریباً نصف گھنٹے کے بعد اس نے چیونگ گم دوبارہ منہ میں ڈالا تو وہ اتنا لیسدار ہو چکا تھا کہ اس کا کچھ حصہ اس کے ہونٹوں تک پہنچنے سے پہلے ہی سٹیرنگ وہیل کے گرد چپک چکا تھا اور اس کی دم اس کی داڑھی میں پھنس گئی۔ یہ دیکھ کر میں لوٹ پوٹ ہو گئی، میری ہنسی رکنے میں ہی نہیں آرہی تھی کیونکہ یہ مادہ پگھل کر ہر طرف پھیل چکا تھا، اسکے ہاتھ، سر اور داڑھی کے بال ہر چیز لتھڑ چکی تھی۔
اس نے ٹرک روک لیا اور کوسنے دینے لگا جب کہ باقی لوگ اس پر قہقہے لگا رہے تھے۔ میں نے سے پونچھنے کے لئے وہ چادر دے دی جو حامد نے مجھ پر پھینکی تھی کیونکہ میں اپنے گھر جا رہی تھی جہاں اس کا کوئی مصرف نہیں تھا۔ کابل روڈ پر ہمارا سفر چیونگ گم کے واقعہ کے بعد بھی جاری رہا لیکن ٹرک پتھروں اور گہرے کھڈوں پر لڑکھڑاتا ہوا چل رہا تھا، اس میں ڈرائیور کی جھنجلاہٹ کا بھی دخل تھا۔ اس سڑک کو پچھلی بمباری نے ادھیڑ کر رکھ دیا تھا، سڑک کے کنارے بیٹھے ہوئے بچے اپنے ننگے ہاتھوں سے ان گڑھوں میں سنگریزے اور مٹی بھر رہے تھے تا کہ گاڑیوں والے ترس کھا کر انہیں چند افغانی نوٹ پکڑا دیں۔ یہ بچے کہاں سے آئے اور کہاں رہتے تھے اس کا کسی کو پتہ نہیں تھا۔
ہم متعدد یک منزلہ مکانوں والے دیہات کے قریب سے گزرے، یہ مکان یا تو مٹی کے ڈھیلوں سے بنائے گئے تھے یا ان کی دیواروں میں سیمنٹ کی بجائے گارا استعمال ہوا تھا اور لپائی کیچڑ سے ہوئی تھی۔ ان مناظر نے مجھے بچوں کے لئے لکھی گئی ایک کتاب میں چھپے ہوئے خاکے یاد دلائے اس کتاب کا نام ''چلڈرنز بائیبل'' تھا، مجھے یہ اس زمانے میں دی گئی تھی کہ جب میں تقریباً دس سال کی تھی۔ ان مکانات میں سے بعض کھنڈرات تھے، بعض بمباریوں سے تباہ ہوئے تھے اور بعض سابقہ زمانوں سے ترک شدہ تھے۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ میں ماضی میں سفر کر رہی ہوں۔ مجھے ایک دوست کی یاد آئی جس نے کہا تھا کہ طالبان کا مقصد اس زمانہ کا ملک تخلیق کرنا ہے جب اللہ زمین پر چلا کرتا تھا۔ ان کی ''کامل مسلم سٹیٹ'' کے قیام کی وحشیانہ مہم مجھ جیسے لوگوں کو محض ایک پاگل پن لگتی ہے کیونکہ ہم لوگ ٹیلی ویژن، ٹیلی فون، ٹھنڈا اور گرم پانی ساتھ ساتھ چلنے، میوزک ڈانس اور گانے بجانے کے زمانے کی پیداوار ہیں۔

میں خوف، غم اور غصے کی ملی جلی کیفیات میں تھی، ان کیفیتوں کا یکجا ہونا کسی کے لئے بھی خطرناک ہوسکتا تھا، میں نے بدستور چلاتے ہوئے کہا ''میں یہاں ہرگز نہیں ٹھہروں گی۔''

کیا تم سمجھ نہیں رہے ہو؟ میں مہذب ہوں، میں برٹش شہری ہوں، تم مجھ سے ایسا سلوک نہیں کرسکتے۔''

اسی لمحے ایک اور کوٹھڑی کا دروازہ کھلا، اس میں سے چھ افغانی لباس والی عورتیں باہر جھانکنے لگیں کہ یہ سب کیا ہو رہا ہے، ان میں سے ایک سیاہ بالوں والی عورت نے، جس نے سیاہ چشمہ لگایا ہوا تھا، پوچھا..... ''کیا تمہارا تعلق ریڈکراس سے ہے''

میں نے ادھر اُدھر نظر ڈالی اور اسی برہمی کی حالت میں بولی۔ ''نہیں، میں وہ نہیں، لیکن میں بلڈی کراس ہوں اور تم..... کیا تم انگریزی بولتی ہو۔ میں درمیان میں رک گئی تھی اور حیران تھی کہ یہ کون ہیں؟

عورت نے جواب دیا۔ ''جی ہاں، میں آسٹریلین ہوں، یہ دو امریکن ہیں اور دیگر تین جرمن ہیں۔'' یہ ان طالبان اور غالباً میری بھی خوش قسمتی تھی کہ میری توجہ ذرا ہٹ گئی، میرے چہرے پر میری اپنی شناخت واپس آ گئی، میں چہک کر بولی۔ ''اوہ میرے خدایا! تو آپ کرسچین ہیں، لیکن مجھے بتایا گیا تھا کہ آپ سب ہوٹل کے کمروں میں رہتی ہیں، آپ کے پاس ٹیلی ویژن، وڈیوز اور کمپیوٹرز وغیرہ ہیں۔''

میرے ریمارکس پر وہ کھلکھلا کر ہنسیں اور بتایا کہ وہ جرمنی میں قائم ایک فلاحی ادارے ''شیلٹر ناؤ انٹرنیشنل'' (Shelter Now International) کی ورکرز ہیں، ان کے دو مرد ساتھیوں پر اس الزام کے تحت مقدمہ چل رہا ہے کہ وہ مسلمانوں کو عیسائی بنا رہے تھے۔ میں نے پوچھا کہ کیا وہ پشتو جانتی ہیں؟ جواب ملا کہ ہم سب پشتو جانتی ہیں، یہ سن کر مجھے بے پناہ خوشی ہوئی۔ میں نے ان سے درخواست کی کہ وہ ان طالبان سے کہیں کہ میں یہاں ہرگز نہیں ٹھہروں گی، انہیں میرے لئے ہوٹل میں بندوبست کرنا ہوگا، یہی ان کے لئے بہتر رہے گا، ورنہ اس کے نتائج انہیں بھگتنا ہوں گے۔

جرمن عورتوں میں سے ایک، جس کا نام ''کیتھی'' تھا، مجھے یوں دیکھنے لگی جیسے کہ میں پاگل ہو چکی ہوں۔ پھر اس نے ان کے سامنے میرے فقرے ذرا نرم کر کے آہستگی سے دہرائے۔ دونوں مرد ان لڑکیوں سے کچھ گفتگو کرتے رہے۔ آسٹریلین لڑکی ''ڈیانہ'' نے کہا کہ دہرائے۔ دونوں مردان لڑکیوں سے کچھ گفتگو کرتے رہے۔ آسٹریلین لڑکی ''ڈیانہ'' نے کہا کہ ''تمہارے لئے بہتر یہی رہے گی کہ آج رات ہمارے پاس ہی ٹھہرو، صبح تمہارے لئے کچھ نہ کچھ ہو جائے گا، پریشان نہ ہو۔

میں بڑبڑاتی اور ان مردوں کو برا بھلا کہتی ہوئی کوٹھڑی کے اندر چلی گئی یہ اندر سے سات میٹر لمبی اور پانچ میٹر چوڑی (23 فٹ × 16 فٹ) تھی۔ میں نیچے بیٹھ گئی اور خوب روئی۔ پھر میں نے پوچھا کہ اگر میں سموکنگ کروں تو آپ میں سے کوئی برا تو نہیں منائے گی، جواب ملا، ہم سب برا منائیں گی۔ میں ڈر گئی لیکن میرے غصے میں کوئی کمی نہیں آئی تاہم کرسچین ہونے کے ناطے انہیں اس کا حق حاصل تھا۔ میں نے کہا، اچھا سگریٹ بعد میں سہی آؤ اب باتیں کریں۔

مجھے شدت سے احساس ہوا کہ میں تقریباً سات دنوں سے عورتوں کی ہمنشینی (Company) سے محروم رہی اور کسی کی زبانی بھی روانی سے بولی جانے والی انگلش سننے کو ترس گئی تھی، اس لئے میں ان کے پاس بیٹھنے سے بے حد راحت محسوس کرنے لگی اور خوب جی بھر کر باتیں کیں۔ میں نے انہیں بتایا کہ میرے اندر ان محرومیوں کا غبار تھا، اس لئے میں ان ''دو غلے'' آدمیوں کے سامنے پھٹ پڑی اور جی ذرا ہلکا کر لیا ہے۔ پھر میں نے انہیں اپنی کہانی سنائی۔

وہ یہ سن کر خوفزدہ ہوگئیں کہ مجھے تقریباً ایک ہفتہ مردوں ہی کی معیت میں رکھا گیا، انہوں نے کہا کہ ان کا یہ اقدام طالبان کے حکمناموں کی واضح خلاف ورزی تھا۔ میں نے انہیں بتایا کہ میں ہفتے کے بیشتر حصے میں بھوک ہڑتال پر رہی۔ اور ڈیانہ نے بتایا کہ ان میں سے بعض نے بیس دن روزے رکھے تھے۔

ان کے منہ سے ''روزے'' اور ''بیس دن'' کے الفاظ سن کر مجھے اپنے گھٹیا ہونے کا احساس ہوا چنانچہ میں نے اعلان کیا کہ میں ایک گندا احتجاج کروں گی اور جب تک رہائی نہ ملے گی نہانا دھونا نہیں کروں گی۔ ''نہ نہ، ایسا نہیں ہوگا'' ڈیانہ نے ہنستے ہوئے کہا۔ ''وہ دیکھو'' اسنے اپنی ایک امریکن ساتھی ہیتھر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ ''اس نے یہ طریقہ پہلے ہی اختیار کر رکھا ہے، اس چھوٹی سی جگہ پر ایک بدبودار فرد بھی کافی ہے۔'' اس نے یہ اشارہ واضح مگر خوشگوار انداز میں کیا، اس نے مجھے اندازہ ہوا کہ یہ غالباً اس چھوٹے سے گروپ کی لیڈر ہے۔

وہ رات کو اپنے معمولات کے سلسلے میں ایک میٹنگ شروع کرنے والی تھیں، چنانچہ میں نے فیصلہ کیا کہ میں سگریٹ نوشی کے لئے صحن کی طرف نکل جاؤں۔ باہر نکل کر میں نے آسمان کی طرف نظر ڈالی اور ستارے دیکھنے لگی اور کوشش کی کہ دیکھوں تو سہی کیا وہ سیٹلائیٹ مجھے دوبارہ دکھائی دے گا، لیکن نہ دیکھ سکی۔ میرے پاس تین سگریٹ

باب نمبر 36

تفتیشی ہتھکنڈے

ہمارے سفر تقریباً ایک گھنٹے کا رہ گیا ہوگا کہ ہمارا ٹرک اچانک رُکا، ایک سپاہی نے اُتر کر جان کی ہتھکڑی کھول دی جو پیچھے جا کر سکالرد کھائی دینے والے انٹیلی جنس افسر کے پاس بیٹھ گیا۔ اس نے میرے کندھے کو تھپتھپاتے ہوئے کہا "پریشان نہ ہونا مقدمہ انصاف سے چلے گا۔" میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا اور تھوکتے ہوئے کہا۔ "معلوم نہیں تم کون ہو، مجھ سے بات کرنے کی کوشش نہ کرنا۔" چند لمحوں کے بعد کن انکھیوں سے دیکھا کہ وہ افسر جان کو کہنی مار رہا ہے اس کے بعد جان نے پھر میرا کندھا تھپتھپایا اور پھر بولا۔ "آپ کی بیٹی کیسی ہے؟ کیا آپ کے پاس اس کی وہ فوٹو ہے جو آپ اپنے پاس رکھا کرتی ہیں؟"

میں نے جان کو ڈیزی کی تصویر دیکھائی تھی مگر وہ اس قیمتی سامان میں رہ گئی تھی جو میں پاشا کے پاس رکھ آئی تھی۔ میں نے اس کی چال کو سمجھتے ہوئے جواب دیا۔ "کیسی باتیں کر رہا ہے تو، اپنے کام سے کام رکھ"

ہم نے سفر خاموشی سے جاری رکھا، افسر نے جان سے کچھ سرگوشیاں کرنے کے بعد ایک بار پھر اسے کہنی ماری تو اس نے مجھے کہا۔ "ڈریئے بالکل نہیں، ہم سب آپ کے دوست ہیں۔" اب تو حد ہو چکی تھی، میں نے اپنے ہاتھ اوپر اٹھا کر کہا۔ "روکو اس بد بخت ٹرک کو، میں پیدل چل کر بھی کابل تک جا سکتی ہوں اگر جانا پڑ جائے تو۔"

کوئی آدھ گھنٹے کے بعد ٹرک روکا گیا اور جان کو پیچھے لے جا کر دوبارہ ہتھکڑیاں پہنا دی گئیں۔ مجھے بہت برا لگا مگر ہم نے اپنی سٹوری پر قائم ہی رہنا تھا، تب ہی تو میں سٹوری کے باقی ماندہ حصے کو آگے بڑھا سکتی تھی۔ جتنا میں جانتی تھی وہ یہ تھا کہ ممکن ہے کہ یہ ساری باتوں کا اعتراف کر چکے ہوں، لیکن مجھے اس کا یقین تو نہیں آیا تھا۔

ٹرک نے پھر سفر شروع کیا تو مزید ڈرامائی مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہوئے میں سوچنے لگی افغانستان، اپنے باشندیوں جیسا ہی ہے، یہ تضادات کا ملک ہے اور اس کے لوگ ایک لمحے میں انتہائی فیاض ہوتے ہیں اور اگلے لمحے کڑوے انتہائی درجے کے وحشی بن جاتے ہیں۔

کابل پہنچتے پہنچتے شام ہو چکی تھی، کوئی چیز واضح طور پر شناخت نہیں ہو رہی تھی، یہ دارالحکومت کا سا شہر تو یقیناً نہیں لگ رہا تھا، میری نظریں ائیر پورٹ کو تلاش کر رہی تھیں اور ہم اچانک موڑ کاٹ کر ایک شاندار عمارت کے اندر پہنچ گئے جو سرکاری تعمیرات کی مانند لگ رہی تھی۔ انٹیلی جنس افسر اس کے اندر چلا گیا، دس منٹ کے بعد واپس آ کر اس نے ڈرائیور سے کچھ کہا۔

ہم مزید پانچ منٹ تک چلتے رہے اور پھر ایک قلعہ نما عمارت میں داخل ہو گئے جس کے بارے میں انکشاف ہوا کہ یہ کابل جیل کا شعبہ انسداد دہشت گردی ہے۔ طالبان کے ساتھ گزرے ہوئے میرے دنوں میں کئی مشکل مقامات آئے تھے اور یہ ان میں سے تلخ ترین مقام تھا۔ لیکن "زہرخند" (gallows humour) ہمیشہ موجود رہا ہے۔

مجھے ایک چرچراتے ہوئے گیٹ میں سے گزار کر اندر ایک صحن میں پہنچا دیا گیا، اندر اندھیرا تھا اور مجھے ایک مَیلے سے کوریڈور میں سے لے جا کر ایک بڑے لیکن سنسان کوریڈور میں پہنچا دیا گیا، میرے سامنے ڈیڑھ میٹر اونچا (تقریباً 5 فٹ 4 انچ) آہنی دروازہ تھا سیاہ پگڑی باندھے ایک شخص نے جو جیل کا گورنر تھا، اسے دھکیل کر کھول دیا۔

میں نے متجسس نظروں سے اندر جھانکا تو وہاں دو افغان عورتیں آلتی پالتی مارے بیٹھی تھیں، ان کے پاس چیختا ہوا ایک لاغر سا بچہ بھی تھا۔ میں نے پیچھے مڑ کر گورنر اور انٹیلی جنس کی طرف دیکھا، جنہوں نے مجھے اندر جانے کا اشارہ کیا۔ میں ہکا بکا رہ گئی، میں نے غصے میں آ کر ایسی زبان چلائی کہ اس سے پہلے کبھی یہاں تک نوبت نہیں پہنچی تھی۔

میں نے کہا "کیا تم مجھ سے مذاق کر رہے ہو! میں اندر نہیں جاؤں گی۔ میں تو بذریعہ ریڈ کریسنٹ طیارہ گھر جاؤں گی۔ میں اس کوٹھڑی میں قدم تک نہیں رکھوں گی۔ میں غلط کام نہیں کرتی، میں ایک برطانوی صحافی ہوں، تم مجھ سے ایسا سلوک نہیں کر سکتے۔ میں جب گھر پہنچوں گی تو تمہارے پول کھول دوں گی..... اور تمہارے (دونوں کی طرف باری باری انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے) بارے میں بھی لکھوں گی۔ یہاں میرا تم سے مطالبہ ہے کہ مجھے ہوٹل میں ٹھہراؤ۔ اس کے اخراجات میرا اخبار دے گا، کیا تم مجھے کوئی سرپھری عورت سمجھتے ہو، جھوٹے فریبی مکار، تم نے تو مجھے گھر جانے کے لئے کہا تھا۔"

دونوں آدمی، جنہوں نے پہلے کہا تھا کہ وہ انگریزی نہیں بول سکتے، میرے جملے کو اچھی طرح سمجھ گئے، انٹیلی جنس افسر، مجھے غصے میں دیکھ کر دل میں خوش ہو رہا تھا، جس کا اظہار اس کے چہرے سے ہو رہا تھا۔ وہ جانتا تھا کہ انہوں نے مجھ سے گند کھیل کھیلا تھا، اور اس پر میرا احتجاج بالکل بجا تھا، اس نے کہا "یہ افغانستان ہے، تم نے ہمارا قانون توڑا ہے، تم اس ملک میں غیر قانونی طور پر داخل ہوئی ہو اور تمہیں یہیں ٹھہرنا ہوگا۔

عیسائی عورتوں سے ملاقات

تھے، جنہیں یکے بعد دیگرے اڑا کر میں نے جلال آباد کے مردوں کو کوسا، ان سب نے مجھے الوداع کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں نے ان کے لئے ایک بہن کی طرح ہوں۔ لیکن انہیں یہ معلوم ہونا چاہیے تھا کہ میں تو یہیں ختم ہو جاؤں گی۔

وہ سب مجھ سے جھوٹ پر جھوٹ بولتے رہے۔ اور جب ان کی طرف سے رہا کر دیئے جانے کے وعدوں پر میرا حوصلہ بڑھ گیا تو ان دوغلوں نے مجھے پھر پکڑ لیا۔ اتنے میں مجھے جیل کی کوٹھڑی سے نغماتی آواز سنائی دی۔ یہ وہی لڑکیاں تھیں جو خوبصورت گیت گا رہی تھیں۔ یہ کتنی پُر اسرار آواز ہے! میں کابل جیل کے صحن میں کھڑی سوچ رہی تھی کہ یہ ماورائے حقیقت (Surreal) صدا ہے۔

میں اپنی کوٹھڑی میں واپس آئی اور کافی دیر تک ان سے باتیں کرتی رہی۔ میں نے ان عورتوں کو بتایا کہ میرا "گیم پلان" یہ تھا کہ میں خود کو دوزخ کی قیدی کے طور پر پیش کروں اور انہیں اتنا گالیاں دوں جتنا ممکن ہو سکے۔ اب چونکہ میں تمہاری رفاقت پسند کرنے لگی ہوں تو میں اصرار کروں گی کہ مجھے بھی یہیں ایک کوٹھڑی دے دی جائے، میں نہیں چاہتی کہ ان پر میرے برے رویئے کا کوئی اثر پڑے۔

مجھے فوراً مل گیا۔
میں ٹھنڈے پانی کی بالٹی اٹھا کر ہانپتی ہوئی صحن کے آخری سرے پر لے گئی۔ پھر وہ مجھے ہمارے کوٹھڑی کے دروازے کے پاس شیلفوں کے پاس لے گئی اور ایک "ہیٹنگ ایلیمنٹ" دیکھایا جو پاور سپلائی کے پلگ میں لگا ہوا تھا۔ اس طرح اس نے مجھے پانی گرم کرنے کا سارا طریق کار سمجھا دیا۔ یہ طریق کار، کسی بھی دوسرے ملک میں ہوتا تو اسے غیر محفوظ قرار دے دیا جاتا۔
آدھے گھنٹے کے بعد میں نے بالٹی کو اٹھایا اور کوریڈور میں سے گزر کر ٹائلٹ ایریا میں لے گئی۔ واپس جا کر صابن اور ٹوتھ برش لائی۔ یہ ٹوتھ پیسٹ چینی ساخت کی تھی جو مجھے میری دوسری جگہ پر دی گئی تھی۔ میں نے خود کو دھونا شروع کر دیا، کہ اچانک مجھے اپنا ہاتھ روکنا پڑ گیا کیونکہ مجھے وہ ریزر یاد آ گیا جو میں نے اپنے صابن کے اندر گھسیڑ دیا تھا اور سوچا کہ چھپانے کی یہ کتنی احمقانہ جگہ تھی۔ پھر یہ خیال آنے پر میں خوفزدہ ہوگئی کہ اس سے مجھے کتنا نقصان پہنچ سکتا تھا۔ اس سے طالبان کا زیادہ کچھ نہ بگڑتا۔ بہر حال میں نے صابن کھود کر اس میں سے بلیڈ نکال لیا۔ خود کو ایک چھوٹے دستی تولئے سے صاف کیا۔ یہ ان لڑکیوں نے مجھے دیا تھا۔
باقی ماندہ عورتیں، دو امریکن ہیتھر مرسر، ڈیانہ کری، تیز طرار آسٹریلین ڈیانہ، جس کے نام کا آخری جز ٹامس ہے اور دو جرمن سلکے ڈرکوف اور مارگریٹ شٹیبر کسمسانا شروع ہوگئیں۔ میں نے اپنا سامان نکالنا شروع کیا، تو ان میں سیک نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا، اری تجھے شادی کا ڈریس خریدنے کی کیا ضرورت پڑ گئی تھی۔ میں نے سفید شفون اور گولڈن ڈریس کی طرف دیکھا تو میری بھی ہنسی چھوٹ گئی۔ میں نے انہیں ایک ملّا کی کہانی سنائی جس نے مجھے مسلمان بنانے کی پیشکش کی تھی، میں نے مذاق اُڑاتے ہوئے کہا کہ اگر میں مان جاتی تو انہوں نے میرے لئے شوہر بھی تیار رکھا ہوگا۔ میں نے مزید کہا کہ میرے نہ ماننے کی وجہ سے اس بدقسمت ملک کا کوئی بے چارہ خاوند بال بال بچ نکلا، ورنہ میرے ہاتھوں اس کی شامت آجاتی۔
میں نے جب انہیں اپنی شادیوں کی خبر سنائی تو وہ دم بخود رہ گئیں اور کسی حد تک محظوظ بھی ہوئیں۔ میں نے کہا میں نے ایسا تین دفعہ کیا ہے، خدا مدد کرے خاوند نمبر 4 کی جو ایک خطرناک قسم کا معاملہ تھا جیسا کہ جلال آباد میں ہونے جا رہا تھا۔ یہ ہم سب کے لئے ایک "تیر بہدف" قسم کا علاج ثابت ہوسکتا ہے۔
میں نے انہیں اپنے گیم پلان کے بارے میں بتایا۔ میں نے کہا کہ میں نے ایک انتہائی مشکل اور ضدی قیدی ثابت ہونے کا منصوبہ بنا رکھا تھا، اس پر انہوں نے مجھے محتاط رہنے کو کہا، تاہم میرا ذہن اس شرارت کے لئے تیار ہو چکا تھا۔
آسٹریلوی ڈیانہ ایک کوالیفائیڈ نرس تھی، میں نے اسے دوران نظر بندی اپنے جسم پر پڑنے والے داغ دھبے دکھائے، اس کا خیال تھا کہ یہ مچھروں اور کھٹملوں کے کاٹنے یا کھجانے سے کھرنڈ بن جانے کے نشانات ہیں۔ کیتھی کو پچھلی جیل سے جوؤں کا "تحفہ" ملا تھا، وہ اب تک اس کا پیچھا نہیں چھوڑ رہی تھیں، وہاں چوہے اور بچھو بھی بہت تھے، مجھے تو بچھوؤں سے خاص طور پر وحشت ہوتی ہے۔ ان سے یہ سن کر مجھے سخت گھبراہٹ ہوئی کہ وہاں عورتوں کو چھوٹی چھوٹی خطاؤں پر بھی بجلی کے تاروں سے مارا جاتا تھا، مگر ان سے ایسا سلوک نہیں ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ اس جیل کا عملہ نسبتاً اچھے اور بے ضرر لوگوں پر مشتمل ہے۔
ڈیانہ نے میرے داغ دھبوں کی بغور انسپکشن کرنے کے بعد بتایا کہ یہ "انگیا" کے نشانات ہیں اور کچھ گرمی دانوں اور کچھ کھجانے کا نتیجہ ہیں۔ میں نے بتایا کہ جب سے افغانستان آئی ہوں مجھے کبھی کھل کر اجابت نہیں ہوئی کیا تمہارے پاس الماری میں پڑی ہوئی دواؤں میں قبض کی کوئی دوا موجود ہے۔ اس نے کہا "اگر تم بھوک ہڑتال پر رہی ہو تو یہ اس کا نتیجہ ہے، تمہارے سسٹم کے اندر غالباً کوئی خرابی نہیں۔"
تاہم میں نے انہیں بتایا کہ اس منصوبے کے لئے روانہ ہونے سے پہلے میں نے ہوٹل کے بوفے سے سور کی طرح پیٹ بھر کر کھانا کھا لیا تھا، اور مجھے منیجر کو کہی ہوئی بات بھی یاد آئی: معلوم نہیں، میرا اگلا کھانا کہاں سے آئے گا، یہ میں نے صرف مذاق کے طور پر کہا تھا لیکن اب یہ ایک مختلف صدائے بازگشت آ رہی ہے۔
ڈیانہ نے مجھے پیشکش کی کہ میں امریکی سفارت خانے کے افسر کا دیا ہوا جلاب آور شروب، جو گلاس میں ڈالتے ہی شوں شوں کرنے لگتا ہے، وہ پیوں گی یا "بتیاں" (suppositories) پسند کروں گی؟ جیل کے اندر کچھ فیصلے خود ہی کرنا پڑتے ہیں۔ آخر سوچ سوچ کر میں نے موخر الذکر طریقے کو ترجیح دی کیونکہ میں بتیوں کو کنٹرول کر سکتی تھی، جلاب کے بارے میں کوئی پیشگوئی نہیں کی جاسکتی، اگر مجھے ایک اور لمبی تفتیش کے لئے روک لیا گیا، اور اسی دوران میرے پیٹ میں ہلچل مچ گئی تو اس کا کیا بنے گا؟
مارگریٹ نے کہا کہ میں دلہن والا لباس پہن کر یہاں گھومتی اچھی نہیں لگتی چنانچہ اس نے مجھے نیوی بلیوٹراؤزر اور اس سے میچنگ "ٹاپ" دیدیا جو مجھے بہت اچھی طرح فٹ آیا۔ اس کے بعد میں نے باہر جا کر جستی بالٹی لی اور اپنی

باب نمبر37

انہوں نے میرا حوصلہ بندھاتے ہوئے کہا کہ صبر کرو، غصہ رفتہ رفتہ اتر جائے گا، میں نے کہا کہ میں خرابیوں کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ میں حالات کے مطابق ڈھلنے والوں جیسی نہیں ہوں ''اگر میں ڈھل جاؤں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں ماحول کو قبول کر رہی ہوں جب کہ میں حالات سے ہم آہنگی نہ اختیار کرنے والوں میں سے ہوں۔ میں نے اس نقطے پر اتنا زور دیا لگتا تھا کہ میں بالکل پاگل ہو گئی ہوں۔

ڈیانہ نے میری طرف دیکھا اور سر ہلایا، جس سے اندازہ ہوتا تھا کہ یہ ایسے داخلی تجربات سے دوچار ہو چکی ہے، یا اس نے ایسے خیالات کے بارے میں پہلے بھی سن رکھا ہے۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ میں اصل میں کہاں سے تعلق رکھتی ہوں۔ میں نے بتایا کہ نیوکیسل کے قریب رہتی ہوں، اس نے بتایا کہ اس کی ایک دوست ''ڈورین'' تھی جو کاؤنٹی ڈرہم میں مڈ وائف تھی۔

میں نے کہا، فکر نہ کیجئے، میں جب واپس آ گئی تو اسے ڈھونڈ نکالوں گی اور اس سے تمہیں خط لکھوا دوں گی۔ پھر میں نے اپنی طرف سے ہی یہ اضافہ کر دیا کہ ''میں نے یہ بات اس مفروضے پر کی ہے کہ میں یہاں سے جا رہی ہوں، وعدے کا تعلق رہائی سے بعد کے حالات سے ہے۔ جب میں اپنی کوٹھڑی میں واپس آئی تو انہی کپڑوں میں لیٹ کر اوپر رضائی لے لی۔ وہاں سونے کے کپڑوں کا کوئی تصور نہیں تھا۔ جو کپڑے دن کو پہنے ہوئے ہوتے ہیں لوگ انہی میں سو جاتے ہیں۔ مجھے وہاں تولیہ بھی کبھی نظر نہیں آیا۔ جلال آباد میں، مجھے نہانے کے بعد خشک کرنے کے لئے چادر دے دی جاتی تھی۔

جب میں قضائے حاجت کے لئے جاتی یا نہاتی رہتی عبداللہ غسل خانے کے دروازے پر پہرہ دیتا رہتا تھا اور مرد صبر سے میری فراغت کا انتظار کرتے رہتے تھے۔ شاور اور ٹائلٹ، دونوں کی حالت خراب رہتی تھی۔ وہاں میں نے نہ کبھی ''بلیچ'' پایا اور نہ کلینزنگ فلوئڈ کبھی دیکھا۔

ان کے بغیر صفائی کرنے کی مجھ ہمت نہیں پڑتی تھی۔ میں نے سوچا کہ ویسے بھی یہ لوگ عورتوں سے کام کرانے کے قائل نہیں ہیں، میں کیوں خواہ مخواہ ان کے لئے اپنے ہاتھ اور گھٹنے خراب کر کے اس جگہ کی رگڑ رگڑ کر صفائی کروں، میری بلا سے۔

اس رات میں خاموشی سے روتے روتے سو گئی، جلال آباد کے عملہ جیل کے جھوٹ فریب اور غلط وعدوں پر مجھے رہ رہ کر غصہ آتا رہا۔ انہوں نے مجھ سے جو جھوٹ بولا تھا انٹیلی جنس ہیڈ کوارٹر میں سے میرے خوشی خوشی باہر آنے پر وہ میری پس پشت ضرور ہنسے ہوں گے۔ تو میں نے تہیہ کر لیا کہ اچھا انہوں نے مجھے بے وقوف بنایا ہے تو میں بھی انہیں دوزخ میں بسیرا کرنے والی چڑیلوں کی سردار ''Queen Bitch'' بن کر دکھاؤں گی۔ طالب بہت دور نکل گئے ہیں، میں اب انہیں دیکھوں گی، مجھے اپنی یہ سوچ یاد ہے کہ میں ایسا کر سکتی تھی، غالباً ایسا کر ڈالتی تو یہ گیم خاصی خطرناک ہوتی اور میں آنے والے کئی برس دوزخ کے غلیظ ترین سوراخ میں پھنسی رہتی۔

کابل پر بمباری

کابل کی جیل میں میرے پہلے پورے دن کا آغاز بہت بری طرح ہوا۔ میں نے آنکھیں کھولیں تو مدھم روشنی میں میری نظر شہتیروں والی لکڑی کی چھت پر پڑی تو ایسے لگا کہ میں ''سکی لاج'' یا ''لاگ کیبن'' میں ہوں۔ میں بہت پریشان ہوئی اور سمجھا کہ مجھے لازماً کوئی ڈراؤنا خواب آیا ہوگا۔ دراصل میں خواب میں چھٹی کے روز ڈیزی کے ساتھ تھی۔

جب میں اٹھ کر بیٹھی تو میری کر چرچرائی گھوم کر دیکھا تو تین جرمن لڑکیاں فرشی چٹائیوں پر گہری نیند سو رہی تھیں۔ اور میرے پیچھے دیگر تین عورتیں اوپر تلے بنے ہوئے بیڈز پر سو رہی تھیں۔ یہ خواب نہیں تھا یہ جیتے جاگتے کا ڈراؤنا خواب تھا۔

اور میں کابل جیل میں تھی۔

میں اُٹھ کر بیٹھ گئی اور اپنے گرد و پیش کے بارے میں سوچنا شروع کر دیا۔ آج جمعے کا دن اور اکتوبر کی 5 تاریخ تھی یعنی گدھے پر سواری کرتے ہوئے پکڑے جانے کے بعد پورے سات دن ہو چکے تھے۔ سب سے پہلی جنبش جرمن عورت کیتھی (اس کے نام کا آخری جزو مجھے بعد میں معلوم ہوا۔ ''جیلی نک'' تھا) نے کی۔ اس نے انگڑائی لیتے ہوئے پوچھا کہ کیا میں غسل کرنا چاہتی ہوں، میں بہت خوش ہوئی، اس نے میرے چہرے پر نظر ڈالی تو مسکراتے ہوئے کہا۔ ''ٹھیک ہے، ہم اسے شاور کہتے ہیں۔'' میرے پیچھے پیچھے آؤ، میں سب سمجھا دیتی ہوں۔

وہ مجھے صحن میں لے گئی جہاں اس نے نلکے میں سے پانی نکال کر بالٹی میں ڈالنا سکھایا، میں نے اپنی سادگی میں پوچھا کہ کیا یہ گرم ہو کر آتا ہے؟ اس پر اس نے ہنسنا شروع کر دیا، مگر میرا مذاق نہیں اُڑایا۔ بہر حال اس کا جواب

نیکریں، انگلیا، براؤن اور کریم کلر کپڑے، جھانوے سے دھونا شروع کر دیئے۔ اس طرح کپڑوں کی دھلائی میرے لئے ایک نیا تجربہ تھی تاہم میں جانتی تھی کہ یہ نیا تجربہ چند دن میں پرانا بن جائے گا اور کیا پتہ کہ یہ میرے معمولات جیل کا حصہ بن جائے۔
میں نے کپڑوں کو صحن میں آر پار لگے تار پر لٹکا دیا، کیتھی نے مجھے کہا کہ میں نیکروں کو ڈھانپ دوں، کیونکہ بقول اس کے، طالبان سپاہی صحن پر اور ہم پر کڑی نگاہ رکھتے ہیں اور انہیں اندرونی طور پر پہنے جانے والے ہمارے کپڑے بہت برے لگتے ہیں، "چلو دفع کرو" یہ کہہ کر میں نے وہی کیا جو وہ کہتی گئی۔

جارج نامی نے جو افغانستان میں امدادی کاموں کا ڈائریکٹر تھا، مجھے پرسکون رہنے کی تلقین کی اور کہا کہ زیادہ احتجاجی اور گستاخانہ رویہ اختیار کرنے سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔

میں نے اس پر فوراً احتجاج کیا، کیونکہ میں تو اسے بالکل جانتی ہی نہیں تھی میں سمجھی کہ وہ مجھ پر سرپرستانہ شفقت کر رہا ہے، میں نے بھی اسی پیرائے میں کہا کہ ممکن ہے آپ نے یہاں کی زندگی اپنے لئے بخوشی قبول کر لی ہو، میں اس سسٹم کی مخالفت جاری رکھوں گی۔ اگر وہ مجھے یہیں بند رکھنا چاہتے ہیں تو میں ہر دن کو ان کے لئے ایک زندہ دوزخ بنا کر رکھ دوں گی۔ اگر آپ باشعور نہیں ہیں تو آپ اس مقام کے عادی ہو کر رہ جائیں گے یا ''سٹاک ہوم سنڈروم'' قسم کی بے ہودگی میں مبتلا ہو جائیں گے۔

میں نے لڑکیوں کی طرف دیکھا تو انہیں ناخوش پایا۔ میرا انداز گفتگو انہیں پسند نہیں آیا تھا، غالباً وہ ایک اچھا آدمی ہے مگر اس نے میری غلط طریقے سے فہمائش کی تھی جیسا کہ آسٹریلوی لڑکے نے کیا تھا۔

ہیتھر صحن میں آئی اور اس نے مجھے وکیل کا دیا ہوا ایک پاکستانی اخبار پکڑوایا جس میں میرے بارے میں لکھا تھا کہ ''میں سپیشل فورسز کی ممبر ہوں اور طالبان کے سرکاری ترجمان نے اس کی تصدیق کر دی ہے۔'' بات بہت سنگین تھی میں ہنسے بغیر نہ رہ سکی۔ ایڈورکرز اور لیگل ٹیم چلی گئی اور وکیل میری طرف مڑا اور اس نے مجھے کہا، پریشان نہ ہوئیے گا۔ میں نے شور کرتے ہوئے کہا کہ میرے اخبار کو صرف ایک پیغام دیجئے کہ ''مجھے ایک اچھے وکیل کی فوری ضرورت ہے۔'' اس نے غضبناک ہو کر میری طرف دیکھا، لیکن اس نے خود ہی تو مجھے اس کی دعوت دی تھی۔ میں پھر بہ آواز بلند بولی۔ ''بائی دی وے، میں ہرگز پریشان نہیں، مجھے کیا پریشانی ہو سکتی ہے؟ میں تو یہاں سے جا رہی ہوں۔''

چونکہ یہ جمعے کا دن تھا میں اس روز کابل سے نہیں نکل سکتی تھی کیونکہ ان لڑکیوں نے مجھے بتایا تھا کہ مسلمانوں کا متبرک دن ہوتا ہے، اس لئے ان کا ہر کام رک جاتا ہے۔

اگلے روز میں صحن میں گئی اور وہاں یوگا کی مشق شروع کر دی۔ پرانا گیٹ چرچراتا ہوا کھلا تو جلال آباد سے میرے ساتھ آنے والا اسکا لرنا پ انٹیلی جنس افسر، تیز تیز قدم اٹھاتا ہوا میرے پاس آیا اس نے مجھے کہا، پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، میں جلد ہی جیل سے چلی جاؤں گی۔ میں یہ بات سن کر غرا دی۔ میں ان پر مزید اعتبار نہیں کر سکتی تھی۔ کیونکہ یہ سب نفسیاتی حربے استعمال کر رہے تھے۔ میں نے کابل جیل میں پہلی رات گزارتے ہوئے جو آنسو بہائے تھے ان میں کچھ حصہ اس شخص کا بھی تھا میں ان دوغلی نسل کے لوگوں کو یہ موقع نہیں دے سکتی کہ یہ مجھے دوبارہ رُلائیں۔

گورنر جیل ٹہلتا ہوا آیا اور اس نے مجھ سے میرا نام پوچھتے ہوئے کہا کہ اسے میری رجسٹریشن مکمل کرنی ہے۔ لیکن میں اسے نظر انداز کر کے اپنی کوٹھڑی میں واپس چلی گئی۔ وہ میرے پیچھے پیچھے آپہنچا اور لڑکیوں سے کہا کہ میں رجسٹریشن کے بغیر کسی قسم کے کھانے کی حقدار نہیں ہو سکتی۔ میں نے لڑکیوں سے کہا کہ وہ اسے پشتو میں مطلع کر دیں کہ میں بھوک ہڑتال پر ہوں۔ بہر حال اگر اسے میرا نام معلوم نہیں تو یہ اس کا اپنا قصور ہے، اور اب یہ یہاں سے چلا جائے کیونکہ اس کے سوالوں سے مجھے الجھن ہو رہی ہے۔

جب میرے جملوں کا ترجمہ اسے سنایا جا رہا تھا، میں اس کے چہرے کے تاثرات کا اتار چڑھاؤ دیکھتی رہی۔ اس کا چہرہ خشمگیں سے خشمگیں تر ہو رہا تھا، اس نے واپس پلٹنے سے پہلے اُکھڑے ہوئے انداز میں کوئی سخت جملہ کہا۔ ہر کوئی پریشان دکھائی دے رہا تھا۔ میں نے ڈیانہ سے پوچھا کہ یہ کیا کہہ رہا تھا۔ وہ بھی مغموم دکھائی دے رہی تھی بالآخر اس نے سرگوشی کے انداز میں یہ الفاظ کہے، ''اس نے کہا کہ پھر تم مر سکتی ہو'' میں نے ہنستے ہوئے اسے کہا کہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، بلکہ تمہیں سچ بتاؤں میرا گلا رُندھ گیا تھا اور باہر نکل کر میں نے ایک سگریٹ سلگا لیا تھا۔

بعد میں ہم نے ساری صورت حال پر گفتگو کی، ہیتھر نے ایک کینیڈین مرد کا ذکر کیا، جس نے اسے پیشکش کی تھی کہ وہ اس کے بدلے میں جیل قبول کرنے کو تیار ہے اس نے کہا مجھے پتہ تو نہیں وہ کون تھا تاہم اس نے جس جذبے کا اظہار کیا وہ قابل قدر تھا۔ اس ریمارک نے مجھے جلال آباد جیل کے دنوں کی ایک یادداشت تازہ کرا دی، مجھے وہاں بتایا گیا تھا کہ طالبان لندن میں قید ایک شخص کو چھڑوانے کے لئے مجھے بطور ذریعہ تبادلہ استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

پچھلے ہفتے کی ایک تفتیش کے دوران میں نے اس بات کا ذکر کر دیا تھا۔ وہ ایک عجیب دن تھا۔ یکے بعد دیگرے اتنے واقعات ہو رہے تھے کہ میرے لئے ان سب کو ٹوتھ پیسٹ کے گتے کے ڈبے پر لکھنا ناممکن ہو گیا، میں اس ڈبے کو بھی بطور ڈائری استعمال کرتی تھی۔

ایک شخص نے میری تفتیش رکوا دی، اس نے جونہی اپنا سر دروازے میں سے اندر کیا تو سب تفتیشی حکام اُٹھ کر کھڑے ہو گئے۔ اس نے ہر ایک کے ساتھ مصافحہ کیا، پتہ چلا کہ موصوف طالبان فورسز کا ملٹری کمانڈر تھا۔ تاہم

باب نمبر 38

وکیل ۔ اُمید کی کرن

خواتین اس روز اپنے وکلاء کی متوقع آمد کے پیش نظر اپنے اپنے خطوط لکھنے لگیں تا کہ وہ انہیں باہر کی دنیا میں ارسال کر دیں۔ میں اپنے نیوز ایڈیٹر جم مرے کے نام رقعہ تیار کیا اور اس امید پر لکھا کہ میرا وکیل اسے حوالہ ڈاک کر دے گا۔ میں نے اس کی آخری سطر یہ لکھی۔ ''جم، یہ دوزخ کا گڑھا ہے، پلیز مدد کرو'' میں زیادہ واویلا کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ میں اپنے دفتر کے لوگوں کو ضرورت کی حد سے بڑھ کر پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی۔ تا ہم یہ صورت حال فی الواقعہ پریشان کن تھی، میں نے اس کیلئے ''hell'' (دوزخ) کا لفظ استعمال کیا تھا، اور اس میں سے جلد از جلد نکل جانا چاہتی تھی۔

مگر افسوس، میرا وکیل سخت اصول پسند نکلا، اس نے کہا کہ وہ صرف اپنے ''کام سے کام رکھتا ہے، پیغام وغیرہ پہنچانا، اس کے دائرے سے باہر ہے۔ اس کے منشی نے بتایا کہ وہ مجھے کابل میں پا کر حیران ہوا ہے کیونکہ انہیں بتایا گیا تھا کہ میں جلال آباد میں ہوں، اور وہ مجھے دیکھنے کے لئے وہاں جانے والے تھے۔ میں نے جھنجلاہٹ کا اظہار کرتے ہوئے کہا، ''چلو دفع کرو، میں لندن کا کوئی ٹاپ کلاس وکیل کرنا چاہتی ہوں، ایسے ''کام سے کام'' رکھنے والے میرے کام کے نہیں۔

میرے اس جملے پر وہ بہت ناراض ہوا اور میرے ردعمل سے وکیل کو مطلع کر دیا جو اس وقت تک دوسری کوٹھڑی میں جا چکا تھا جہاں اس کی ان چھ جرمن عورتوں اور ان کے دو مرد رفقا جارج ٹاؤمین (جرمن) اور پیٹر بنچ (آسٹریلین) کے ساتھ لیگل کانفرنس ہونے والی تھی۔ مرد رہتے تو الگ کوٹھڑی میں تھے مگر انہیں قانونی صلاح مشورے کے لئے عورتوں کے سیکشن میں جانے کی اجازت دیدی گئی تھی۔

میں نے یہ وقت صحن میں گھوم پھر کر گزارنے کا فیصلہ کیا تا کہ اس کے طول و عرض کا صحیح اندازہ کر سکوں۔ پھر میں چلتے چلتے دیوار کو چھونے اور ٹھوکریں لگانے لگی تا کہ اس کے کہیں سے کھوکھلی ہونے یا کمزور ہونے کا پتہ چلا سکوں۔ ٹھوکریں چھپ کر لگاتی تھی تا کہ کسی کو مجھ پر پاگل پن کا دورہ پڑنے کا شبہ نہ ہو جائے اتنے میں 24 سالہ ہیتھر، جو اپنی دو امریکی ساتھیوں سے کم عمر کی تھی کوٹھڑی سے باہر آ گئی وہ بہت پریشان لگ رہی تھی، صحن میں آ کر اس نے رونا شروع کر دیا۔

میں اسے تنہا چھوڑ آئی کیونکہ بسا اوقات انسان روتے ہوئے تنہائی چاہتا ہے، عین اسی وقت پیٹر باہر آ گیا اور اس سے کچھ سخت باتیں کرنے لگا، اس نے اسے کہا کہ خود پر قابو پانے کی کوشش کرے، پتہ نہیں مرد کب سمجھیں گے کہ جب بھی عورت پریشان ہوتی ہے تو تمہارے پاس کہنے کے لئے صرف یہی ایک بات رہ جاتی ہے۔

میں نے اس وقت اپنا فرض سمجھا کہ اس وقت مداخلت کر کے اس نقطے کی وضاحت کروں، چنانچہ میں نے آگے بڑھ کر کہا کہ اسے رونے کی اجازت ہونی چاہیے تا کہ اس کے دل کا غبار نکل سکے۔ وہ اس وقت بہت پریشان تھی کیونکہ وکیل نے انہیں بتایا تھا کہ وہ پاکستان واپس جا رہا ہے جبکہ وہ چاہتی تھی کہ وہ کابل میں ان کے پاس ہی ٹھہرا رہے۔ ہیتھر نے محسوس کیا کہ وہ یہاں متوقع بمباری سے خوفزدہ ہو گیا ہے۔

آسٹریلوی مرد نے کہا کہ یہ بیہودہ بات ہے، یہاں کوئی بمباری وغیرہ نہیں ہوتی ہے، میں نے ایک بار مداخلت کرتے ہوئے کہا کہ بمباری تو ہونی ہی ہے، سوال صرف یہ ہے کہ کب شروع ہونی ہے؟ اور آپ کو اس کے لئے تیار رہنا ہے۔ تین ہزار صحافی پاکستان بارڈر پر بیٹھے ہیں اور ان کے ایڈیٹروں نے انہیں امکان کی موجودگی کی وجہ سے ہی بھیج رکھا ہے۔

اس نے میری طرف یوں دیکھا جیسے میں کوئی پاگل ہوں، کہ وہ دو ماہ یا اس سے بھی زیادہ عرصہ سے حوالات میں تھا جبکہ مجھے آئے صرف ہفتہ بھر ہوا ہے میں نے بچشم خود فوجی تیاریاں دیکھی تھیں۔ میں عام طور پر خوفزدہ قسم کی انسان نہیں بلکہ حقیقت پسند ہوں اور میرا خیال تھا کہ جو مقامات ہوائی حملوں کا نشانہ بننے والے ہیں وہ بالکل واضح ہو جانے چاہئیں۔

اسے مجھ سے اتفاق نہیں تھا، چنانچہ وہ بڑبڑاتا ہوا چل دیا۔ میں نے ہیتھر کی ہمت بندھانے کی کوشش کرتے ہوئے کہا کہ رونے کی خواہش پیدا ہونا بالکل ایک فطری بات ہے اور بتایا کہ کل کی رات میں نے بھی بہت سے چھوٹے چھوٹے آنسو بہائے تھے۔

پھر گورنر جیل لیگل میٹنگ کے لئے چلا گیا۔ مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ اس نے سب سے کہا کہ اگر انہوں نے اپنے خطوط میں میرے بارے میں کچھ لکھا ہے تو ان خطوط کو نئے سرے سے لکھیں اور ان میں سے ایسے تمام حوالے نکال دیں۔ مجھے اس سے کچھ تشویش ہوئی، مجھے خفیہ کیوں رکھا جا رہا ہے؟

میں اندر گئی اور پوچھا کہ کیا سب کچھ ٹھیک جا رہا ہے۔ لیکن ایڈور کرز ڈھال سے لگ رہے تھے۔ جرمن باشندے

اس مداخلت کے فوراً بعد میں نے انہیں بتایا کہ مجھے پتہ چلا ہے کہ مجھے ادلے بدلے کے لئے استعمال کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، میرے اس انکشاف پر وہ سخت پریشان ہو گئے کہ،"آپ طالبان لوگوں کو پتہ ہونا چاہیے کہ اگر آپ نے میرا تبادلہ کرنے کی کوشش کی تو آپ کو سخت خفت اٹھانا پڑے گا۔ مارگریٹ تھیچر کے دور سے میری حکومت نے یرغمالیوں کے تبادلے یا سودا بازی کے لئے ہر قسم مذکرات کا انکار کر رکھا ہے۔"

ان میں سے ایک بولا"اپنی اب کی حکومت کے بارے میں بات کرو؟" میں نے اپنی آنکھیں رولتے ہوئے کہا۔"کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کے مجھے قید کرنے پر ٹونی بلیئر کتنا خوش ہے؟ اسے جب معلوم ہوگا کہ آپ نے مزید صحافیوں کو اندر نہیں کیا تو وہ بہت مغموم ہوگا۔"

میرا خیال ہے کہ میرے اس جواب پر وہ بہت حیران ہوئے تھے یا اس امر پر پریشان ہو گئے تھے کہ میں نے ان کے خیال کو مسترد کر دیا تھا یا ہو سکتا ہے کہ وہ پہلے ہی اپنی تذلیل کروا چکے تھے؟ مجھے اس کا پتہ نہیں چل سکا، غالباً کبھی بھی نہیں چل سکے گا۔

میری اس محویت کو ہیتھر کے قہقہے نے درہم برہم کر دیا، وہ کہنے لگی کہ وہ اپنے تبادلے کو یہاں ایک دن بھی مزید ٹھہرنے پر ترجیح دے گی۔ مجھے اعتراف کرنا پڑا کہ ان بے چاروں نے واقعی بڑی پر مصائب اور طویل سزا کاٹی ہے اور میں اس پر انہیں بھرپور خراج تحسین پیش کرتی ہوں۔

صبح تیار رہنے کی خفت اٹھانے کے بعد مجھے دوبارہ صرف کپڑے پہننے اور دھونے دھانے پر تقریباً دو گھنٹے لگ گئے۔ کیتھی اور سلکے باہر صحن میں بیٹھی کچھ پڑھ رہی تھیں اور ڈیانہ دوسرے کونے میں بیٹھی تھی جبکہ مارگریٹ لیٹی ہوئی تھی۔ میرا خیال ہے ہیتھر جیل وارڈن سے باتیں کر رہی تھی۔ عین اسی لمحے مجھے اینٹی کرافٹ فائر کی فضا کو چیرتے ہوئے گزرنے کی آواز سنائی دی اور میں جس دری پر بیٹھی تھی اس پر سے اچھل پڑی اور اس کے بعد ہر قسم کی توچیں چلنے سنائی کر رہی تھی۔ عین اسی لمحے مجھے اینٹی کرافٹ فائر کی فضا کو چیرتے ہوئے گزرنے کی آواز سنائی دی اور میں جس دری پر بیٹھی تھی اسی پر سے اچھل پڑی اور اس کے بعد ہر قسم کی توچیں چلنے کا شور بلند ہونے لگا اور ہیتھر نے دیوانہ وار دوڑ بھاگ شروع کر دی، وہ پشتو میں چیخنے اور گورنر جیل اور دو مرد ایڈورکروں کو بے تحاشا آوازیں دینے لگی۔

مجھے کچھ پتہ نہیں چل رہا تھا کہ یہ کونسی دوزخ پھٹ پڑی ہے بس یہی محسوس ہو رہا تھا کہ ہیتھر اتنی خوفزدہ ہو چکی ہے کہ اس پر قابو پانا کسی کے لئے بھی ممکن نہیں اور اس کی حرکتیں ہم سب کو متاثر کریں گی، حکام ہمیں کوٹھڑی کے اندر بند کر دیں گے۔ میں نے اسے پکڑا اور کہا"ہیتھر خاموش ہو جاؤ اور میری بات غور سے سنو۔ اس سے ہم راستے میں مدد لے سکیں گے، تمہارے سلسلے میں آخری چیز جس کی ہمیں ضرورت پڑے گی یہ ہے کہ تم نیلے پیٹ والی مکھی کی طرح چکر لگاتی رہنا اور کسی چیز کو پکڑ لینا اور میں تمہاری مدد کروں گی" مگر اس نے مجھے پرے دھکیل اور ادھر اُدھر دوڑنا جاری رکھا۔

میں ڈیانہ کے پاس گئی اور اسے کہا کہ کچھ کرو کیونکہ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ رہنا ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ سپیشل فورسز کے کام کا آغاز ہو، اگر وہ ہمیں یہاں سے نکالتے ہیں تو پھر ہمارے پاس بیس سیکنڈ سے زیادہ وقت نہیں ہے۔ اس نے کہا کہ ہیتھر بہت پتلی ہے اگر وہ خوفزدہ ہو جائے تو میں اسے کنٹرول نہیں کر سکتی۔

دیا۔ میرے ہاتھ میرے کولہوؤں پر تھے اور میں پاؤں کو زمین پر کھٹ کھٹ مار رہی تھی۔ ان میں سے ایک مسٹر افغانی تھا جسے میں ہمیشہ ''متبسم قاتل'' (Smiling Assassin) کہتی رہی۔ اس نے وہی مصیبتوں کے پیش خیمہ الفاظ کہے جو میں جلال آباد میں کئی بار سن چکی تھی۔ ''لیکن آپ ہمارے مہمان ہیں، ہم آپ کو خوش دیکھنا چاہتے ہیں۔'' میں چلا کر اس سے مخاطب ہوئی۔ ''میں تمہاری کوئی بلڈی مہمان نہیں ہوں میں ایک قیدی ہوں، اس جگہ سے کہیں جا نہیں سکتی، کسی ملک کو اس کی جیلوں کے حالات کے معیار سے پہنچانا جاتا ہے، اور یہ جگہ دوزخ کا غلیظ گڑھا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ تم کتنے فرسودہ اور ظالم طبع لوگ ہو، مجھے گھن آتی ہے آپ لوگوں سے۔''

اس کا ساتھی مدافعتی انداز میں بولا ''مگر آپ کیا توقع رکھتی ہیں۔ وہ افغانستان ہے جہاں ہم بائیس سال سے حالت جنگ میں ہیں۔ ہماری جیلیں، ہماری زیادہ ترجیح نہیں ہیں۔ آپ کا اپنا ہی رویہ خراب تھا، آپ بن بلائے ہم پر نازل ہوئی ہیں۔''

میں نے ہاتھ کے اشارے سے انہیں پرے ہٹ جانے کو کہا اور دوبارہ انہیں زبانی بھی کہا، ''جاؤ بھاڑ میں، مجھے دوبارہ نظر نہ آنا۔'' اس کے بعد پھر ان کے پاس جا کر ان کے پیروں پر تھوکا اور کوٹھڑی میں چلی آئی۔ لڑکیوں نے جو منظر دیکھا اور جو باتیں سنی تھیں، اس سے وہ سہم گئی تھیں اور مجھے احتیاط کی تلقین کر کے چپ ہو گئیں۔ مجھے اعتراف ہے کہ اس دفعہ میں نے جو کچھ کیا، بہت زیادہ تھا، میں بہت دور جا پہنچی تھی۔ اس لئے اندر سے ڈرنے لگی تھی۔ مجھ پر کھڑے کھڑے لرزہ طاری ہو گیا، جی چاہتا تھا کہ بیمار پڑ جاؤں۔ مجھے اپنے معدے میں ہزاروں تتلیاں پھڑ پھڑاتی محسوس ہو رہی تھیں اور بری طرح نڈھال ہو رہی تھی۔

ہیتھر جو جیل سٹاف کے ساتھ بہت دوستانہ تعلقات رکھتی تھی، وہ ایک وومن جیل وارڈر کے ہمراہ آئی اور دروازے کے راستے میں آ کھڑی ہوئی، اس نے کہا کہ ''وہ کہتی ہے کہ اگر آپ نے ہم لوگوں سے اس طرح کی باتیں کیں تو ممکن ہے کہ آپ کو زدوکوب کیا جائے یا کوڑے لگائے جائیں۔ میں نے سوچا کہ تمہیں خبر دار کر دوں۔'' بات واقعی درست تھی ایسے موقع پر زیادہ تر عقلمند لوگ منہ بند ہی رکھتے ہیں، مگر میں تو عقلمندی کے راستے کی راہی نہیں تھی کیونکہ میں نے اس کو جواب یہ دیا کہ ''اگر مجھے زدوکوب کیا گیا اور مجھے اس سے درد محسوس ہوا تو مجھے خوشی ہو گی کیونکہ اس سے مجھے بھی محسوس ہو جائے گا کہ میں اب تک زندہ ہوں۔''

ایسے سخت الفاظ ایک خاص قسم کی فلموں میں ادا کئے جاتے تھے۔ میں حیران تھی کہ یہ الفاظ مجھے کہاں سے آموصول ہوتے ہیں اور اپنے آپ میرے منہ سے نکلنے لگتے ہیں۔ لیکن اصل حقیقت کچھ اور تھی، میرے دل میں خوف بڑھتا چلا جا رہا تھا میں اندر سے کانپ رہی تھی اور منتظر تھی کہ دیکھئے کب پکڑنے آتے ہیں اور چابک سے میری پٹائی کرنے لگتے ہیں جیل کی مقامی آبادی میں یہ پٹائی ایک عام بات ہے۔

تقریباً بیس منٹ بعد گیٹ کے کھڑ کھڑا کر کھلنے کی آواز آئی، اور چند مردوں کی باتیں کرنے کی آوازیں آئیں، ہیتھر خوفزدہ ہو کر کوٹھڑی کے اندر جا گھسی۔ متبسم قاتل ایک اور آدمی کو ہمراہ لے کر آ رہا تھا۔ میں نے اپنی ٹانگوں کو لڑکھڑاتی پایا، جب آوازیں کوٹھڑی کے دروازے پر آ پہنچیں تو میں خود کو سہارا دینے لگی تاکہ گرنے سے بچ جاؤں۔

تین لڑکیوں نے خود کو فرش پر گرا کر مجھے سنبھال لیا، ساتھ ساتھ وہ دعائیں مانگ رہی تھیں کہ خدا مجھے طاقت دے اور مجھے اذیت برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔ مجھے معلوم تھا ان کا مطلب کیا ہے مگر مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے میں ''مانٹی پائتھن'' کی "The life of brian" کے ایک منظر میں پھنسی ہوئی ہوں۔ دعا کی قوت نے مجھے جلال آباد میں بھی سہارا دیا تھا، یقین نہیں آ رہا تھا کہ کیا خدا دوبارہ میری مدد کو آ گیا ہے۔ لیکن ہر ایک کو یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ مسٹر افغانی (متبسم قاتل) کے ہاتھ میں سیٹلائیٹ فون تھا، بجلی کا کوڑا نہیں تھا۔ اس نے سب سے کہا کہ وہ اس ٹیلی فون پر اپنے رشتہ داروں سے بات کر سکتی ہیں، ان کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی، سب نے ایک ایک کر کے خوب جی بھر کر رشتہ داروں سے گفتگو کی۔ جرمن لڑکیوں اور ڈیانہ کی حالت تو خاص طور پر قابل رحم تھی۔ کیونکہ جب سے ان کی گرفتاری عمل میں آئی تھی انہوں نے کسی سے بھی بات نہیں کی تھی۔ سلکے کو تو ایک قسم کا ٹہوکا دینے کی ضرورت تھی۔

جہاں تک میرا تعلق تھا، میں اس عنایت کے دائرے سے خارج تھی، اور کیتھی، خدا اسے جزا دے، کہ اس نے مسٹر افغانی سے پوچھا کہ رڈلے بھی اپنے والدین سے بات کر سکتی ہے۔ جواب ملا ''نہیں'' یہ کسی سے بات نہیں کر سکتی، یہ تعاون نہیں کرتی اور بری ہے، کیا تمہیں پتہ ہے اس نے ہم پر تھوکا تھا؟ میں اگرچہ اپنی فیملی سے بات نہ کر سکنے کی وجہ سے غمگین تھی پھر بھی میں ان عورتوں کو اس کا موقع مل جانے پر بہت خوش تھی اور وہ خوشی پانے کی مستحق تھیں۔

افغانستان میں بری خبریں یا بدمزاجی کی خبریں بڑی تیزی سے پھیلتی ہیں اور اگلے دن ڈپٹی فارن منسٹر، ایک چھوٹا گول مٹول سا اور خوش مزاج شخص مجھے ملنے اور یہ بتانے آ پہنچا کہ مجھے جلدی یہاں سے نکال دیا جائے گا۔ میں نے

باب نمبر39

گورنر جیل آ پہنچا، اس نے دو مردوں کو بلایا۔ آسٹریلیا کا پیٹر، ہیتھر سے کہہ رہا تھا، خاموش ہو جاؤ اور وہ کہہ رہی تھی کہ وہ ہم سب کو خندق میں لیجانا چاہتی ہے اور وہی آخری جگہ ہے جہاں میں پناہ لینا چاہتی ہوں، اس نے اسے مطمئن کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا کہ یہ جھوٹ پر خاموش نہیں رہ سکتی تھی، میں نے کہا "مجھے افسوس ہے اے ہمارے ساتھی، تم اوپر سے آنے والے میزائل کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے، اس سے کوئی بچاؤ ممکن نہیں۔" بعد میں پتہ چلا کہ یہ کابل پر مارے گئے دو امریکی میزائل یا بغیر پائلٹ کے جاسوس طیارے تھے۔

مقام شکر تھا کہ سب خیریت گزری، دونوں آدمی اپنی کوٹھڑی میں واپس چلے گئے، بعد میں میں نے ہیتھر سے کہا کہ دوبارہ اس طرح خوفزدہ نہ ہو۔ کیونکہ ہم میں سے کوئی بھی خندق کے اندر ڈال دی جانا نہیں چاہتی، دوسری بھی میری ہمنوا تھیں، میرا خیال ہے کہ وہ سنبھل چکی تھی لیکن میں اس کے رویے سے پریشان ہو گئی۔

مجھے یقین تھا کہ "SAS" آ کر ہمیں نکال لے گی، میں نے اسے یہ بات بتا دی تھی مگر وہ بدستور خوفزدہ رہی۔ میں نے اسے کہا کہ اگر وہ بنکر میں چھپنے پر مصر رہی تو سچ مچ کی بمباری شروع ہو جانے پر اکیلی رہ جائے گی۔ اس سے وہ مزید پریشان ہو گئی بہر حال وہ صرف شخصیت نہیں ہوں لیکن مجھے یہ بھی پسند نہیں کہ میری زندگی کو کوئی ایسا فرد خطرے میں ڈال دے جس پر خوف کے دورے پڑتے رہتے ہوں۔

شکر ہے کہ اس دوران ایک کونے میں کچھ خوشی کی ہلچل دیکھنے میں آئی، اس وقت ہیتھر اور ڈیانہ کے لئے ڈاک آئی تھی۔ ہیتھر نے فاتحانہ انداز میں بتایا کہ اس کے والد نے اسے خط لکھا ہے کہ امریکہ نے اس وقت تک فوجی کارروائی روکے رکھنے کا یقین دلایا ہے جب تک اس کی خیریت وحفاظت کا بندوبست نہ ہو جائے۔ میں اس پر برافروختہ ہو گئی کہ ایسا کیسے ممکن ہو سکتا ہے، اس نے اپنی بات کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ اس کا باپ امریکی سفارت خانے میں ہوتا ہے، وہ مجھ سے جھوٹ نہیں بول سکتا۔ میں نے جواب دیا "میں یقین سے کہتی ہوں کہ تیرا باپ جھوٹ نہیں بولتا ہوگا اور تو بھی نہیں چاہتی کہ وہ ایسا کرے، تاہم میں سوچ بھی نہیں سکتی کہ کولن پاول تیرے باپ کو اعتماد میں لے کر اسے بتائے کہ بمباری کب سے شروع ہو رہی ہے اور خاص طور پر ایسے وقت میں کہ اسے معلوم ہے کہ وہ تمہیں طالبان کی جیل میں خط لکھ رہا ہے وہ تمہیں صحیح اطلاع کیسے دے سکتا ہے؟

مجھے بری خبر سنانے کا افسوس تھا، لیکن جیسا کہ میں کہہ چکی ہوں کہ میں حقیقت پسند انسان بننے کی کوشش کر رہی تھی اور جیل جھوٹے خواب دیکھنے کی جگہ نہیں ہوتی۔ تاہم ڈاک وصول ہونے سے وہ واقعی خوش ہو گئی اور میرا اور ڈیانہ کا خیال تھا کہ کیتھی کو جو خط ملا ہے اس سے اسے اس لئے بھی بے پناہ خوشی ہوئی ہے کہ جرمن لڑکیوں کو بمشکل ہی کوئی ڈاک ملتی تھی۔ اس کا پہلے انگریزی میں ترجمہ کرنا پڑتا تھا میرا خیال ہے کہ اس سے طالبان کو بہت مشکل پیش آتی تھی۔

سلکے کو کوئی خط نہ ملا تھا، اس کا اس کو بہت ملال تھا، اس کی طبیعت پہلے ہی کچھ ناساز تھی۔ چنانچہ وہ چند آنسو بہانے کے لئے کوٹھڑی سے باہر چلی گئی اس سے میں گھبرائی کیونکہ وہ بہت مضبوط اعصاب کی تھی اور عموماً خود کو کنٹرول میں رکھتی تھی، سنبھلنے کے بعد وہ کچھ دیر صحن میں ہی رہی۔ میرا خیال ہے کہ اس کے آنسوؤں نے گورنر کو، جس نے خطوط تقسیم کئے تھے، متاثر کیا کیونکہ رونا اس کے مزاج سے مطابقت نہیں رکھتا تھا۔ وہ ایک رحمدل بوڑھا تھا بہر حال میں اس پر اسے کوئی کریڈٹ نہیں دیتی۔

بعد ازاں دن کو وزارت خارجہ کے دو افراد آئے، ان کے ہمراہ یہ اداس چہرہ گورنر جیل بھی تھا، انہوں نے اعلان کیا کہ میں اب وزارت خارجہ کی مہمان ہوں اور یہ بھی کہا کہ انٹیلی جنس ڈیپارٹمنٹ کو اب مجھ سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ سن کر میں کافی مطمئن ہوئی کیونکہ اس کا مطلب یہ تھا کہ جاسوسی کے الزامات اور سپیشل فورسز سے تعلق والی باتیں اب نہیں سننا پڑیں گی۔

اس روز میں نے تھوڑی دیر پہلے، یوگا کا دوسرا سیشن چار بجے سہ پہر مکمل کیا تھا، یہ میں نے دوپہر کی چلچلاتی دھوپ میں شروع کیا تھا کیونکہ میں طالبان کو یہ بات سمجھانا چاہتی تھی کہ میں یا تو حیرت انگیز طور پر مضبوط عورت ہوں یا بک بک کرنے والی ایک پاگل سی عورت ہوں۔ دونوں صورتوں میں، میں سمجھتی ہوں کہ وہ میری اس مشق سے بے حد مضطرب رہے اور جب تک میں نے اپنی آنکھیں نہیں کھولیں وہ ایک کونے میں بیٹھے آپس میں چہ میگوئیاں کرتے رہے۔

متبسم قاتل

وزارت خارجہ کی طرف سے خوشخبری لانے والوں نے بات آگے بڑھاتے ہوئے بتایا کہ انہیں مجھ سے چند سوالات پوچھنے ہیں، اس پر چند گھنٹوں سے زیادہ وقت نہیں لگے گا۔ میں اس پر تیخ پا ہو گئی اور ان کے ساتھ تعاون سے انکار کرتے ہوئے کہا، جاؤ سب جہنم میں، یہ کہتے ہی میں نے اپنی یوگا کا اگلا حصہ زیادہ تندی سے شروع کر

بات بے توجہی سے سنی لیکن اس نے مجھے کہا پریشان مت ہوئیے۔ میں بولی "میں پریشان نہیں ہوں، میں بے حد ناراض ہوں، تمہارے الفاظ خاک سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتے۔ کابل کے سفر کے بارے میں بری طرح دھوکا کھانے کے بعد میں کسی پر بھی اعتماد نہیں کرسکتی انٹیلی جنس کے لوگ جھوٹ پر جھوٹ بولتے رہے، اب مجھے یہاں لا کر اس جہنم کے گڑھے میں لا کر بند کر دیا گیا ہے" پھر میں نے باقاعدہ شور مچاتے ہوئے کہا "آپ کیسے لوگ ہیں؟"

ہم صحن میں تھے اور گورنر جیل اوپر سے نفرت کے ساتھ دیکھ رہا تھا۔ میں اپنے کمبل کی طرف مڑی اور اپنی یوگا جاری رکھی، سورج گرمی برسا رہا تھا اور زمین تپ رہی تھی، میں جب بیٹھ گئی تو اسے کہا "اب تم جاسکتے ہو"

میں سخت پریشان اور پژمردہ تھی۔ ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ میں خواہ کتنی ہی گستاخ اور بیہودہ گو بننے کی کوشش کروں، مجھے ان کی طرف سے ملنے والا ردعمل ایک مسکراہٹ اور مہمان ہونے کی حیثیت کے روایتی جملوں کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ میں "مسز اینگری" کا کردار مسلسل ادا کرتے کرتے تھک چکی تھی، سمجھ نہیں آرہی تھی کہ اسے کب تک نبھاتی رہوں گی۔ میری فطرت میں گستاخی اور جارحیت تو ہے ہی نہیں۔ ہمہ وقت اپنے اصل مزاج کے منافی کردار کو جاری رکھنا بہت مشکل نظر آنے لگا۔

ہیتھر نے مجھے "Ken follet" کا ناول "Code to zero" دیا۔ اس نے بہت پُر جوش انداز میں کہا۔ "آپ اسے ہاتھ سے چھوڑ ہی نہیں سکیں گی، ہم سب نے اسے پڑھا ہے۔ یہ بڑا ہی انوکھا اور دلچسپ ہے" میں نے لینے سے انکار کر دیا کیونکہ مجھے محسوس ہوا کہ اگر میں نے اتنی طویل کتاب پڑھنا شروع کر دی تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہاں اتنا عرصہ جو کچھ ہوتا چلا آرہا ہے میں نے اسے قبول کرلیا ہے۔

کی ایک ممبر ہوں۔ میں نے شور مچاتے ہوئے کہا ”لڑکیو! ہم بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں، میں SAS میں ہوں، میں تمہیں آج رات ربڑ کے ہیلی کاپٹر میں نکال لے جاؤں گی جو میں نے یہاں صحن میں دفن کیا ہوا ہے۔“

یہ مسخ شدہ صحافتی مزاح کی ایک اور مثال تھی جس نے بظاہر تو میری ہمت بڑھا دی مگر اس آرٹیکل کے مواد پر مجھے بہت صدمہ ہوا اور میں اس بلڈی جرنلسٹ کی گردن مروڑ دینا چاہتی تھی، مجھے محسوس ہوا جیسے اس شخص نے میری موت کے پروانے پر دستخط کردیئے ہیں، بہرحال مجھے ان افواہوں پر مٹی ڈال دینی پڑی۔

میرے دو راز تھے جو میرے لئے جان لیوا ثابت ہو سکتے تھے۔ طالبان کو یہ بات کبھی سمجھ نہیں آنا تھی کہ میں نے ایک اسرائیلی (شوہر نمبر 3) سے شادی کیوں کی تھی اور آپ کو بالکل سچ بتا رہی ہوں کہ اس سے شادی کرنے کی وجہ مجھے بھی سمجھ نہیں آئی تھی اس وجہ سے مجھے کوڑے لگنے چاہیے تھے، اور دوسرا ”راز“ ایک حقیقت تھا۔ یعنی میں ٹیریٹوریل آرمی میں رہ چکی تھی۔

ہمیں بتایا گیا کہ ہمیں اپنی کوٹھڑیوں کے اندر ہی رہنا چاہیے کیونکہ کچھ لوگ میرے لیے الگ کوٹھڑی کے انتظامات کے سلسلے میں کچھ ردوبدل کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں یہ بھی تاکید کی گئی تھی کہ ہم ان سے چھپی رہیں۔ یہ بڑا تھکا دینے والا کام تھا، میرے یہاں آئے ہوئے چند ہی دن ہوئے تھے لیکن میں خود کو تیسرے درجے کی شہری محسوس کرنے لگی تھی کیونکہ میں ایک عورت تھی۔

میں بعد میں اپنی کوٹھڑی کا جائزہ لینے کے لئے گئی، یہ بڑی ہی بدہیئت اور قابل نفرت جگہ تھی۔ کنکریٹ کے فرش کے ایک کونے میں ایک بڑا سا گڑھا تھا، اس میں سے نکلتا ہوا ایک جنگلی چوہا دکھائی دیا۔ جب تک میں ٹہلتی رہی وہ ادھر اُدھر پھدکتا رہا۔ دیوار پر کچھ نقش ونگار بنے ہوئے تھے۔ ان میں عربی الفاظ نمایاں تھے۔ کھڑکیوں میں سے مردوں کی جیل پر نظر پڑتی تھی۔

دروازہ دیکھا تو وہ ٹھوس دھات کا تھا، اس میں تالہ بھی تھا، اسے دیکھ کر میں خوفزدہ ہوگئی کہ اگر میں نے گالم گلوچ کی تو اس کے اندر بند کردی جاؤں گی جو پورے چوبیس گھنٹے کی بندش بھی ہوسکتی ہے۔ میں نے لڑکیوں سے پوچھا کیس سپر قسم کی کوئی ”گلیو“ مل سکتی ہے تاکہ میں وہ ڈال کر تالے کو بیکار بنا دوں۔ وہ نہ ملی تو میں نے اس میں مٹی ڈالی اور ایک پتھر مار کر اسے توڑ دیا۔

تھوڑی دیر بعد فارن منسٹری کا وہ گول مٹول اور خوش مزاج شخص، گورنر جیل سمیت میرے پاس آیا اور میری کوٹھڑی کے حوالے سے میری رائے پوچھی۔ میں نے کہا کہ یہ انتہائی غیر مناسب ہے، میرا بس چلے تو میں اس میں مویشیوں کو بھی نہ رکھوں، افغانستان میں رہ کر بھی ان کے لئے مناسب نہ سمجھوں۔ مجھے حیرت ہوئی کہ انہوں نے مجھ سے اتفاق کیا اور مجھے ان غلیظ حالات میں رکھنے پر معذرت چاہی۔

اس نے مجھے اپنا سامان سمیٹنے کے لئے کہا کیونکہ وہ مجھے طالبان سلیپنگ کوارٹرز میں اس سے زیادہ آرام دہ کمرے میں لے جانا چاہتا تھا۔ مجھے اس کے اس حد تک نرم رویئے پر حیرت ہوئی اور شبہ بھی پڑا کہ کہیں مجھے خوفناک اذیت دینے تو نہیں لے جا رہے ہیں، وہ ساتھ یہ بھی کہتا رہا کہ مجھے کل صبح رہا کردیا جائے گا۔ میں نے صرف اتنا جواب دیا ”جی ہاں جی ہاں، یہ بات بہت دفعہ سن چکی ہوں کل، بس کل، انشاء اللہ۔“

میں نے مطالبہ کیا کہ مجھے پہلے وہ کمرہ دکھایا جائے جس پر مجھے صحن سے باہر سیڑھیوں کے راستے اوپر لے جا کر ایک کشادہ کمرہ دکھایا گیا، جہاں سے کابل پہاڑ بالکل سامنے نظر آ رہا تھا۔ میں اس سے واقعی متاثر ہوئی۔ مجھے کہنا پڑتا ہے کہ اندر سے خوش ہونے کے باوجود میں نے اپنے چہرے کو کرخت بنائے رکھا اور اسے بتایا کہ ہاں ٹھیک ہے یہ موزوں رہے گا۔

پرانی کوٹھڑی میں واپس جا کر میں نے ڈیانہ کو بتایا کہ ان کا رویہ تو نرم ہو چکا ہے مگر پتہ نہیں چل رہا کہ کیا ہو رہا ہے، امکان تو ہے کہ جلدی چلی جاؤں گی۔ آپ نے جو کچھ میرے لئے کیا، اس کا شکریہ، خدا آپ کو خوش رکھے۔ ایک اور لڑکی نے ”فالیٹ“ ناول میرے ہاتھ میں زبردستی پکڑوا دیا اور مجھے باہر کی طرف دھکیل دیا۔

اتوار کے دن شام ہونے والی تھی، دھند لکا چھا رہا تھا میں نے کمرے میں لائیٹ سوئچ آن کردی۔ کمرے کے وسط میں ایک افغانی قالین بچھا تھا جس کے گرد تکیے لگے تھے کونے میں ایک پرانا سا ہاسپٹل بیڈ پڑا تھا۔ میں نے سوچا کہ اب کمرے سے نہیں نکلوں گی اور ناول پڑھنا شروع کردیا۔ خاصا دلچسپ تھا اس لئے میں فوراً اس میں کھوگئی۔

اچانک روشنی کے تیز شعلوں نے خاموشی درہم برہم کردی، ٹریسر زفضا میں بلند ہو رہے تھے پھر اینٹی ایئر کرافٹ فائر ہونے لگے۔ کانوں کے پردے پھاڑ دینے والے کروز مزائل اپنے اہداف کو نشانہ بنا رہے تھے۔ ان مزائلوں کی آواز بیس میل کے فاصلے سے نشانے پر پہنچنے سے پہلے، ہی آجاتی ہے مگر یہ جیل سے نصف میل کے فاصلے پر آ کر گر رہے تھے۔ جس سے کھڑکیاں اور دروازے بری طرح کھڑک رہے تھے۔

میں چھلانگ لگا کر بیڈ سے اُتری اور اپنا چہرہ کھڑکیوں کے ساتھ لگا دیا، رات کے تقریباً 9 بجے کا وقت تھا۔ پہاڑی

باب نمبر40

مارگریٹ نے کہا کہ میں ''اس کی'' ایک کتاب چاہوں تو پڑھ سکتی ہوں جب وہ اسے نہ پڑھ رہی ہو تو میں اسے اٹھا لیا کروں، یہ کتاب مختصر افسانوں کا ایک سلسلہ تھی۔ میں اپنے موڈ کے مطابق ان افسانوں میں سے نکل بھی سکتی تھی اور دوبارہ بات وہیں سے شروع بھی کرسکتی تھی۔ میں نے اس کی ورق گردانی کی اور اس میں چھپے ہوئے طنز پر ہنسنا شروع کردیا۔ یہ کتاب ایک معتوب سیاسی بدمعاش جیفری آرچر کی تالیف ہے۔ میں نے لڑکیوں کو بتایا کہ یہ ٹھیک ہے کہ اس نے یہ زمانہ قید میں لکھی ہے مگر میں شرط لگا سکتی ہوں کہ اسے ہر صبح پانی کے لئے نکا نہیں بلانا پڑا تھا۔

مجھے لگتا تو نہیں کہ مؤلف کتاب میری رہائی سے پہلے رہا ہو جائے گا۔ پھر ہم ان مغربی یرغمالیوں کی باتیں کرنے لگیں جو بیروت میں قید تھے، ان میں ''Terry waite''، ''Terry anderson'' اور ''John mccarthy'' بھی شامل تھے۔ میں یہ یاد کر کے بے حد افسردہ ہوئی کہ وہ بڑے عرصہ سے اندر سڑ رہے ہیں۔ میں نے ہیتھر کو بتایا کہ موازنہ کیا جائے تو کابل جیل میں ہمارے حالات، ان کے حالات سے کہیں بہتر ہیں، ہم کم ازکم اندازتو گھوم پھر سکتی ہیں۔

تاہم جیل کی زندگی پھر بھی ایک لگا بندھا معمول ہوتی ہے۔ اور جب آپ کچھ کھا پی نہیں لیتے تو معمول سے بھی زیادہ بیزاری اور اکتاہٹ محسوس کرتے ہیں۔ عورتیں جیل کی بنیادی غذا روٹی اور چاول کے ہمراہ کچھ اور چیزیں پکا لیتی ہیں، اس کے لئے اجزاء کی روزانہ ایک شاپنگ لسٹ بناتی ہیں، تازہ پھل بھی منگواتی ہیں، یہ لسٹ زنانہ وارڈر کو تھما دی جاتی ہے، بہت سے بیرونی ممالک کی جیلوں کے قیدیوں کی طرح اگر آپ کے پاس مطلوبہ رقم ہے تو آپ باہر سے پکا پکایا عمدہ کھانا بھی منگوا سکتی ہے، زنانہ وارڈر نے اس کے لئے مناسب انتظامات کر رکھے ہوتے ہیں۔ ڈیانہ کے پاس نقد رقم تھی اور عورتیں باری باری کھانے پکاتی رہتی تھیں۔ بھوک مجھے اگرچہ اب نہیں ستاتی تھی اور کھانے کا خیال آتے ہی میری رال ٹپکنے کا سلسلہ بھی ختم ہو چکا تھا۔ البتہ مجھے یاد آتا ہے کہ ایک دن جب سلکے کھانا پکانے لگی تو اس میں سے نکلنے والی خوشبوئیں بے حد دلفریب تھیں اور جب اس نے تازہ دھنیاں کے پتے کترنا شروع کئے تو ساری فضا مسحورکن خوشبوؤں سے معطر ہوگئی۔ میں آج بھی آنکھیں بند کر کے اس خوشبو کا تصور کرتی ہوں تو اسے محسوس کرسکتی ہوں۔

اس رات مجھے بڑی مشکل سے نیند آئی کیونکہ آخری سرے کی کوٹھڑی میں کوئی بچہ رات بھر چیختا رہا تھا۔ وہ اس کوٹھڑی میں بند دو عورتوں کے ساتھ تھا، انہیں سزا اس لئے ملی انہوں نے رات کو اپنے پاس ایک اجنبی مرد کو ٹھہرالیا تھا جو ان سے قالین خریدنے کے لئے آیا تھا۔

سدا محروم عورتیں

افغانستان کے طالبان دور میں عورتوں کی کوئی زندگی نہیں تھی۔ مگر یہ بھی ناقابل تردید حقیقت ہے کہ اس سے پہلے کے ادوار میں بھی انہیں اس سے بہتر زندگی میسر نہیں آئی تھی۔ یہ بے حد افسوسناک بات ہے کہ اس ملک میں عورتیں سدا محروم رہی ہیں۔ ان کا بچے جننے کے سوا کوئی کردار نہیں سمجھا جاتا۔ البتہ جب وسط نومبر میں طالبان کو شکست ہونا شروع ہوگئی تو عورتیں بے باکانہ انداز میں سرعام اپنے چہرے دکھانے لگ گئی تھیں، اس کے بعد ان کی زندگی کا معیار کیسا رہے گا، اس کا آگے چل کر ہی پتہ چلے گا۔

اس روز وزارت خارجہ کا آدمی سہ پہر کو آیا اور اس نے بتایا کہ مجھے بہت جلد اپنی لاگ کوٹھڑی مل جائے گی اور یہ بھی کہا کہ ''ہم آپ کو خوش دیکھنا چاہتے ہیں کیونکہ آپ ہماری مہمان ہیں۔'' اس پر میں ایک بار پھر احتجاج کرنے لگی تھی لیکن اس نے فوراً اگلی بات شروع کردی ''ہم جانتے ہیں کہ آپ کو ایران میں بھی ایسے ہی حالات کا تجربہ ہو چکا ہے مگر معلوم نہیں آپ ہمیں ہی قدم زمانے کے لوگ کیوں قرار دیتی ہیں۔'' اس کے چہرے سے ایسا معلوم ہو رہا تھا جیسے وہ کوئی زبردست انکشاف کر رہا ہو یا کسی رزا پر سے پردہ ہٹا رہا ہو۔ خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ کیا بات کہہ رہا تھا، میں تو زندگی بھر ایران نہیں گئی۔

کابل جیل کے باہر کیا ہو رہا تھا، مجھے اس کا کوئی علم نہیں تھا۔ اس کے علاوہ میرے اخبار نے اسلام آباد میں طالبان کے سفیر کے ساتھ ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھا ہوا تھا۔ مجھے اس کا قطعاً کوئی علم نہیں تھا کہ کیا ''ایکسپریس'' کا چیئرمین رچرڈ ڈیسمنڈ اسامہ بن لادن سے خصوصی انٹرویو کے انتظامات کو حتمی شکل دے رہا تھا یا نہیں، جو اس کے ''ok'' میگزین میں زیرعنوان ''My cave'' میں چھپنے والا تھا۔

گورنر جیل، ان لڑکیوں میں سے ایک سے گفتگو کر رہا تھا اور اس نے غالباً یہ کہا تھا۔ ''جارج بش تم لڑکیوں کے سلسلے میں میرے پیچھے پڑا ہوا ہے اور اب ٹونی بلیئر اس خوفناک انگریز عورت کے بارے میں پوچھ رہا ہے۔''

میں شدت جذبات سے مغلوب ہوگئی۔ میں اپنے آپ کو اتنی اہم نہیں سمجھتی تھی اور توقع رکھتی تھی کہ میرے ملک میں کوئی خاص ہنگامہ آرائی نہیں ہوگی۔ پھر مجھے ایک پاکستانی اخبار دکھایا گیا جس میں لکھا ہوا تھا کہ میں سپیشل فورسز

پر بنے ہوئے مکانوں کی روشنیاں نظر آرہی تھیں، یہ اندھیرے میں الپس کی پہاڑیوں اور کرسمس ٹری کا سا منظر تھا۔ ہمیں کسی وارننگ کے بغیر اندھیرے میں دھکیل دیا گیا تھا، اتنے میں آٹھ طالبان سپاہی دوڑتے ہوئے سیدھے میرے کمرے میں داخل ہوگئے، میں چونک پڑی، کیونکہ خواہ کچھ بھی ہو جائے وہ دستک دیئے بغیر کبھی نہیں آتے تھے۔

بموں کے ذخیرے پر بچھا بستر

ان میں سے کئی ایک میرے بیڈ کے نیچے جھکے اور وہاں سے راکٹ سے چلنے والے گرینیڈوں (RPG's) کے تھیلے باہر کھینچنے لگے۔ میں نے سوچا ''اے یسوع، کیا میں ہتھیاروں کے اتنے بڑے ذخیرے سے صرف ایک میٹر کے فاصلے پر بیٹھی سگریٹوں کے بھاری کش لے رہی تھی۔'' میں سخت غضبناک ہوئی اور دھاڑتے ہوئے پوچھا کیا کر رہے ہو یہاں پر؟

ان میں سے صرف ایک نے جواب دینے کی کوشش کی، اس نے ہنستے ہوئے اور آسمان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا، ''امریکہ! امریکہ! اچ، اچ، اچ، اچ'' میں اس کونگوں جیسی زبان پر مزید برہم ہوگئی۔ میں نے کہا یہ کلاشنکوفیں اور یہ ''RPG'' آسمان پر چنگھاڑنے والے ''بی 52'' بمبار طیاروں کو نہیں گرا سکتے۔ وہ اپنا اسلحہ لے کر بھاگتے جا رہے تھے۔ میں نے پیچھے سے آواز لگائی، ''چاہو تو تیر کمان بھی استعمال کرلو۔''

اتنے میں گورنر جیل اندر آگیا اور اس نے مجھے اشارے سے خاموش رہنے اور پریشان نہ ہونے کی تاکید کی۔ میں اپنے لئے پریشان نہیں تھی مگر سیڑھیوں کے نیچے ایڈورکرز اور بالخصوص ہیتھر کے لئے پریشان تھی۔ اگر اس پر ہفتے کو بغیر پائلٹ طیارے کے حملے سے خفقان کا دورہ پڑ گیا تھا تو یہ حملہ پتہ نہیں اسے کہاں پہنچا دے گا۔ میں نے اسے کہا کہ مجھے سیڑھیوں سے نیچے لے جائے مگر اس نے انکار کر دیا۔

پھر وہ چلا گیا، میں خود بھی جا سکتی تھی لیکن وحشت ناک آنکھوں والے طالبان، تیزی سے ایک طرف سے دوسری طرف دوڑ بھاگ کر رہے تھے۔ میں نے سوچا یہ لوگ تو نشانے ڈھونڈ رہے ہیں، جنگ کی دھند چھائی ہوئی ہے، کہیں کوئی ایسی ویسی نہ ہو جائے، میں واپس اپنی نشست پر جا بیٹھی اور بمباری دیکھنے میں محو ہوگئی جو تقریباً چالیس منٹ جاری رہی۔ ان کے دو ہدف تھے میرے خیال میں ایک تو ائیرپورٹ کے قریب تھا جہاں کسی قسم کا فوجی تربیتی کیمپ تھا اور دوسرا ہدف دوسری سمت میں معلوم ہو رہا تھا۔

اور جو ایک پر اسرار اور نرالی چیز تھی، وہ رات کا آسمان تھا کیونکہ نیچے سے جو چیز اوپر پھینکی جا رہی تھی سلور وائیٹ اور گرے شیڈوں میں تھی، اور ساری کی ساری یک رنگی (مونوکروم) تھی۔ لیکن جو بات میرے لئے باعث تشویش تھی یہ تھی کہ میں کابل میں واحد مغربی صحافی تھی جس نے مغرب کی بمباری کا آغاز اپنی آنکھوں سے دیکھا مگر میرے پاس سٹوری فائل کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں تھا۔

پورا ہوائی منظر میرے سامنے پھیلا ہوا تھا اور میں فون کر کے اپنے نیوز ڈیسک کو نہیں بتا سکتی تھی کہ میں کیسے کیسے خوفناک مناظر کا مشاہدہ کر رہی ہوں، مجھے یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ میں یہاں کب تک رہوں گی اور وقفے وقفے سے فضا میں بلند ہونے والے آگ کے شعلوں کی کیفیت بیان کر سکوں گی۔

پہلے تو میں کچھ اطمینان محسوس کرتی رہی اور پھر مجھے مکروہ چہرہ مسٹر انغانی عرف ''متبسم قاتل'' یاد آگیا جس نے طالبان کے ہاتھوں جاسوس طیارہ گرائے جانے پر فضا میں مکہ مارا تھا، چنانچہ میں نے اس کے اعزاز میں چلاتے ہوئے جنگی نغمہ .... ''رول برطانیہ رول'' گانا شروع کر دیا۔

میں نے ہیجان خیز ''ایڈرینالین'' کو اپنے جسم میں پوری شدت سے گردش کرتی ہوئی محسوس کیا اور بمباری شروع ہو جانے پر خود کو محظوظ ہوتے پایا۔ میری بات کسی کو خواہ مطلب پرستی اور خود غرضی لگے، میں اپنے دفاع میں صرف یہ کہوں گی کہ جیل کی زندگی یہاں تک پہنچا کر چھوڑتی ہے لیکن میرے اندر یہ احساس موجود رہا کہ ممکن ہے کہ وہ میرے اور ایڈورکرز کی وجہ سے بمباری سے گریز کر رہے ہیں۔

میرے خیالات اچانک اپنے خاندان کی طرف مرکوز ہوگئے۔ میں سوچ رہی تھی کہ جارج بش کی جانب سے اس اعلان پر کہ بمباری شروع کر دی گئی ہے، میرے خاندان کو کتنی کوفت ہوئی ہوگی۔ طالبان سپاہی واپس آگئے اور میرے دروازے پر دستک دی، جب میں نے دروازہ کھولا تو وہ سر جھکائے قطار میں اندر آئے اور RP's کو آہستہ آہستہ میرے بیڈ کے نیچے رکھ کر واپس چلے گئے۔

باب نمبر 41

اسلام آباد میں واپسی

پیر 18 اکتوبر کی صبح میں 5.30 پر اٹھی اور نہانے اور اپنے بال دھونے کا فیصلہ کیا۔ ٹائلٹ کی طرف گئی تو قے ہوتے ہوتے رہ گئی۔ وہاں بہت گندگی پڑی تھی، یہ فلش بیت الخلاء تھا مگر غلاظت پا کر طبیعت بے حد خراب ہوئی۔ میں نے دل میں فیصلہ کر لیا کہ آئندہ کسی جگہ منتقل ہونے پر رضامندی کا اظہار کرنے سے پہلے سب ٹائیلٹس کا معائنہ کیا کروں گی۔

چنانچہ میں نے نہانے کا ارادہ بدل دیا، کیونکہ جتنی جلدی نکلنا ممکن تھا، میں نکل جانا چاہتی تھی۔ بیڈروم میں واپس آ کر میں نے اپنے دانت صاف کئے مجھے چھ بجے صبح تیار رہنے کے لئے کہا گیا تھا، عین اسی وقت دروازے پر دستک ہوئی۔ میں عجلت میں اسے کھولنے گئی تو وہاں صرف ایک کارندہ ناشتے کے لئے بریڈ اور کچھ سبز چائے دینے کے لئے کھڑا تھا۔

میں بمباری کے بعد لڑکیوں کی خیریت کے بارے میں متفکر تھی۔ یہ عجیب بات تھی کہ میں نے اپنے مکین ساتھیوں کو تو اطمینان دلایا تھا کہ بمباری کا ہدف دہشت گردوں کے ٹھکانے ہیں مگر ان لڑکیوں کے بارے میں پریشان ہو گئی تھی۔ مجھے بشیر کو یہ بتانا یاد تھا کہ "سمارٹ میزائل" نشانے پر اتنے صحیح بیٹھتے ہیں کہ اگر اسے استعمال کرنے والے یہ چاہیں کہ وہ اگلے باغ کے فلاں درخت کو نشانہ بنائیں تو وہ ہمیں نقصان پہنچائے بغیر اسے تباہ کر سکتے ہیں۔ ہمیں سب سے زیادہ جس چیز کا خوف تھا وہ بمباری کے خلاف کابل کے عوام کا ردعمل تھا۔ کیونکہ اگر وہ امریکہ اور برطانیہ سے انتقام لینا چاہتے تو انہیں معلوم تھا کہ مغربی ممالک کی لڑکیاں کس جیل میں رکھی گئی ہیں۔ تاہم اس رات ایسی کوئی بات نہیں ہوئی تھی۔

میراذ بن، خود میری طرف واپس آ گیا اور میں اتر ائی کی طرف گئی جہاں چند طالبان کھڑے گورنر جیل سے باتیں کر رہے تھے۔ میں نے بلند آواز سے گورنر کو متوجہ کیا اور راز کھولتے ہوئے اس سے پوچھا۔

"میری گاڑی کہاں ہے؟ میرا ڈرائیور کہاں ہے؟ یہ بہت بے ہودہ حرکت ہے اگر تم جنگ چاہتے ہو تو ہم تمہیں جنگ دیں گے، دیکھو کیا حشر ہوا سلوبوڈن ملسوک (یوگوسلاویہ کا سابق صدر Slobodan Milosovic) کا: اسے قید کر لیا گیا ہے۔ تیرے ساتھ بھی ایسا ہی ہوگا، میں اس بارے میں لکھوں گی اور تم میں سے ہر ایک کی الگ الگ نشاندہی کروں گی اور تم پر جنگی جرائم کے ٹریبونل میں مقدمہ چلے گا۔"

یوں دھمکیاں سنانے کے بعد میں اپنے کمرے میں واپس آ گئی اور دروازہ بند کر کے اندر سے چٹخنی لگا لی۔ میں غضبناک اس لئے ہوئی تھی کہ وہ میرے ساتھ ایک بار پھر چالاکی کر رہے تھے اور مجھ پر قسم قسم کے ذہنی حربے آزمائے جا رہے تھے۔ میں اب پیچھے مڑ کر دیکھتی ہوں، تو یوں نظر آ رہا ہے کہ میں اس وقت دراصل اندر سے ٹوٹ رہی تھی اور دماغی توازن تیزی سے بگڑ رہا تھا۔ کیونکہ میں کسی طرح بھی ان لوگوں کو دھمکیاں دینے کی پوزیشن میں نہیں تھی۔ میں نے ایک رات پہلے میزائلوں کے خلاف تیر کمان کے استعمال کا فقرہ چست کر کے ان کا تمسخر اڑایا تھا، لیکن خود میں نے عام رائفل بھی نہیں چلائی تھی۔

مجھے اس ڈھیلے ڈھالے بیڈ کی طرف واپس جانے اور اس کے نیچے پڑے ہوئے تمام "RPG's" (گرینیڈوں) کو دوبارہ دیکھنا بھی یاد ہے اور میرا خیال اس طرف بھی گیا کہ ایک لحاظ سے یہ بھی ایک اچھی علامت تھی، کیونکہ اگر میں ان کی نظر میں "GI Jane" یا "سپیشل فورسز وومین" ہوتی تو وہ ایسے ہتھیاروں کی میرے پاس نہ چھوڑتے۔ ٹیریٹوریل آرمی کے دنوں دوران تربیت گنوں کے ساتھ میری نازیبا حرکت کے حوالے سے تصور کیجئے کہ "RPG" کے ساتھ میں کتنا بڑا نقصان پہنچا سکتی تھی، ہو سکتا تھا کہ اپنا پاؤں یا سر اڑا لیتی۔

میں نے خود کو لڑکیوں کی دی ہوئی کتاب میں ہی مصروف رکھنے کا فیصلہ کر لیا۔ ان کا کہنا بالکل درست تھا۔ میں واقعی اس میں کھو گئی تھی لیکن پہلے روز میں اتنی جلدی میں تھی کہ جب میں آخری باب پر پہنچی تو میں حیران ہو گئی کہ میں تو اپنے آپ کو بے پناہ مصروف کر رہی ہوں کیونکہ بات صاف واضح تھی کہ مجھے کہیں بھی جانا نہیں تھا۔

میں سگریٹ باکس میں سے ایک سگریٹ لینے کے لئے اٹھی، یہ 200 سگریٹوں والا بکس تھا جو ان ایڈورکرز نے مجھے خرید کر دیا تھا۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ وہ خود سگریٹ نوش نہیں ہیں، میں نے سوچا کہ پیار بڑھانے کا یہ کتنا اچھا طریقہ ہے۔ لیکن مجھے یہ معلوم کر کے بڑی مایوسی میرے پاس ماچس کی ڈبی میں صرف ایک تیلی ہے، اب میرے لئے خالی ڈبی ہاتھ میں پکڑے گرفتار کرنے والوں کے پاس دوبارہ جا کر درخواست کرنا کہ مجھے نئی ماچس دو، مناسب نہیں تھا۔ میں نے اس کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا کہ میں نے ایک سگریٹ سلگا لیا اور پھر اس کے بجھنے سے پہلے دوسرا لگا لیا، اس طرح چین سموکنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے میری طبیعت خراب ہو گئی، خیال ہے میں نے چلتے چلتے کتاب پڑھتے ہوئے کم و بیش سات سگریٹ پی لئے اور ساتھ کتاب بھی ختم کر ڈالی۔ اس کے بعد میں "رول

برطانیہ رول'' گاتے ہوئے کمرے کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک چلتی رہی۔ یہ صرف اس لئے کہ مجھے پچھلے سال ''لاسٹ نائیٹ ایٹ دی پرامز'' گانا یاد تھا اور اس سال اس کا ناغہ ہو گیا کیونکہ اب میں یہاں تھی۔
پھر میں نے بلند آواز سے اپنا قومی ترانہ گانا شروع کر دیا، میں کبھی صحیح طور پر گا نہیں سکی تھی اور آج پریشان بھی تھی۔ اس لئے میں نہ صرف بھدے اور بے سرے طریقے سے ترانہ الاپ رہی تھی بلکہ کانپ بھی رہی تھی۔ غالباً باہر سپاہی سوچتے ہوں گے: ہمیں اب معلوم ہوا ہے کہ گانا ممنوع کیوں ہے۔
بلا شبہ انہوں نے یہی سوچا ہو گا کہ مجھ سے گانے کا پلاٹ کھو چکا ہے، اس لئے بے سری ہو گئی ہوں۔ جب میں ذرا ہمت کر کے کھڑکی کے قریب گئی اور نیچے دیکھا تو ایک سپاہی مجھ پر نظر پڑتے ہی مسکرا دیا۔ اس نے ایک پرانی گرد آلود کار کی کھڑکی پر ہاتھ سے جلدی جلدی لکھا:
''تم کابل سے جا رہی ہو'' میں مسکرا دی، لیکن اس پر یقین نہیں کیا۔
پھر میں پیچھے ہٹ گئی اور جب واپس آئی، تو اس نے مزید الفاظ لکھے ہوئے تھے، جن میں مجھ سے کہا گیا تھا کہ میں اپنے گھر جا رہی ہوں، یہ کہ وہ مجھے الوداع کہہ رہا ہے اور یہ کہ میں اسے بہت یاد آیا کروں گی۔ میں اس پر حیران ہوئی کیونکہ مجھے یاد نہیں تھا کہ ہم ایک دوسرے سے کبھی ملے ہوں۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ ان بہت سے سپاہیوں میں سے ہو جو مجھے صحن میں یوگا کرتی ہوئی پا کر محظوظ ہوتے رہتے تھے یا افسروں سے میری لڑائیوں پر مجھے دل ہی دل میں خراج تحسین پیش کرتے تھے۔
میں نے اپنا قلم نکالا اور سگریٹ کی ڈبیا پر لکھا ''اچھے لفظوں کا شکریہ، لگتا یہی ہے کہ میں جا رہی ہوں، اگر واقعی چلی گئی تو تمہارے اچھے مستقبل کے لئے دعا گو رہوں گی'' یہ لکھ کر گتے کا یہ ٹکڑا، کھڑکی کے ایک سوراخ میں سے نیچے گرا دیا، اس نے وہ اٹھایا اور خوشی خوشی چلا گیا۔
مجھے حیرت ہوئی کہ کیا ملا عمر نے اس قسم کے میل جول کو حکماً ممنوع قرار دے دیا تھا، غالباً اس نے میرے جیل کے اندر ہونے کے دنوں میں کوئی ایسا قانون نافذ کر دیا تھا کہ عورتوں کو پکنک پر جانے کی اجازت نہیں ہے تاوقتیکہ وہاں کوئی خیمہ نہ گاڑ دیا گیا ہو اور انہیں مردوں کی نظروں سے دور رہ کر کھانا پینا چاہیے..... پاگل لوگ

کے اس فقرے کی مانند تھا.... ''اوہ، دوبارہ بارش ہورہی ہے۔'' ایسا لگتا تھا کہ اگر بارش ہوئی ہوتی تو ان میں ہیجان کچھ زیادہ ہوتا۔ کابل بھوتوں کا مسکن بن چکا تھا، جن لوگوں کو یہاں سے چلے جانا تھا، وہ جا چکے تھے۔
شہر سے باہر نکل کر کابل کی گھاٹی میں سے گزرنے کا منظر میرے لئے بے حد ڈرامائی اور درۂ خیبر کی بہ نسبت زیادہ حیرت انگیز تھا۔ مجھے اعتراف ہے کہ بعض اوقات انتہائی تنگ پہاڑی سڑکوں پر گاڑی کے موڑ کاٹنے پر میرے رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے، صحیح موڑ نہ کاٹ سکنے والی گاڑیاں ڈھانچے بنی ڈھلوانوں اور کھائیوں میں پڑی نشانِ عبرت بنی ہوئی تھیں۔
گھاٹی سے اور ان طویل سرنگوں میں سے، جو چٹانیں کھود کر نکالی گئی تھیں، گزرتے ہوئے میں آگے کے چھ گھنٹوں کے سفر کے بارے میں سوچتی اور ٹوٹی پھوٹی چٹانوں اور روڑی کنکر سے اٹے ہوئے راستے سے گزرنے کی مشکلات پر متفکر ہوتی رہی۔ ہم جس چیک پوائنٹ پر سے بھی گزرے سفارتی افسر وہاں ملا عمر کے دستخطوں سے جاری ہونے والا کاغذ دکھاتا رہا، جس میں کہا گیا تھا کہ ''یوآنے رڈلے کو انسانی بنیادوں پر رہا کیا گیا ہے۔''
طالبان کا ایک گروپ جو میری رہائی کے حق میں نہیں تھا، وہ خاص طور پر رات کی بمباری پر برہم تھا، وہ چیک پوائنٹ پر سب کو گاڑی میں سے اُترنے کا حکم دیتا تھا، اس نے ڈرائیور کے اور ان کے درمیان تلخ کلامی شروع ہو جاتی، پھر وہ اس بیش قیمت کاغذ کے ٹکڑے کو ان کے ہاتھ سے چھین کر گاڑی چلا دیتا۔ مجھے ڈر تو لگتا تھا تاہم اس کی طرف سے مزاحمت ہونے سے قدرے اطمینان ہو جاتا تھا۔
نصف راستہ طے ہو جانے پر ہم ایک سنگل سٹوری بلڈنگ کے پاس رکے۔ سپاہی ایک طرف چلے گئے اور مجھے دوسری جانب چلنے کا اشارہ ملا۔ میرا تو خیال تھا کہ یہ ٹائلٹ کا کوئی انتظام ہے۔ اندر پہنچی تو کئی عورتیں بچوں سمیت دسترخوان پر کھانا کھانے میں مصروف تھیں، میں نے ان سے ٹائلٹ کا پوچھا، انہوں نے میری بات سمجھے بغیر ہی ایک پردے کی طرف اشارہ کر دیا۔ میں اطمینان سے ادھر بڑھ گئی، پردہ اٹھایا ہی تھا کہ مجھے یک دم رک جانا پڑا۔
وہاں تقریباً بیس مرد دو قطاروں میں بیٹھے کھانا کھا رہے تھے۔ ان کے ہاتھ فوراً رک گئے اور وہ مجھے تکنے لگے۔ خدا کا شکر ہے کہ میں نے اندر قدم رکھتے ہی اپنا ڈریس اوپر نہیں اٹھا دیا تھا، ایسا کرنے کے لئے مجھے یہ جگہ خالی کرانا پڑتی۔ میں نے اپنی پارٹی کی طرف دیکھا تو انہوں نے مجھے ساتھ ہی بیٹھ جانے اور کھانے میں شریک ہو جانے کا اشارہ کر دیا۔
اس ملک میں آمد کے بعد یہ میرا پہلا صحیح معنوں میں کھانا تھا۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتی کہ کھانا بے حد لذیذ تھا، خواہ یہاں مکھیوں کی بہتات تھی۔ بعد ازاں اپنے ملک میں آ کر میں نے اپنے دوستوں کو اس کا ''Restaurant of a Thousand Flies'' کے نام سے حوالہ دیا۔ یہ کتنی مضحکہ خیز بات ہے کہ ایک طرف تو مجھے ایک نیلی مکھی، میری توجہ اپنی طرف مرکوز کر کے سارے گھر میں دوڑائے پھرتی ہے مگر یہاں میں مکھیوں کی کثیر تعداد کے باوجود ملک جھپکائے بغیر اس سفارت کار، ڈرائیور اور دو مسلح محافظوں کے ساتھ خاموشی سے کھانا کھا رہی ہوں، پھر ہم دسترخوان سے اٹھ گئے اور مرد نماز پڑھنے کے لئے چلے گئے۔
قضائے حاجت کی اب بھی ضرورت محسوس ہو رہی تھی۔ مجھے یہاں بنا ہوا قدیم طرز کا شاور اور واش روم یاد تھا جو حکومت کینیڈا نے تعمیر کرایا تھا، کیوں بنوایا تھا، اس کا مجھے یقینی طور پر علم نہیں تاہم اس کے صاف ستھرا ہونے اور حفظانِ صحت کے اہتمام پر میں اس کی شکر گزار تھی۔ نگران بڑی تیزی سے میری طرف آیا اور جب اس نے مجھے زنانہ بیت الخلاء کے اندر داخل ہونے کی کوشش کرتے ہوئے دیکھا، تو اس کا دروازہ اندر سے مقفل ہو چکا تھا۔
اس کے ہاتھ میں چابی تھی اور اس نے مجھے بخوشی اپنے چمکتے ہوئے نئے ٹائلٹس استعمال کرنے کی دعوت دی، میں بھی اتنی ہی خوشی سے اندر چلی گئی۔ جب میں باہر نکلی تو اس نے مسکراتے ہوئے استفسار کیا۔ ''انگلش جرنلسٹ؟'' میں نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتی کہ اسے یہ بات محافظوں نے بتائی تھی یا کسی اور نے۔
آگے ہم اونٹوں اور بکریوں کے ریوڑوں والے کاروانوں کے پاس سے گزرے۔ میں نے سوچا یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں؟ یہ بے حد خوبصورت اور صحتمند اور توانا ہیں۔ کتنا تنوّع ہے یہاں، مضبوط چہرے، لمبے بال، زمرّدی آنکھیں، گہری بادامی آنکھیں اور گہری بھوری آنکھیں۔
یہ ملک بعض جگہوں پر بالکل بنجر، اجاڑ اور سنسان ہے، خدا کی زمین کا آخری ٹکڑا دکھائی دیتا ہے۔ ارضی منظر اندکا سا ہے، یہ اس وقت بھی ایسا ہی تھا جب مجھے کابل لے جایا جا رہا تھا۔ سارے راستے میں مجھے بمباری کا کوئی نشان دکھائی نہیں دیا۔
ہم جلال آباد میں سے گزرنے لگے تو لوگ ہماری گاڑی کے قریب آئے شور کرنے لگے ''انگلش جرنلسٹ، انگلش جرنلسٹ۔'' ایسا محسوس ہوتا تھا کہ مجھے ایک ہفتے سے کچھ زیادہ دن جب یہاں پر پکڑ کرائی گئی تو میں اس وقت سے

باب نمبر 42

خوش مزاج افسر کو دھتکا ر دیا

9.15 پر دفتر خارجہ کا وہ خوش مزاج افسر آیا اور اس نے دروازے پر دستک دینے کے بعد مجھے کہا کہ میں دروازے کھولوں۔ میں نے جواب دیا کہ "مجھے تم پر کوئی اعتبار نہیں، یہاں سے دفع ہو جاؤ تم سب جھوٹے ہو میں دوبارہ تمہاری چالوں میں آنے والی نہیں۔" وہ زور دیتا رہا کہ کار آچکی ہے اور میں جا سکتی ہوں، لیکن مجھے اس پر یقین نہیں آرہا تھا۔

اس کے بعد دستک مزید زور سے دی جانے لگی چنانچہ میں نے دروازہ کھول دینے کا فیصلہ کرلیا۔ جونہی چٹخنی نیچے پھسلی، لکڑی کا نیلا دروازہ چوپٹ کھل گیا اور پانچ آدمی دندناتے ہوئے اندر آگئے، انہوں نے اصرار کیا کہ میں بیٹھ جاؤں۔ پھر بتایا کہ مجھے بارڈر پر پہنچانے کے لئے کار تیار کھڑی ہے۔

کورنر جیل نے مجھے ایک خوبصورت موٹی مخمل کا ڈریس، مع ایک سرخ اور سنہرا برقع پیش کیا اور اصرار کیا کہ میں روانگی سے پہلے پہلے یہ لباس پہن لوں اور اس نے بتایا کہ یہ افغانستان کا روایتی لباس ہے۔ میں اس کی جانب سے تحفہ ملنے پر بہت متاثر ہوئی۔ خاص طور پر اس لئے بھی میں اس آدمی کو بے حد زچ کرتی رہی تھی لیکن میں نے کہا کہ خدشہ ہے کہ بارڈر تک چھ گھنٹے کے سفر میں اس کا ستیاناس ہو جائے گا۔ وزارت خارجہ کے خوش مزاج شخص نے کہا "مجھے آپ کے بارے میں بہت تشویش رہی اور میں کل رات کی بمباری کے بعد آپ کو پرتسلی دینے کے آیا تھا، لیکن جب میں پہنچا تو آپ سو چکی تھیں۔"

میں نے جواب دیا، "کون سی بمباری؟ اچھا، وہ والی، میں تو سمجھی تھی کہ یہ طالبان کی طرف سے کوئی الوداعی آتش بازی پارٹی ہے" اس پر اس نے میری طرف دیکھا اور داد دینے کے انداز میں کہا.... "رڈلے، تم ایک مرد ہو، بہت بڑا گیم پلیئر ہو، اُٹھو، اب روانگی کا وقت آپہنچا ہے۔"

میں پہلی بار پر جوش طریقے سے اس کی طرف دیکھ کر مسکرائی اور اپنے برے رویے پر معذرت چاہی اور کورنر جیل کا ڈریس کے تحفے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ میں ایک بدشکل انسان رہی ہوں، لیکن اس بات کو ذاتی طور پر نہیں لیا جانا چاہیے۔ میں نے تاکیدی انداز میں کہا کہ تمام انگریز عورتیں اتنی اکھڑ نہیں ہوتیں، جتنی کہ میں رہی ہوں۔ اس نے میرے سراپے پر اوپر سے نیچے تک ایک نگاہ ڈالی اور اس کا پتھر کا سا چہرہ نرم پڑ گیا، ایک دلآویز مسکراہٹ نمودار ہوئی اور اس کی گہری براؤن آنکھیں چمک اٹھیں۔

اس کے بعد میں چل پڑی اور محو حیرت طالبان سپاہی مجھے نہایت دلچسپی کے ساتھ دیکھ رہے تھے کیونکہ "مرد نما رڈلے" کو منتظر سپیس کروزر گاڑی میں باعزت طریقے سے بٹھا کر الوداع کہی جارہی تھی۔ اس کے بعد میں نے کسی اور کو نہیں دیکھا اور ہم وزارت خارجہ کی طرف بڑھ رہے تھے جہاں ایک ڈپلومیٹک افسر مجھے بارڈر تک چھوڑنے کے لئے تیار کھڑا تھا۔

"متبسم قاتل" میری طرف آیا، میں اس شخص کو برداشت نہیں کر سکتی تھی اور میں نے اپنے چہرے کو جذبات سے عاری رکھتے ہوئے اس کی وہ بات سنی جو وہ کہنے آیا تھا.... "امید ہے کہ آپ انگلستان واپس جاکر ہمارے بارے میں غلط باتیں نہیں لکھیں گی، آپ کے ساتھ ناروا برتاؤ انٹیلی جنس کے لوگوں نے کیا، وزارت خارجہ نے نہیں۔" جونہی اس نے مسکرانا بند کیا میں نے اسے نظر انداز کر دیا یہ میری ایک واضح اخلاقی فتح تھی۔

جو سفارت کار ہمارا شریک سفر بنا وہ اچھی طرح انگریزی نہیں بول سکتا تھا، ہم نے زیادہ تر سفر خاموشی ہی میں طے کیا۔ ہمیں اس کے گھر بھی جانا پڑا کیونکہ وہ اپنا پاسپورٹ بھول آیا تھا۔ اس ناگہانی صورت حال کی ذمہ داری ہماری ابلاغی مشکلات کے باوجود، ہم میں سے کسی ایک پر نہیں ڈالی جا سکتی تھی۔

وہ شہر کے ایک خوبصورت علاقے میں فلیٹوں کے ایک بلاک میں رہتا تھا جس میں ظاہر ہے کہ کابل کا امیر طبقہ رہتا تھا، وہاں چاروں طرف نصب ٹی وی سیٹلائیٹ ایریلز میری نظر سے نہیں بچ سکتے تھے۔ مجھے یہ بھی بتایا گیا کہ یہاں کے حکمران طبقے نے اپنے بچوں، بشمول بیٹیوں کے، اچھی تعلیم دلوانے کا پکا انتظام کر رکھا ہے اور وہ پاکستان میں اعلیٰ درجے کے سکولوں میں زیر تعلیم ہیں۔

دن کے وقت کابل میں سے گزرتے ہوئے مجھے "کہانی دو شہروں کی" یاد آئی۔ ایک کا ایک حصہ رات کی بمباری سے بری طرح برباد ہو چکا تھا جب کہ پچھلے برسوں کی جنگوں کی تباہ کاری کے اثرات بھی موجود تھے، اور دوسرا حصہ درختوں کی دو رویہ قطاروں میں سے گزرتے ہوئے خیابان تھے جہاں سفارت خانے خالی پڑے تھے۔ ایک بلند عمارت پر چینی پرچم لہرا رہا تھا۔

میں رات کی بمباری سے تباہ شدہ عمارتوں میں سے نکلتا ہوا دھواں دیکھ رہی تھی مگر کہیں کہیں ابھی ابھی بمباری ہوئی تھی۔ اس سے طبیعت بہت مضمحل ہوئی۔ کابل پر بار بار بمباری ہوئی لیکن مقامی لوگوں کا ردعمل مانچسٹر کے کسی شخص

یہاں کی ایک معروف شخصیت بن گئی ہوں۔ سفارت کار نے ہنسنا شروع کر دیا اور اپنی ٹوٹی چھوٹی انگلش میں کہا.... ”آپ بہت مشہور ہوگئی ہیں، ہر کوئی آپ کا چہرہ آشنا بن گیا ہے۔“ طورخم کی طرف جاتے ہوئے ہم نے ایک ڈاٹسن پک اپ ٹرک کو ”اوورٹیک“ کیا، اس میں پیچھے بیٹھے ہوئے دو مسلح افراد اونگھ رہے تھے، ان کی ٹانگیں پچھلے گیٹ کے اوپر سے ہوکر ان کی کلاشنکوفوں کے ساتھ بھنچی ہوئی نیچے لٹک رہی تھیں۔

اور وہ آخری دھوپ سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔

گاڑی میں بیٹھے ہوئے افراد میں سے ایک کے ساتھ میری نظریں ٹکرائیں تو مجھے اس کی طرف ایک بار پھر دیکھنا پڑا۔ یہ دنیا اتنی چھوٹی ہے کہ اس سے ڈر آنے لگتا ہے۔ اس کے عقب میں ایک سبز زمردی آنکھوں والا آدمی بیٹھا تھا، جس نے میرے ایڈونچر پر اچانک ضربِ کاری لگا دی تھی، یعنی اس کے اڑیل گدھے کی وجہ سے میرے ساتھ ناقابل فراموش واقعہ پیش آ گیا تھا۔

اس نے بھی میری طرف بے یقینی کے ساتھ دیکھا اور پھر فوراً پہچان گیا، یہ ٹرک کئی دفعہ ہم سے آگے اور پیچھے ہوا، زمردی آنکھوں والے نے شور کرتے ہوئے ڈرائیور سے پوچھا، کہ وہ مجھے کہاں لے جا رہا ہے۔ مجھے لمحہ بھر کے لئے تو خوف ہوا کہ شاید وہ مجھے دوبارہ گرفتار کرنا چاہتا ہے اور میں پھر اس عذاب میں سے گزروں گی، مگر اس نے ہنسنا شروع کر دیا اور خوش ہوا کہ میں واپس گھر جا رہی ہوں۔

اگلے چند میل وہ ہمارے پیچھے پیچھے آتے رہے اور آنے جانے والوں کو شور کر کے ہماری گاڑی کی طرف متوجہ کرتے رہے۔ یہ بہت حیرت انگیز لوگ ہیں، کسی سے دشمنی یا تعصب نہیں رکھتے پھر بھی چند گھنٹے قبل برطانیہ اور امریکہ نے ان پر بمباری کر کے تباہی پھیلا دی تھی۔

جب ہم بارڈر پر پہنچے تو شام کے سائے ڈھل رہے تھے۔ ہم ایک بھاری آہنی ڈبل گیٹ کے سامنے بیٹھے تھے جو میری آزادی اور باہر کی دنیا کو ایک دوسری سے الگ کر رہا تھا۔

میں نے خاموشی سے دعا کی کہ گیٹ جلدی سے کھل جائے مگر مجھے 38 منٹ کے طویل وقفے کے لئے بیٹھے رہنا پڑا۔ چند گھنٹے پہلے بارڈر پر فساد برپا ہوگیا تھا جس میں تین افراد ہلاک ہوگئے تھے۔ خدشہ تھا کہ افغانوں کو اگر پتہ چلا کہ مجھے امریکہ اور برطانوی بمباری کے 24 گھنٹے سے بھی کم عرصے میں واپس بھیجا جا رہا ہے تو وہ مشتعل ہو جائیں گے۔

باب نمبر 43

طالبان سپاہی بھی کچھ گھبرائے ہوئے تھے، وہ یکے بعد دیگرے آہستگی سے گاڑی میں سے اُتر گئے اور کسی قریبی جگہ سے کچھ کمک منگوالی مجھے شک پڑا کہ کیا یہ ایک اور دھوکہ تو نہیں، پھر مجھے بتایا گیا کہ مجھے نہیں چھوڑا جا سکتا تھا کیونکہ برطانوی سفارت خانے سے مجھے کوئی لینے نہیں آیا۔ یہ سن کر میں بری طرح سٹپٹا گئی اور سوچنے لگی میرے ساتھ ایک اور نفسیاتی کھیل کھیلا جا رہا ہے۔

نوجوان سفارتکار جو اس دوران واپس آچکا تھا، اس نے میرے چہرے پر ہوائیاں اُڑتی دیکھ کر مجھے خود رہا کرنے کا فیصلہ کرلیا، حالانکہ اسے حکومت کی طرف سے، مجھے برطانیہ کے حوالے کرنے کا حکم ملا ہوا تھا، میں اس کے لئے اس کی ہمیشہ احسان مند رہوں گی۔ ڈبل گیٹ آہستہ آہستہ کھلا، کار پانچ فٹ آگے سرک آئی، پھر اس نے مسکراتے ہوئے کہا، آپ جا سکتی ہیں، اور میں سن ہو کر رہ گئی۔

جب میں نے قدم زمین پر رکھے اور ٹیلی ویژن کیمرے کی لائیٹ میرے چہرے پر پڑنے لگی، تو میں کچھ بھی نہیں دیکھ سکتی تھی، یعنی میں چند لمحوں کے لئے چندھیا گئی۔ ایک تیز آواز آئی.... ''طالبان نے آپ سے کیسا سلوک کیا؟''.... تو پچھلے دس دنوں کی تمام یادداشتوں اور نفسیاتی کھیلوں کی تصاویر میرے ذہن میں تازہ ہوگئیں۔

میں نے جواب دیا.... ''مجھ سے بے حد خوش خلقی اور احترام کا سلوک ہوا ہے۔''

میں پھوٹ پھوٹ کر رو دینا چاہتی تھی مگر میں نے سوچا کہ ممکن ہے میرے والدین اور ڈیزی بھی اس وقت ٹیلی ویژن دیکھ رہے ہوں، میں نے اپنے خاندان، دوستوں اور ہم پیشہ لوگوں اور اپنے رفقائے کار کے بارے میں بھی سوچا کہ وہ سب مجھے دیکھ رہے ہیں، میں کسی کو اپنے بارے میں تشویش اور اذیت میں مبتلا نہیں کرنا چاہتی تھی۔

میں خوشی سے ہوا میں مکے بھی چلانا چاہتی تھی مگر میں ایسا نہیں کر سکتی تھی۔ کیونکہ دو آدمی اور چھوٹی لڑکی، ابھی تک کابل میں جرمن چیریٹی شیلٹر انٹرنیشنل کے ایڈورکرز کے ساتھ بند تھے۔ میں بہت کچھ کہنا چاہتی تھی لیکن گیٹ پر ہونے والی ناروا تاخیر کی وجہ سے اور برطانوی نمائندوں کے یہاں موجود نہ ہونے پر میں شدید غم و غصے میں تھی۔

یہاں ایک جم غفیر تھا، مجھے آہستگی سے ایک عمارت کے اندر لے جایا گیا اور چند سیڑھیاں اوپر لے جا کر ایک لمبے کمرے میں پہنچا دیا گیا جو اعلیٰ فوجی افسروں، سفارتکاروں اور صحافیوں سے بھرا ہوا تھا۔ مجھ سے پوچھا گیا کہ میں کیا پینا چاہوں گی؟ میں نے جواباً یہ ہنا چاہا کہنا ''لارج سکاچ'' لیکن مجھے یاد آگیا کہ میں ایک مسلمان ملک سے نکل کر دوسرے مسلمان ملک میں آگئی ہوں، مجھ پر یہ سوچ اپنے اثرات مرتب کر رہی تھی۔

کیمرہ لائٹس پھر آن ہوچکی تھیں، مجھے کہنا پڑتا ہے کہ مجھ پر ایک رپورٹر ہونے کا احساس طاری ہوگیا اور میرے اندر یہ شعور احساس بیدار ہوگیا کہ میرے پاس تو ایک اپنی مخصوص، اور بلاشرکت غیرے خبر (Exclusuve) موجود ہے جو میرا اپنا اخبار ''ایکسپریس نیوز'' ہی چھاپنا پسند کرے گا۔

میں ڈپٹی چیف آف پروٹوکول پشاور کی طرف مڑی اور اس سے کہا کہ کیا وہ پاکستانی ٹی وی کے عملے سے کہہ سکتا ہے کہ وہ تصویریں لینا بند کر دے کیونکہ میں بہت تھکی ہوئی ہوں اور کسی سے گفتگو نہیں کر سکتی۔ چنانچہ تصویریں لینا بند کر دی گئیں، میں نے سب کا شکریہ ادا کیا۔ پاکستانی رپورٹروں نے جو میری دائیں جانب بیٹھے تھے، میری خواہش کا احترام کیا اور سوالوں کی بوچھاڑ کا سلسلہ بھی ختم ہوگیا۔

چائے اور بسکٹ کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ یہ شائستگی اور تہذیب کی ایک برطانوی صورت ہے اور میں یہاں واحد انگریز تھی۔ طالبان سفارت کار میرے سامنے بیٹھا مسکرا رہا تھا۔ پاکستانی رپورٹروں نے جو میرے دائیں جانب بیٹھے تھے، میری خواہش کا احترام کیا اور سوالوں کی بوچھاڑ کا سلسلہ بھی ختم ہوگیا۔

چائے اور بسکٹ کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ یہ شائستگی اور تہذیب کی ایک برطانوی صورت ہے اور میں یہاں واحد انگریز تھی۔ طالبان سفارت کار میرے سامنے بیٹھا مسکرا رہا تھا۔ میرا خیال ہے کہ اس کی تشویش دور ہوگئی تھی، میں نے اس کے لوگوں کے بارے میں کوئی بری بات نہیں کہی جیسا کہ میں اپنی قید کے دوران مسلسل دھمکیاں دیتی رہتی تھی کہ میں یہ کروں گی وہ کردوں گی۔ اب وہ اطمینان سے کابل جا سکتا تھا کہ اسے وہاں نہ گولی ماری جائے گی اور نہ پتھر مارے جائیں گے۔

یہ ایک حقیقت تھی کہ، طالبان اپنی شہرت کے برعکس مجھ سے نہایت اخلاق اور احترام سے پیش آئے۔ بربریت کرنے کی زبردست صلاحیت رکھنے والوں نے مجھ سے بے حد شرافت اور وضعداری کا سلوک کیا بلکہ اس سے کہیں زیادہ اچھا برتاؤ کیا جو نام نہاد ساتھی صحافیوں کی طرف سے میرے ساتھ عنقریب روا رکھا جانا تھا، اور جو بعض اوقات وحشیانہ رویے کا مظہر بننے والا تھا۔

مجھے درۂ خیبر سے پولیٹکل ایجنٹ کے دفتر تک مسلح محافظوں کی نگرانی میں لے جایا گیا، راستے میں اس کے ڈپٹی شہزادہ ضیاء الدین علی نے مجھ سے پوچھا ''کیا آپ کو یاد ہے کہ چند ہفتے پہلے آپ کو درۂ خیبر تک پہنچنے میں، میں نے

آپ کی مدد کی تھی۔ اگر مجھے پتہ ہوتا کہ آپ یہ کچھ کرنے جا رہی ہیں تو آپ کو افغانستان میں داخل ہونے میں، میں خود مدد دیتا، میں نے یہ بھی کہا تھا کہ اپنے ساتھ کیمرہ ہرگز نہ لے جانا۔" اس پر وہ خود ہی چپکے سے ہنس دیا۔
جب ہم دفتر میں جا کر رکے تو وہاں چند رپورٹر اور فوٹو گرافر گیٹ پر کھڑے تھے، انہوں نے ہماری گاڑی پر دوسری نظر نہیں ڈالی، اندر داخل ہوتے ہی مجھے ایک پر شکوہ اور ساگوان کی لکڑی کے پینلوں اور فرنیچر سے مزین آفس میں پہنچا دیا گیا جہاں فدا محمد وزیر "شر انگیز مس رڈلے" کا انتظار کر رہا تھا۔ اس کی کرسی کے پیچھے بورڈ پر درہ خیبر کے ان پولیٹیکل ایجنٹوں کے نام لکھے تھے جو انیسویں صدی سے اب تک اس عہدے پر مامور رہے اور آخر میں مسٹر وزیر کا نام تھا۔ میں نے اس کی طرف اشارہ کیا اور اس نے بتایا کہ اس کا تقرر، میری گرفتاری سے چند ہفتے قبل ہوا تھا۔
وہ ذرا آگے جھکا اور مجھ سے پوچھا کہ "آپ کو اندر کون لے گیا اور پکڑے جانے سے قبل آپ کو افغانستان میں کون گھماتا رہا۔" میں نے مسکراتے ہوئے جواب دیا، آپ کا احترام بجا لیکن اگر میں نے دس دن زیر حراست رہ کر بھی طالبان کو یہ بات نہیں بتائی تو اس کا کوئی امکان نہیں کہ میں آپ کو بتا سکوں۔ اس نے سر ہلا دیا اس سے مجھے اس کے خوش یا ناخوش ہونے کا کوئی اندازہ نہ ہو سکا۔
پھر میں نے پوچھا کہ میری گرفتاری کے بعد افغانستان میں آپ کے کچھ لوگوں کی گمشدگی کی کوئی رپورٹ آپ کو موصول ہوئی تھی، اس نے نفی میں سر ہلا دیا۔ دراصل مجھے اپنے دو گائیڈوں اور چھوٹی لڑکی کا کچھ کرنا تھا لیکن میں اس سلسلے میں اسے اعتماد میں نہیں لے سکتی تھی، ورنہ میرے وہ ساتھی اپنی رہائی کے بعد اس سے بھی زیادہ مشکل میں پھنس سکتے تھے۔
میں نے اسے مزید کہا "شہزادہ کہتا ہے کہ مجھے صدر مشرف کا بہت زیادہ شکریہ ادا کرنا چاہیے کیونکہ میرے خیال میں انہوں نے میری رہائی میں مدد کی ہے۔" اس نے سر ہلایا اور کہا صدر مشرف نے طالبان پر "بے پناہ" دباؤ ڈالا تھا۔ میں نے اسے کہا تو پھر میری طرف سے انہیں بے حد شکریے کا پیغام پہنچا دیجئے۔
عین اسی لمحے "ڈیلی ایکسپریس" کے ڈیوڈ سمتھ نے دروازے پر دستک دی اور اپنا سر اندر کر کے ادھر ادھر دیکھا، جب اس کی نظر مجھ سے ٹکرائی تو وہ ہکا بکا رہ گیا۔ میں ایک دم اپنے حلیے کے بارے میں پریشان ہوگئی کیونکہ میرا میک اپ بالکل نہیں تھا، میرا سراب تک سکارف میں مقید تھا، بال بے ترتیبی کی حالت میں تھے اور میں نے جو شلوار قمیض پہن رکھی تھی وہ گرد و غبار اور پسینے کی وجہ سے بے حد خراب ہو چکی تھی۔ میں نے خود سے پوچھا کیا میں واقعی اتنی ہی بھدی ہوگئی ہوں؟
تاہم ڈیوڈ کے فوری ردعمل کے بعد اس کے تحیر کی وجہ یہ تھی کہ برطانوی سفارت خانے کے ایک افسر نے دو منٹ پہلے اسے بتایا تھا کہ میری رہائی کی خبر قبل از وقت ہے، ڈیوڈ نے سفارت خانے کے افسر کی آواز کی نقالی کرتے ہوئے "پریشان نہ ہوئیے بارڈر پر ہمارے آدمی موجود ہیں، جونہی وہ رہا ہوگی سب سے پہلے تمہیں ہی مطلع کیا جائے گا۔"
اس نے مجھے زور سے اپنے سینے سے لگایا اور پھر "ایکسپریس" کے مقرر کردہ ایجنسی فوٹو گرافر نے جلدی سے اس کی بھی تصویر بنالی۔ پھر اس نے فون میری طرف بڑھا دیا۔ ایڈیٹر "ڈیلی ایکسپریس" کرس ولیمز لائن پر تھا اور اس نے پرجوش انداز میں کہا.... "واپسی مبارک ہو، جب ہمیں خبر پہنچی تو نیوز روم تالیوں سے گونج اٹھا، ہر کوئی اتنا خوش ہے جیسے اسے زندگی میں پہلی بار خوشخبری ملی ہو تو سناؤ کیسی ہو؟"

شاندار ضیافت

میرے اندر بھی جذبات لڈ آئے، میں نے اسے کہا کہ تم سے بات کر کے میں خوشی سے پھولے نہیں سما رہی اور "سٹیمز" کے ہوٹل میں شاندار ضیافت کھانے کے لئے تو مری جا رہی ہوں۔ میں نے بتایا کہ میں ڈیوڈ کو ایک چیختی چنگھاڑتی ہوئی خبر دے رہی ہوں۔ میں اپنے آپ کو یہاں کے میڈیا کو "پریس کانفرنس" دینے کی بھی پابند سمجھ رہی تھی۔ میں نے ڈیوڈ کو اپنی سٹوری "ریلیز" کر دی اور میں جانتی تھی کہ بطور رپورٹر مجھے اسے کون کون سے نکات دینے ہیں۔ میں چائے کی ایک پیالی پینے پولیٹیکل ایجنٹ کے پاس بیٹھ گئی، اس نے مجھے کسی بوفے سے لائی ہوئی کھانے کی اشیاء پیش کر دیں۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا آپ کچھ اور لوگوں کی آمد کا انتظار کر رہے ہیں، اس نے بتایا کہ اس کا تاثر یہی تھا کہ میرے ہمراہ برٹش ہائی کمشین کے کئی افسران ہوں گے۔ میں یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتی کہ مجھے اس سے بے حد صدمہ پہنچا اور میں سوچنے لگی: میرے خدا کیا کوئی اتنی بری بات ہوگئی ہے کہ انہیں مجھ سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ شہزادہ نے مجھے کہا کہ پریشان نہ ہو، میں نے اپنے گھر میں ایک بہت بڑی استقبالیہ دعوت کا انتظام کر رکھا ہے۔ مجھے بعد میں معلوم ہوا کہ بارڈر پر برٹش ہائی کمیشن کے کسی افسر کی مجھ سے ملاقات نہ ہونے کا سبب یہ تھا کہ وہ میری آمد کی بہت پہلے توقع کئے ہوئے تھے اور جب مجھے آزاد کر دیا گیا تو اتنا اندھیرا چھا چکا تھا کہ رائل نیوی کے ہیلی کاپٹروں کے لئے پرواز ناممکن ہوگئی تھی۔

میں نے ڈیوڈ سے اپنے خاندان کے بارے میں پوچھا، کیونکہ میرا تاثر یہ تھا کہ میری ماں اسلام آباد میں کہیں آ چکی ہے۔ تمام پاکستانی حکام اس کا بڑے اشتیاق سے ذکر کرتے تھے جیسے وہ اس سے ذاتی طور پر گفتگو کر چکے ہوں۔ مجھے تو معلوم نہیں تھا کہ وہ راتوں رات ایک عظیم برطانوی ''ادارہ'' بن گئی ہے۔ مجھے گارڈن گیٹ میں آنے والے دنوں میں اس کی میڈیا سے متعلقہ حیرت انگیز کارکردگی کے بارے میں معلومات حاصل ہونے والی تھیں۔

پھر ڈیوڈ نے مجھے کونے میں ایک خاموش بیٹھے نوجوان سے متعارف کرایا جس کا نام اکبر شنواری تھا، وہ دن رات ڈیوڈ کے ساتھ کام کرتا اور اس کے لئے کاروں کی فراہمی کا انتظام کرتا تھا۔ میری متوقع رہائی کی صورت میں سیکورٹی کے امور بھی اسی کے ہاتھ میں دیدیئے گئے تھے۔ اکبر نے باہر نکل کر میرے لئے برقع بھی خریدا تھا جسے ہمارے ایک فوٹوگرافر نے پریس کو اس وقت دھوکہ دے کر دور رکھنے کے لئے استعمال کیا تھا جب ہم پولیٹیکل ایجنٹ کے دفتر سے نکل آئے تھے۔ یہ توجہ ہٹانے کا ایک اچھا حربہ تھا لیکن اس سے صرف چند ایک افراد ہی کو یہ تاثر دیا جا سکا تھا کہ کار کی عقبی نشست پر بیٹھی برقع پوش عورت میں تھی۔

''کولن ملکاہی'' ایک رینج روور'' میں آیا اور ہم اسی پر سوار ہو کر اسلام آباد کے لئے روانہ ہوئے۔ اگرچہ مجھے اس کی کچھ باتیں ناگوار گزری تھیں مگر وہ بڑا دلچسپ اور ہر دلعزیز آدمی تھا۔ اسی بنا پر وہ ایک سفارتکار کے طور پر کام کر رہا تھا۔ دارالحکومت کی جانب سفر کے دوران اس نے کہا کہ ''مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ اندر سے کافی ضدی انسان ہیں، کیا آپ پہلے بھی کسی غیر ملکی جیل میں رہ چکی ہیں؟ ایسے کئی کورسز جاری ہو چکے ہیں جو یہ سکھاتے ہیں کہ گرفتاری کے دوران انسان کا طرز عمل کیسا ہونا چاہیے۔''

میں نے جواب دیا کہ اس سے پہلے میں کبھی جیل نہیں گئی لیکن مجھے حیرت ہوئی کہ اس نے مجھ سے یہ سوال کیوں پوچھا ہے۔ دو ہفتوں میں مجھ سے یہ سوال دوسری مرتبہ پوچھا گیا تھا۔

میں نے اسے بتایا ''اگر مجھے عراق یا ایران میں حوالات بھیج دیا گیا ہوتا تو میں گھٹنوں پر جھک کر ان سے رحم کی خواستگار ہوتی مگر یہ لوگ بہت مختلف تھے۔ میں نے طالبان کو خود سے اتنا دور ہٹانے کی کوشش کی جتنا کہ میں کر سکتی تھی کیونکہ میں چاہتی تھی کہ وہ یہ سوچنے کی ضرورت محسوس کریں کہ وہ اپنی عورتوں سے جن چیزوں کی توقع کرتے ہیں، میں اس سے بالکل برعکس ہوں۔ معلوم ہوتا ہے کہ میں اپنے طرز عمل سے جو کچھ حاصل کرنا چاہتی تھی وہ مجھے حاصل ہو گیا ہے اور آج میں یہاں ہوں۔ توقع ہے کہ مجھے اسلام آباد ہی میں رہنے دیا جائے گا اور میں ان خطوط پر اپنا کام جاری رکھ سکوں گی۔

اس نے کہا کہ میرے یہاں قیام کا کوئی جواز نہیں، میں ایک سیکورٹی رسک بن چکی ہوں کیونکہ میں فوری طور پر قابل شناخت ہو گئی ہوں۔ مجھ پر یہ بات اس وقت واضح ہونا شروع ہوئی تھی جب میں اپنی گرفتاری اور قید کی وجہ سے میڈیا کے لئے ایک ہیجان خیز مسئلہ بن گئی تھی۔ عین اسی لمحے اس کے موبائل کی گھنٹی بجی اور اس نے موبائل مجھے پکڑوا دیا۔ پال ایشفورڈ لائن پر تھا۔ میں نے ڈانٹ پھٹکار سننے کے لئے خود کو تیار کر لیا۔ وہ تھکا ماندہ خستہ حال اور جذباتی طور پر خوش بھی سنائی دے رہا تھا۔ میں نے اس سے اتنا پریشان کن مسئلہ بنی رہنے پر معافی مانگی اور پھر اخبار کی سرکولیشن پر اس نے پڑنے والے اثر کے بارے میں پوچھا۔ وہ بولا ''یو آنے یہ وقت اخبار کی مقبولیت کے بارے میں سوچنے کا نہیں، ہم پوچھنا چاہتے ہیں کہ تم کیسی ہو، تم نہیں جانتی ہو کہ تم نے ہمیں کہاں جا پھنسایا ہے لیکن ہم اس بات پر بے حد خوش ہیں کہ تم صحیح سلامت واپس آ گئی ہو۔''

مجھے یقین نہیں آ رہا تھا کہ اس کے جذبات کی گرمی موبائل فون میں سے کس طرح لڑھکتی ہوئی مجھ تک پہنچ رہی تھی۔ لوگوں کا تاثر یہ تھا کہ ایشفورڈ جذباتی لحاظ سے ایک ٹھنڈی مچھلی ہے۔ مگر ایسا تو نہیں ہے۔ یہ ایک لمبا پتلا اور بارعب انسان ہے جب دفتر کے اردگرد پھر رہا ہوتا ہے تو سب سے الگ تھلگ دکھائی دیتا ہے۔ یہ چیئرمین رچرڈ ڈیسمنڈ کے انتہائی معتمد اور دست راست لوگوں میں سے ہے، اس لئے عملہ کے بعض ارکان اس سے بہت متاثر رہتے ہیں۔

گھڑی رات کے 11 بجے کو چھو رہی تھی، چنانچہ ہم نے صبح ہائی کمشین میں اکٹھے ہونے کا فیصلہ کر لیا۔ جب صبح ہم وہاں پہنچے تو تصاویر بنانے والوں نے گاڑی کے کمپاؤنڈ کی طرف جاتے ہی ہماری تصاویر بنانا شروع کر دیں، جہاں برطانوی سفیر ہیلری سائنات اپنی بیوی ''ایئی'' سمیت میرے منتظر بیٹھے تھے۔ پرجوش ملاقات کے بعد انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ کیا کھاؤ گی میں نے کہا۔ ''ایک لارج سکاچ اور ایک بیکن سینڈوچ'' پھر جلدی سے بولی ''ٹھیک ہے، چھوڑیئے، میں سینڈوچ کے بارے میں تو مذاق کر رہی تھی، مجھے تو گھر پہنچنے کی جلدی ہے۔''

تاہم ''ایئی'' جو کہ ایک مستعد میزبان ہے، پھرتی سے لذیذ بیکن سینڈوچ بنا لائی اس اثنا میں، میں اپنی ماں کے گھر میں فون ملانے میں کامیاب ہو گئی، مگر وہاں سے کوئی مرد بول رہا تھا، میں نے اس سے پوچھا ''کون ہو تم'' وہ تو نیوکیسل میں مقیم ''ایکسپریس'' کا صحافی مارک بلیکلاک نکلا۔ اس نے میری ماں کے گھر میں ''بے بی سٹنگ'' کی جاب کر لی تھی تاکہ اس امر کی ضمانت حاصل کر لی جائے کہ میری ماں ہمارے حریف اشاعتی اداروں کے ہتھے نہ

باب نمبر 44

میں نے اپنی ماں کو کال کرنے کی کوشش کی مگر اس کا فون مصروف تھا۔ غالباً وہ ''ویو'' سے باتیں کر رہی تھی کیونکہ ڈیوڈ سمتھ نے اسے بتا دیا تھا کہ میں واپس آ چکی ہوں اور اسے بعد میں کال کروں گی۔ ''امیج سیز فرینز'' کے فوٹو گرافر گیری ٹراٹر نے بیشمار تصاویر بنائیں تھیں اور پھر ڈیوڈ اور میں بھاگ کر ایک منتظر کار میں بیٹھ گئے۔ میں عقبی نشست پر ''امیجز'' کے ایک اور فوٹو گرافر ''ارال سیڈاٹ'' کے ساتھ بیٹھ گئی اور ہم شہزادہ کی کار کے پیچھے لگ گئے لیکن جونہی ہم اس کے دفتر پہنچے اور کار کے اندر ہی تھے کہ تقریباً پچاس فوٹو گرافروں، رپورٹروں اور کیمرہ مینوں نے ہمارا اچانک گھیراؤ کر لیا، ڈیوڈ نے شور کرتے ہوئے مجھے کہا ''سر جھکا لو، چہرہ چھپا لو اور بولنا بالکل نہیں۔'' مجھے سخت دھچکا لگا اور اچانک ایک بازگشت کا احساس ہوا، کیونکہ یہی الفاظ اور جملے تھے جو طالبان کے ملک میں داخل ہونے کے بعد مجھے سننا پڑے تھے۔

لفنگوں کے نرغے میں

کار کئی مرتبہ کپکپائی اور ہلّہ بولنے والوں میں سے ایک نے اچانک ڈرائیور کا دروازہ کھولا اور اگنیشن میں سے چابیاں نکالنے کی کوشش کی تاکہ گاڑی کو ساکن کر دیا جائے۔ ڈرائیور پر جیسے سکتہ طاری ہو گیا تھا، اگر وہ مستند شخص ہوتا وہ ان حرامزدوں کے بیچ میں سے گاڑی نکال لیتا اور وہ اپنی جان بچانے کے لئے اِدھر اُدھر بھاگ جاتے، اس کا یہاں گاڑی روکنا بہت بڑی غلطی تھا۔

اتنے میں کسی نے میرا دروازہ کھول کر مجھے باہر گھسیٹنے کی کوشش کی لیکن ''ارال سیڈاٹ'' نے مجھے اپنے بازو کے گھیرے میں لیا۔ جب دوبارہ دروازہ کھولنے کی کوشش ہوئی تو ڈیوڈ نے شور کیا ''لڑکو، دیکھو اس بے چاری کو اطمینان کا سانس لینے دو، ابھی دس دن جیل میں کاٹ کر آئی ہے، ہمیں کوئی پتہ نہیں کہ یہ کس حال میں ہے۔ اس ہڑبونگ کو یہ بالکل برداشت نہیں کر سکتی۔

''انسانی ہمدردی'' ڈکشنری میں پایا جانے والا ایک عام لفظ جس سے کہ ہر ایرا غیرا واقف ہے اس رات پشاور میں ڈھونڈنے سے بھی نہیں مل رہا تھا۔ ایک فوٹو گرافر بھونکا۔ ''باہر نکالو اس کتیا کو، اسے سارا منصوبہ معلوم ہے۔'' کسی اور نے کہا ''یہ ایک فاحشہ ہے جس نے صحافی کا لبادہ اوڑھا ہوا ہے۔ اسے باہر نکالو'' اس کے بعد اور کئی لچر نعرے میرے خلاف لگائے گئے جن کا ذکر مناسب نہیں۔

میں نعروں کا موازنہ جلال آباد کے واقعہ سے کرتی ہوں، مجھے امریکی جاسوس قرار دے کر جلال آباد میں چکر لگوائے گئے، کسی افغان یا گروہ طالبان نے اس طرح کے نعرے نہیں لگائے اگرچہ انہوں نے اپنے غصے کا اظہار ہوائی فائرنگ کے ذریعے بھی کیا تھا مگر اس مجمعے کا موذان سے کئی گنا بدتر تھا۔ میری سماعت سے جو الفاظ ٹکرا رہے تھے مجھے ان پر یقین نہیں آ رہا تھا۔ طالبان کے ''اذیت رسانوں'' نے بھی ایسا لب و لہجہ اختیار نہیں کیا تھا۔ انہوں نے میرا احترام کیا تھا مگر یہ لوگ...... تو احترام سے بالکل ہی ناآشنا تھے، میں بری طرح الجھ گئی تھی۔

آخر شہزادہ کار سے چھلانگ لگا کر باہر نکلا اور مکے، لاتیں رسید کر کے سب کو بھگا دیا، جب میں اس کے دفتر میں پہنچی تو میں سخت نڈھال اور بدحال تھی۔ ڈیوڈ نے پوچھا، کیا طبیعت پر بہت گرانی ہے، میں نے کہا کہ میں بالکل ہی چکرا گئی ہوں۔ اس نے پھر تیسری بار کوشش کر کے اسلام آباد میں ''ہمارے آدمی'' کو جگایا اور اس نے بالآخر ہائی کمیشن کے ڈپلومیٹ (Colin Mulchahy) سے رابطہ قائم کیا اور اسے اب پتہ چلا کہ ''یو آنے رڈلے شہر میں واپس آ چکی ہے اور ایکسپریس نیوز پیپرز کے ہاتھ میں ہے۔'' اس نے کہا اچھا میں اسے برٹش ہائی کمشن میں لانے کے لئے پہنچ رہا ہوں۔

پھر ڈیوڈ نے مجھے بتایا کہ ''ایکسپریس نیوز پیپرز'' کا ایڈیٹوریل ڈائریکٹر پال ایشفورڈ اور اردو سپیکنگ لائر صالحہ حسین الدین جو کمپنی کے لیگل ڈیپارٹمنٹ میں کام کرتی ہے، وہ بھی اسلام آباد میں ہیں۔ یہ سن کر میرا تو سر چکرا گیا، ''کیا کہا ایشفورڈ یہاں کیسے؟ مجھے یقین نہیں آتا۔ اوہ میرے خدا! طالبان نے مجھے بتایا تھا کہ ایک ''ہائی ڈائریکٹر'' نے ان کے سفارت خانے سے بات کی ہے لیکن میں سمجھی تھی کہ یہ یقیناً ٹیلی فون پر بات کی گئی ہو گی۔''

ڈیوڈ نے بتایا کہ جونہی میں پکڑی گئی اسے کوئٹہ سے اسلام آباد بھیجا گیا تاکہ پال ایشفورڈ کے پہنچنے تک بطور پورٹر، ڈپلومیٹ اور فکسر (رکے ہوئے کام بذریعہ اثر و رسوخ نکلوانے والا) فرائض انجام دیتا رہے۔ اس کے بعد نسبتاً بہتر خبریں آنے لگیں۔

صالحہ حسین الدین اس کے ہمراہ اس لئے آئی تھی کہ ثقافتی اختلافات کی وجہ سے پیدا ہونے والی الجھنیں دور کرنے میں مدد دے۔ رچرڈ ڈیسمنڈ نے نومبر 2000ء میں فرائض سنبھالے تو اس کے بعد صالحہ اور میں دوست بن گئیں۔ لیگل ڈیپارٹمنٹ میرے ڈیسک کے قریب واقع دفاتر میں منتقل ہو گیا تھا اور پال ایشفورڈ نے اپنا دفتر اس کے بالکل سامنے قائم کر لیا۔ ہم تینوں ایک دوسرے کے لئے چائے اور کافی بنایا کرتے تھے۔

چڑھ جائے ۔یہ ایک عجیب ضمانت سوچی گئی تھی ۔
بالآخر ماں سے میری بات ہوگئی وہ بے حد خوش تھی ۔ میں نے اس سے کہا کہ میں اس سے صبح بات کروں گی ۔اس نے بتایا کہ اس کی ڈیزی سے بات ہوئی ہے اور ڈیزی خبر سن کر خوشی سے چیخ پڑی اور فون فوراً بند کر کے تمام دوستوں کو بتانے کے لئے دوڑ گئی تھی ۔
سفیر ہیلری بہت نفیس مزیبان تھا، اس نے مجھے وہ کچھ بتایا جس سے میں نا آشنا تھی ۔پھر اس نے کہا کہ میں نے سنا ہے کہ تم جیل کے اندر ''انتہائی اکھڑ انسان'' رہی ہو، اسے یہ بات طالبان کے سفیر ملا ظعیف نے بتائی تھی ۔
معلوم ہوتا تھا کہ ظعیف نے اسے یہ کہا تھا کہ برٹش ہائی کمیشن کو اپنا کوئی نمائندہ مجھے لینے کے لئے بارڈر پر بھیجنا چاہیے کیونکہ میں بقول ان کے ''یہ ہمارے بارے میں بہت گندی گندی باتیں کرتی ہے آپ اس کا منہ بند کروائیں ۔'' مجھے اس تصور پر بہت ہنسی آئی دنیا کی خوفناک ترین حکومت محض میری اس دھمکی سے پریشان ہوگئی تھی کہ میں انہیں بے نقاب کر کے چھوڑوں گی ۔اس سے وہ بھی محظوظ ہوا اور بولا ''میں نے انہیں بتا دیا کہ ہم برٹش پریس کے ارکان کی زبان بندی نہیں کر سکتے ان پر میرا کوئی زور نہیں چلتا۔'' میرا خیال تھا کہ ہیلری کو اپنا آخری جملہ اس وقت تک ادا نہیں کرنا چاہیے تھا جب تک میں بحفاظت باہر نہ آ چکی ہوتی ۔
میں اپنی ہولڈال لے کر اوپر کی منزل پر چلی گئی ، ڈیوڈ نے اسے کروائن پلازا میں میرا کمرہ خالی کرتے ہوئے پیک کیا تھا، پتہ نہیں مرد لوگ بیگ پیک کرتے ہوئے نا اہل کیوں ثابت ہوتے ہیں؟ جب میں نے اسے کھول کر چھان بین کی تو اس میں سے کئی چیزیں نہیں تھیں، ان میں سے سب سے زیادہ قابل ذکر میری ''اشتعال انگیز خوشبو'' تھی جس کا نام ہی ''Provocateur perfume agent'' تھا اور یہ گرینیڈ کی شکل کی گلابی رنگ کی بوتل میں تھی ۔ مجھے معلوم نہیں تھا کہ اس پر کون ہاتھ صاف کر گیا تھا ۔لیکن میں حیران تھی کہ ''اس'' سے کسی کو کیا فائدہ ہونا تھا ۔مجھ پر جاسوس کا الزام لگایا گیا تھا ۔اس لئے یقیناً کوئی میرے کمرے میں داخل ہوا ہوگا اور اسے بطور گواہی یہی بوتل ملی ہوگی ۔
پھر میں ''شاور لینے'' چلی گئی اور ٹب میں خوب غوطہ لگایا جو بے حد فرحت بخش تھا ۔یہ حقیقی شاور تھا، کوئی جستی بالٹی کا ٹھنڈا پانی نہیں تھا ۔مسرت ہی مسرت تھی ۔ ہر چیز صاف ستھری تھی اور خوشبوئیں مشامِ جان کو معطر کر رہی تھیں ۔جسم کا رواں رواں لطف اندوز ہو رہا تھا ۔ مجھے اپنی نائیٹی بھی نہ ملی تھی چنانچہ میں نے اپنی ''اسامہ بن لادن ٹی شرٹ'' پہن لی اور نفیس کاٹن شیٹس اوڑھ کر لیٹ گئی، جیسے جنت میں داخل ہوگئی ہوں ۔
اگلی صبح میں سات بجے کے قریب اُٹھ بیٹھی اور برٹش ہائی کمیشن کے خوبصورت گراؤنڈز میں چہل قدمی کرنے لگی ۔ کئی لان تھے، ان میں سے ایک لان میں نہایت پیاری سی آبشار تھی، مکان کی ایک جانب نسبتاً ایک زیادہ پرائیویٹ گارڈن تھا لیکن یہ فن تعمیر کے نقطہ نگاہ سے لطف انگیز نہیں تھا ۔

اور جیل میں! کیوں کیسا ہے؟

یہ درست ہے کہ میں نینسی کیسل کو کوئی ایسی بات نہیں بتانا چاہتی تھی جو اسے پہلے سے معلوم نہ ہو لیکن میرے الفاظ سے اسے کافی اطمینان حاصل ہو، مجھے خود بھی یہ بہتر محسوس ہوا بعد میں میں نے یہ بات اپنی کو بتائی اور اس کے دانشمندانہ الفاظ پر اس کا شکریہ ادا کیا۔

اس دوران فوٹو گرافر گیری ٹراٹر آ گیا، اس نے میری انگلینڈ فٹ بال شرٹ پہنے ہوئے تصویریں اتاریں، سردست میں یہی پہن سکتی تھی، میں نے یہ اس وقت خریدی تھی جب ہم نے البانیہ کی ٹیم کو شکست دیدی تھی۔ یہ مقابلے سینٹ جیمز پارک میں منعقد ہوئے تھے بعد میں وہ ایک بار پھر آیا اور کہا کہ ''لندن'' بالفاظ دیگر ''دی ڈیلی ایکسپریس'' نے کہا ہے کہ میں کسی پھولدار پہناوے میں تصاویر بنوا کر بھیجوں۔

میں نے احتجاج کرتے ہوئے کہا، ''میرے پاس یہاں کوئی پھولدار چیز نہیں، میں کوئی پھولداری نہیں کر سکتی، میں کسی کے لئے پھولدار بلاوز میں نہیں سج سکتی۔'' پھر میں نے کہا میرے پاس قسم قسم کے کپڑے کہاں سے آ سکتے ہیں، اگر تم سچ مچ یہی چاہتے ہو تو اپنی ٹی شرٹ اتار دو، میں اسے پہن کر تصویر بنوا لیتی ہوں۔ چنانچہ اس نے اتار دی اور میں نے پہن کر تصویر بنوائی مگر میں یقین سے نہیں کہہ سکتی کہ کبھی یہ تصویر چھپی ہوئی دیکھی گئی ہو۔

ایک روز میں ملکہ وکٹوریہ کے ایک پرانے مجسمے کے سامنے کھڑی تھی جو چند سال پہلے کسی سابق سفیر نے پاکستان کے کسی گاؤں سے برآمد کرالیا تھا، یہ بالکل صحیح حالت میں لگتا تھا وقتیکہ آپ اس کے نچلے حصے کی طرف نہ دیکھیں، اس بے چاری وکٹوریہ کے ہاتھ نہیں تھے۔ میرے پاس سے گزرتے ہوئے سفارت خانے کے ایک افسر نے کہا۔ ''جی ہاں یہ ایک محفوظ راز ہے کہ یہ دکانوں میں سے چیزیں چوری کر لیا کرتی تھی، میرے خیال میں یہ طالبان کے ہاتھوں سب سے پہلے سزا پانے والوں میں سے ہے۔''

سفارت خانے کے عملہ نے بتایا کہ وہ مجھے براستہ دوبئی لندن جانے والی پرواز کے ذریعے بھیج سکتے ہیں، چنانچہ ہم نے جانے کا فیصلہ کر لیا۔ یہاں پڑے رہنے سے کوئی فائدہ نہیں تھا کیونکہ میں کہیں باہر تو جا ہی نہیں سکتی تھی۔ میں اتنی مشہور ہو چکی تھی کہ اس بلاک کا کوئی بھی خبطی مجھے نشانہ بنا سکتا تھا۔

جب ہم امارات کے طیارے میں سوار ہو گئے تو پال، صالحہ اور میں اتنے تھک چکے تھے ہم اس کے ٹیک آف سے پہلے ہی سو گئے۔ میں تو جسمانی طور پر ٹوٹی ہوئی تھی اور وہ دونوں جسمانی اور ذہنی تھکاوٹ سے عاجز آ چکے تھے۔

صالحہ اور میں نے دوبئی ائیر پورٹ کی دکانوں میں سے شاپنگ کرنے کا جو منصوبہ بنایا ہوا تھا، وہ غارت ہو چکا تھا، کیونکہ یہ طیارہ واقعی لیٹ ہو گیا تھا اور ہماری متصل پرواز کو ہمارے پہنچنے تک روکے رکھا گیا ہوا تھا۔ اس پرواز پر بیٹھتے ہی ہم نے چہکنا شروع کر دیا، اور پال نے تفصیلاً بتایا کہ مجھے رہائی دلانے کے لئے اسے اور صالحہ کو کیا کچھ کرنا پڑا ہے۔

حقیقی جرنلسٹ ہونے کا ثبوت

انہوں نے بیشمار خبروں کے تراشے، تنخواہ کی سلپیں اور میرے سابق آجروں کی طرف سے خطوط وغیرہ اکٹھے کئے تھے اور ان شواہد کے ذریعے ثابت کیا تھا کہ میں 25 سال سے بطور جرنلسٹ کام کر رہی ہوں، پھر انہوں نے ان سب شواہد کا پشتو میں ترجمہ کرایا اور پال نے اسلام آباد میں طالبان کے نائب سفیر سے ایک ملاقات کا انتظام کیا۔ ان کی کئی ملاقاتیں ہوئی تھیں اور وہ یقیناً اس سے متاثر ہوئے ہوں گے، کیونکہ طالبان نے دوران تفتیش اس کا ذکر کیا تھا۔ پال نے بتایا کہ طالبان نے کہا تھا کہ اگر میں نے اپنی زبان کو لگام نہ دی اور مناسب رویہ اختیار نہ کیا تو مجھے جیل سے نکلنا کبھی نصیب نہ ہوگا۔ اس نے کہا کہ ''ہم تمہاری رہائی کے بالکل قریب پہنچ چکے تھے مگر تمہارے سخت رویے نے بنا بنایا کام بگاڑ دیا تھا، میں خود کابل پہنچ کر تم سے کہنا چاہتا تھا کہ تم اپنا منہ بند رکھو۔'' لیکن اس نے اعتراف کیا کہ بدترین مرحلہ بمباری کی پہلی رات تھی اور اس کا خیال تھا کہ میری رہائی کا معاہدہ اب ٹوٹ کر رہے گا۔

اس نے مجھ سے پوچھا کہ سچ سچ بتاؤ کہ طالبان کے بارے میں تمہارے کیا رائے ہے، میں نے کہا ''یہ بہت مشکل ہے، کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ وہ وحشی اور جنگلی ہیں، اس کے باوجود انہوں نے مجھ سے شفقت اور احترام کا سلوک کیا، ہمارے لوگ شاید یہ سننا گوارا نہ کریں، مگر مجھے اس معاملے میں سچ بولنا ہے۔'' اس نے مجھ سے اتفاق کرتے ہوئے کہا۔ ''لوگ واقعی اس بات کو پسند نہیں کریں گے، مگر مجھے اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ وہ بڑے شریف اور باوقار لوگ ہیں، انہوں نے وعدہ کیا کہ تمہیں رہا کر دیا جائے گا اور اپنے الفاظ پر قائم رہے، اس کی اپنے قسم کی ایک ایمانداری ہے۔ رچرڈ (ڈیسمنڈ) نے مجھے تمہاری رہائی کے لئے ایک سادہ چیک دیدیا تھا لیکن مجھے شروع سے ہی معلوم تھا انہیں رقم کی پیشکش کی گئی تو وہ برائے فروخت ہو جائیں گے۔'' پھر اس نے انکشاف کیا کہ پیرس میچ نے اپنے ایک رپورٹر مائیکل پیرارڈ کی رہائی کے لئے، جو کہ جلال آباد میں برقع پہنے پکڑا گیا تھا، ان کے دفتر سے رابطہ

باب نمبر 45

سفیر کے ہاں دو کتے تھے اور آپ پہلے سے جانتے ہیں کہ میں کتوں سے بہت نفرت کرتی ہوں۔ان میں سے ایک کتا، بلی کو ڈرانے کی کوشش کرر ہا تھا اور وہ سیمنٹ کی جالیوں کے قریب، اس سے محفوظ فاصلے پر بچاؤ کی پوزیشن لیے اسے گھور رہی تھی۔ میں اس سے کافی فاصلے سے ہوکر گزرنے لگی لیکن اس مکروہ مخلوق نے مجھے بلی کی بہ نسبت زیادہ دلچسپ چیز پا کر میرا تعاقب شروع کر دیا اور مجھے گارڈن کی سیڑھیوں تک پہنچا کر دم لیا۔

سفیر کی اہلیہ نے ''اپنی'' مسکراتے ہوئے میرا خیر مقدم کیا اور مجھے ناشتے کی میز پر بیٹھنے کی دعوت دی، جہاں اوپر سے گارڈن دکھائی دے رہا تھا۔ یہ دن کے آغاز کا انتہائی مہذب طریقہ ہے، اتنے میں ڈیوڈ سمتھ بھی آموجود ہوا جو میرے جیل کے تجربے کے ''حصہ دوم'' پر کام کر رہا تھا۔

سیکرٹ ڈائری

میں نے پہلے ذکر کیا تھا کہ میں نے اپنی ایک سیکرٹ ڈائری رکھی ہوئی تھی، ڈیوڈ نے مجھ سے وہ مانگی مگر میں نے اسے واضح طور پر بتا دیا کہ میں نے اس پر جو کچھ لکھا ہوا ہے، وہ صرف ''سنڈے ایکسپریس'' کے لئے ہے۔ میں نے اس سے پرفیوم کی بوتل کے بارے میں پوچھا تو اس نے لاعلمی کا اظہار کرنے کے تھوڑی دیر بعد کہا ''تمہارے کمرے میں داخل ہونا، ایک ہیبت ناک بات تھی، کیونکہ کوئی پتہ نہیں تھا کہ تم پر کون سی آفت ٹوٹنے والی ہے، کمرے میں ہر چیز بکھری ہوئی تھی بیڈ دیکھ کر اندازہ ہوتا تھا کہ اس میں کوئی سویا کرتا تھا، ٹیلی ویژن اس وقت بھی چل رہا تھا، لائیٹس بھی آن تھیں جبکہ دروازے پر ''Do not disturb'' کا نشان تھا۔

مجھے تمہارا بیگ اور پاسپورٹ تو مل گیا مگر روم سیف میں تمہاری کارٹیئر واچ نہیں مل سکی تھی جس کو ڈھونڈنے کے لئے مجھے کہا گیا تھا۔ روم سیف بالکل کھلا پڑا تھا۔ بعد ازاں مجھ پر انکشاف ہوا کہ تم نے دراصل وہ واچ نچلی منزل پر ہوٹل سیف میں رکھ دی تھی۔''

مجھے ڈیوڈ کی بات سن کر بڑی حیرت ہوئی میں نے اس سے کہا ''لیکن ڈیوڈ، جب میں نے کمرے سے نکلی تو میں نے ہر چیز کا سوئچ آف کر دیا تھا۔ یہ تو واقعی بڑی عجیب بات ہے، میں تو یہ سوچ کر ہی پریشان ہوگئی ہوں کہ کوئی میری تلاشی لیتا رہا ہے، کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ طالبان نے کسی کو یہاں بھیجا ہو؟ کیونکہ میں نے اپنے تفتیش کنندگان کو اپنے کمرے کا نمبر بتایا تھا اور کہا تھا کہ میرا پاسپورٹ کمرے میں ہے۔''

پریشان کن انکشاف

یہ انتہائی پریشان کن انکشاف تھا۔ لیکن اصل راز بعد میں کھلا کہ انا لین ٹیلی ویژن کے عملہ نے رشوت دے کر میرا کمرہ نمبر 109 کھلوایا اور اندر سے اس کی تصاویر بنائی تھیں ''ایکسپریس'' کا فوٹوگرافر بھی اندر گیا تھا لیکن اس کی بنائی ہوئی جو تصویریں مجھے دکھائی گئیں۔ ان میں اس کمرے کی اس حالت سے کوئی مشابہت نہیں تھی جس میں، میں نے اسے چھوڑا تھا۔ میری رابطوں کی کتاب کھلی پڑی تھی، میرا بیڈ درہم برہم تھا، ڈریسنگ ٹیبل پر سے پرفیوم غائب تھی، اور کمرے کے باہر ''Do not disturb'' والا نشان میں نے آویزاں نہیں کیا تھا۔

میں نے اس وقت ان چیزوں پر زیادہ غور نہ کیا کیونکہ میرے ذہن پر ان سے کہیں زیادہ اہم معاملات سوار تھے لیکن ہر اتفاقی جملہ، اور واقعات کا ہر مکروہ موڑ مجھے بار بار کمرہ نمبر 109 کی طرف کھینچ لاتا تھا۔

جب میں گھر پہنچی...............

اس روز کے پچھلے پہر امریکی، آسٹریلوی اور جرمن سفارت خانوں کے نمائندے سے ملنے آئے، انہیں جرمنی میں قائم ''شیلٹر انٹرنیشنل'' کی ایڈورکرز کے بارے میں بہت تشویش تھی۔ وہ یہ پوچھنا چاہتے تھے کہ ان کے ملکوں کے کارکن کیسے حالات میں وقت گزار رہے ہیں۔ مجھے انہیں یہ بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی تھی کہ جارج ٹیمین، کیتھی جیلنک، مارگریٹ سٹینز اور سلکے ڈراکوف پر مشتمل جرمن ٹیم اور اسی طرح آسٹریلین پیٹرین بنچ اور ڈیانہ تھامس بھی، سب خیریت سے ہیں۔ میرے خیال میں ان کے جذبے بلند اور ہمتیں جواں تھیں اور خدا پر پختہ ایمان ان کی مشعل راہ تھا۔ سفارت کار میری رپورٹ سے بہت مطمئن ہوئے اور شکریہ ادا کرتے ہوئے رخصت ہوگئے۔

پھر میں امریکی سفیر کی طرف متوجہ ہوئی اور بتایا کہ ڈیانہ کرزی بھی ٹھیک ٹھاک ہے لیکن مجھے گروپ کی سب سے کم عمر ''ہیتھر مرسر'' کے بارے میں کچھ تشویش ہے۔ کیونکہ وہ حالات سے کافی گھبرائی ہوئی ہے۔ میں نے ان عورتوں کے ساتھ نسبتاً کم وقت گزارا ہے، ہیتھر بہت ذہین، سمجھدار، محبت کی طلبگار اور محبت بانٹنے والی لڑکی ہے، میں نے امریکی جاسوس طیارے گرائے جانے والے دن اس کے ردعمل کا خاص طور پر ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس سے میں اور ہیتھر کی ہمراہی عیسائی لڑکیاں سب پریشان ہوگئی تھیں۔ میں نے زور دے کر کہا کہ آپ کو ان لڑکیوں کو چھڑوانے کے لئے خاص طور پر کوشش کرنا ہوگی، ممکن ہے کہ ان پر منصفانہ انداز میں مقدمہ نہ چل سکے۔ ہیتھر کے

اعصاب، مزید بوجھ کے متحمل نہیں ہوسکیں گے۔

جیل کا خفیہ خاکہ

پھر میں نے جیل کا خاکہ بنا کر، اس میں داخل ہونے اور باہر نکلنے کے راستوں کی نشاندہی کی، سٹاف کی شفٹوں کی تبدیلی، دیواروں کی مضبوطی اور ان کے کھوکھلے مقامات کی تفصیل بتائی۔ حتیٰ کہ اندر تنے ہوئے حفاظتی جالوں کا بھی ذکر کیا، صحن کا رقبہ بھی بتایا جس میں، میں اکثر ٹہلتی رہتی تھی۔

امریکی قونصل جنرل ڈیوڈ ڈوناہو (David Donahue) میری باتیں نہایت غور سے سنتا رہا جب میں نے بریفنگ ختم کی تو اس نے بے حد شکریہ ادا کیا، اس نے مجھے ڈیانہ کری کی ماں نینسی کیسل کا ٹیلی فون نمبر دیا، جو مجھ سے بات کرنے کے لئے بے چین تھی۔

معلوم نہیں میری فراہم کردہ معلومات سے کیا فائدہ اٹھایا گیا ہوگا، لیکن میں نے یہ سب کچھ اس لئے بتایا تھا کہ ممکن ہے کوئی سپیشل فورسز ٹیم جیل پر چھاپہ مار کر ایڈور کرز کو باہر نکال لائے۔ اصل رکاوٹ یہ تھی کہ افغانستان میں ''شیلٹر'' کا ڈائریکٹر جارج اور اس کا نائب پیٹر، جیل میں الگ الگ جگہوں پر رکھے گئے تھے اور وہ ان عورتوں سے ہفتے میں صرف ایک بار ملاقات کر سکتے تھے۔ اگر یہ عورتیں فرار کرادی جاتیں تو پیچھے رہ جانے والے قیدی طالبان کے ہاتھوں ہلاک ہو جاتے، باوجودیکہ جارج کو طالبان عزت کی نگاہ دیکھتے تھے۔ یہ ایک پریشان کن صورت حال تھی، جو اپریل 1980ء میں امریکی یرغمالیوں کو رہا کرانے کی تباہ کن کوشش کے بدصدی جمی کارٹر کے لئے پیچیدہ ترین معمہ بن چکی تھی۔ اس کے لئے ایک بہادر اور حوصلہ مند صدر کی ضرورت تھی جو ایک زوردار اور ڈرامائی ریسکیو مشن بھیج سکتا۔

تاہم میں نے اپنی بہترین تجاویز پیش کر دی تھیں، اب صرف دعائیں تھیں، وہ میں دل میں دوہراتی رہی۔ میں اپنے بیڈروم میں واپس گئی جو وزیراعظم ٹونی بلیئر کی اسلام آباد گزشتہ آمد کے لئے مخصوص کیا گیا تھا۔ میں سفیر کی اہلیہ اینی کے پاس گئی اور اسے بتایا کہ میں اپنے ساتھ شدید کھجلی اور خارش لے کر آئی ہوئی ہوں لیکن اُمید ہے کہ میں اپنے ہمراہ پسو اور جوئیں نہیں لائی۔

یہ بڑے مضبوط اعصاب والی عورت تھی، بعض عورتیں، یہ سنتے ہی گھبرا جاتی ہیں اور یقیناً آپ سب ''درخواست'' کر کے آپ کو بھیڑوں کو نہلانے والی جگہ (Sheep dip) میں ایک مخصوص محلول سے نہلا کر، بیڈ استعمال کرنے کی اجازت دیتی ہیں، مگر ''اینی'' ایسی نہ تھی۔ اس نے ابرو تک نہ اٹھایا اور سرسری انداز میں کہا کہ میں تمہاری دیکھ بھال کے لئے ابھی نرس کو بلاتی ہوں۔ اس نے انکشاف کیا کہ وہ ایک کوالیفائیڈ کونسلر ہے، اگر میرے ذہن پر کوئی بوجھ ہو تو وہ اسے ہلکا کرنے میں مدد کر کے بہت خوش ہوگی۔ کچھ دیر بعد پال ڈشفورڈ اور صالحہ آ پہنچے، ہم بے پناہ گرمجوش معانقوں اور بوسوں سے آپس میں ملے۔ صالحہ شلوار قمیض میں بے حد جچ رہی تھی اور دلفریب شخصیت لگ رہی تھی، ہم سیڑھیاں چڑھ کر اوپر چلے گئے اور خوب گپ شپ کرتے رہے۔ میں نے جلدی سے تھوڑا ''میک اپ'' بھی کر لیا تھا۔ اتنے میں نرس نے دروازہ کھٹکھٹایا، وہ اپنے ساتھ کئی قسم کی کریمیں لوشن اور مرہمیں لائی تھی، میں نے اسے اپنی خارش زدہ جگہیں دکھائیں۔ اس نے کہا کہ یہ صرف گرمی اور کھجانے کے اثرات ہیں۔ پھر اس نے پوچھا کہ مجھے جنسی طور پر تو استعمال نہیں کیا گیا، میں نے نفی میں جواب دیا تو وہ مطمئن ہو کر واپس چلی گئی۔

میں اس روز بعد میں پھر اینی کے پاس گئی تا کہ میں ڈیانہ کی ماں کو فون کر سکوں لیکن ساتھ ہی میں خود کو بے حد قصوروار اور بزدل سمجھنے لگی کہ میں فون نہ اٹھا سکی۔ حالانکہ میں افغانستان میں غیر قانونی طور پر داخل ہوئی تھی، گرفتار ہوئی گرفتار کنندگان کو گالم گلوچ کرتی رہی اور دس دن بعد دھکے کھا کر باہر آئی تھی۔ دوسری طرف ڈیانہ تھی جس نے غریب افغانستان میں رہ کر نادا روں کی مدد کے لئے اپنی آرام کی زندگی تج دی تھی اور اب من گھڑت الزامات کے تحت قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہی تھی۔ میں نے خود سے پوچھا۔ ''اس میں کون سا انصاف ہے، اگر میں اس کی ماں ہوتی تو میں اپنے آپ سے نفرت کرتی۔ میں اس کو ہرگز کال نہیں کروں گی۔''

تاہم، کچھ دیر بعد مجھ پر ایک اور احساس طاری ہو گیا، میں نے خود کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ اگر میں وہ کال نہ کروں تو میں بزدلی کی مرتکب ہوں گی اور اپنے ضمیر کے ساتھ کیسے زندہ ہوں گی جبکہ اس کی بیٹی تو دلیر ہے؟

ہم آپس میں باتیں کرتی رہیں، آخر کار میں نے فون کر دیا نینسی کیسل ایک عمدہ شخصیت تھی، میں نے اسے بتایا کہ تمہاری بیٹی شکل و صورت اور جذبوں کے لحاظ سے بھی خوبصورت ہے، اور یہ کہ ڈیانہ اب بھی میک اپ کرتی ہے اور اپنی شخصیت پر بجا طور پر فخر کرتی ہے۔ اس کے پاس کرنے کو اگرچہ کوئی کام نہیں اور اسے دیکھنے والا بھی کوئی نہیں، جیل کی زندگی اس کے لئے محض ایک معمول کی حیثیت رکھتی ہے۔ میں نے کہا کہ ڈیانہ ایک خصوصی چیز ہے، اس میں سے نیکی اور شرافت کی کرنیں پھوٹتی دکھائی دیتی ہیں۔ جب میں نے اسے ''آئی لیشن کرلرز'' استعمال کرتے ہوئے دیکھا تو پوچھا کہ کیا میں انہیں مستعار لے سکتی ہوں، اس طرح میرا دن بڑی خوشی سے گزرا۔ آئی لیشن کرلرز

قائم کیا تھا، اس پر جاسوسی کا الزام تھا اور اس کے لوگ جاننا چاہتے تھے کہ پال نے میری رہائی کے لئے کیا کیا تھا اور کیا وہ ان کے لئے بھی ایسا ہی کرے گا۔ پال نے ایک ٹھنڈی آہ بھر کر کہا۔ "واہ دنیا کا تو یہی لگا بندھا اصول ہے، اب زندگی دوبارہ اس شکل میں واپس نہیں آئے گی۔"

جونہی ہمارے طیارے کے پہیوں نے ہیتھرو ائرپورٹ کو چھوا، مجھ پر گھبراہٹ طاری ہوگئی۔ بالآخر گھر آپہنچے۔ میں اپنی لیدر جیکٹ پہنے ہوئے تھی اور میری پرانی بیس بال کیپ میرے سر پر سختی سے جمی ہوئی تھی اور بال اتر ہو چکے تھے۔ میں جو ڈائی استعمال کرتی تھی اس نے انہیں تبدیل کر کے غلے کے سوکھے ڈنٹھل بنا دیا تھا۔ میں نے سوچا کہ انہیں اب کٹوا ہی دینا پڑے گا۔ میں نے آنکھوں پر دھوپ کے چشمے چڑھا لئے کیونکہ میں نے کوئی آئی میک اپ نہیں کر رکھا تھا، جس کی وجہ سے میں بھیانک شے لگ رہی تھی۔

کرتا مگر وہ سنی ان سنی کردیتی ۔چنانچہ دس دن تک اخباروں کی تمام سرخیاں ، اس کی بتائی ہوئی باتوں پرمبنی ہوتیں ، یہ خبریں لیبر پارٹی کی کانفرنس کے دوران حکمرانوں کے چہرے پر طمانچہ ثابت ہوتیں ۔ٹونی بلیئر کے سرکاری ترجمان ایلی سٹیر کیمپبیل تھا تو میری ماں (جائس رڈلے) کے پاس ''ٹیڈ ہینڈز'' اور ''جیمز ہنٹ'' جیسے ماہرین ابلاغ تھے جو اس کی طرف سے انتھک دوڑ دھوپ کر رہے تھے ، انہوں نے اخبارات ، رسالوں ، ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے ذریعے ایک بین الاقوامی مہم شروع کررکھی تھی اور طالبان کو باور کرا رہے تھے کہ میں ان کے لئے کوئی خطرہ نہیں ہوں اور خالصتاً ایک صحافی ہوں جس کے کوئی سیاسی مقاصد نہیں ہیں ۔

انہوں نے ورلڈ میڈیا کے ذریعے میرے نام اور چہرے کو اس طرح پیش کرنے کو اپنا مشن بنایا ہوا تھا کہ میرے صیاّ دوں کے دل پسیج جائیں ۔ مجھے معلوم نہیں کہ طالبان پر اس کا کتنا اثر ہوا مگر اس سے کوئی نقصان نہیں ہوا۔

''ٹیڈ ہینڈز'' فلیٹ سٹریٹ کا ایک پرانا عیار انوسٹی گیٹر اور سابق ''Cook report'' کا ریسرچر ہے۔اس میں خود اعتمادی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے اور وہ اپنے ''کام نکلوانے'' میں زبردست مہارت رکھتا ہے۔جیمز ہنٹ ایک طاقتور سیاسی میڈیا کنسلٹنٹ ہے اس نے اپنی اس صلاحیت کے ذریعے متعدد سینئر سیاستدانوں اور تاجروں کو شیشے میں اتارا ہے اور ان کا معتمد خاص بنا ہوا ہے ۔یہ دونوں میرے پرانے دوست اور میرے ہیرو ہیں۔

انہوں نے میری گرفتاری کے چند ہی گھنٹوں کے بعد میری ماں کے سامنے میری رہائی میں مدد کے لئے ایک ابلاغی حکمت عملی پیش کردی۔ ماں بتاتی ہے کہ ان کی صرف دس منٹ کی ٹیلی فون کال سے ہی مجھے چھڑوانے کے لئے حکومت کی سیاسی حکمت عملی کے بارے میں اس کی رائے تبدیل ہوگئی اور اسے اندازہ ہوگیا کہ حکومت اس کام کو کتنی اہمیت دے سکتی ہے۔جیمز کے ساتھ اس کی بحث محض قیاس آرائیوں پر مبنی تھی، تاہم ان میں سے ایک قیاس اس کی سمجھ میں آگیا اور اس پر اس نے فوری طور پر عمل درآمد شروع کر دیا۔ جیمز نے اس مسئلے کو ''جبریت'' (determinism) بمقابلہ ''سیاسی ارادہ'' (political will) کی روشنی میں سمجھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ماں کے لئے جیمز اور ٹیڈ کی رہنمائی بڑی اہمیت رکھتی تھی، کیونکہ انہیں فوری طور پر احساس ہوگیا تھا کہ طالبان کی خوشنودی حاصل کئے بغیر کام نہیں بنے گا۔

میری ماں کے الفاظ میں ان کے مذہب اور ان کی شرافت وانسانیت نوازی کے لئے احترام ضرور جھلکنا چاہیے تھا بشرطیکہ ان میں انسانیت نوازی موجود ہوتی۔ٹیڈ نے کہا کہ طالبان سے گفتگو کرتے ہوئے شمشیر زنی کے جذبے کا مظاہرہ ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔ فاک لینڈز اور خلیجی جنگوں میں کامیابی پر بغلیں بجانے اور بمباری کے ارادوں سے انہیں مرعوب کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ٹیڈ اور جیمز نے مواصلاتی چینلز کو کھلا رکھا اور اس دائرے کو ممکنہ حد تک وسیع کردیا تاکہ یہ الفاظ سنے جاسکیں۔ جائس (ماں) نے حرف بہ حرف ان کی نصیحتوں پر عمل کیا۔یہ ٹھیک ہے کہ وہ 74 سال کی ہوچکی ہے مگر ایک ریٹائرڈ ''بزنس سٹڈیز'' کی لیکچرر رہی ہے اور چاق وچوبند اور توانائیوں سے بھرپور شخصیت ہے۔میری بہن ''جل'' نے ان دس دنوں کی ابتلا کو حوصلے سے برداشت کرنے میں اسے بڑی تقویت دی تھی۔جیمز نے کہا کہ میری ماں نے اپنی سادہ اور دیانتدارانہ بریفنگز سے قوم کے دل جیت لئے، اور سر ڈیوڈ فراسٹ نے جس نے میری رہائی کے فوراً بعد مجھے اپنے ''بریک فاسٹ ودفراسٹ ٹی وی پروگرام'' میں مدعو کیا تھا کہا کہ مجھے اپنی ماں پر بے پناہ فخر کرنا چاہیے کیونکہ وہ ان دس دنوں میں برطانیہ کا ایک عظیم ادارہ بن گئی تھی۔

میری ماں نے مجھے ایک فرض شناس ماں اور والہانہ محبت کرنے والی بیٹی کے طور پر پیش کیا۔ مثلاً ''یوآنے ایک پیشہ ور جرنلسٹ ہے، البتہ اس میں معرکہ آرائی کی طرف میلان پایا جاتا ہے، چنانچہ اپنے پیشہ ورانہ جذبے سے دنیا کو عام افغانوں کی حالت زار کی طرف متوجہ کرنے کی کوشش میں دور نکل گئی ہے۔'' یہ بات اگرچہ گھسی پٹی لگتی تھی لیکن بعض اوقات سادہ تصورات اور بنیادی نظریات کا اظہار بہت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

مجھے یاد آتا ہے کہ جب طالبان نے مجھ سے کہا کہ ڈیزی اخباروں کے ذریعے مطالبہ کررہی ہے کہ اس کی امی کو چھوڑ دیا جائے، مجھے یہ بات بہت بری لگتی تھی، میرا خیال تھا کہ میری ماں نے میری بیٹی کو ایسے سنکی پن سے استعمال نہیں کیا ہوگا لیکن جیمز نے مجھے بعد میں بتایا کہ اسے اس طرح ''استعمال کرنا'' بہت ضروری ہوگیا تھا۔

ان کی پہلی چال تو یہی تھی کہ ڈیزی کی نویں سالگرہ سے، جو گرفتاری کے بعد کے ہفتے کے دوران آرہی تھی، فائدہ اٹھایا جائے۔ ڈیزی، اس میڈیا مہم میں ترپ کا پتہ ثابت ہوئی، وہ ذاتی طور پر التجائیں کررہی تھی کہ میں اس موقع پر ضرور گھر واپس آؤں، اس سے بین الاقوامی اعصاب پر بڑا جذباتی اثر پڑ رہا تھا۔ اس کا ملتجیانہ چہرہ مختلف پوزوں میں دنیا کے 280 مطبوعات میں چھپا، اس کا کیپشن یہ تھا۔''میں اپنی ممی کو واپس بلانا چاہتی ہوں۔''

اس تسلسل کو سیاسی فرنٹ پر جاری رکھنے کے لئے نجی مساعی تیز تر ہوتی گئیں۔ جیمز نے ڈیزی سے ٹونی بلیئر کے نام ایک ذاتی خط لکھوایا جس میں اس سے مدد مانگی گئی۔ جب ان پر انکشاف ہوا کہ وہ اس سے پہلے دو مواقع پر ذاتی خطوط لکھ چکی ہے تو اس خط کو مزید اہمیت حاصل ہوگئی۔ اس نے اپنا پہلا خط اس وقت لکھا تھا جب وہ سات سال کی

باب نمبر 46

سوالوں کی بوچھاڑ

ہمارا خیال نہیں تھا کہ ہمارے خیر مقدم کے لئے میڈیا کے کوئی زیادہ لوگ آئیں گے مگر یہاں تو ایک بہت بڑا مجمع لگا ہوا تھا، اس لئے میں بدستور چلتی رہی اور سوالوں کی بوچھاڑ میں سے کسی کسی سوال کا جواب دیتی اور بہت سے سوالوں کو نظر انداز کرتی رہی۔ اتنے میں ایک مانوس اور پر شور آواز سنائی دی۔ ''یو آنے رڈلے'' میں نے کن انکھیوں سے دیکھا تو یہ جین ڈریپر تھی جو نیو کیسل میں ''نہ ٹلنے والی'' (tenacious) ٹرینی رپورٹر تھی، اب ٹی وی کے لئے کام کر رہی تھی اور اس نے ایک انوکھی وضع قطع بنا رکھی تھی، میں اسے اپنے ساتھ چمٹا لینا چاہتی تھی مگر مجھے چلتے بھی رہنا تھا، حتیٰ کہ میں ایک منتظر ''سپیس کروزر'' میں جا بیٹھی۔

وہاں اندر میری بہن ''ویو'' بیٹھی تھی اور ہم والہانہ طور پر آپس میں ملیں اور ایک دوسری کو گرمجوشی سے بوسے دیئے۔ گاڑی چلی تو اس نے میرے سر میں زور سے تھپڑ مار کر کہا۔ ''تو نے یہ سب کچھ ہمیں جہنم میں دھکیلنے کے لئے کیا تھا'' ایسی باتیں کہنے کے لئے وہاں لوگوں کی ایک اور قطار بھی لگی تھی، پیچھے مڑ کر دیکھا تو یہ میرا نیوز ایڈیٹر ''جم مرے'' تھا اور بے حد سست اور نڈھال دکھائی دے رہا تھا۔ میں بہت پریشان ہوئی، کہ پتہ نہیں یہ کس اندرونی عذاب میں سے گزرا ہے۔

گاڑی روانہ ہوئی تو جم نے پچھلے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جمعہ کے روز جب میں گرفتار ہوئی تو وہ اس وقت نیوز کانفرنس میں بیٹھا ہوا تھا اور اس نے کہا تھا'' مجھے یو آنے کی اب تک کوئی اطلاع نہیں ملی ہے مگر اس نے کہا تھا کہ وہ مجھ سے دوپہر کے قریب رابطہ قائم کرے گی، میں ابھی جا کر معلوم کرتا ہوں کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔'' اس نے یاد دلایا کہ وہ ایک بے کیف ہفتہ تھا، وہ سوچ بچار ہی کرتے رہے کہ پہلے سات صفحات پر کون کون سی خبریں لگائیں۔

نیوز روم میں چلتے ہوئے ڈیلی (اخبار) کے ایک کارکن نے اسے آواز دے کر ایک فارن ایجنسی رپورٹ کی طرف توجہ دلائی جس میں کہا گیا تھا کہ طالبان نے ایک برطانوی صحافی کو گرفتار کر لیا ہے، اور یہ کہ غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق وہ میں تھی۔ وہ فوراً کانفرنس میں واپس گیا اور خبر جاری کر دی۔

نائیٹ ایڈیٹر ڈک ڈسمور نے یقینی انداز میں کہا۔ ''ٹھیک ہے یہ ایک Splash ہے، پھر خبر تیار کیجئے'' اس نے کہا کہ وہ اس لمحے کو ذہن میں تازہ تو نہیں کر سکتا لیکن اسے اتنا یاد ہے کہ دیگر شرکائے کانفرنس اس کی طرف چونک کر دیکھنے لگے۔ ڈک واقعی ایک پیشہ ور آدمی ہے، میں اسے کسی جذباتیت کے بغیر ایسا کہتے ہوئے تصور کر سکتی ہوں، اگرچہ وہ دلی طور پر کسی کو ناراض نہیں کرنا چاہتا۔

پال ایشفورڈ کو سخت اصرار کر کے اس اہم صلاح و مشورے کے لئے بلایا گیا اور اس نے کہا کہ ''اگر اس نے جان بچانے کے لئے وہاں سیاسی پناہ مانگ لی تو مجھے کوئی حیرت نہیں ہوگی۔'' اس نے یہ بات کہنے کا کھلا اعتراف کیا، میں اس پر ہنس پڑی۔ اس صنعت میں تباہی و بربادی کو سامنے پا کر بھی تمسخر اڑانا ایک عام چلن ہے۔ کیونکہ بعض اوقات حقیقی زندگی اتنی ناخوشگوار ہوتی ہے کہ آپ کو اس کا سہارا لینا پڑتا ہے۔

ڈرائیور لیک ڈسٹرکٹ کا رخ کر رہا تھا جہاں ڈیزی کا سکول ہے اور جم نے پچھلے دس دنوں کے خاکوں میں تمام خالی جگہوں کو پُر کرنے کا سلسلہ جاری رکھا اس نے کہا۔'' یو آنے، میں تمہاری پرائیوٹ زندگی کے بارے میں بہت زیادہ جانتا ہوں، ماضی میں اس سلسلے میں مجھے کوئی تجسس نہیں تھا حقیقت تو یہی ہے کہ تمہاری کوئی پرائیویٹ زندگی نہیں رہی۔ ہمیں تو بالکل معلوم نہیں تھا کہ تم نے اتنی بار شادیاں کی ہیں، پھر لکڑی کے ڈبے میں سے یہ فلسطینی نمودار ہو گیا جس کے فوراً بعد ایک اسرائیلی آدھمکا، یہ سب کیا تھا۔''

اس نے یہ بھی کہا کہ اسے میرے متنوع رابطہ کاروں سے بھی بہت کچھ معلوم ہوا ہے، جن میں ''مالکم ایکس'' (Malcom X) نامی شخص بھی شامل ہے۔

میں نے اسے بتایا کہ یہ سابق ''Hereford boys'' میں سے ہے، میرے اور بھی چند دوست ہیں جو ''SAS'' (سپیشل ایئر سروس) میں خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔

جم نے کہا۔'' ہاں میں جانتا ہوں، ان سب نے مجھ سے رابطہ قائم کیا ہے۔ مالکم ایکس ایک ٹیم اکٹھی کرنا چاہتا تھا، کیونکہ بقول اس کے اسے معلوم تھا کہ گرفتاری کے بعد تمہیں کہاں رکھا گیا تھا، دیگر بہت سے لوگوں نے بھی ایسی پیشکشیں کی تھیں۔''

مجھے اس پر بے حد خوشی ہوئی، میں اس ''لمبے بارلیش'' شخص، جسے پال ایشفورڈ کے نام سے پہچانا جاتا ہے، کی خدمات پر شکر گزار تھی، لیکن اگر میں نے سابق ''ایس اے ایس'' کے سرپھرے پچھیروں کے ہاتھوں رہائی پائی ہوتی تو مجھے اس سے زیادہ خوشی ہوتی۔ وہاں کچھ'' Underworld'' (منظم جرائم اور اخلاق سوز حرکتوں پر

گزارہ کرنے والے گروہ) کے لوگ بھی تھے جو میرے لئے افغانستان کے اندر جانے کو تیار بیٹھے تھے۔ یہ بہت انوکھی حرکت ہوتی۔ کچھ "Blue Brother" کے تحت جان گروہ بھی طالبان سے ٹکر مول لینے کے لئے بے چین ہو رہے تھے۔

کار میں کافی قہقہے لگتے رہے اور اخباری گپیں ہانکی جاتی رہیں۔ لیکن مجھے بعد میں پتہ چلا کہ میری گرفتاری نے مجھے بہت نقصان پہنچایا تھا۔ میں نے جلال آباد میں طالبان کی قیدی کے طور پر جو پہلا اتوار گزارا تھا، اس روز جم کو گھر پر ایک دوست کی ٹیلی فون کال موصول ہوئی اس میں اس نے کہا تھا.... "خبر اچھی نہیں ہے، اے میرے یار، ہم نے ابھی ابھی سنا ہے کہ منگل کی صبح مقامی چوک میں اس کا سر قلم ہونے والا ہے۔"

فون کرنے والا، ایک "باخبر" انسان تھا اور اس نے یہ فون خیر خواہی کے جذبے کے تحت کیا تھا، لیکن معلوم نہیں کہ یہ پیغام مجھے موصول ہوتا تو میرا ردعمل کیا ہوتا۔ ایک اور دوست نے جس نے جم سے رابطہ قائم کیا، کہا کہ کابل سے میری تفتیش کے لئے بھیجا گیا سکواڈ، دراصل ایک اذیتی سکواڈ ہے اس عذاب کی کوئی تاب ہی نہیں لاسکتا، کہ بتاتا پھرے اس کے ساتھ کیا بیتی۔ اس نے اسے یہ بات بذریعہ ای میل بتائی تھی۔

کرائسس سنٹر کا قیام

میرے عرصہ قید کے دوران جم نے ڈیسک کا کام چھوڑ کر ایک "کرائسس سنٹر" سنبھال لیا جہاں وہ میرے متعلق آنے اور جانے والی اطلاعات کو مربوط کر رہا تھا۔ انہیں اس سلسلے میں بھی بڑی تشویش یہ تھی کہ طالبان کو کہیں میرے آرمی رکارڈ سے متعلق کوئی بھنک نہ مل جائے، اور انہیں یہ اطلاع ملنا بھی بے حد خطرناک ثابت ہوتا کہ میری ایک شادی ایک اسرائیلی سے بھی ہوئی تھی۔

مجھے یہ بھی معلوم ہوا کہ رابکہ وڈ جو صحافت میں میری طرح عورتوں کی بانی ارکان میں سے ہے، اس نے متعدد ایڈیٹروں سے رابطہ قائم کر کے ان سے کہا کہ وہ میری بحفاظت واپسی تک خبروں میں میرا تذکرہ جاری رکھیں۔ "آبزرور" کی "باربرا کونیل" اور "ٹریی میکوے" اور گارڈین کی "ہیلن کارٹر" نے میری اسیری کے حوالے سے ڈوننگ سٹریٹ میں شمعیں روشن کرنے کے لئے ایک تنظیم بنادی جسے بعد ازاں ملک بھر کی صحافی عورتوں کی آشیرباد حاصل ہوگئی۔

"جولیا ہارٹلے بریور" (GHB) لیبر پارٹی کانفرنس میں اپنے سیاسی دوستوں اور رابطہ کاروں سے باقاعدہ جھگڑا کیا اور میرے خیال میں میری چچا "جولز" نے بھی لیبر پارٹی سے میری رہائی کی کوششوں میں معاونت حاصل کی، میرے یہ چچا ٹرانسپورٹ اینڈ جنرل ورکرز یونین کے ریجنل سربراہ رہ چکے تھے، اس کے لئے ان کا اس پارٹی میں خاص اثر تھا۔ ارکان پارلیمنٹ کی ایک بڑی تعداد نے طالبان کو خطوط لکھے کہ وہ ازراہ ترحم مجھے رہا کر دیں۔ جبکہ نیشنل یونین آف جرنلسٹس اور برٹش ایسوسی ایشن آف جرنلسٹس نے بھی میری رہائی کے لئے آواز اٹھائی۔ جب جم نے مجھے ان مساعی سے آگاہ کیا تو شدت جذبات سے میری آنکھیں نم ہوگئیں۔ میرے دل میں اپنے دوستوں اور رفقائے کار کی عزت دو چند ہوگئی اور تشکر کے جذبات نے جنم لیا لیکن ان کے اظہار کے لئے میرے پاس الفاظ ہی نہیں تھے۔

بین الاقوامی منظر کے بارے میں میری رائے یہ ہے کہ فلسطینی دہشت گرد احمد جبریل نے مداخلت کی تھی اور جمہوریہ تازقستان کے صدر نور سلطان نذر بایوف نے بھی دباؤ ڈالا تھا۔ منوخر الذکر میرے ایک دوست جان میپس کی وجہ سے مدد کو آیا تھا۔ ان کے آپس کے تعلقات کی وجہ یہ تھی کہ جان میپس نے ایک تازقستانی بیلے ڈانسر "ارینا" سے شادی کر رکھی تھی، ایک اور ساتھی یان لنچ نے، جس کے ساتھ میں کارلٹن ٹی وی پر کام کر چکی تھی، ویب سائٹ کے ذریعے برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر سے درخواست کی تھی کہ وہ یوآنے رڈلے کے مسئلے کو اپنے ایجنڈے پر سرفہرست رکھے اور اسے جلد از جلد رہا کرانے کی کوشش کرے۔ اس درخواست کے الفاظ یہ تھے: "یوآنے صرف اپنے صحافتی فرائض انجام دے رہی تھی، وہ افغانستان میں ایک انسانی بحران کی رپورٹنگ کے لئے گئی تھی جہاں اسے گرفتار کر لیا گیا۔"

اس کی آستینوں میں اور بھی کئی خفیہ منصوبے تھے مگر فارن آفس نے اس سے براہ راست رابطہ قائم کر کے اسے سمجھا دیا تھا کہ رڈلے کو اتنی زیادہ پبلسٹی دینے سے معاملہ بگڑ بھی سکتا ہے کیونکہ اس سے طالبان یہ سمجھنے لگیں گے کہ میں بہت اہم شخصیت ہوں، اس لئے وہ مجھے سودا بازی کا ذریعہ بنانے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں، یہ سوچ بالکل بجا تھی۔

حکمرانوں کے منہ پر طمانچہ

جم مرے نے، میری ماں کی ورلڈ میڈیا کو روزمرہ کے بریفنگ کی کہانیاں سنا سنا کر مجھے دم بخود کر دیا۔ میڈیا اس سے کاؤنٹی ڈرہم (ویسٹ پیلٹن) میں اس کے گھر رابطہ قائم کرتا تھا۔ فارن آفس اسے اس سے باز رکھنے کی کوشش

تھی، اس خط میں کوسوو پر بمباری بند کرنے کی استدعا کی گئی تھی، اس پر اسے ڈاؤننگ سٹریٹ سے جواب ملا تو وہ خوشی سے پھولے نہیں سماتی تھی۔ تین دن بعد جب بمباری بند ہوگئی تو اس کے اعتماد کو مزید تقویت ملی۔ پچھلے برس اس نے ''Dome'' دیکھنے کے بعد جب سنا کہ یہ بند ہونے والا ہے، اس نے پھر وزیراعظم کو خط لکھ دیا۔ اس کا پرائیویٹ خط پُراسرار طور پر گلوبل میڈیا میں چھپ گیا جس پر متعدد تبصرے شائع ہوئے۔

جیسے میں پہلے کہہ چکی ہوں، میری ماں ان کے منصوبوں میں دوسرے نمبر پر ایک کلیدی کھلاڑی تھی۔ جیمز اور ٹیڈ نے اسے سلیح جویانہ انداز میں آواز میں ایسا زیروبم پیدا کرنے کی تربیت دی جو طالبان کے دلوں کو موم بنا کر رکھ دے۔

انہوں نے انٹرنیشنل ٹیلی ویژن اور ریڈیو کے انٹرویوز کے سلسلے کا بھی انتظام کیا، جن میں میری ماں نے طالبان کا بے حد احترام سے ذکر کیا اور انہیں بھوت پریت کہنے کی غلطی سے پوری طرح احتراز کیا۔

کہا" ہم ایک چھت تلے جمع ہوں تو دس منٹ کے لئے بھی دنگا فساد کے بغیر نہیں رہ سکتے۔" میں نے کسی قدر تمسخر سے کام لیتے ہوئے کہا۔

ماں اور باپ سے پھر ملاقات ہونے سے بے پناہ خوشی ہوئی مگر وہ کچھ تھکے تھکے لگ رہے تھے۔ میری رہائی کے اگلے روز میرا رفیق کار "گیرتھ کرکمر" (گلا ئیو کا بیٹا) انہیں گھر کے باہر منتظر پریس کے ہجوم کے نرغے میں سے، زندہ دلانہ انداز میں نکال لایا تھا۔ درجنوں رپورٹر خالی مکان کے سامنے پورے بارہ گھنٹے بیٹھے انتظار کرتے رہے تھے کیونکہ ان سے بات چیت گارڈن گیت کی بریفنگ ختم ہونے کے بعد ہی ہوسکتی تھی۔

میری بھانجی بیانکا وہیں تھی، اسی طرح میری بہن جل اپنے پارٹنر پال بیلے کے ساتھ موجود تھی، پھر ویا اور میں، ہم سات تھیں۔ ہم نے کانسٹن کے قریب ایک "پب" میں اکٹھے کھانا کھایا اور پھر دور افتادہ کاٹیج میں واپس آگئیں۔

پھر اتفاقاً میں اپنی دو بہنوں کے ساتھ رہ گئی اور مجھے اعتراف ہے کہ ہم آپس میں چپک گئیں اور اس اتفاق پر خوب کھلکھلا کر ہنسیں۔ پھر جل کے ایک سوال سے ایسے محسوس ہوا کہ اس نے مجھے زمین پر پٹخ مارا ہے، اس نے پوچھا تھا۔ "جب تم نے سوچا کہ تمہیں ہلاک کیا جا رہا ہے تو تمہارے خیال میں وہ یہ کام کیسے کرتے؟" ایسا منہ پھٹ گنواروں جیسا سوال! وہاں کے سنگ دل ترین شخص نے بھی مجھ سے نہیں پوچھا تھا۔

اگلی صبح میں اور ویو، آنکھیں ملتی ہوئی بمشکل اٹھ سکیں، اور بستر سے نکل کر سیدھی کچن میں جا پہنچیں، جہاں میرا باپ بیکن سینڈوچ بنا رہا تھا جو بہت مزیدار تیار ہوئے تھے۔ مجھے اپنے باپ کی اس مہارت پر بڑی حیرانی ہوئی کہ کوئی چیز اتنی سادہ ہو اور پھر اس قدر لذیذ بھی ہو۔

بعد ازاں "مانچسٹر ایکسپریس" کے فوٹوگرافر سٹوورٹ میسن نے میرے والدین سے دوبارہ ملنے اور کھیتوں میں ان کے ہمراہ ٹہلنے کی تصاویر بنائیں اور پھر سب ادھر ادھر نکل گئے۔ مجھے اور جم کو موقع مل گیا کہ ہم اس "سنڈے" کے لئے اپنی خفیہ ڈائریوں سے متعلق باتیں کریں، جس کی مدد سے مجھے مواد تیار کرنا تھا۔

میں نے اسے بتایا کہ "میں نے طالبان سے بھی کہا تھا کہ میں غلیظ جگہوں پر نہیں رہ سکتی اور مضافاتی ماحول بھی مجھے گوارا نہیں، پلیز مجھے یہاں سے نکالو" وہ جانتا تھا کہ میں سبزہ زاروں میں وقت گزارنے والے بریگیڈ کا حصہ نہیں ہوں۔ مجھ سے میری بہترین صلاحیتوں کے مطابق کام لینا ہے تو ہمیں شہر کا رخ کرنا ہوگا۔

چنانچہ میں نے امی ابو سے رخصت لی اور ہماری پارٹی مانچسٹر کے لئے روانہ ہوگئی۔ اس نے مجھے ہوٹل میں "پریزیڈنشل سوئٹ" دلوا کر کمپوٹر سیٹ کر دیا، اور میں نے جمعرات کو اپنی ڈائریوں کا متن ٹائپ کرنا شروع کر دیا۔

جیسا کہ میں پہلے بتا چکی ہوں کہ میں نے نوٹس (notes) ٹوتھ پیسٹ کے ڈبے کی اندرونی جانب تاریخ وار لکھے تھے کیونکہ جلال آباد میں مجھے کاغذ وغیرہ اپنے پاس رکھنے کی اجازت نہیں تھی۔ لیکن جب کابل جیل میں لائی گئی تو وہاں "شیلٹر" کی ایڈورکر لڑکیوں نے کچھ کاغذ دیدیئے۔ میں نے یہ چھپا کر رکھے ہوئے تھے اور ان پر اشاراتی زبان میں نوٹس لکھتی گئی اور وقت اور تاریخیں بھی درج کرتی رہی۔ وہاں سے رہا ہوئی تو ان نوٹس کو اپنی نیکر کے اندر گھسیٹ لیا، ساتھ ہی کیتھی کی طرف سے اس کے بھائی اینڈریاز کے نام لکھا ہوا خط بھی ڈال لیا، اس کا بھائی "ہینوور" (جرمنی) میں رہتا ہے۔ ٹوتھ پیسٹ کے ڈبے کو انگیا کے اندر محفوظ کر لیا، جس میں کچھ اور نوٹس اور کاغذ کے چند اور ٹکڑے بھی ڈالے ہوئے تھے۔

تہلکہ خیز سٹوری کی اشاعت

جمعہ کی سہ پہر تک میں نے بارہ ہزار الفاظ پر مشتمل ڈائری مرتب کر لی جو سنڈے ایکسپریس کے کئی صفحات پر پھیلی ہوئی تھی اور دنیا کے چالیس سے زائد ممالک کے اخبارات اور جرائد میں چھپ گئی۔

ڈیزی اپنے ماموں بل براؤن کے ہمراہ پہنچی اور ہم سب نے اس رات ہوٹل میں ڈنر کھایا۔ جب ہم سب میرے کمرے میں پہنچے تو ڈیزی بے حد خوش اور نازاں تھی، وہ ہوٹلوں میں قیام کی بہت شوقین ہے۔ ہم عموماً بیڈ پر لیٹ کر ٹی وی پر فلم دیکھتے ہیں لیکن اس روز تھکاوٹ اتنی تھی کہ سب سو گئے۔ بیڈ کنگ سائز کا تھا پھر بھی وہ کھسکتے کھسکتے میرے ساتھ آ چمٹی تھی۔ مجھے یہ بہت اچھا لگا اور محسوس ہوا کہ وہ میرے لئے کتنی بڑی ڈھارس ہے۔

اگلے دن کا آغاز بہت سست رفتاری سے ہوا، مجھے سویرے جاگنا بڑا ناگوار گزرتا ہے، لیکن ڈیزی بے چینی سے بستر پر اچھل کود کر رہی تھی۔ اس کی بے چینی کی وجہ یہ تھی کہ بل نے اس سے وعدہ کر رکھا تھا وہ اسے بلیک پول کے فن فیئر میں لے جائے گا۔ میرا دل خود بھی چاہ رہا تھا کہ میں ان کے ساتھ جاؤں کیونکہ میں بلیک پول کبھی نہیں جا سکتی تھی، مجھے معلوم ہے کہ ڈیزی میلے کے گراؤنڈ میں جھولوں اور سواری کی کتنی شوقین ہے۔

میں وہاں جانے کی بجائے "ویو" کو ساتھ لے کر لندن کے لئے روانہ ہوگئی۔ جب کار بلیک فرئیرز کے پل پر سے گزرنے لگی تو میں کچھ جذباتی ہوگئی ایسا محسوس ہونے لگا کہ یہ میری نظروں سے اوجھل ہونے والا ہے۔ "ویو" نے کہا۔ "دیکھو اب تمہیں جذباتی پن چھوڑ دینا چاہیے۔" یہ پرانا خاکستری رنگ کا "لمبا ٹکا" ہراساں کرتا ہوا دکھائی

باب نمبر 47

اگلے آٹھ دنوں وہ اسی طرز کی زبان و بیان سے کام لیتی رہی۔ جیمز اور ٹیڈ میری ماں سے صبح کے وقت دن بھر کے لئے لائحہ عمل طے کرنے اور اس روز کے لئے مجوزہ تھیم پر تبادلہ خیال کرتے اور چاشت کے وقت نیوز سٹوری آگے منتقل کر دیتے۔ اس طرح اوورسیز میڈیا سے فون کالوں کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہو جاتا۔ ماں بتاتی ہے کہ جیمز دن بھر اس کے ساتھ رابطے میں رہتا اور ''یوآنے رڈلے شو'' کو موثر تر بنانے اور نئے نئے زاویے تلاش کرنے میں مصروف رہتا تھا۔ ماں کو ہدایت کی گئی کہ وہ ٹیلی فون کے پاس تین رائٹنگ پیڈز رکھے، ہر آنے والی کال کو ٹیپ ریکارڈ کرے، اور ٹیلی ویژن پیڈ، ریڈیو پیڈ یا نیوز پیپر پیڈ پر ان کا اندراج کرے۔

دوسری ''رننگ سٹوریز'' جن میں موضوع ہی اصل ایجنڈا ہوتا ہے، یہ معاملہ ان کے بالکل برعکس تھا، یہاں جیمز اور ٹیڈ، ڈھول کی الگ الگ تھاپ پر مارچ کرنے لگے۔ ان کی مہم کے آغاز ہی سے ان کی میڈیا سے متعلقہ مساعی کا صرف ایک ہی مقصد ہوتا تھا، یعنی طالبان سے استدعا کرنا کہ وہ مجھے چھوڑ دیں۔

انٹرنیشنل پریس کے نمائندے جو گروہ در گروہ، میرے والدین کے گھر کے سامنے کیمپ لگائے رکھتے تھے وہ میری امی سے بھی باقاعدہ بلیٹنز کے اجرا کی توقع کرتے رہتے تھے۔ جیمز اور ٹیڈ اس کی مسلسل کوچنگ کرتے رہتے تاکہ وہ جو کچھ کہے، اس کی غلط تعبیر ممکن نہ رہے۔ شروع میں میری جلد رہائی ممکن دکھائی دے رہی تھی مگر جب سے انہوں نے میرے بارے میں جاسوسی کا لفظ استعمال شروع کر دیا تو صورت حال خراب ہو گئی۔

ٹیڈ نے مجھے بعد میں بتایا کہ فارن آفس کی کارکردگی سے میرے خاندان کی مایوسی نے طالبان کے سامنے ان کے پیش کردہ کیس کو کافی تقویت دی تھی اور اس نے ان کو اپنی حکومت پر عدم اعتماد سے آگاہ کرتے ہوئے مجھے گرفتار کرنے والوں پر میرے خاندان کے بھروسے کا حوالہ دیا تاکہ ان کے اندر ہمدردی کا جذبہ جگایا جا سکے۔ لیکن میری ماں کی کارکردگی موثر نہ ہوتی تو ان کا کام غیر موثر ہو کر رہ جاتا۔

جم مرے نے مجھ سے پوچھا کہ ''جیمز ہنٹ کون ہے''

میں ہنسی اور کہا ''یہ وہ آدمی ہے، جو کسی پر سایہ فگن نہیں ہوتا اس لئے یہ بات نہ ہی پوچھو تو اچھا ہے۔''

جب ہم لیک ڈسٹرکٹ کے قریب پہنچے تو میں نے جم سے کہا کہ مجھے میری بیٹی سے نجی ملاقات کی اجازت دو کیونکہ میں نہیں چاہتی اسے آئندہ کبھی ''استعمال'' کیا جا سکے۔

میں نے سکول میں کال کر کے اجازت مانگی کہ اگر میں گھنٹے بھر کے لئے بیٹی کے پاس ٹھہروں تو کیا کوئی ہرج نہیں سمجھا جائے گا۔

یہ ایک جادوئی لمحہ تھا۔ ان کے بورڈنگ ہاؤس سے لیک ونڈرمیر کا خوبصورت منظر دکھائی دیتا ہے۔ جب میں دروازے کے قریب پہنچی تو بچوں کی چہل پہل اور ان کی ہنسی اور قہقہوں کی آوازیں سنائی دینے لگیں۔ ایک ٹیچر نے مجھے کارنر کی طرف جانے کا اشارہ کیا، جونہی میں وہاں پہنچی ڈیزی عین اسی وقت باتھ روم میں سے برآمد ہوئی۔ اس کے کنڈیالے بال گیلے تھے اور اس کے رخساروں پر تازگی اور ہلکی گلابی تمتماہٹ نمایاں تھی۔ مجھ پر نظر پڑتے ہی وہ بازو اٹھائے دوڑتی ہوئی آئی اور میرے گلے کے گرد بازو حمائل کر کے اپنی ٹانگیں میرے گرد لپیٹ لیں۔ میں اسے اٹھائے ہوئے اس کے بیڈ روم میں لے گئی اور ہم بیڈ پر ایک دوسری کے ساتھ چمٹی ہوئی بیٹھی رہیں۔ پھر اس نے چند ایک سسکیاں لیں اور میں نے پوچھا کہ کیا تم مجھ سے ناراض ہو۔ ''نہیں مجھے پتہ ہے کہ یہ آپ کی جاب ہے، مگر آپ ایسی حماقت کیوں کر بیٹھیں کہ اپنا پاسپورٹ ہی بھول گئیں۔

ہم کچھ دیر باتیں کرتی رہیں، میں نے اس بات پر افسوس ظاہر کیا کہ میں اس کی سالگرہ میں شرکت سے محروم رہی۔ ''البتہ میں جس کمرے میں تھی میں نے وہاں تمہارے برتھ ڈے کا گیت گایا تھا۔'' اس نے اپنی ان براؤن آنکھوں سے مجھے دیکھتے ہوئے کہا۔ ''میں جانتی ہوں، آپ کی آواز مجھے سنائی دے گئی تھی۔'' پھر اس نے مجھے اپنی پوئیری بک دکھائی اور وہ نظمیں پڑھ کر سنائیں جو اس نے خود لکھی تھیں۔

اس کے بیڈ روم کی دیوار برتھ ڈے کارڈز سے ڈھکی ہوئی تھیں۔ میں نے پوچھا تقریب کیسی رہی تھی۔ اس نے بتایا ''زبردست اور شاندار، مجھے ڈھیروں تحفے ملے، حقیقی تحفے، اور ہر کوئی میرے ساتھ جڑ کر بیٹھنا چاہتا تھا، میرا خیال ہے کہ یہ سب اس وجہ سے تھا کہ آپ موجود نہ تھیں، وہ آپ کی عدم موجودگی کی تلافی کرنا چاہتے تھے۔''

ایک گھنٹے کے بعد، ایک دوسری سے گلے مل کر اور بوسے لے کر میں یہ وعدہ کر کے وہاں سے نکلی کہ آئندہ اسے بتائے بغیر کبھی بیرون ملک نہیں جاؤں گی اور یہ وعدہ بھی کیا کہ ویک اینڈ پر پھر ملنے آؤں گی۔ وہ مسکرائی اور دوڑتی ہوئی اپنی کھیلنے میں مصروف دوستوں کے پاس جا پہنچی۔

سپیس کروزر گاڑی واپس آ گئی اور ہم کانسٹن کے قریب لول لینگڈیل میں ایک دور افتادہ فارم ہاؤس کے لئے روانہ ہو گئے۔ جم نے بتایا کہ ساری رڈلے فیملی اس وقت وہاں موجود ہو گی۔ میں نے خوفزدہ ہو کر اس کی طرف دیکھا اور

دے رہا تھا اور مجھ پر ایسے لمحات گزر چکے تھے کہ میں سوچتی تھی اس عظیم الشان پل کو میں دوبارہ کبھی نہیں دیکھ پاؤں گی۔

جب میں نیوز روم میں پہنچی تو تمام شناسا چہروں کو دوبارہ دیکھنا بڑا عجب لگا۔ ان کے تاثرات کو دیکھ کر اندازہ ہو رہا تھا کہ میرے رفقائے کار میں سے بعض کا گمان تھا کہ وہ مجھے دوبارہ کبھی نہیں دیکھ پائیں گے۔

مارٹن ناؤن سینڈ قریب آیا تو میں اس کا وزن کم ہو جانے کی طرف اشارہ کئے بغیر نہ رہ سکی۔ اس نے کہا "ہم جہنم رسید ہو گئے تھے بہر حال بچ نکلے۔" پھر میں نے اپنی ای میل چیک کی تو چار سو سے زائد پیغامات موجود تھے، ان میں سے بیشتر خوشگوار تھے لیکن تین بے حد ناگوار نکلے۔ اسی حساب سے میں نے ان کا جواب لکھ دیا، اور ان تین ناگوار پیغامات کا بھی اخبار کے ڈائری پیج پر حوالہ دے دیا۔

میری وائس میل مشین بھی فل تھی، اس لئے میں نے سارے پیغامات سنے۔ زیادہ تر دوستوں اور خیر خواہوں کی طرف سے تھے، اور کچھ "انٹرنیشنل تھرڈ پوزیشن" کے فاشسٹ گروپ کی جانب سے گھناؤنے پیغامات بھی تھے۔ میں مسکرا دی، مگر دل میں فیصلہ کر لیا کہ ان نازی حرامزادوں کو مزا چکھانا بہت ضروری ہو گیا ہے۔

اس رات شراب خانے میں بہت بلا گلا تھا، زبردست قہقہے لگ رہے تھے۔ "میڈ ہیٹر پب" کے مینیجر نے بھی تر نگ میں آ کر کہا کہ میں اس کے پب کی تیار کردہ سستی شراب کی پیشکش کرتا ہوں۔ اس پر میرے دوستوں میں سے بعض نے مصنوعی غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا، جاؤ دفع ہو جاؤ، ایک اکھڑ قسم کے دوست "ستو کرشا" نے اپنے مخصوص لہجے میں کہا۔ "یہ دو ہفتے کی سیر کے لئے افغانستان گئی اس کی خوشی میں وہ شراب کا ایک گلاس پینے لگی ہے تم یہاں بیٹھے بٹھائے مفت شراب کیوں بانٹ رہے ہو۔"

اس ویک اینڈ پر میں نے اخباروں کے تراشے پڑھنے شروع کر دیئے، جو مجھے دکھانے کے لئے دوستوں نے محفوظ رکھے ہوئے تھے۔ ایسا تو کبھی کبھار ہی ہوتا ہے کہ کسی کو اپنے تعزیت نامے پڑھنے کا موقع مل جائے مگر مجھے مل گیا تھا۔ ان دوستوں نے جن کے لئے میری واپسی متوقع نہیں تھی بڑے رقت انگیز تعزیتی جملے لکھے تھے۔ سب سے بہترین تعزیت نامہ "ویلز آن سنڈے" کے چیف رپورٹر مارٹن شپٹن کا تھا۔

کے لئے وقت لے لیا۔اس وقت وہ سات ماہ کے حمل سے تھی،اوراس سے یہ پوچھنے کے لئے دمشق پہنچی کہ کیا"لاکربی" کے فضائی حادثے میں اس کی تنظیم کا ہاتھ تھا؟

جب وہ 1993ء میں "ویلز آن سنڈے" کی ڈپٹی ایڈیٹر کا عہدہ سنبھالنے کے لئے کارڈف میں منتقل ہوئی تو داؤد کے ساتھ اس کے تعلقات شدید دباؤ کا شکار ہوگئے۔اس کے آئے ہوئے تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ اس وقت کے ایڈیٹر کی بیماری کی یہ تشخیص ہوئی کہ اسے کینسر لاحق ہوگیا ہے،جس پر اس نے طویل چھٹی لے لی۔ایڈیٹر کا چارج سنبھالنے کے بعد وہ ایسا کرتی کہ کام نمٹانے کے بعد ہفتے کے روز لمبا سفر کر کے نیو کیسل جا پہنچتی جہاں داؤد اور ڈیزی رہتے تھے اور پیر کی سہ پہر کو واپس آجاتی۔

اگست 1995ء میں یوآنے، ویلز کو چھوڑ کر ایک نیا کیرئیر شروع کرنے کے لئے فلیٹ سٹریٹ پہنچ گئی، جہاں اس نے کونا گون اخباروں میں کام کیا،شروع میں اسے کچھ بدقسمتیوں سے بھی سابقہ پڑا،اس نے مردوں کی فوقیت پر مبنی معاشرے کی اذیتیں برداشت کیں اور علاقائی ذہنیت رکھنے والے صحافیوں کی تحقیر کا بھی شکار رہی۔اس کی اس وقت بھی سخت حوصلہ شکنی ہوئی جب ایک نیوز ایڈیٹر نے سیرالیون میں غیر قانونی اسلحہ کی فروخت کے بارے میں اس کی بنائی ہوئی خبر کا تمسخر اڑایا۔چند ہفتوں کے بعد اسے کہا گیا کہ وہ سٹاف کے ایک رکن کی خاطر اپنی نوٹ بک خالی کردے، جس نے بالآخر وہی خبر خود بنالی تھی۔

تاہم پچھلے سال سے اس نے "سنڈے ایکسپریس" کو اپنے لئے ایک محفوظ ٹھکانہ بنا رکھا تھا متعدد بلاشرکت غیرے خبریں (exclusives) لانے کی وجہ سے چیف رپورٹر کے عہدے پر ترقی پا چکی تھی۔داؤد کے ساتھ اس کے تعلقات افسوسناک طور پر ختم ہوگئے اور ایک اور شادی بھی ناکام ہو چکی تھی اور وہ آجکل کسی پارٹنر کے بغیر رہ رہی تھی۔

جیسا کہ وہ پہلے کرتی رہی ہے،وہ اپنے پیشے کی خاطر اپنی جان کو کسی بھی خطرے سے دوچار کر دیتی تھی،یہ ہر مشکل کو اپنے لئے چیلنج سمجھتی تھی، لیکن اسے جو مشکل اب پیش آئی تھی، اتنی سخت کوئی بھی نہ تھی۔

یوآنے ماضی میں بچک کر سابقہ حالت میں واپس آنے کے متعدد مظاہرے کر چکی تھی، مجھے امید تھی کہ وہ بہت جلد اپنی زندگی کی عظیم ترین سٹوری لکھنے کی پوزیشن میں واپس جائے گی۔مگر.........

بعد ازاں میں نے مارٹن شپٹن سے بات کی تو اس نے کہا کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ اسے مجھ سے دوبارہ مل سکنے یا گفتگو کا موقع ملنے کی کوئی امید نہیں تھی۔

ذیل میں فری لانس جرنلسٹ جان سوینے کے تعریفی الفاظ پڑھیے:

جلال آباد میں طالبان کی جیل میں رائے سٹریٹ فیرگلڈن جیسے ماحول کی توقع تو نہیں کی جاسکتی مگر میں شرط لگا سکتا ہوں کہ تھوڑی بہت رشوت دیدی جاتی تو اس کی ٹیلی فون پر گھر سے بات چیت بآسانی ہوجاتی۔

ہر قیمت پر خبر کریدلانے والی "آبزور" کیا یہ نازصحافی ایک تاریک کمرے میں بند ہے اور وہاں طالبان کی مہمان کے طور پر وقت گزار رہی ہے۔

طالبان نے یوآنے رڈلے کو اس کے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران پکڑا تھا۔وہ مکمل طور پر ایک صحافی تھی، اگر وہ جیسا کہ الزام لگایا گیا ہے کہ برٹش سپیشل فورسز کے لئے کام رہی تھی،تو پھر میں ایک مرغابی ہوں۔

تقریباً دو ہفتے ہوگئے ہیں کہ اس کی نہ آواز سنی اور نہ شکل دکھائی دی، پتہ چلا کہ اسے سنڈے ایکسپریس کے لئے کام کرتے ہوئے گرفتار کرلیا گیا ہے۔اس وقت سے اس کی 9 سالہ بچی ڈیزی ماں کی آواز سننے کو ترس گئی ہے۔ہوسکتا ہے کہ بعض لوگ کہتے ہوں کہ خبروں کے لئے اتنا بڑا خطرہ مول لے لینے اور طالبان کی جیل میں وقت گزارنے پر تیار ہوجانا، پاگل پن تھا۔

لیکن چائے اور نمکین بسکٹوں کی قیمت کے رپورٹروں نے کبھی کوئی قابل ذکر کام نہیں کیا۔میرے قابل احترام رفیق کار، بی بی سی ورلڈ افیرز کے ایڈیٹر جان سمپسن نے کئی بار عورت کا لباس پہنا اور برقع اوڑھ کر افغانستان میں داخل ہوا اور خبریں لے کر آتا رہا۔اسے کوئی قابل اعتراض سمجھتا ہے تو سمجھتا رہے۔لیکن اس نے اس لئے جان کا خطرہ مول لیا کہ یہ اس کے پیشے کا تقاضا تھا۔

میں نے اپنے کیرئیر میں جیسا کہ یہ ہے، کئی بار خود کو لارڈ سوینے، ظاہر کیا پھر ایک چیچن باشندے، ایک انجینئر، چڑیا گھر کے منتظم، اور ایک تھیٹریکل ایجنٹ کا روپ دھارا اور ایک بار تو میں نے خود کو صدر "بوپھوتھاٹسوانہ" (اس نام کا کوئی ملک نہیں پایا جاتا) ظاہر کر کے پروٹوکول لے لیا اور مطلوبہ خبریں حاصل کرلیں یہ ایک لمبی اور دلچسپ کہانی ہے۔

ایک دفعہ ڈیوبرونیک (جنوب مغربی یوگوسلاویہ) کے محاصرے سے باہر نکلنے کے لئے میں کشتی کے زنانہ ٹائلٹ میں چھپ گیا، اگر سرب مجھے گرفتار کرلیتے، کس کو پتہ ہے کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا۔

باب نمبر 48

رقّت انگیز تعزیت نامے

اسی طرح ایک فری لانس جرنلسٹ جان سوینے نے ایک تعزیت نامہ لکھا، وہ چھپ نہ سکا تھا تاہم آج ہم اسے پڑھ سکتے ہیں۔ پہلے مارٹن شیٹن کا تعزیت نامہ پڑھیے:

''جب جمعے کی سہ پہر کو مجھے بتایا گیا کہ یوآنے رڈلے افغانستان میں گرفتار کر لی گئی ہے تو مجھے ذرہ بھر بھی حیرت نہیں ہوئی۔ ان 24 برسوں میں، جب سے پہلی بار ہماری ملاقات ہوئی، ہم دونوں شمال مشرقی انگلینڈ میں زیر تربیت رپورٹر ہوا کرتے تھے وہ ہمیشہ خطرات مول لیتی رہی ہے اور اکثر صرف بال بال بچتی رہی ہے۔

امید ہے کہ اس کی تقدیر اسے اس منحوس گھڑی میں بھی ثابت قدم رکھے گی۔ یوآنے، 1970ء کے عشرے کے آخری سالوں میں ''ویک اینڈ'' سکولوں میں زیر تربیت نوجوانوں میں سے تھی، ہم میں سے زیادہ تر وہ پرعزم لوگ تھے جو برطانیہ بھر کی یونیورسٹیوں کے گریجویٹ تھے اور صحافت کو ایک مشن سمجھ کر اس میں داخل ہونا چاہتے تھے۔

یوآنے، یونیورسٹی سے ہوتی ہوئی نہیں آئی تھی اور اسے میڈیا کے تخیلاتی تصورات سے کوئی دلچسپی نہیں تھی، وہ صرف صحافی بننے کی تربیت حاصل کرنا چاہتی تھی تاکہ وہ غیر معمولی اطلاعات حاصل کرے، ان کے بارے میں لکھے اور ایسا کرتے ہوئے لطف اٹھائے۔

وہ پارٹیوں میں آپے سے باہر ہو جانے والا جانور تھی، جو اپنی ذاتی کشش و جاذبیت کا مظاہرہ کرتی ہوئی چوٹی پر جا پہنچتی تھی۔ وہ رت جگے کرتی اور بالآخر زیادہ شراب پی کر میز کے نیچے ڈھیر ہو جانے والے مردوں کو جگاتی اور ناشتے کے لئے چکنائی بھرے چمچوں والی کیفے میں پہنچا دیتی تھی۔

اس کے کیرئیر کا ابتدائی حصہ شمال مشرق کے گونا گون اخباروں ''سٹیلے نیوز''، ''ناردرن ایکو''، ''دی جرنل'' اور ''سنڈے سن'' میں کام کرتے گزرا۔ 1980ء کے عشرے میں نیوکیسل اس کی اقلیم (Domain) بن گیا، جہاں اس نے سطح زمین کے نیچے اتر کر اس شہر کے منظم جرائم کے احوال کو منظر عام پر لانا، اپنا ایک معمول بنا لیا۔ اس نے منشیات کی تجارت اور اس میں ملوث مجرموں کی پشت پناہی کرنے والوں کے راز فاش کئے اور ان کی باہمی چپقلشوں کی کہانیاں بھی لکھیں۔

کئی بار میں بھی اس کے ہمراہ اس پراسرار دنیا میں گھوما پھرا ہوں، وہ بڑی بے تکلفی سے ان لوگوں میں گھل مل جاتی تھی جن کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ وہ مقامی جتھوں کے لیڈر ہیں۔ وہ اس میں بے پناہ کشش پاتے اور اسے اپنے قریب تر لانے کی کوشش کرتے، غالباً اس لئے کہ یہ اپنے جنسی حسن کو بروئے کار لانے میں ذرا بھی نہیں جھجکتی تھی اور ثابت کر دیتی تھی۔ کہ اسے کسی کا خوف نہیں ہے۔

1980ء کے عشرے کے آخری حصے میں اس کے لئے ایک ایسی سٹوری میں دلچسپی پیدا ہو گئی، جو اس کے لئے نہایت خطرناک نتائج کی حامل تھی۔ چند سال پہلے شمال مشرق سے تعلق رکھنے والا ''ایان ڈیویسن'' نامی شخص جو کسی خاص وجہ کے بغیر باغی بنا ہوا تھا، تنظیم آزادی فلسطین (پی ایل او) میں شامل ہو گیا، تنظیم نے اسے ایک مشن دے کر قبرص بھیج دیا، جہاں اس نے پی ایل او کے چند دوسرے ارکان کی مدد سے ایک کشتی اغوا کر لی اور اس میں سوار تین یہودیوں کو قتل کر دیا جو مبینہ طور پر اسرائیل کی انٹیلی جنس سروس موساد کے کارکن تھے۔

ڈیویسن قبرص میں قید کے دن کاٹ رہا تھا اور یوآنے جیل میں جا کر اس کا خصوصی انٹرویو کرنا چاہتی تھی، اس تک رسائی حاصل کرنے کے لئے اسے نکوشیا میں پی ایل او کے سفارت خانے سے ربط وضبط قائم کرنا پڑا جس میں اس کی کشش اور جاذبیت نے مطلوبہ نتائج پیدا کئے اور وہ ڈیویسن سے انٹرویو لینے میں کامیاب ہو گئی۔ اس میں بھی اس کے لئے زیادہ اہم بات یہ تھی کہ وہ پی ایل او کے کرنل داؤد زارورہ کی محبت میں گرفتار ہو گئی اور وہ قبرص چھوڑ کر اس کے ساتھ رہنے کے لئے نیوکیسل چلا آیا جس سے اس کے ہاں بیٹی، ڈیزی پیدا ہو گئی اور وہ آنے والے بدھ کے روز پورے 9 سال کی ہو جائے گی۔

داؤد زارورہ نے کچھ عرصے کے لئے اپنا نام انگریزوں سے مشابہ ''ڈیوڈ'' رکھ لیا۔ اس سے ملاقات ہونے تک یوآنے رڈلے کی ذاتی زندگی بے لگام گھوڑی کی سی تھی، اس سے پہلے وہ دو ناکام شادیوں اور متعدد غیر تسلی بخش تعلقات کے تجربوں سے دوچار ہو چکی تھی۔ اسے صرف اپنے کام میں محنت وانہماک ہی میں سکون ملتا تھا۔

داؤد کے ساتھ گزرنے والے وقت نے اسے ایک نئے استحکام کے حصول میں مدد دی۔ وہ نیوکیسل میں ہی آباد ہو گیا جہاں وہ اب ''نارتھ آف انگلینڈ ریفیوجی سروس'' کے چیف ایگزیکٹو کے طور پر کام کر رہا ہے۔ یہ بہت ذہین اور مہذب شخص ہے جو پی ایل او کے زیر قبضہ لبنانی حصے میں کچھ عرصہ نہایت مؤثر کمان کرتا رہا، اس کے پاس اتنی ہی وافر سٹوریز تھیں جتنی یوآنے کے پاس ہوں گی۔

یوآنے نے داؤد کے رابطوں کے ذریعے پی ایل او کے پاپولر فرنٹ کے سربراہ احمد جبریل سے ایک خصوصی انٹرویو

گارڈین کی رپورٹر اور میری دوست میگی او کین بسوں میں بوسینا آتی جاتی تھی اور خود کو محض ایک ہاؤس وائف ظاہر کرتی تھی، وہ اس امید پر پاسپورٹ کو کمر کے پیچھے چھپالیتی تھی کہ پاسپورٹ کسی نے چیک کرنا ہے۔
1990ء میں ایک بارسٹالنسٹ البانیہ کی سرحد پر 17 افراد کو روک لیا گیا وہ الیرین آثار قدیمہ کا دورہ کرنے کے متمنی تھے، ان سترہ میں ایک تھیٹریکل ایجنٹ، ایک ماہر تعمیرات، ایک فینسی گڈز کا سیلز مین، میں، میگی اور سکائی نیوز کا کیمرہ مین بھی شامل تھا۔ تمام اچھے رپورٹرز خطرات مول لیا کرتے ہیں، یوآنے خواہ مخواہ پکڑی گئی۔
میں اسے اس وقت سے اچھی طرح جانتا ہوں جب ہم دونوں ''آبزور'' میں ہوتے تھے۔ یہ دنیا کا قدیم ترین اور عمدہ ترین اخبار چلا آرہا ہے، اور 1791ء سے داستان طرازی کا بزنس کررہا ہے اور یوآنے ایک ہنسوڑ داستان گو ہے۔
وہ کوچ پر سامعین میں گھری ہوئی بیٹھ کر کہانیاں سنایا کرتی تھی جو اخبارات کے مالکان کے ساتھ اس کی تازہ ترین جھڑپوں سے متعلق ہوتیں یا اس کی حیرت انگیز محبتوں بھری زندگی کی دلچسپ روئدادیں ہوتی تھیں۔
وہ انگلستان کے شمال مشرقی خطے سے تعلق رکھتی تھی اور اس کی تعلیم، کہنے والوں کے مطابق، عملی زندگی کے تجربات سے اخذ شدہ تھی غرور اس میں نام کو بھی نہیں تھا اور اسے ہمہ دانی کا دعویٰ بھی نہیں رہا۔ لیکن بعض اوقات ثقافتی حوالہ سے غیر متوقع صورتحال سے دو چار ہو جاتی تھی۔ ''آبزور'' کے دفتر میں ایک کمپیوٹر فائل ہے جسے ''کوٹ کوٹ'' (quot quot) کہتے ہیں۔ یہ چند ''شرمندہ کن الفاظ'' کی ایک فہرست ہے۔ ایک آپ نے بھی ایسا جملہ بولا ہو جو کسی قدر احمقانہ معلوم ہوتا ہو تو اس ''کوٹ کوٹ'' کی فہرست پر نظر دوڑایئے تو اس میں سے اخذ کرنے کے لئے یوآنے کے بارے میں میرا پسندیدہ ترین جملہ یہ ہوگا''یوآنے کو سنڈے ٹائمز کے کلچرل سیکشن کو نہ پڑھنے سے بہت سے فائدے حاصل ہوئے تھے۔ یہ سفید شراب تھی، اسی لئے خطرناک تھی، مگر اس کا دل خالص سونا تھا۔'' مجھے اب بھی سنائی دے رہا ہے کہ وہ ایک کہانی کے پیچ کھول رہی ہے، اس کے سامعین روتے روتے قہقہے بھی بکھیر رہے ہیں۔ وہ بدقسمتی کی ظالم دستکوں کا ذکر کرتے ہوئے بتا رہی ہے کہ وہ کس طرح راستے سے ہٹ کر زد میں آنے سے بچ گئی تھی۔
آبزروز کی پارٹیاں کچھ پر تصنع ہوتی ہیں۔ ایک دفعہ وہ ایک اپنے رفیق کار کی لکھی ہوئی کتاب کی تعارفی تقریب میں ایک ایسے شخص کے ساتھ آئی جس نے اس کا بازو تھاما ہوا تھا اور وہ غالباً سارے انگلینڈ مشہور (اور بدنام) ترین دم پھینک آدمی تھا۔
یوآنے ایک ورلڈ کلاس کردار ہے جس نے سارا میلہ لوٹ لیا ہے۔ میرے کان میں جب پہلی بار اس کے پکڑے جانے کی خبر پڑی، مجھے اچانک ایک دھچکا لگا، پھر میں مسکرا دیا۔ بعد ازاں اس کے حلقہ یاراں میں سے، ایک کو میں نے ای میل کی، وہ آبزرور بہترنا یٹ لائر ہے، الفاظ یہ تھے: ''مجھے طالبان پر ترس آتا ہے۔''
ہمیں امید ہے کہ طالبان ہوش کے ناخن لیں گے اور ہماری رفیق کار کا جلد رہا کر دیں گے۔ دریں اثنا یہ اپنی جگہ کی بات ہے اور بہت اہم نقطہ ہے کہ صحافی جنونی حرکتیں کیوں کرتے ہیں؟ بلاشبہ ہم بہترین سٹوریز پیش کرنا چاہتے ہیں، اور ایسی سٹوریز وہ ہیں جنہیں کہ طاقتور لوگ، جو خطرناک حرکتوں کے مرتکب ہوتے ہیں، ان کی تشہیر نہیں چاہتے۔
اور اے یوآنے اگر کسی طلسم کی مدد سے افغانستان میں اپنی جیل کی کوٹھڑی میں بیٹھی ہوئی تم میری باتیں سن رہی ہو تو جان لو کہ تمہارے تمام دوست جانتے ہیں کہ جو کچھ تم نے کیا، وہ کیوں کیا ہے؟ ہم شدید انتظار میں ہیں کہ تمہارے تازہ ترین حالات کا کچھ پتہ چل سکے۔
دونوں خراج عقیدت یا خیر خواہانہ تحریریں متاثر کن ہیں، لیکن مجھے یہ کہنے سے خوشی ہو رہی ہے کہ میں ایک کڑی آزمائش میں سے زندہ سلامت نکل آئی ہوں اور مجھے آج سب کچھ بتانے کا موقع مل گیا ہے۔ یہ میری کہانی کا صرف اختتام ہو سکتا تھا اور اس کتاب کا بھی اچھا انجام ہو سکتا تھا، لیکن واقعات کا ایک تسلسل ہے جس نے مجھے بہت مغموم اور افسردہ کر کے رکھ دیا ہے۔

ہوئی تھی۔
میں چیخ اٹھی" یہ کیسی بے ہودگی ہے، اگر افغانستان کے اندر داخل ہوتے وقت اپنا پاسپورٹ تک لے کر نہیں گئی تو اسرائیلی دستاویزات لے کر کیوں اندر جاتی؟" ناصر مسکرایا اور پھر فاتحانہ انداز میں میری، ہرموش (میں اب بھی اس کے نام کا پہلا جزو استعمال کرنا برداشت نہیں کرتی) اور ڈیزی کی وہ تصویر نکال دکھائی جو کشتی میں سفر کے دوران کھینچی گئی تھی۔ وہ بولا "یہ ایران کے ایک دریا میں اس وقت کھینچی گئی تھی جب آپ لوگ غیر قانونی طور پر ملک میں داخل ہوئے تھے۔" میرا منہ حیرت سے کھلے کا کھلا رہ گیا تب مجھے یاد آیا کہ میری گرفتاری کے کئی دن بعد طالبان کے تفتیش کاروں نے کہا تھا کہ ان کے پاس اس امر کی شہادت موجود ہے کہ میں ایران میں رہ چکی ہوں۔
میں سوچ میں پڑ گئی، یہ کون تھا جو میری تصویر بنانے میں اس تندہی سے لگا ہوا تھا؟ میں نے تصویر پر ایک اور نظر ڈالی اور مسکرا کر کہا کہ یہ اکتوبر 1998 میں جنوبی وارویک شائر (انگلینڈ) کے قصبہ "سٹریٹفورڈ اپن ایون" کے دریائے "ایون" میں کھینچی گئی تھی۔ میری طبیعت اتنی مکدر رہوئی کہ قے آتی ہوئی محسوس ہوئی۔ پھر میں نے ذہن پر زور ڈالا کہ یہ تصویریں میں نے کہاں رکھی تھی؟ یاد آیا کہ یہ میں نے "سوہو" میں اپنے نئے فلیٹ کی سب سے اوپر کی دراز میں ڈال دی تھی۔
یہ تصاویر بننے کے چند ہفتوں کے بعد میں نے اپنے شوہر نمبر 3 کو دھکے مار کر نکال دیا تھا۔ اور یہ اس کے جانے کے بہت بعد تک ڈیولپ نہیں کرائی گئی تھیں۔ تو پھر میرے فلیٹ میں کون رہا تھا؟ پھر مجھے لوہار کی وہ بات یاد آئی جو اس نے میری بہن سے کہی تھی۔ اس سے میں اپنے دل میں شدید بے چینی محسوس کرنے لگی۔
ناصر اس وقت اس کتے کی مانند تھا جس کے منہ میں ہڈی پکڑی ہوئی ہو۔ پھر اس نے کہا "ہمارا خیال ہے کہ یہ یقیناً انٹیلی جنس کی فراہم کردہ ہیں، ہم پر ان تصاویر کی بوچھاڑ کر دی گئی تھی لیکن ہمیں معلوم نہیں تھا کہ ان میں کچھ جعلی ہیں یا نہیں ہیں۔ یہ فائل دراصل قطر میں ہمارے ہیڈ کوارٹر کو بھیجی گئی تھیں پھر وہاں سے مجھے بذریعہ ای میل اور فیکس موصول ہوئیں۔
"یہ کام بڑی محنت اور سرگرمی سے کیا گیا ہے، ہمیں یہ بھی معلوم ہے کہ غالباً طالبان انٹیلی جنس کے پاس بھی یہی فائل ہے، یہ بہت پیچیدہ معاملہ ہے، اس کا مقصد یا تو تمہیں استعمال کرنا یا پھنسانا تھا، دونوں میں سے کوئی بھی صورت ہوتی اس کے نتائج بہت سنگین ہونا تھے۔"
میں نے سوچا، "سنگین نتائج" محض نرم سی بات ہے، اس کا اصل مقصد تو فوراً پھانسی تھا۔ میں نے چند ایسے دوستوں اور رابطہ کاروں کو فون کئے جن کا جاسوسی کی گھناؤنی دنیا سے تعلق تھا یا وہ اس سے رابطہ رکھتے تھے، اور انہیں ساری صورت حال سے مطلع کر دیا۔ میرے وائٹ ہال (حکومت برطانیہ کے دفاتر) کے اندر کام کرنے والے ایک رابطہ کار نے کہا "یہ سب کچھ امریکن انٹیلی جنس کی کارستانی ہے، اوہ میرے خدا، اگر آپ وہاں سے تابوت میں گھر آتیں تو رائے عامہ فوری طور پر طالبان پر بمباری کے حق میں ہو جاتی۔ تاہم یو آنے، میں اسے ذاتی طور پر نہیں لیتا" یہ کہہ کر وہ ہنس دیا۔ وہ تو یہی کہہ سکتا تھا مگر میں کہتی ہوں کہ یہ گھناؤنا فعل، برطانوی انٹیلی جنس، موساد یا کسی اور غیر ملکی ایجنسی کا بھی تو ہو سکتا تھا۔
پھر مجھے چیسٹر فیلڈ کے لیبر رکن پارلیمنٹ ٹونی بین سے اپنی وہ گفتگو یاد آئی جو بی بی سی کے "بریک فاسٹ ود فراسٹ" شو کے بعد ہوئی تھی۔ اس نے سنڈے ایکسپریس میں چھپی ہوئی روداد "میرا افغانستان میں گزرا ہوا وقت" بھی پڑھ لی تھی، اس نے مجھے خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے صحافت کا ایک اچھا نمونہ پیش کیا ہے اس نے کہا "تم نے افغانوں کے انسانی چہرے کو نمایاں کیا ہے جب کہ مغرب کئی ہفتوں سے انہیں شیطان کے روپ میں پیش کرنے کی کوشش کر رہا تھا، انہیں شیطانی شکل میں پیش کر کے بموں کا نشانہ بنانا آسان ترین بات تھی، تم نے بہت اچھا کیا ہے کہ اس کا بھانڈہ پھوڑ دیا ہے۔"
اس کی بات سن کر مجھے بے حد خوشی ہوئی، ٹونی بین ہمارے دور کا عظیم ترین مبلغ امن، ممتاز مقرر اور بے حد دانشمند سیاستدان ہے۔
بات بڑی واضح ہے کہ اگر وحشی طالبان مجھے اذیتیں دے دے کر ہلاک کر دیتے، اور میرے ٹوٹے ہوئے بدن کو بکس میں بند کر کے بھیج دیتے، یا الجزیرہ ٹی وی پر میری پھانسی کا منظر دکھا دیتے، مغرب کو ان کے وحشی ہونے کا ایک اور ثبوت مل جاتا۔
میں نے واپسی پر لندن میں ایک مسلم مذہبی رہنما سے مشورہ کیا تو اس نے کہا.... "اگر طالبان کو اس فائل کے مواد کے صحیح ہونے کا یقین آ جاتا تو میرے خیال میں وہ آپ کو بطور ذریعہ سودا بازی، قید ہی میں رکھ لیتے آپ کو افغانستان کے پہاڑوں میں غائب کر دیتے اور آپ سے مفید مطلب معلومات اگلوانے کی کوشش کرتے۔"
مقام شکر ہے کہ طالبان کی انٹیلی جنس کے حکام اتنے احمق نہیں تھے، مجھ پر واضح ہو گیا ہے کہ انہوں نے مجھے کیوں

باب نمبر49

مجھے جاسوس ثابت کرنے کی سازش کہاں تیار ہوئی

میرا معمول کی زندگی کی طرف لوٹ آنے کی کوشش کرنا (اگر چہ مجھے یقین نہیں کہ میری زندگی میں معمول والی کوئی بات ہے) ایک مشکل کام تھا کیونکہ مجھے احساس ہے کہ یہ اب بھی ایک ادھوری اور ناقص (unfinished) کار گزاری ہے۔میری گرفتاری نے اس خطے میں میرے کام میں رخنہ ڈال دیا اور افغانستان سے میری واپسی، جو بالآخر ہو ہی گئی، بہت تیز رفتار تھی۔ جب کہ پاکستان سے میری روانگی بھی اسی عجلت میں ہوئی۔مجھ سے اتنا بھی نہ ہو سکا کہ میں پاشا کو مناسب طریقے سے الوداعی کلمات کہتی۔

میرے لئے حالات کے مطابق ڈھلنا بہت مشکل رہا ہے، ہر کوئی جانتا ہے کہ میڈیا کے شعبے میں کیا ہو رہا ہے، میری زندگی میں سے دس دن غائب ہو چکے ہیں۔ میں اب بھی اس تصویری معمے کی خالی جگہوں کو پُر کرنے کی کوشش کر رہی ہوں۔

بعض جگہیں قہقہہ آور تھیں۔ جب میں نے اپنے بارے میں سپیشل فورسز کی رکن ہونے کے متعلق چھپنے والی خبریں پڑھیں تو ان میں پھکڑ پن کے سوا کچھ بھی نہ تھا۔ میں یہ پڑھ کر بھی محظوظ ہوئی کہ طالبان نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ میں سپیشل فورسز میں سے ہوں۔ میں تو ''SAS'' کا میٹریل ہی نہیں ہوں، خاص طور پر جب تم اس بات پر غور کرتے کہ میں ایک ہی جگہ بیٹھ کر کتنے ہی سگریٹ پھونک دیا کرتی ہوں۔تاہم طالبان کے حوالہ سے مجھ پر جاسوسی کے الزام کی تشہیر بہت سنگین اور امکانی پر ایک تباہ کن بات تھی۔

اخبارات کے دفاتر میں افواہ سازی اور ظریفانہ کہانیاں گھڑنا ایک عام بات ہے مگر بعض اوقات یہ افواہیں بہت شر انگیز اور سفاکانہ روپ اختیار کر لیتی ہیں۔ ایسے ظالمانہ مذاق کرنے والوں میں ایک قابل ذکر شخص ''ڈیلی ایکسپریس'' کا انتھونی مچل تھا۔ جب اس کی خفیہ شادی کے منصوبے کی بھنک نیوز روم میں ملی تو وہ بہت غضبناک ہوا تھا اور جب اس پر یہ انکشاف ہوا کہ مجھ تک یہ لذیذ گپ، گریگ سوفٹ (Swift) نے پہنچائی ہے تو وہ مزید طیش میں آ گیا۔ میں نے فوری طور پر پادری کو فون کیا تھا کہ اس بارے میں کچھ مزید معلومات حاصل ہو جائیں۔انتھونی مچل کو اس کا پتہ چلا تو اس کے دل میں رنجش گھر کر گئی اور اس نے ہمیں کبھی معاف نہیں کیا۔ افغانستان میں میری گرفتاری کے دوران گریگ سوفٹ ہی شمالی اتحاد کی لائنوں سے جنگ کی خبریں حاصل کر رہا تھا۔

انتھونی نے جب کہا کہ ''میرا دل تو اس وقت خوش ہو گا جب سوفٹ کو گولی آ لگے گی''۔ اس پر دفتر میں قہقہوں کا لاوا پھوٹ پڑا کہ اس نے اپنی رنجش کا کیسے اظہار کیا ہے۔ واہ رے انتھونی!

دو تہذیبوں کا اصل فرق

ان دلچسپ حکایتوں کے ماحول اور دس دن تک طالبان کی طرف سے انتہائی احترام اور پر شفقت برتاؤ سے ہونے والی میری خوشی اس وقت غارت ہو کر رہ گئی جب میں لندن میں ایک سیاہ کیب میں سوار ہوئی۔ اس کے ڈرائیور نے جو ''ایسٹ اینڈ'' کا رہنے والا تھا، اخبارات میں چھپنے والی تصاویر کی وجہ سے مجھے پہچان لیا۔اور بولا

''کیا تم وہی چڑیا ہو جسے طالبان نے اپنے پنجرے میں بند کر دیا تھا؟'' میں نے ہاں میں سر ہلایا تو اس نے کہا،''تو کیا انہوں نے تجھ سے جنسی فعل کیا؟'' میں نے نفی میں سر ہلایا تو وہ بولا ''مجھے بالکل یقین نہیں آتا۔اگر میں وہاں ہوتا تو تجھے بھنبھوڑ کر رکھ دیتا۔'' مجھے اپنے کانوں پر یقین نہ آیا۔میرے خیال وہ سمجھ رہا تھا کہ وہ میرے حسن کو خراج تحسین پیش کر رہا ہے۔۔۔۔ مہذب دنیا میں واپسی خوش آمدید، یوآنے ... میں سوچتی رہ گئی۔ یہ تھا فرق دونوں تہذیبوں میں۔

اس معمے کے بعض اجزاء بلا شبہ نظروں سے اوجھل رہیں گے۔ اور بعض اجزاء کے بارے میں سوچتی ہوں کہ کاش میں انہیں نہ اٹھاتی اور نہ ہی اس تصویر میں جوڑتی۔ مثال کے طور پر ایک گروہ نے کراؤن پلازا میں میرے کمرے میں گھس کر بعض چیزیں اٹھا لیں، جن میں میری ''ایجنٹ پرووکیٹر پرفیوم'' بھی شامل تھی۔ ڈینس رائس نے جو ڈیلی ایکسپریس میں کام کرتا ہے، میرے واپس آنے کے بعد مجھے بتایا کہ میرے ہوٹل بیڈروم میں داخل ہوتے وقت ڈیوڈ سمتھ کے آگے آگے اٹلین ٹیلی ویژن کا عملہ تھا۔لیکن مجھے جو خاکہ بتایا گیا، اس سے معلوم ہوتا تھا کہ اٹالینوں کے آگے آگے کوئی اور تھا۔

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ طالبان کے پردے میں یہ کوئی اور گروہ پاکستان میں کام کر رہا ہو، یا صحافیوں ہی کا کوئی گروہ اس صورت حال سے فائدہ اٹھا رہا ہو۔ میں نے انہیں اپنے کمرے کا نمبر اس لئے بتا دیا تھا کہ میرے پاس چھپانے کے لئے کوئی چیز نہیں تھی۔ میرے کمرے سے نہ رقم نکالی گئی اور نہ کریڈٹ کارڈ اٹھایا گیا، میرا پاسپورٹ بھی جہاں تھا وہیں پڑا رہا۔ میرے رابطہ کاروں کے ناموں والی نوٹ بک اٹھا لی گئی اور بعض کاغذات بھی اوپر نیچے کر دیئے گئے۔علاوہ ازیں میرا بیڈ جو میں نے نکلتے وقت تہہ کر دیا تھا، وہ بھی پیچھے ہٹا ہوا تھا اور اس کی تلاشی لی گئی تھی۔

جب میں ''سوہو'' میں اپنے فلیٹ میں واپس آئی تو ''ویو'' نے کہا کہ وہ یہاں داخل ہوگئی تھی کیونکہ کسی کو کوئی پتہ نہیں تھا کہ میں کب تک قید رہوں گی۔ اس نے ایک لوہار کو بلوایا تھا، جس نے تالے بدلنے کے 70 پاؤنڈ کا کوٹیشن دیا تھا لیکن جب وہ وہاں پہنچا تو اسے سیڑھیوں کے نیچے کے دو سیکورٹی تالوں اور سیڑھیوں کے اوپر میرے فلیٹ کے تین تالوں کی توقع نہیں تھی۔ چنانچہ ایکسپریس نیوز پیپرز نے اصل کوٹیشن کے تقریباً پانچ گنا زائد مزدوری ادا کی۔ ویو نے کہا ''میں نے پہلے ایسی بات کبھی نہیں دیکھی''لوہار سرجن کی طرح کام کر رہا تھا، وہ اندر داخل ہونے کے لئے تاریں اور شیشے استعمال کر رہا تھا، یقین نہیں آتا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ جب سیڑھیوں سے اوپر تمہارے فلیٹ کے دروازے پر پہنچا تو پھر کچھ تاریں استعمال کیں اور ہر تالے کو کھولنے کے لئے کئی چیمبرز توڑے، اس نے مجھے بتایا کہ شاید تم سے پہلے اس کی چابیاں گم ہوگئی تھیں۔ کیونکہ یہاں کوئی اور یہی کچھ کرتا رہا ہے جو وہ اب کر رہا ہے۔''

میں نے اسے یہیں فوراً روکا اور کہا کہ سٹوری مجھے پھر سے سناؤ''لیکن ویو میں یہاں ایک سال سے زائد عرصہ سے رہ رہی ہوں، میں نے اس کے تالے بدلوائے تھے مجھ پر باہر سے تالا کبھی بند نہیں ہوا۔''

میرے لئے اس سے ایک نئی تشویش شروع ہوگئی۔ میں نے لوہار سے اپنی پریشانی کا اظہار کیا لیکن وہ کسی خاص سمت میں میری رہنمائی نہ کر سکا۔

اس روز ڈینس نے مجھے بتایا کہ ٹیلی وین کے الجزیرہ چینل نے ایران میں میری، ڈیزی اور ہرموش کی تصویر دکھائی تھی، مجھے پہلے تو اس پر ہنسی آئی، پھر میں نے اس کے نتائج پر غور کیا۔ پتہ نہیں طالبان نے وہ بلیٹین دیکھے تھے یا نہیں۔ الجزیرہ کو ان دنوں بڑی پذیرائی حاصل ہو رہی تھی۔ اس لئے کہ اس پر دکھائے جانے والے اسامہ بن لادن کے انٹرویوز اور مسلمانوں کے خلاف جنگ کے باعث نہ صرف مسلمانوں بلکہ لاکھوں دیگر افراد کے لئے بھی اسے دیکھنا ضروری ہوگیا تھا۔ افغانستان میں ٹی وی کی ویسے تو ممانعت ہے پھر بھی حکمران طالبان نے اسے دیکھنے کا انتظام کر رکھا ہے۔

میں الجزیرہ چینل والوں پر بہت برہم ہوئی تھی کیونکہ اس سے تو میری جان پر بن سکتی تھی۔ طالبان جاسوسی کا شبہ ہو جانے پر کبھی کسی کو معاف نہیں کرتے۔ وہ مجھے بہ آسانی ٹینک کی توپ کے ساتھ لٹکا کر پھانسی دیدی اور دوسروں کی عبرت کے لئے لاش سارا شہر پھراتے۔

میرے اصل دشمن کون تھے

میں نے فوراً ٹی وی سٹیشن کے قطر ہیڈ کوارٹر کو فون کر کے چیف ایڈیٹر سے کہا''میں صرف یہ جاننا چاہتی ہوں کہ آپ نے مجھے پھانسی چڑھوانے کی کیوں کوشش کی تھی آپ نے اوپر تلے دو بلیٹنز میں مجھے اتنے بڑے بڑے ایکسپوژر کیوں دیئے تھے اور پھر آپ نے بلیٹنز اچانک کیوں روک کے تھے؟''

اس نے انکشاف کیا کہ الجزیرہ کو دو انتہائی مستند دکھائی دینے والی دستاویزات موصول ہوئی تھیں جن میں میرے جاسوس ہونے کا قوی امکان موجود تھا چنانچہ انہوں نے سٹوری چلانے کا فیصلہ کر لیا جب کہ لندن کے حکام نے بھی اس کی مزید چھان بین کر لی تھی۔ اس نے مجھ سے پوچھا کہ کیا میں ایک انٹرویو دے دوں گی، میں فوراً رضا مند ہوگئی تاکہ میں اپنا کام کلیئر کرا لوں اور اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ تھی کہ مجھے ان دستاویزات پر ایک نظر ڈالنے کا موقع مل جائے گا۔

کئی دن بعد میں الجزیرہ کے دفاتر میں، جو لندن سے کچھ دور کا نیٹسبرج میں واقع ہیں، جرنلسٹ ناصر بدری سے ملی، اس سے بات چیت کے دوران مجھے اندازہ ہوا کہ اسے واقعی میرے جاسوس ہونے کا شبہ تھا۔ جب ہم سیڑھیوں سے اوپر چڑھے تو میری سانس پھول چکی تھی، میں نے ناصر سے کہا کہ تم نے میری سانس کی کیفیت دیکھ لی ہے، کیا میں تمہاری نظر میں واقعی سپیشل فورسز سے تعلق رکھتی ہوں، یا جاسوس ہوں۔ وہ مسکرا دیا اس پر میں نے سمجھا کہ اسے قائل کرنا تو واقعی کافی مشکل کام ہوگا۔

ہم باتیں کرنے کے لئے بیٹھ گئے، اس نے مجھے ان دستاویزات کی فوٹو کاپیاں دیں جن میں ایک حد تک مستند معلومات پائی جاتی تھیں۔ اندرون ملک کے ٹیکس گوشوارے بالکل اصلی معلوم ہوتے تھے۔ لیکن میری سالانہ آمدنی تین گنا زیادہ ظاہر کی گئی تھی۔

لندن کے ڈاک لینڈز میں میرے سابق گھر کی دستاویز ملکیت اور ایک سرٹیفکیٹ سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ مکان 5 لاکھ پاؤنڈز میں فروخت کیا گیا تھا جب کہ اصل میں وہ 2 لاکھ 20 ہزار پاؤنڈز میں بکا تھا۔ ناصر نے مجھے ایک اسرائیلی پاسپورٹ کی فوٹو کاپی دی جو در اصل میرے شوہر نمبر 3 کا پاسپورٹ تھا اور یہ بالکل اصلی دکھائی دیتا تھا۔

پھر اس کے پاس موساد کا کوڈ نمبر اور ایک شناختی کارڈ تھا اور اس کے دعوے کے مطابق وہ بھی میرے سابق شوہر ہی کا تھا۔ یہ دستاویزات اس کے کہنے کے مطابق مجھ سے اس وقت برآمد ہوئیں جب میں طالبان کے ہاتھوں گرفتار

رہا کیا۔ میرے خیال میں طالبان انٹیلی جنس آفیسر نے محسوس کر لیا تھا کہ مغربی انٹیلی جنس انہیں فریب دے کر استعمال کرنا چاہتی ہے، وہ اس کی چال کو کامیاب نہیں ہونے دینا چاہتے تھے۔ چنانچہ جس روز امریکہ اور برطانیہ نے کابل پر پچاس کروز میزائل پھینکے، لوگ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ اس کے اگلے ہی دن مجھے افغانستان سے نکال کر باہر کر دیا گیا۔ ملا عمر نے مجھے انسانی بنیادوں پر رہا کرنے کے پروانے پر دستخط کر دیئے۔ یہ دراصل ایک آنکھ والے روحانی لیڈر کی طرف سے مغرب کو دو انگلیوں کا ایک سلیوٹ تھا۔

ایسا نہیں ہوا کہ مجھ پر کسی قسم کی آنچ نہ آئی ہو، طالبان نے ایک بیان میں میڈیا سے کہا تھا کہ میں بہت تنک چڑھی، گستاخ، اور ضدی عورت ہوں، میرا خیال ہے کہ میرے بارڈر کراس کر جانے پر انہیں بھی اتنا ہی سکون محسوس ہوا ہوگا جتنا کہ مجھے نصیب ہوا تھا۔

تاہم میرے اخبار کی طرف سے فراہم کردہ شہادت کو دوسرے شواہد سے زیادہ وزن پا کر وہ اس نتیجے پر پہنچ چکے تھے کہ میں ایک صحافی ہوں اور سیکریٹ ایجنٹ ہرگز نہیں ہوں۔ انہوں نے پال ڈیفورڈ کے ساتھ ایک مسلمان کے طور پر وعدہ کیا تھا کہ میرا صحافی ہونے کا یقین حاصل ہونے کے ساتھ ہی میری رہائی عمل میں آ جائے گی۔ چنانچہ وعدہ پورا کر دیا گیا۔

باب نمبر 50

اسلام کے مطالعے کا وعدہ

میں نے بھی جو وعدہ کیا تھا، میں اس پر سختی سے قائم ہوں ۔ میں نے طالبان کے ایک عالم سے، جس نے مجھ سے پوچھا تھا کہ کیا میں مسلمان ہونا چاہتی ہوں، وعدہ کیا تھا کہ میں لندن واپس جا کر مذہب اسلام کا مطالعہ کر کے کوئی فیصلہ کروں گی ۔ طالبان نے اپنا وعدہ پورا کیا اور میں بھی اپنا پورا کر دکھاؤں گی ۔

چنانچہ میں لندن میں مسلم کالج کے سربراہ ڈاکٹر ذکی بداوی سے مل چکی ہوں ۔ یہ کالج مسلمانوں کے لئے پوسٹ گریجویٹ سطح کا ایک مشہور ادارہ ہے، ڈاکٹر بداوی نے مجھے اسلام کو سمجھنے کے لئے مزید معلومات فراہم کرنے کی پیشکش کی، اس کے لئے میں اس کی بہت شکر گزار ہوں ۔ اسلام ایک پر کشش اور گرویدہ کن مذہب ہے، دوسرے مذاہب کی طرح اس میں بھی بہت سی عمدہ باتیں ہیں ۔

اگر میں نے ان سب واقعات سے کچھ سیکھا ہے تو وہ یہ ہے کہ دوسروں کی نادانی اور بے علمی کو بھی حوصلے سے برداشت کیا جانا چاہیے ۔ جب میں انگلینڈ میں واپس پہنچی، میڈیا کے بعض طبقے مجھ سے پہلوتہی کر رہے تھے، بعض وشنام طرازی بلکہ کھلم کھلے کے معاندانہ رویئے کا مظاہرہ کر رہے تھے ۔ کالم نگار خواتین اپنے اپنے گوشۂ عافیت میں بیٹھی اپنے ناخنوں کو پالش کرتے کرتے مجھے بطور ایک ماں، بطور صحافی اور بطور ایک عورت ادائیگی فرض کا درس دے رہی تھیں ۔ ان کا بڑھتا ہوا غصہ اوران کا گر جنا ہر سنا کابل کی جمعہ مارکیٹ کے لئے ہرگز بے جا نہ ہوتا ۔

انگلینڈ اور سکاٹ لینڈ کے تمام کونوں میں چلائے جانے قلموں میں سے لعن طعن اور دشنام کے نا قابل یقین فوارے چھوٹ رہے تھے، البتہ جو لوگ مجھے صحیح طور پر جانتے تھے ان کی طرف سے چند آرٹیکل میری حمایت میں بھی لکھے گئے، حتیٰ کہ تلخ نوائی میں عام طور مشہور اور بعض اوقات کھلم کھلا ظالمانہ کردار ادا کرنے والا جریدہ ''پرائیویٹ آئی'' میری حمایت میں اٹھ کھڑا ہوا ۔

میں نے واپسی پر برطانوی صحافی خواتین کے سالانہ اجلاس میں اپنی جوروداد قفس سنائی، اس سے بیشتر حاضرین کے دلوں میں میرے لئے اچھے تاثرات پیدا ہوئے لیکن چند بد ذوق عورتوں کا ردعمل بڑا مختلف تھا انہوں نے مجھے الفاظ کے ذریعے سنگسار کرنا شروع کر دیا کہ یہ وہاں صحافت کی کونسی خدمت کرنے گئی تھی ۔ میں نے اس وقت محسوس کیا کہ بعض لوگوں جن میں عورتوں کی تعداد زیادہ تھی، کی دلی خواہش تھی کہ وہاں مجھ پر جنسی حملے کئے جاتے یا کسی اور طرح تشدد کا نشانہ بنتی اور تابوت میں بند ہو کر وطن واپس آتی ۔ تو ان سے مفید صحافتی خدمات کا سرٹیفکیٹ پا لیتی ۔

طالبان کے شریفانہ سلوک کا اعتراف

میں نے اجلاس میں کہا کہ'' طالبان نے مجھ سے بہت شریفانہ سلوک کیا، میں ان کی بے حد شکر گزار ہوں اگر وہ میرے ناخن کھینچ ڈالتے، مجھے ٹھنڈے یخ پانی میں ڈبکیاں دیتے، گرم سلاخوں سے میرا بدن داغتے تو یہ عورتیں شاید یہ سن کر بہت خوش ہوتیں ۔'' میں جانتی کہ طالبان افغان عورتوں سے خوفناک سلوک روا رکھتے ہیں لیکن میں نہیں سمجھتی کہ اگر شمالی اتحاد کے لوگ برسر اقتدار آگئے تو وہ عورتوں سے کوئی بہتر سلوک کریں گے، انسانی حقوق کے حوالے سے تو ان کا ریکارڈ بھی اتنا ہی ہولناک ہے ۔ افغانستان کی پوری آبادی نسواں جس بدحالی سے دوچار ہے ۔ اس کی ذمہ داری مجھ پر تو نہیں ڈالی جا سکتی ۔''

ایک رات ٹی وی پر میرے خلاف شدید زہر افشانی کی جا رہی تھی ۔ بات میرے قوت برداشت سے بڑھ گئی تو میں میڈیا کے مصر اور ''مرر'' کے سابق ایڈیٹر رائے گرینز لینڈ سے، جسے میں سال ہا سال سے جانتی ہوں، فون پر کہا کہ آپ کے خیال میں مجھ پر کوڑے برسانے کا یہ سلسلہ کب تک جاری رہے گا ۔

اس نے کہا...... ''یو آنے، یہ زیادہ تر تجارتی رقابت کا نتیجہ ہے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ تم ایکسپریس نیوز پیپرز کے لئے کام کرتی ہو، چھوڑو نظر انداز کرتی رہو ۔''

چند دن بعد میں بی بی سی کے بش ہاؤس کی طرف جا رہی تھی، ایک افغان عورت تیز تیز قدم اٹھاتی ہوئے مجھ تک پہنچی اور کہا'' آپ نے جو کچھ لکھا ہے، میں آپ کی بے حد شکر گزار ہوں، اب مجھے افغانستان کی باشندہ کہلانے پر شرمندگی محسوس نہیں ہوتی ۔ آپ کی سٹوریز نے ہمیں دوبارہ انسانیت نواز بننے میں مدد دی ہے ۔''

ان چند پر تپاک جملوں نے میرے حوصلوں کو حقیقی تقویت بخشی اور میں نے محسوس کیا کہ مجھے مٹھی بھر لوگوں کے تلخ جذبات کو اپنی فکر و عمل پر ہرگز اثر انداز نہیں ہونے دینا چاہیے ۔ مجھے یہ بھی محسوس ہوا کہ میرے تحقیر کرنے والے انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں، کیا میں سارا زور ان کی زبانیں بند کرانے کے لئے لگا دوں؟ ایسا کیا تو پھر کوئی مثبت کام نہیں کر سکوں گی ۔

میں اپنی رہائی کے تقریباً دو ہفتے بعد ''سوسائٹی آف ایڈیٹرز'' کانفرنس سے خطاب کرنے بلفاسٹ پہنچی تو ''آر یو سی'' کے

چیف کانسٹیبل سرروئی فلیلنگن نے اپنی تقریر میں نہایت موثر پرائے میں میرا ذکر کیا، جب اس نے مجھے بہادر اور جرات مند صحافی قرار دیا تو میں تشکر کے جذبات سے مغلوب ہوگئی۔

جب میں کانفرنس سے خطاب کرنے کھڑی ہوئی تو میں نے ان علاقائی رپورٹروں کوخراج تحسین پیش کیا جو منشیات کے ڈیلروں اور جرائم پیشہ گروہوں اور ان کے سرپرستوں کو بے نقاب کرتے ہیں اور صبح ناشتے کی میز پر تازہ تازہ خبریں لانے کے لئے اپنی جانوں کا خطرہ مول لے لیتے ہیں۔ میں نے آئرش جرنلسٹوں کو ذاتی طور پر خراج تحسین پیش کیا جو اپنی نارمل ڈیوٹی کے لئے بھی روزانہ خطرات سے دوچار ہوتے ہیں، میں نے امرٹن اوہیگن کا خاص طور پر ذکر کیا جسے اس کی بیوی کے سامنے گولیوں سے چھلنی کر دیا گیا۔ اس نے ایک ایسے جرائم پیشہ گروہ کو بے نقاب کرنے کی مہم شروع کر رکھی تھی، جس نے حکومت کے وفاداروں کا لبادہ اوڑھ رکھا تھا اور اس کی یہ کہانی سلسلہ وار چھپ رہی تھی۔

مارٹن اوہیگن اسی روز قتل ہوا تھا جس دن میں افغانستان میں گرفتار ہوئی تھی۔ میری گرفتاری کی خبریں دنیا بھر میں شہ سرخیوں کے ساتھ شائع ہوئیں اور اس بے چارے کی بہادری اور جرات کا کوئی نوٹس نہ لیا گیا اور بعضوں نے اسے محض ایک گروہی چپقلش کا نتیجہ قرار دے کر نظر انداز کر دیا۔

میری تقریر کے بعد ''سنڈے ورلڈ'' کے نادرن ایڈیٹر جم میکڈویل نے اس اخبار کے صحافی کو شاندار خراج عقیدت پیش کرنے پر میرا شکریہ ادا کیا۔ میں مارٹن اوہیگن جیسے صحافیوں کو سلیوٹ کرتی ہوں، خدا سچ لکھنے اور برائیوں کو بے نقاب کرنے والوں کی عزت کو دوام بخشے۔ بعد ازاں بلفاسٹ کی گلیوں میں عام لوگ مجھے روک روک کر میرے ساتھ مصافحہ کر رہے تھے، یوروپا ہوٹل میں ایک نوجوان رپورٹر مجھے ملنے آیا اور کہا کہ ''برطانیہ آپ پر فخر کرتا ہے۔'' دو ادھیڑ عمر خواتین نے بھی ایسا ہی کیا۔

کانفرنس کے میزبان اور بلفاسٹ ٹیلی گراف کے ایڈیٹر ''ایڈکران'' نے مجھ سے کہا ''کیا تم جانتی ہو کہ تم دوبارہ پہلے جیسی نہیں رہ سکو گی۔ اتنی معروف ہو چکی ہو کہ بھیس بدل کر کام کرنا، ناممکن ہو جائے گا۔ اب تمہیں کوئی اور انداز اختیار کرنا ہوگا۔''

میں اس کے لفظوں پر غور کرتے کرتے افسردہ ہوگئی۔ کیونکہ یہ ایک عظیم کام ہے، میں سنڈے ایکسپریس کی چیف رپورٹر کے طور پر کام کرنے پر فخر محسوس کرتی ہوں۔ میں یقین سے نہیں کہہ سکتی کہ میں مستقبل میں کیسے کام کروں گی لیکن میرے پاس اپنے ناقدین کے لئے ایک پیغام موجود ہے۔

میرے اندر حس مزاح بدرجہ اتم موجود ہے، میں ہنستی مسکراتی رہنا چاہتی ہوں، شراب انجائے کرتی ہوں اور شیمپین سے خوب دل بہلاتی ہوں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ میں سنجیدگی کی راہ نہیں اختیار کرنا چاہتی اور کسی کو خاطر میں نہیں لاتی۔

طالبان کی قید میں گزارے ہوئے دن بہت یاد آتے ہیں۔ اس سے خدا پر میرے ایمان کو بے حد تقویت ملی ہے، میں دعاؤں کا سلسلہ جاری رکھوں گی۔ وہ دل سے نکلی ہوئی بات ضرور سنتا ہے، مجھے امید ہے کہ وہ میری بھی سنے گا۔

بعض کہتے ہیں کہ کابل جیل میں بند ''شیلٹر'' کی ایڈورکرز کے مسیحی عقیدے کی قوت ہی کا نتیجہ تھا کہ وہ تین ماہ سے صبر کے ساتھ قید کاٹ رہی تھیں۔ ان پر الزام تھا کہ وہ مسلمانوں کو مسیحیت کی طرف بلا رہی تھیں۔ ذاتی طور پر میں سمجھتی ہوں کہ انہیں قید کر لینا طالبان کی مذہبی پولیس کی ایک ناروا کارروائی تھی۔ لیکن میں یہ بھی جانتی ہوں کہ وہ خدا پر ایمان ہی کی بدولت ثابت قدم رہیں۔

اُدھر پانچ ہفتوں کی بمباری کے بعد شمالی اتحاد آگے بڑھا اور طالبان کی فوجیں، امریکہ کی بے تحاشا فضائی کارروائیوں کی تاب نہ لاکر تباہ و برباد ہوگئیں۔ جب وہ کابل سے فرار ہوئے تو پسپا ہوتے وقت آٹھ مسیحیوں کو بھی اپنے ہمراہ قندھار لے گئے ہیں جو کہ ان کا مضبوط قلعہ ہے۔

ایڈورکرز کے لیڈر جارج ٹاہمین نے جو کہ ایک تجربہ کار ایڈورکر ہے اور 16 سال سے افغانستان میں سرگرم عمل ہے کہا ''ہم بہت ڈرے ہوئے ہیں، اگر ہمیں قندھار لے گئے ہیں جو کہ ان کا مضبوط قلعہ ہے۔

ایڈورکرز کے لیڈر جارج ٹاہمین نے جو کہ ایک تجربہ کار ایڈورکر ہے اور 16 سال سے افغانستان میں سرگرم عمل ہے کہا ''ہم بہت ڈرے ہوئے ہیں، اگر ہمیں قندھار پہنچا دیا گیا تو ہم نالبا نہیں بچ سکیں گے۔'' ان کی گاڑی کو رات کے وقت ملحقہ صوبے وردک میں روک لیا گیا اور آٹھوں رات بھر بخ بستہ شپنگ کانٹینر میں ٹھٹھرتے رہے، اگلی صبح انہیں کابل کے جنوب میں 80 کلومیٹر (50 میل) دور غزنی میں پہنچا دیا گیا۔ ایک جانب انہیں حوالات میں بند کیا جا رہا تھا اور دوسری جانب امریکی جیٹ بمباری کر رہے تھے۔ جب بموں کی ''برسات'' ختم ہوئی، ان کی کوٹھڑی کا دروازہ زور سے کھلا تو ایک رائفل بردار افغان اندر آدھمکا۔

باب نمبر 51

غزنی میں ایک اور رات گزارنے کے بعد میرے سابق اسیر ساتھیوں کو تین امریکی ہیلی کاپٹروں نے جنہیں سپیشل فورسز آپریٹ کر رہی تھیں، ڈرامائی طور پر اچک لیا۔ میں جانتی ہوں کہ میں نے پیشگوئی کی تھی کہ انہیں سپیشل فورسز ڈرامائی انداز میں چھڑوالیں گی، مگر یہ خیال نہیں تھا کہ یہ کام اس پیمانے پر ہوگا۔ مجھے خاص طور پر وہ تصویر دیکھ کر خوشی ہوئی جب ہیتھر مرسر دوڑتی ہوئی اپنے باپ کے سینے سے لگ گئی، میری آنکھیں ڈبڈبا گئیں۔ اس کا باپ اسلام آباد میں بیٹھ کر اس کی رہائی کے لئے کوشاں رہا۔

اس روز میرے سر میں درد تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کی رہائی والی رات، میں حسن اتفاق سے جرمن شہر کولون میں ''شیلٹر انٹرنیشنل'' کے ڈائریکٹر ''اوڈوسٹولٹ''، کیتھی کے بھائی ''اینڈریا زجیلنک'' اور اس کی بیوی ''کاتجا'' کے ساتھ تھی۔ ہم ٹی وی ''سی این این'' پر رہائی سے متعلق اپنی توقعات اور خدشات کا اظہار کر رہے تھے۔ یہ سوچ بچار رات دیر تک جاری رہی۔ لیکن میرے کیس سے متعلقہ افراد جانتے تھے کہ افغانستان کے تیزی سے بدلتے ہوئے حالات کوئی بھی رخ اختیار کر سکتے ہیں۔

ہم ایک ٹیکسی میں اپنے ہوٹل کی طرف روانہ ہوئے۔ جب موبائل فون پر وڈوسٹولٹ (ڈائریکٹر ''شیلٹر انٹرنیشنل'') نے کال وصول کی اور کہا.... ''وہ رہا ہو گئے.... ''خوشی کا وہ احساس بڑا جادوئی اثر رکھتا تھا۔ اور میرے منہ سے وہ جملہ بے ساختہ نکل گیا جو میں خصوصی اوقات میں کہا کرتی ہوں اور میرے دوست کئی بار پہلے بھی سن چکے ہیں.... ''آؤ شیمپین لنڈھائیں۔''

ہم ہوٹل کمپلیکس میں ایک پیانو بار میں داخل ہوئے۔ میں نے جرنلسٹ پروڈیوسر ''تھیوڈہین'' کو کال کی کہ وہ فوری طور پر یہ خوشخبری نشر کرے اور بعد ازاں ہم نے اسے خوشی منانے کے لئے ہمارے ساتھ آنے کی دعوت دی۔

وہ اس پورے شو میں گرم اینٹ پر بیٹھی بلی کی مانند دکھائی دے رہا تھا، کیونکہ کسی کو معلوم نہیں تھا کہ افغانستان سے آنے والی خبریں اچھی ہیں یا بری۔ اور جیسا کہ سب نے دیکھا کہ یہ واحد خبر تھی جس میں ''اگر مگر اور ممکن ہے'' کی تکرار تھی۔

میں نے اپنی غیر حاضر دوستوں کی یاد میں جام صحت نوش کیا اور ''اوڈو'' کو بار بار میڈیا کی طرف سے موبائل پر کھینچا جاتا رہا۔ اس نے جام صحت نوش کیا اور خدا کا شکر کیا۔ مجھے واقعی یاد نہ تھا کہ شیمپین مجھے کب کب اتنی لذیذ لگی تھی، چنانچہ ہم نے تین بوتلیں مزید حلق میں اتار لیں۔

پھر ہم نے سنا کہ ''شیلٹر انٹرنیشنل'' کے سولہ افغان ملازمین بھی رہا کر دیئے گئے ہیں، وہ جمعرات کو شمالی اتحاد کی فورسز کے کابل میں داخل ہونے کے وقت چھوڑے گئے تھے۔ میں نے ''اوڈو'' کو بتایا کہ ان کی ایڈ ورکرز کو یہ بتایا گیا تھا کہ ان کے ہیلپر ملازمین کو پھانسی دی دے گئے ہے، انہیں اس اطلاع پر یقین نہیں آیا تھا اور دن میں دوبار ہونے والے اپنے اجلاسوں میں ان کے لئے دعائیں مانگتی رہتی تھیں۔

میرے ذہن میں فوراً اپنے دو گائیڈوں جان علی اور نقیب اللہ کا خیال آیا، جنہیں میں نے آخری بار کابل جیل میں دیکھا تھا، مجھے بتایا گیا تھا کہ انہیں بھی پھانسی دے دی گئی ہے۔ یہ سن کر مجھے شدید صدمہ پہنچا تھا، خدا کا شکر ہے کہ عیسائی ایڈ ورکرز کی رہائی کے 24 گھنٹے سے بھی کم وقت میں پاشا نے مجھے بتایا کہ وہ بھی رہا کر دیئے گئے ہیں۔

پاشا نے کہا ''میڈم، طالبان نے انہیں کابل جیل سے نکال کر گاڑی کے ذریعے جلال آباد پہنچا دیا تھا۔ اور یہاں بنیادی بات یہ ہے کہ ہر آدمی اپنا کفیل خود ہے، اگر آپ دشمن سے بھاگ سکتے ہیں تو آپ بالکل آزاد ہیں'' اس کے یہ الفاظ میرے کانوں کے لئے ایک موسیقی تھے۔

میں اور میر اخبار خاموشی سے منظر کے پیچھے سے ان کی رہائی کے لئے کوشاں رہے، میرے لئے یہ بہت مشکل وقت تھا کیونکہ میں نے دس دن طالبان کو یہ باور کراتے کراتے گزارے کہ یہ لوگ میرے گائیڈ نہیں ہیں۔ چنانچہ جب میں رہا ہوئی تو، میں صحافیوں کو اعتماد میں لے کر ساری سٹوری بتانے سے قاصر رہی۔ میرے خدشات بالکل بجا تھے کیونکہ بعض رپورٹروں نے میرے خلاف بدخواہی اور دشمنی کا رویہ اختیار کر رکھا تھا اور اس سے بھی اہم بات یہ تھی کہ انہیں بتا دینے سے گائیڈوں کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی تھی۔

وہ اپنے خاندانوں سے جا ملے اور بہت خوش پائے گئے تھے۔ اور میں بھی پورے وثوق سے کہتی ہوں کہ انہیں اذیتیں دیئے جانے کی جو افواہیں پھیلائی گئی تھیں، وہ مبالغہ آمیز تھیں۔ پاشا نے کہا کہ ''طالبان نے ان کے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا لیکن یہ بات ان پر واضح کر دی تھی کہ اگر تمہارے جاسوس ہونے کا یقینی ثبوت مل گیا تو تم پھانسی سے نہیں بچ سکو گے۔ اب ان میں سے ہر ایک خوش ہے''

پاشا کی طرف سے موصول ہونے والی ساری کی ساری کالیں خوشخبری نہیں تھیں۔ میری رہائی کے تین ہفتے بھی مکمل نہیں ہوئے تھے، وہ چھوٹا سا گاؤں ''کاما'' جو ضلع ''کاما'' میں واقع تھا، امریکی بمباری سے صفحہ ہستی سے نابود ہو گیا

تھا۔میں اپنے اس وقت کے احساسات کو بھول نہیں سکتی جب میں نے یہ الفاظ سنے تھے۔ ''میڈم میرے پاس آپ کے لئے ایک بہت بری خبر امریکنوں نے آپ کے گاؤں کو بموں سے اڑا دیا ہے، کاما، اب ختم ہو چکا ہے اور آپ جن لوگوں سے ملی تھیں ہلاک ہو چکے ہیں۔''

میں نے بھولی بن کر اسے کہا کہ اتفاقاً کوئی بم وہاں جا پڑے ہوں گے، اس نے احتجاجی انداز میں کہا ''لیکن میڈم پھر وہ اتفاقاً ہی مسلسل تین دن ''کاما'' پر بمباری کرتے رہے ہیں۔''

میں نے لائن بند کر دی، میرے اندر سے آنسوؤں اور آہوں کا سیلاب پھوٹ پڑا۔جس عورت نے کابل پر رات کو ہونے والی بمباری پر فاتحانہ انداز میں ''رول برطانیہ رول'' والا نغمہ الاپا تھا، آج جنگ پر لعنت بھیج رہی تھی۔ میں ''کاما'' گئی تھی اور خود دیکھ کر آئی تھی کہ اس کی کوئی فوجی یا تزویری اہمیت نہیں تھی۔

میں ماں کو کال کر کے پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ میں نے کہا ''ماں ان حرامزادوں نے میرے گاؤں ''کاما'' پر بمباری کر کے اسے تہس نہس کر دیا ہے، اب اس کا کچھ بھی باقی نہیں رہا۔'' پھر میں نے اپنے نیوز ایڈیٹر جم کو فون کیا اور ہر کسی کو، جو سن سکتا تھا، یہ اندوہناک خبر سنائی۔ میں غمزدہ تھی اور ہر کسی کو حال دل سنا رہی تھی۔

پھر میں نے پارلیمنٹ کے لیبر رکن الن سمپسن کو فون کیا جو ''لیبر اگینسٹ وار'' کمیٹی کے چیئرمین بھی ہیں اور انہیں ان دور افتادہ و پر امن گاؤں اور اس کے خوبصورت باسیوں کو راکھ بنا دیئے جانے کے اندوہناک واقعہ کی تفصیل سنائی، اسے بھی بہت غصہ آیا۔ اس نے میرے خیالات کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ میں نے جو کچھ کہا ہے بہت اہم ہے کیونکہ میرے کوئی سیاسی مقاصد نہیں ہیں اور میں جنگ کے خلاف کسی خاص پریشر گروپ سے تعلق نہیں رکھتی۔

میں ایک چشم دید گواہ تھی، میں وہاں بر سر زمین موجود تھی، میں ایسی صحافی تھی جو اس بات کی تصدیق کر رہی تھی کہ امریکن سویلین آبادی پر بمباری کر رہے تھے۔ میرے پاس لوگوں کے لئے ایک اہم پیغام تھا جو اس کے بعد میں نے کئی اجلاسوں سے خطاب کرتے ہوئے دیا اور فوجی مہم جوئی سے متعلق اپنے خدشات کا اظہار کرتی رہی۔

ابھی بے شمار کام ادھورے پڑے ہیں اور مجھے افغانستان واپس جا کر ان لوگوں کو ڈھونڈنا ہے جن سے میں نے ''کاما'' میں باتیں کی تھی، میں دعا کرتی ہوں کہ خدا کرے کہ وہ اب بھی زندہ اور سلامت ہوں۔ میں اس افغان عورت سے ایک بار پھر اپنا مذاق اڑوانا چاہتی ہوں جس نے ڈینگ ماری تھی وہ پندرہ بچوں کو جنم دے سکتی ہے۔ میں اس نوجوان لڑکی سے بھی ملنا چاہتی تھی جو ڈاکٹر بننے کی آرزو پال رہی تھی۔ اور اس نوجوان لڑکے سے بھی ملاقات کی متمنی ہوں جو میڈیکل کیئریر اختیار کرنا چاہتا تھا۔ میں جاننا چاہتی ہوں کہ کیا وہ سب زندہ ہیں۔ ایسے باہمت نوجوان اس ملک کے مستقبل کی امید ہیں جو دو عشروں سے بھی زیادہ عرصہ جنگ و جدل میں مبتلا چلا آ رہا ہے۔

میں دنیا کے بہت سے ملکوں اور شہروں کی محبت سے سرشار ہوں اور اس کی وجوہ بھی بہ آسانی بتا سکتی ہوں: نیویارک، ہیجان خیز اور ولولہ انگیز ہے، روم اور اس کا روایتی طعام، مقدس اور متبرک ہیں۔ وینس، دم بخود کر دیتا ہے، پرلیس بے حد وضع دار اور نفاست پسند ذریعہ ہے۔

افغانستان نے میرا دل لوٹ لیا ہے، یہ ایک اجاڑ، وحشی اور معاف نہ کرنے والا ملک ہے، جس کے باشندوں کے تضادات اس کی متلاطم تاریخ، سیاست اور جغرافیے میں مضمر ہیں۔ احمد رشید نامی مصنف نے، جس نے "Taliban:the story of the afghan warlords" لکھی ہے، اس ملک کی خصوصیات اس چھوٹے سے پیراگراف میں بڑی خوبصورتی سے سمو دیا ہے:

کئی سال پہلے ایک دانا بوڑھے افغان مجاہد نے مجھے افغانستان کے متعلق ایک اساطیری کہانی سنائی کہ یہ ملک کیسے بنا۔ اس نے بتایا کہ ''جب اللہ نے باقی ساری دنیا بنا لی تو اس نے دیکھا کہ بہت سا کوڑا کباڑ بچ گیا ہے، ایسے ٹکڑے اور سنگ وریزے ہیں کہ یہ کہیں بھی اور نہیں لگ سکتے، چنانچہ اس نے سب کو یکجا کر کے زمین پر پھینک دیا، اس سے افغانستان وجود میں آ گیا۔

افغانستان کی طرف خواہ مجھے کوئی بھی کھینچ رہا ہے، میں وہاں دوبارہ جاؤں گی اور اپنے ایڈیٹر مارٹن ناؤنسنڈ اور اپنی ماں جائس سے اجازت مانگوں گی کہ وہ مجھے ایک بار پھر وہاں جانے دیں تاکہ میں اس کو سمجھ سکوں اور آزاد ضمیر کے ساتھ واپس آؤں۔

''ممکن ہے تم نے مجھے زمین پر لانے کی پہلی جنگ جیت لی ہو..... مگر تم نے اصل جنگ نہیں جیتی۔''

سوال: قید کے دوران آپ کے ساتھ طالبان کا سلوک کیسا رہا؟

جواب: اس سلوک کے بارے میں، میں اپنے متعدد انٹرویوز اور اپنی کتاب میں ذکر چکی ہوں، البتہ یہاں اس بات کا اضافہ کرنا چاہتی ہوں کہ بظاہر میں جاسوس ہی تھی اور ان کے راز "چوری" کرنے کے لئے بھیس بدل کر ان کے ملک میں گھسی تھی۔ پھر میں نے انہیں اشتعال دلانے میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی، میں نے تفتیش کاروں کے منہ پر تھوکا، انہیں گالیاں دیتی رہی اور بری طرح دھتکارتی بھی رہی۔ اس کے جواب میں، وہ مجھے اپنی بہن اور معزز مہمان کہتے رہے۔ انہوں نے مجھے ایئر کنڈیشنڈ اور صاف ستھرا کمرہ بھی دیے رکھا، جس کی چابی بھی میرے قبضے میں تھی، اس کا موازنہ ابوغرائب اور جزیرہ گوانتاناموبے میں رکھے گئے بے گناہ قیدیوں کی حالات سے کیجئے امریکن ان کے ساتھ انتہائی غیر انسانی سلوک کر رہے ہیں انہیں ایسے پنجروں میں رکھا گیا ہے جن میں وہ سیدھے کھڑے بھی نہیں ہوسکتے، یہ مناظر ٹی وی پر بھی دکھائے جارہے ہیں کہ ایک سپر پاور اپنی دھاک بٹھانے کے لیے وحشیانہ حرکت کر رہی ہیں بتایئے پھر ان دونوں میں سے مہذب اور شائستہ قوم کون سی قرار پاتی ہے؟ اجڈ اور گنوار کون۔؟

سوال: آپ کے اسلام قبول کرتے وقت، آپ کے پاس اور کون کون تھا، اس سلسلے میں کوئی مزید قابل ذکر بات؟ اس کے بعد آپ کے معمولات زندگی اور روزمرہ کی سرگرمیوں پر کیا اثر پڑا، خاندانی تعلقات اور حلقہ احباب کا کیا ردعمل تھا۔

جواب: میرا قبول اسلام، کابل سے واپسی کے ڈھائی سال بعد کا واقعہ ہے، یہ ڈھائی سال اسلام کے مطالعے میں گزارے، جب میں نے خود کو اس عظیم مسلم برادری میں شامل ہونے کے لئے بالکل تیار پایا تو عمران خان کو اپنے فیصلے سے مطلع کیا، انہوں نے مجھے ایک بار پھر غور کر لینے کے لئے کہا، میں نے کہا کہ ڈھائی سال سوچتی رہی ہوں، اب صرف عمل کرنا ہے۔ یہ میرا قطعی فیصلہ ہے۔ میں اس کے لئے خاص تقریب کے انعقاد یا پر جوش تقریر کی ضرورت نہیں سمجھتی، بس عمران خان اور ہمارے تین اور دوست موجود تھے۔

جہاں تک اثرات یا میری زندگی کے معمولات، خاندانی تعلقات اور حلقہ احباب کے ردعمل کا تعلق ہے تو پہلی بات یہ ہے کہ میں نے شراب پینا بالکل ترک کر دیا ہے، کلبوں میں جانا، شطرنج کھیلنا اور مخلوط محفلوں میں شرکت کرنا کلیتاً چھوڑ دیا ہے۔ اس طرح جو احباب بچھڑنا تھے وہ بچھڑ چکے۔ اب میں ان تمام حرکتوں سے اجتناب کرتی ہوں جنہیں گناہ کہا جاتا ہے۔ میں افغانی عورتوں کی طرح شٹل برقع نہیں پہنچتی لیکن اسلامی تعلیمات کے مطابق "حجاب" پہنتی ہوں، اس میں بھی چہرے اور ہاتھوں کے سوا سارا جسم ڈھانپا ہوا ہوتا ہے۔ میں حتی الوسع اسلامی طرز معاشرت کے مطابق زندگی بسر کرنے کی کوشش کر رہی ہوں۔

جو لوگ مجھے بطور یوآنے رڈلے بے حد عزیز جانتے تھے وہ مجھے بطور مریم دیکھ کر شش و پنج میں پڑ جاتے ہیں اور کچھ کھنچے کھنچے رہتے ہیں۔ چلئے اس سے انہیں طالبان اور اسلام کے بارے میں ایک ناقابل فراموش پیغام تو مل گیا ہے۔

مجھے عیسائی فنڈ امنٹلسٹوں کی طرف سے قتل کی دھمکیاں بھی ملتی رہتی ہیں، ان کا کہنا ہے میں نے ان کے مذہب سے غداری کی ہے، یہ ان کی تعبیر ہے اور میری تعبیر یہ ہے کہ میں نے اپنے مطالعے اور اپنے ضمیر کے مطابق ایک فیصلہ کیا ہے۔ جس سے مجھے بے پناہ اطمنانیت حاصل ہوئی ہے۔

میں سمجھتی ہوں کہ اس سے پہلے میری زندگی کا کوئی نصب العین نہیں تھا، اب مجھے جینے کا ایک واضح مقصد نظر آ گیا ہے۔ زندگی بہت خوبصورت دکھائی دے رہی ہے۔ البتہ مجھے ایک پچھتاوا ہے کہ میں نے اسلام کو سمجھنے میں اتنی دیر کیوں لگا دی ہے۔ پھر یہ سوچ کر مطمئن ہو جاتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر نظر کرم کر ہی دی ہے، اب باقی زندگی اس کے احکام کے مطابق گزاروں گی۔

میں اب غیر مسلموں میں غیر محسوس طریقے سے اسلام کی روشنی پھیلا رہی ہوں اور مسلمانوں کو بھی خواب غفلت سے جگانے کی کوشش کر رہی ہوں۔ اسلام کی سچائیوں سے بھاگنے والوں سے کہہ رہی ہوں کہ وہ خود کو پہچاننے کی کوشش کریں۔ میں انہیں بتانا چاہتی ہوں کہ میں نے مغربی معاشرے کو بہت قریب سے دیکھا ہے، اس کے سارے رنگ دیکھ چکی ہوں۔ نام نہاد تہذیب اور اس کے معاشرے کو بہت باریک بینی سے دیکھا ہے، اس لئے میں جانتی ہوں کہ وہ کتنا خطرناک معاشرہ ہے۔ دور سے بہت خوبصورت اور چمکدار ہے مگر قریب جا کر دیکھو تو بہت بھیانک ہے۔ یہ صرف تن و جان اور مادیت سے غرض رکھتا ہے اور روحانی اقدار کے لئے تباہ کن اثرات رکھتا ہے۔ میں مسلمان عورتوں سے کہتی ہوں کہ اس معاشرے کو مجھ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا، اسلام سے بڑھ کر کوئی تمہاری محافظ نہیں ہوسکتا۔

اسلام قبول کرنے کے بعد اگر کچھ لوگ مجھ سے دور ہوئے ہیں تو کچھ میرے قریب بھی آئے ہیں یہ کروڑوں کی

باب نمبر 52

''یوآنے رڈلے سے مریم تک'' ۔ انٹرویو

یوآنے رڈلے کی افغانستان سے واپسی کے بعد انگلینڈ میں آنے پر حالات میں تیزی سے تبدیلی آنے لگی، مغرب اور بالخصوص امریکہ نے اس سے جو توقعات قائم کی تھیں، وہ نہ صرف پوری نہ ہوئیں بلکہ ان کے اینٹی طالبان پروپیگنڈے پر بھی پانی پھر گیا۔ امریکہ نے سنڈے ٹیلی گراف لندن کی کرسٹینا لمب کو دو دفعہ افغانستان بھیج کر صحافتی محاذ پر جو کامیابیاں حاصل کی تھیں اس نے اس تجربے کی بنا پر یوآنے رڈلے سے بھی کچھ توقعات قائم کر لی تھیں۔ کرسٹینا کے فراہم کردہ مواد نے مغربی ابلاغ عامہ کو کافی عرصہ تک طالبان پر الفاظ کی گولہ باری میں مدد دی اور اس سے پیدا شدہ فضا کو مستحکم بنانے کی کوششوں کا سلسلہ ہنوز جاری تھا کہ یوآنے رڈلے اپنے خالصتاً صحافتی مقصد کے تحت افغانستان جا پہنچی، (اس راہ میں اسے جو کچھ بھی پیش آیا پچھلے صفحات میں گزر چکا ہے)، اب امریکہ اور برطانیہ کو اپنے استعماری عزائم کی تکمیل کے لئے اس کی لاش کی ضرورت تھی، مگر اس سازش کی کڑیاں، قدرت کے اپنے نظام کے تحت، یکے بعد دیگرے ٹوٹتی چلی گئیں اور کتاب ہذا کی مصنفہ نے لندن واپس آ کر اس سازش کے سارے تار و پود کو بکھیر کر رکھ دیا، اور ان صحافیوں کو بھی بے نقاب کر دیا جو وقتی فوائد کے لئے اپنے سیاسی آقاؤں کے اشارہ ابرو پر ان کی مرضی کا مواد مہیا کرتے رہتے ہیں۔

رڈلے نے طالبان کے ساتھ مطالعہ اسلام کا وعدہ کیا تھا جس کے مطابق اس نے اسلامی کتب کا مطالعہ اور مسلم تنظیموں اور ممتاز مذہبی اور سماجی شخصیات سے تبادلہ خیال کا سلسلہ جاری رکھا، بالآخر اسے وہ منزل مل گئی جسے ''دائرہ اسلام'' کہا جاتا ہے۔

چنانچہ اس نے 30 جون 2003ء کو ساڑھے گیارہ بجے دن عمران خان کے ہاتھوں اسلام قبول کر لیا، وہ اس کا بزنس پارٹنر بھی ہے۔ اس کا اسلامی نام، مریم تجویز ہوا ہے۔ اور اب وہ ''اسلام'' نامی ایک چینل سے وابستہ ہے، موصوفہ کی دوسری کتاب "Ticket to Paradise" ہے۔ مریم برٹش اینٹی وار موومنٹ کی بھی فعال رکن ہے، اس نے اس پلیٹ فارم سے دہشت گردی کے خلاف متعدد لیکچرز دیئے اور ہر قسم کی دہشت گردی کی خواہ وہ انفرادی ہو یا ریاستی، قابل مذمت سمجھتی ہے، اس نے اس سلسلے میں جن ممالک کے دورے کئے ان میں وسطی ایشیاء آسٹریلیا، جنوبی افریقہ، یورپ اور امریکہ شامل ہے۔ افغانستان کے بھی کئی دورے کئے 2002ء کے موسم بہار میں دورہ افغانستان میں اپنی بیٹی ڈیزی کو بھی ساتھ لے گئی تھی تاکہ وہ اسے اس سرزمین کی سیر کرا سکے جہاں سے اس نے اسلام سے متعلق اپنی سوچ بچار کا سلسلہ شروع کیا تھا۔

اس نے ڈیزی کو انسانوں کی اس نسل سے متعارف کرایا جن کے دل بقول اس کے خوبصورت جذبوں سے سرشار ہیں اس کا خیال ہے کہ اس کی بیٹی کے لئے یہ تجربہ انتہائی خوشگوار تھا۔ جو اس کے دل میں ہمیشہ تروتازہ رہے گا اور اس کے ''ڈزنی لینڈ'' کی سیر کے تجربے پر بھی غالب رہے گا۔

سابق یوآنے رڈلے اور موجودہ مریم، پاکستان کے شمالی علاقوں میں زلزلہ زدگان سے اظہار ہمدردی اور حالات کے جائزے کے لئے بھی اسلام آباد آئی اور اس نے یہاں صحافیوں سے گفتگو کی، جس میں اسلام میں خواتین کے حقوق پر بھی اظہار خیال کیا۔ علاوہ ازیں اس نے سعودی عرب کی وزارت حج کے ذو لسانی مجلے ''الحج والعمرۃ'' کو بھی ایک تفصیلی انٹرویو دیا۔ ذیل میں ہم ان انٹرویوز کے بعض حصے دے رہے ہیں جبکہ بعض حصوں کو نظر انداز کر رہے ہیں کیونکہ آپ انہیں پچھلے صفحات میں پڑھ چکے ہیں تاہم کہیں کہیں ان کا صرف وضاحت کے لئے سرسری حوالہ آئے گا۔ ملاحظہ فرمایئے:

سوال: جب طالبان کی تفتیش سے یہ ثابت ہو چکا تھا کہ آپ کے پاس کوئی اسلحہ نہیں تھا اور آپ کی کھینچی ہوئی تصویریں بھی بمعہ کیمرہ ان کے پاس تھیں تو آپ کو دس دن تک قید و بند میں رکھنے کا ان کے پاس کیا جواز تھا؟

جواب: پہلی بات تو یہ ہے کہ طالبان اس وقت چاروں طرف سے گھرے ہوئے تھے اور کسی وقت بھی فضائی حملوں کا نشانہ بننے والے تھے۔ ایک غیر قانونی طور پر ملک میں داخل ہو جانے والی انگریز عورت کی ''جلد از جلد رہائی'' ایسا مسئلہ نہیں تھا جسے وہ ترجیحی طور پر نمٹاتے۔

دوسری جانب مغربی قوتیں جن کے لئے کسی فرد کو سیاسی مقصد کے لئے قربانی کا بکرا بنا دینا کوئی شرم کی بات نہیں ہوتی وہ مجھے جاسوس ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہی تھیں۔ انہوں نے اپنی تکنیکی مہارت کے بل بوتے پر میری دستاویزات اور تصاویر چوری کرائیں اور ان کی نقول بنا بنا کر طالبان کو بھجوائیں اور انہیں وہ اتنی زیادہ تعداد میں وصول ہونے لگیں کہ انہیں اپنے ان ''مہربانوں'' کے محرکات پر شک پڑ گیا۔ اس طرح پیدا ہونے والی الجھنوں کی گرہیں کھولتے کھولتے اور سازش کی تہہ میں پہنچتے پہنچتے ان کا بہت سا وقت ضائع ہو گیا۔ اس کا نتیجہ میری رہائی میں تاخیر کی صورت میں برآمد ہوا۔

برادری ہے مجھے اس برادری کی طرف سے بہت سی محبت ملی ہے لیکن مسلمان خواتین مجھ سے حیران کن سوالات کرتی ہیں۔ یہ میرے حجاب کو دیکھ کر اکثر پوچھتی ہیں کہ آپ نے پردہ کیوں شروع کر دیا ہے۔ میں انہیں جواب دیتی ہوں، حجاب آپ کو بدنگاہ سے بچاتا ہے، یہ آپ کا محافظ ہے، اس لئے یہ آپ کے لئے بہت ضروری ہے۔ پھر میں ان پر سوال کر دیتی ہوں آپ حجاب کرنا کیوں پسند نہیں کرتیں اس پر وہ لاجواب ہو جاتی ہیں۔

میرے خاندان میں میرے علاوہ اور کوئی مسلمان نہیں ہوا۔ میری بیٹی ڈیزی اب تیرہ سال کی ہو چکی ہے، وہ ابھی مسلمان نہیں ہوئی۔ مگر میں ان پر اسلام ٹھونسوں گی نہیں۔ اسے اس کا مطالعہ کرنے کی ترغیب ضرور دوں گی اور اس کے سامنے اسلام کا ایک نمونہ بنوں گی تاکہ وہ مجھے دیکھ کر اس کی طرف کشش محسوس کرے۔ البتہ میں اس کی تربیت اسلام کے مطابق کر رہی ہوں۔ میں اسے حجاب کے فائدے بتاتی ہوں اور بے پردگی کے نقصانات بھی بتاتی ہوں۔

میری ماں نے مجھے اسلام قبول کرنے سے نہیں روکا، البتہ اب وہ باقاعدگی سے چرچ جانے لگی ہے۔ وہ اس بات پر بہت خوش ہے کہ میں شراب چھوڑ چکی ہوں، وہ پہلے بھی مجھے شراب سے روکتی رہتی تھی، اس کی کوئی نصیحت مجھے اس سے باز نہیں رکھ سکتی تھی، میں اس سلسلے میں واضح نافرمانی تو نہیں کرتی تھی، چھپ کر پیتی تھی یا حیلے بہانے سے سال ہا سال سے یہ شغل جاری رکھے ہوئے تھی۔

سوال: کیا آپ کو طالبان کے علاوہ کسی اور نے اسلام کی دعوت نہیں دی؟

جواب: باقاعدہ دعوت تو کسی نے نہیں دی، انگلینڈ میں موجود مسلمانوں کو نہ میرے قریب آنے کا موقع ملا ہے اور نہ مجھے ان کے قریب جانے کی کوئی تحریک یا تجسس ہوا، اگر کہیں سفر میں یا روزمرہ کی زندگی میں ان سے کوئی واسطہ پڑا ہو تو ان کے مسلمان ہونے کی بنا پر، یا اسلام کے حوالے سے قربت پیدا نہیں ہوئی۔ اور نہ ان میں سے کسی نے ایک فعال صحافی کے سامنے اسلام پیش کرنے کی ہمت کی مذہب سے متعلقہ لٹریچر پیش کرنا بھی اسی ضمن میں آتا ہے۔

لکھے ہوئے اسلام کی بجائے چلتے پھرتے ہوئے اسلامی نمونے (عملی اسلام) زیادہ متاثر کن ہوتے ہیں۔ افغانستان میں جیل کے اندر طالبان اسلام کے عملی نمونے ہوتے تھے میں انہیں توجہ اور سنجیدگی سے نمازیں ادا کرتے ہوئے دیکھتی تھی اور جیل کے باہر بھی ان لوگوں کو نماز کے وقت رکوع اور سجود میں عاجزی کرتے پا کر دلی طور پر متاثر ہوتی تھی۔ راستے میں نماز کا وقت آ جاتا، تو سفر روک کر ایک قطار میں کھڑے ہو جاتے تھے، اس نظم وضبط کا کچھ نہ کچھ اثر تو مجھ پر ہوتا ہی تھا۔ مگر یہ زمانہ قید کی باتیں ہیں میں نے زندگی کے بارے میں سنجیدگی اختیار کی تو مذہب کے عملی نمونوں سے بھی متاثر ہوئی۔

میں نے برطانیہ امریکہ اور یورپ کے کئی شہروں کے دورے بھی کئے ہیں، میرے اندر آنے والی تبدیلی لوگوں کے لئے باعث حیرت رہی ہے اور وہ مجھ سے اسلام کے بارے میں بہت کچھ پوچھتے رہتے ہیں۔ گزشتہ سال فلوریڈا (امریکہ) میں ایک تقریب ہو رہی تھی۔ لوگ بڑی دل جمعی سے میری تقریر سن رہے تھے، جوں جوں سوالات آ رہے تھے اور میں جواب دے رہی تھی، رنگ جمتا جا رہا تھا، مخالفین نے جب دیکھا کہ میرے لئے کوئی سوال بھی پریشان کن نہیں بن رہا ہے تو انہوں نے تقریب کو منتشر کرنے کے لئے بم کی موجودگی کی افواہ اڑا دی۔ پولیس فوراً پہنچ گئی لیکن اسے بم نہ ملا۔ پولیس اہلکار بھی تقریب میں بیٹھ گئے۔ میرے لیکچر کے بعد ایک پولیس آفیسر میرے قریب آیا اور مجھ سے قرآن مجید کا ایک نسخہ مانگا، جو میں نے اسے پیش کر دیا۔ میں نے ایک سکول ٹیچر (خاتون) کو بھی مسلمان کیا ہے، اور اسے اسلام سے متعلق کئی پمفلٹ اور جرائد دیے ہیں۔ اس کی اب مجھ سے ''خط و کتابت'' چل رہی ہے اس نے شراب بالکل چھوڑ دی ہے اور مسلمان ہو کر بہت سکون محسوس کر رہی ہے۔

سوال: گیارہ ستمبر، جس کے بارے میں آپ نے کہا ہے کہ اس واقعہ سے دنیا بدل گئی ہے، بدل جانے سے آپ کی کیا مراد ہے؟

جواب: یہ واقعہ بیک وقت باعث زحمت بھی بنا اور باعث رحمت بھی ثابت ہوا ہے، اس کے کئی پہلو ہیں، مغرب اسلام کی تیز ترین پیشرفت کی وجہ سے پہلے ہی پریشان چلا آ رہا تھا، اس پر متعصب مسیحی، جنہیں آپ فنڈامنٹلسٹ کہہ سکتے ہیں شدید پیچ وتاب کھا رہے تھے۔ یہودی بھی ان کے ہمنوا تھے جب "Twin Towers" تباہ ہوئے تو انہوں نے سٹیٹ مشینری کے ردعمل کا رخ ایک سوچی سمجھی سکیم کے تحت' مسلمانوں کی طرف موڑ دیا۔ چنانچہ ''ٹاورز'' کے ملبے سے اٹھانے والے سیاہ دھوئیں کی کالک سے اسلام کے چہرے کو داغدار بنانے کی کوشش شروع ہو گئیں، ذرائع ابلاغ صرف اسی کام کے لئے وقف ہو گئے۔ جیسا کہ دنیا جانتی ہے کہ ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے سپرنگ پر جتنا دباؤ ڈالا جائے وہ اتنی ہی شدت سے واپس آتا ہے لوگوں نے اسلام کو جاننے کی کوشش تیز تر کر دیں۔ 11 ستمبر کے بعد سے اسلامی لٹریچر کی مانگ میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے۔

میں اعداد و شمار کے لحاظ سے صرف برطانیہ کے بارے میں کہہ سکتی ہوں کہ اس واقعہ کے بعد یہاں اب تک کوئی چودہ ہزار ''14000'' ہزار افراد اسلام کی طرف آ چکے ہیں اور بہت سے مسلمان اپنے ایمان کو از سر نو تازہ کرنے کے لئے سرگرم عمل ہو چکے ہیں۔

سوال: آپ کی کتاب میں خواتین کے حقوق کے حوالے سے بھی کچھ باتیں چھپی ہیں، اب آپ اسلام کے دائرے میں آ کر، ان کے بارے میں کیا رائے رکھتی ہیں؟ اور غیر مسلموں کے اعتراضات کا کیا جواب دیتی ہیں۔؟

جواب: قرآن اس بات کو صراحت کے ساتھ بیان کرتا ہے کہ دین سے تعلق فرد کی اہمیت اور تعلیم کے حوالے سے مرد و خواتین برابر ہیں بچوں کی پیدائش اور ان کی پرورش و تربیت کے بارے میں خواتین کی خدمات کو سراہا گیا ہے۔ بچوں کو بتایا گیا ہے، کہ ان کی جنت ماں کے قدموں کے نیچے ہیں اور احادیث میں کہا گیا ہے کہ مردوں میں سے بہتر وہ ہے جو اپنی بیوی یا بیویوں کے حق میں اچھا ہو۔ اگر اس کی ایک سے زائد بیویاں ہوں تو وہ ان کے ساتھ انصاف و مساوات کا سلوک کرے۔

نبی اکرمؐ نے عورتوں کے ساتھ سلوک کی جو اعلیٰ مثالیں قائم کی ہیں وہ پوری اُمت بلکہ پوری انسانیت کے لئے ایک مشعل راہ ہیں۔ آپؐ خواتین کی صلاحیتوں اور ان کی خوبیوں کی حوصلہ افزائی کرتے تھے مغرب نے عورت کو جو ''آزادیاں'' دی ہیں انہیں ''آزادیاں'' کہنے سے پہلے ہمیں، ان کے تمام پہلوؤں پر غور کرنا چاہیے یہ تو ان کے بدترین استحصال کا ایک حربہ ہے۔

سوال: مغرب کی طرف سے افغانستان پر شدید ترین بمباری کے بعد آپ کئی بار افغانستان جا چکی ہیں کیا اب وہاں کرزئی حکومت امن و امان کے قیام اور خواتین کے استحصال کا خاتمہ کرنے میں کامیاب ہو گئی ہے۔

جواب: کرزئی حکومت ناکام ہو چکی ہے۔ صدر افغانستان اپنے اقتدار کی بھول بھلیوں میں کھوئے ہوئے ہیں۔ ایک خوبصورت اور صحت افزا ملک منشیات فروشوں کے چنگل میں پھنسا ہوا ہے افغانستان ہیروئن تیار کرنے والوں ملکوں میں سرفہرست ہے، بچوں کی فروخت زوروں پر ہے، خواتین آزادی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ نہیں جا سکتیں۔ طالبان نے اپنے دور حکومت میں منشیات فروشوں کا قلع قمع کر دیا تھا، پوست اور ہیروئن کا کاروبار نہ ہونے کے برابر رہ گیا تھا۔ خواتین کی عصمتیں محفوظ تھیں، قتل و غارت، چوری ڈکیتی کی وارداتیں کبھی کبھار سننے کو ملتی تھیں، لیکن اب حالات قطعاً مختلف ہیں۔

عصمت فروشی کا کاروبار کھلے عام ہو رہا ہے، ریڈ لائیٹ ایریاز کی رونقیں بحال ہو چکی ہیں، کابل میں فحش ڈیز اور ڈی وی ڈیز عام بک رہی ہیں سیکورٹی کے لئے غیر ملکی فوجوں کا سہارا لیا جا رہا ہے اور وہی افیون اور پوست کے کاروبار کی پشت پناہی کر رہی ہیں اگر طالبان نے جیسا کہ خود اقوام متحدہ اعتراف کر چکی ہے کہ وہاں منشیات ختم کرا دی

آخری باب

اس سے پہلے میں مسلمانوں سے کبھی متاثر نہیں ہوئی تھی ۔ ہزاروں، لاکھوں مسلمان ہمارے ملک میں آتے رہے اور میں بھی وسطی ایشیا کے ملکوں آتی جاتی رہی ، مجھے ہر طرف مادی رویوں سے ہی واسطہ پڑا تو میں کیسے متاثر ہوتی ؟ اپنے معاشرے میں انہیں دوسروں جیسا ہی پا کر، مجھے ان کے فکری مرکز (اسلام بطور دین) پر غور کرنے کی کیسے ترغیب ملتی ۔؟

جلال آباد میں دوران تفتیش، انٹیلی جنس اور دیگر عملہ کے ارکان کے اس رویئے نے بھی مجھے ایک عجیب تجربے سے دوچار کیا۔ وہ میری آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات نہیں کرتے تھے، اس وقت میں یہ نہیں سمجھ سکتی تھی کہ یہ ایسا کیوں کرتے ہیں؟ مجھے گمان گزرتا تھا کہ یا تو مجھ میں بطور عورت وہ کشش نہیں جو جنس مخالف کو متوجہ کر سکتی ہے، یا ان کے دل میں میرے خلاف کوئی بغض ہے کہ نفرت کے باعث میری شکل بغور دیکھنا انہیں گوارا نہیں ہے وہ مجھ پر سوال کر کے یا تو پیچھے دیوار پر لگی کسی چیز پر خالی خولی نگاہیں مرکز کیئے رکھتے یا چھت کو گھورتے رہتے ۔ مجھے ان سے تنہائی کے مواقع بھی ملے، جس طرح وہ دو دو تین تین کی صورت میں بے نیازی کا مظاہرہ کرتے، تنہائی میں بھی ویسے ہی "لاتعلق" رہتے ۔ میں اس رویے کو اپنی ایک طرح کی "توہین" سمجھتی تھی ۔ اگر ایسی بات ہوتی تو ان کے رویے میں درشتی اور کرختگی آجانی چاہیے تھی، مگر ایسا بھی نہیں تھا، باقی ان سب باتوں میں عزت واحترام موجود تھا۔

یہ راز اب جا کر کھلا ہے کہ اسلام اگر عورت کو پردے (حجاب) کا حکم دیتا ہے تو مرد کو نگاہیں جھکانے (غض بصر) کا بھی حکم دیتا ہے حیا اور شرم کے لئے مرد اور عورت دونوں پر ذمہ داری ڈالی گئی ہے۔ عورت خود تو اپنے لباس کے باوجود اپنے حسن کو نمایاں سے نمایاں تر کرتی رہے اور مرد سے یہ توقع رکھے کہ وہ نگاہیں جھکائے رکھے، درست نہیں، اسی طرح مرد اگر عورت سے "حجاب" کی توقع رکھے اور خود بھوکے بھیڑیئے کی طرح ان کا قد کاٹھ اور چال ڈھال ناپتا رہے تو اس کی بھی اجازت نہیں ۔ شرم وحیا کی ذمہ داری اور اس سے متعلقہ لوازمات، دونوں اصناف کے لئے کچھ حدیں متررکرتے ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں کہ عورت اور مرد، دونوں مل کر ایک معاشرہ بناتے ہیں تو اس کا سارا بوجھ صرف عورت پر تو نہیں ڈالا جا سکتا۔

سوال: اسلام قبول کرنے سے پہلے آپ کا اسلام کے بارے میں کیا تصور تھا اور اب اسے کیسا مذہب سمجھتی ہیں؟

جواب: دوسرے غیر مسلموں کی طرح میری رائے بھی اسلام کے بارے میں کچھ اچھی نہیں تھی ، میری رائے مسلمانوں کے عمومی رویے سے ہی بنی چاہیے تھی ۔ میں اسلام کو دہشت گردوں کا مذہب سمجھتی تھی جن کا انسانی روایات سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ۔ میڈیا جس طرح اسلام کو مسخ کر کے پیش کرتا تھا اور مجھے جو کچھ بظاہر دکھائی دیتا تھا، میں وہی کچھ سوچتی تھی ۔ اس معاندانہ پروپیگنڈے میں آئے دن شدت بڑھتی جا رہی تھی اس کی بنا پر ہمارے دو قسم کے رویے پیدا ہوئے ، ایک تو یہ کہ مذہب سے لاتعلق ہو جاؤ اور جو کچھ کامن سنس (عقل عام) کے ذریعے اچھا لگے اسی کو اختیار کر لو۔ اتوار آجائے تو چرچ چلے جاؤ، اور وہاں کی باتیں وہیں چھوڑ کر واپس آجاؤ۔ غالباً یہی رویہ دوسرے مذہب کا بھی ہے، ہفتے میں کسی دن عبادت گاہ کا چکر لگا لو، مسلمان بھی یہی کچھ کرتے دکھائی دیتے تھے ۔

مگر جب میں اسلام کی طرف راغب ہوئی یعنی مذہب کو ایک سیریس (سنجیدہ) چیز کے طور پر لیا، تو میری ماں نے بھی زیادہ باقاعدگی اور زیادہ اہتمام کے ساتھ چرچ جانا شروع کر دیا چلو ایک چراغ سے دوسرا چراغ تو جلا، میری بہنیں بھی مذہب کے بارے میں زیادہ سنجیدہ ہوگئی ہیں، آگے چل کر انہیں میرے رویے سے اسلام کی طرف کوئی ترغیب ملتی ہے یا نہیں، اس کا بعد میں پتہ چلے گا، میرا طرز عمل ہی، اصل تبلیغ ہوگا انہیں اگر میرے طرز عمل اور میری دعوت اسلام میں کوئی تضاد محسوس نہ ہوا تو شاید کوئی بہتر صورت سامنے آجائے ۔ میں ڈیزی پر بھی کوئی دباؤ نہیں ڈالوں گی۔

جیسا کہ میں کہہ چکی ہوں کہ اینٹی اسلام پروپیگنڈے سے عام لوگوں میں دو قسم کے رویے پیدا ہوئے، دوسرا رویہ یہ تھا کہ جو کچھ ابلاغ عامہ کے ذرائع کہتے رہیں، اسلام کو اسی آئینے میں دیکھا جائے ۔ اس طرح ایک نفرت کی فضا پیدا ہوتی چلی آرہی تھی ۔ مسلمان یورپی ممالک اور امریکہ میں خصوصی نشانہ بنتے آرہے تھے، حالانکہ یہاں یہودی اور دیگر مذاہب بھی ہیں مگر وہ سب اقلیت میں ہیں، مسلمان اگرچہ عیسائیوں سے تعداد میں زیادہ نہیں، مگر سب سے بڑی اقلیت تو ضرور ہیں اس لئے وہ نفرت کا آسان ہدف تھے ۔

جہاں تک میرے اندر حالیہ تبدیلی کا تعلق ہے، اس میں بڑا رول تو ظاہر ہے کہ طالبان کے عملی رویے کا ہے اس کے بعد میرا اپنا مطالعہ اسلام اور حالات کو صحیح تناظر میں دیکھنے کی کاوششیں ہیں جنہوں نے مجھ پر اینٹی اسلام پروپیگنڈے کے پس پردہ محرکات واضح کر دیے ہیں۔

میں اپنی ویب سائیٹ پر، اپنے ملنے جلنے والوں کو مغرب کے مکروہ چہرے سے متعارف کراتی رہتی ہوں اور اسلام سے متعلق پیدا کردہ شبہات کو دور کرتی ہوں ۔ اس میں مجھے ایک حد تک ضرور کامیابی حاصل ہوئی ہے ۔

تھیں تو کیا وجہ ہے کہ نیٹو کی فوجوں کی بھاری تعداد انہیں ختم نہیں کرسکی؟ اس کی وجہ اس کے سوا کیا ہوسکتی ہے کہ ان کا اس کاروبار کے ساتھ مفاد وابستہ ہوچکا ہے، سیکس کو عام کرنے میں بھی ان کے لئے فوائد مضمر ہیں۔ حامد کرزئی پورے ملک کے صدر نہیں بلکہ صرف کابل شہر کے ایک میئر کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی مجال نہیں کہ وہ امریکہ کے کسی حکم سے سرتابی کرسکیں۔ وہاں کا معاشرہ خراب سے خراب تر ہورہا ہے، کوئی نہیں کہہ سکتا کہ امریکہ وہاں تعمیری کاموں میں دلچسپی لے رہا ہے۔

سوال: جب آپ افغانستان کی جیلوں میں تھیں تو کیا آپ کو امید تھی کہ آپ زندہ سلامت باہر نکل آئیں گی۔

جواب: نہیں، بالکل نہیں۔ مجھے خاص طور پر 7 اکتوبر 2001ء کو جب میں کابل کی جیل میں تھی اور امریکہ نے بم برسانا شروع کردیے تو ایک لمحہ ایسا بھی آیا کہ میں نے سمجھا کہ اب اگر طالبان مجھے قتل نہیں کریں گے تو امریکہ یا برطانیہ کا کوئی بم میرا کام تمام کردے گا۔

سوال: کیا آپ اب اسلام اور مسلمانوں کے متعلق پھیلائے گئے افسانوں اور اصل حقیقت میں فرق کرسکتی ہیں۔؟

جواب: یہ تو بہت آسان ہے، اسلام ایک جامع اور مکمل دین ہے جبکہ مسلمان اسے اپنی زندگی میں داخل نہیں کرسکے۔ مغربی میڈیا نے ان کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھایا ہے، ان کا استحصال کیا ہے اور انہیں اسلام سے بدظن کرنے کی مہم چلا رکھی ہے۔

سوال: آج مغرب نے ”دہشت گردی“ کی جو تعریف متعین کر رکھی ہے، کیا آپ اسے درست سمجھتی ہیں۔؟

جواب: یہ ایک جدید نفسیاتی حربہ ہے جسے امریکہ اپنی جارحیت پر پردہ ڈالنے اور آزاد ریاستوں کی آزادی سلب کرنے کے لئے استعمال کررہا ہے۔ جارج بش نے صدر پاکستان کو ٹیلی فون پر جو کہا تھا کہ تم اگر میرے ساتھ نہیں ہو تو دہشت گردوں کے ساتھ ہو گویا یہ ایک سپر پاور کی منطق ہے اسے اگر بھیڑیے اور میمنے کی مکالماتی کہانی کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ جو اس کے ”ساتھ نہیں یعنی اس کا تابع فرمان نہیں وہ اس کا دشمن ہے اور جو قوم اس کی خواہش کے مطابق اپنی آزادیاں ”سرنڈر“ کرنے کے لئے تیار نہیں وہ دہشت گرد ہے۔ ایک سابق وزیراعظم برطانیہ نے جنوبی افریقہ کے لیڈر نیلسن منڈیلا کو دہشت گرد قرار دے دیا۔ لیکن آج اسے ایک عظیم قائد مانا جاتا ہے۔

اصل میں دہشت گرد وہ ہوتا ہے جو معصوم لوگوں کو بموں سے اُڑاتا ہے اور عام سویلین آبادی کو خوف و ہراس میں مبتلا رکھتا ہے یہی کچھ افغانستان، عراق اور فلسطین میں ہورہا ہے، یہ ریاستی دہشت گردی کی بدترین مظاہر ہیں۔ لاشیں تو سب ایک جیسی ہوتی ہیں آپ انسانی زندگی کی کوئی قیمت نہیں لگا سکتے، لیکن حال یہ ہے کہ ایک امریکی کی زندگی کی قیمت تو لاکھوں ڈالر میں لگائی جاتی ہے جبکہ ایک عرب مسلمان کی زندگی اس کے مقابلے میں کوئی قیمت نہیں رکھتی۔

سوال: دہشت گردی کے خلاف لڑی جانے والی یہ جنگ کس سمت میں جارہی ہے؟

جواب: دہشت گردی کے خلاف لڑی جانے والی یہ جنگ ایک نہ ختم ہونے والی جنگ بن چکی ہے ادھر شیرون اور ولادی میر پوٹن جیسے لوگوں نے بھی فلسطین اور چیچن عوام کو کچلنے کا تہیہ کیا ہوا ہے جب مظلوم، اپنے پیدائشی حق کے لئے اٹھ کھڑا ہوتا ہے تو نہ صرف اس ملک کی پوری ریاستی مشینری اسے چکی میں پیس ڈالتی ہے بلکہ اسے سب ظالم قوتوں کی حمایت بھی حاصل ہوجاتی ہے۔ مظلوموں نے ابھی ہتھیار نہیں ڈالے فی الحال یقین سے نہیں کہا جاسکتا کہ یہ سلسلہ آگے چل کر کیا رنگ اختیار کرے گا۔

سوال: امریکہ نے 11 ستمبر کے واقعے کو جس طرح استعمال کیا ہے کیا آپ سمجھتی ہیں کہ اس نے دنیا بھر میں اینٹی امریکن جذبات ابھار دیے ہیں۔

جواب: امریکہ نے جو کچھ کیا ہے، اس کے نتائج آہستہ آہستہ ابھر رہے ہیں۔ سپین کے عوام نے عراق میں جاری جنگ کے حوالے سے اپنے جذبات کا کھل کر اظہار کردیا ہے۔ اس کے وزیراعظم ازنار کو اقتدار سے ہاتھ دھونا پڑے ہیں۔ ٹونی بلیئر کو بھی اپنے عوام سے یہی کچھ ملنا ہے اور بش کے خلاف بھی مظاہروں کا سلسلہ جاری ہے۔

سوال: آپ نے قطر میں کچھ وقت گزارا ہے، آپ کا یہ دورہ آپ کے قبول اسلام کے حوالے سے کیا رہا؟

جواب: مجھے قطر جاکر سخت مایوسی ہوئی، تاہم یہ وہ جگہ ہے جہاں سے میں نے ایک سبق پایا ہے، اسلام کامل ہے مگر افسوس کہ اس پر عمل کرنے والے لوگ، اسلامی صفات کے حامل نہیں ہیں۔ میں برطانیہ میں ”مسجد ابوبکر صدیق“ میں جایا کرتی ہوں تو میری آمد سے لوگوں کو بہت خوشی ہوتی ہے۔ لیکن جب میں قطر میں پہنچنے کے فوراً بعد مسجد میں گئی تو مجھے جس توہین آمیز سلوک کا سامنا کرنا پڑا، وہ افسوسناک تھا، اس سے پہلے مجھے اپنے ہم مذہبوں سے ایسا کوئی تجربہ نہیں ہوا۔

سوال: اب آپ کا آئندہ کا منصوبہ کیا ہے؟

جواب: میں سنجیدگی سے سیاست میں داخل ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں، کیونکہ حق اور سچائی کے موثر اظہار کے لئے ایک موثر سیاسی پلیٹ فارم کی ضرورت ہوتی ہے، میں ایسے پلیٹ فارم کے لئے ضرور کوشش کروں گی۔ انشاء اللہ۔